باسمہٖ تعالیٰ

# انوارِ علی کرم اللہ وجہہ الکریم



شرح

## خصائص الامام امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ الکریم بن ابی طالب

تالیف:

الحافظ الحجۃ ابی عبدالرحمٰن احمد بن شعیب النسائی

صاحب السنن کبریٰ احد الصحاح الستۃ

کا

اردو ترجمہ مع لغت اور تشریح مع اسماء الرجال

مترجم و شارح

سید محمد امیر شاہ قادری گیلانی

شاہ محمد غوث علیہ الرحمہ اکیڈمی یکہ توت پشاور شہر

Marfat.com

باسمہٖ تعالیٰ

# الامام علی

کرم اللہ وجہہ الکریم

شرح

## خصائص الامام امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ الکریم بن ابی طالب

تالیف:

الحافظ الحجۃ ابی عبدالرحمٰن احمد بن شعیب النسائی

صاحب السنن کبریٰ احد الصحاح الستۃ

کا

اردو ترجمہ مع اسناد تشریح مع اسماء الرجال

مترجم و شارح

(فقیر) محمد امیر شاہ قادری گیلانی

شاہ محمد غوث اکیڈمی یکہ توت پشاور شہر

Marfat.com

باسمہٖ تعالیٰ

# انوارِ علی کرم اللہ وجہہ الکریم

شرح

## خصائص الامام امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ الکریم بن ابی طالب

تالیف

الحافظ الحجۃ ابی عبد الرحمٰن احمد بن شعیب النسائی

صاحب السنن کبریٰ احد الصحاح الستہ

کا

اردو ترجمہ حلِ لغت اور تشریح مع اسماء الرجال

مترجم و شارح

(فقیر) محمد امیر شاہ قادری گیلانی

شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ اکیڈمی بیرون یکہ توت

Marfat.com

135343

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں

نام کتاب: خصائص الامام امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب
(کرم اللہ وجہہ الکریم)

تالیف: الحافظ الحجۃ ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی

135343

# انوارِ علی کرم اللہ وجہہ الکریم

(اردو ترجمہ)

مترجم: (فقیر) محمد امیر شاہ قادری گیلانی یکہ توت پشاور شہر

ناشر: شاہ محمد غوث اکیڈمی کوچہ آقا پیر جان صاحب یکہ توت پشاور

منتظم اعلیٰ: سید غلام الحسنین قادری گیلانی

سائز: $\frac{۱۸ \times ۲۳}{۴}$

کمپیوٹر کمپوزنگ: سید تقی الحسن ترمذی

تاریخ اشاعت: بار اوّل (۱۹۹۴ء)

تاریخ اشاعت: بار دوم (۲۰۰۴ء)

مطبع: رضوان پرنٹنگ پریس ڈھکی نامہ پشاور شہر

ملنے کا پتہ

شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ اکیڈمی محلہ یکہ توت

پشاور شہر

فون: ۲۱۳۳۶۲

Marfat.com

# معنون

بطلِ جلیل، امامِ حرّیت، علم بردارِ اظہارِ رائے الحافظ الحجۃ

## ابوعبدالرحمٰن احمد

بن شعیب النسائی صاحب السنن کبریٰ احد الصحاح الستہ

کے نام

جنہوں نے اہلِ کوفہ کے سامنے **صحابۂ کرام** رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی عظمت وشان بیان فرمائی۔

اور

اہلِ شام کے سامنے **اہلِ بیت عظام** رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور خصوصًا **سیّدنا ومولانا ومرشدنا علی ابن ابی طالب** کرّم اللہ وجہہ الکریم کی شانِ رفیع اور مناقبِ علیا بیان فرمائے۔

جس کی پاداش میں نہایت ہی صبر واستقامت اور جرأت واستقلال کے ساتھ شامیوں کے ہاتھوں جامِ شہادت نوش فرمایا۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک وخون غلطیدن

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

Marfat.com

باسمہ تعالیٰ

# عرض مترجم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِین وَ الْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْن الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدَ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمُرْسَلِیْن وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن اَمَّا بَعْد

الحمدللہ ثم الحمدللہ کہ ''انوار علی شرح خصائص الامام امیر المومنین علی ابن ابی طالب'' دوسری مرتبہ شائع کرنے کی سعادت نصیب ہو رہی ہے۔

اس کا اردو ترجمہ، حل لغت اور شرح ۱۹۷۸ء میں قلم بند کی چکی تھی لیکن اس کی اشاعت تقریباً پندرہ سال کے بعد ہوئی۔ شاید اللہ تبارک و تعالیٰ جل جلالہ کو یہی منظور تھا اس عرصے میں اس کے اسماء الرجال بھی تحریر کیے گئے۔ پیاری بیٹی ڈاکٹر سیدہ ام سلمیٰ گیلانی سلمہا اور عزیزم سید محمد انور شاہ قادری (ایم اے) نے اسماء الرجال کی تیاری کے دوران مختلف کتابوں سے حوالہ جات فراہم کرنے میں تعاون فرمایا اور یوں پہلی بار ۱۹۹۴ء میں کتاب منظر عام پر آئی۔ اس کے ساتھ ساتھ مجلہ ''الحسن'' میں بالاقساط چھپنے کا سلسلہ بھی شروع ہوا جو جلد نمبر ا شمارہ نمبر ۷ فروری ۱۹۹۳ء تا جلد نمبر ۱۵ شمارہ ۱۷۰-۱۶۹ نومبر ۱۹۹۹ء کو تکمیل پزیر ہوا۔

اس فقیر نے سال ۱۴۱۹ ہجری کے ماہ رمضان المبارک میں آستانہ عالیہ قادریہ آقا پیر جان رحمۃ اللہ علیہ یکہ توت پشاور میں کتاب ہذا کا درس بھی دیا جسے کثیر طلباء نے سماعت فرمایا ان میں سے چند متعلمین کے نام یہ ہیں

قاری حافظ نصیر الدین صاحب قادری (خطیب جامع مسجد حضرت ابوالبرکات سید حسن رحمۃ اللہ علیہ قادری گیلانی پشاور)، قاری حافظ علاؤالدین صاحب قادری (خطیب و امام جامع مسجد محلہ قاضی خیلاں پشاور شہر)، مولانا سید حکیم شاہ صاحب بخاری قادری (خطیب جامع مسجد حیدر کرار جھنڈا بازار پشاور شہر)، برخوردارم سید محمد نور الحسنین قادری گیلانی، سید غلام الحسنین قادری گیلانی، سید محمد انور شاہ بخاری قادری، سید محمد یاسر بخاری قادری، حاجی سجاد حسین صاحب قادری، حاجی تنویر احمد صدیقی قادری اور جناب محمد قمر صدیقی قادری (ایم اے) وغیرہ۔

''انوار علی'' محبان اہل بیت کی طرف سے ہاتھوں ہاتھ لی گئی اور اشاعت کے فوراً بعد اس کے تمام نسخے ختم ہو گئے جبکہ آئے دن اہل محبت کی طرف سے کتاب کی طلب میں اضافہ ہو رہا تھا اور روز بروز ٹیلی فون اور خطوط کے ذریعے اس کی اشاعت کا مطالبہ زور پکڑتا جا رہا تھا جبکہ ہماری ٹیم ''الحسن'' اور شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ اکیڈمی کی دیگر

Marfat.com

کتابوں کی اشاعت میں مصروف تھی جس کی بدولت ابھی ''انوارِ علی'' کی طباعت میں مزید وقت لگ جاتا لیکن محترم الحاج منظور الٰہی صاحب قادری کی محبت، ذوق وشوق اور خصوصی دلچسپی سے یہ کتاب اپنی باری سے قبل ہی آپ کے ہاتھوں تک پہنچ رہی ہے۔ یہ فقیر جناب منظور الٰہی صاحب قادری اور ان کے بھائیوں کا صمیم قلب سے شکر گزار ہے۔

ہمارے مہربان ڈاکٹر محمد انعام صاحب قادری اگرچہ طب کے پیشے سے منسلک ہیں لیکن دین سے بھی انہیں گہرا شغف ہے اور عصری تقاضوں کے مطابق مذہبی کتابوں کے مطالعہ میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ نے بھی انوارِ علی کی اشاعت میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ فقیر ڈاکٹر صاحب کا بھی تہہ دل سے متشکر ہے۔

قبل ازیں کتاب ہذا کی کتابت کر کے اسے طبع کروایا گیا تھا لیکن اس بار کمپیوٹر پر کمپوزنگ کی گئی ہے۔ محترم سید تقی الحسن صاحب ترمذی قادری نے دن رات کام کرتے ہوئے نہایت ہی عقیدت ومحبت کے ساتھ اسے کمپیوٹر پر کمپوز کیا۔ سید علاؤ الدین احمد قادری گیلانی المعروف شوکت آغا، سید محمد انور شاہ قادری اور سید غضنفر علی شاہ صاحب بخاری قادری نے اس کی تصحیح کا کام کیا جبکہ مفتی سید حسین فرید گیلانی مدظلہ العالی اور غلامِ دستگیر نے احادیث مبارکہ کے عربی متن پر اعراب لگائے۔ برخوردارم سید محمد نور الحسنین قادری گیلانی اور سید غلام الحسنین قادری گیلانی نے طباعت اور بائنڈنگ وغیرہ کے مراحل میں ہاتھ بٹایا، اللہ تبارک وتعالیٰ جل جلالہ ان سب کی مساعی جمیلہ اپنی بارگاہ عالیہ میں قبول ومنظور فرمائے۔

آخر میں ایک بار پھر یہ فقیر اپنے ان تمام مہربانوں اور کرم فرماؤں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہے جن کے تعاون سے یہ کتاب قارئین تک پہنچ رہی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جل جلالہ سے دعا ہے کہ اس نازک دور میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کو اپنے نبی کریم ﷺ اور آپ کی اہل بیت اطہار کی حقیقی محبت اور ادب واحترام نصیب فرمائے۔

آمین و بجاہ نبی الرؤف الرحیم علیہ التحیۃ و التسلیم

**(فقیر) محمد امیر شاہ قادری گیلانی**

۱۱ جمادی الثانی ۱۴۲۵ھ / ۲۹ جولائی ۲۰۰۴ء

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | بَابُ ذِكْرِ صَلَاةِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ<br>"یہ باب حضرت امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی نماز کے بیان میں ہے" | ۱ |
| ۲ | بَابٌ فِيْ ذِكْرِ عِبَادَةِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ<br>"یہ باب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کی عبادت کے بیان میں ہے" | ۱۳ |
| ۳ | بَابُ ذِكْرِ مَنْزِلَةِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ<br>"یہ باب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کے مرتبہ کے بیان میں ہے" | ۱۷ |
| ۴ | ذِكْرُ اخْتِلَافِ اَلْفَاظِ النَّاقِلِيْنَ لِخَبَرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْهِ<br>"اس باب میں ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کئی طریق پر آتی ہے" | ۴۵ |
| ۵ | ذِكْرِ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يُخْزِيْهِ اَبَدًا<br>"یہ باب نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کے بیان میں ہے کہ اللہ تعالیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو کبھی بھی خوار نہیں کرے گا" | ۵۶ |
| ۶ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ رضی اللہ عنہ اِنَّهٗ مَغْفُوْرٌ لَكَ<br>"اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان ہے کہ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو اللہ تعالیٰ بخش چکا ہے" | ۶۳ |
| ۷ | ذِكْرُ كَلِمَاتِ الْفَرَجِ لِعَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ<br>"اس باب میں جناب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کیلئے کلمات کشائش کا بیان ہے" | ۶۸ |
| ۸ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدِ امْتَحَنَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ بِالْاِيْمَانِ<br>"اس باب میں اس بات کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جناب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کے قلب مبارک کی ایمان سے آزمائش کی ہے" | ۷۲ |
| ۹ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِيْ قَلْبَكَ | ۷۶ |


Marfat.com

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | وَ یُثَبِّتُ لِسَانَکَ<br>''اس باب میں اس بات کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے قلب اور زبان کو ثابت رکھے گا'' | |
| ۱۰ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ بِسَدِّ هٰذِهِ الْاَبْوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِیٍّ<br>''اس باب میں ارشاد ہے کہ وہ تمام دروازے بند کردیئے جائیں جو مسجد نبوی کی طرف کھلتے ہیں سوائے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے دروازے کے'' | ۸۵ |
| ۱۱ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا اَنَا اَدْخَلْتُهٗ وَ اَخْرَجْتُکُمْ بَلِ اللّٰہُ اَدْخَلَهٗ وَ اَخْرَجَکُمْ<br>''اس حدیث میں ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان ہے کہ نہ میں نے اس کو داخل کیا اور نہ تم کو نکالا بلکہ اللہ نے اس کو داخل کیا اور تم کو نکالا'' | ۸۷ |
| ۱۲ | ذِکْرُ مَنْزِلَةِ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ<br>''اس باب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے مرتبہ کا بیان ہے'' | ۹۳ |
| ۱۳ | بَابُ ذِکْرِ الْاُخُوَّةِ<br>''اس باب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بھائی ہونے کا بیان ہے'' | ۱۱۳ |
| ۱۴ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْهُ<br>''اس باب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں، کا بیان ہے'' | ۱۲۰ |
| ۱۵ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ کَنَفْسِیْ<br>''اس باب میں ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ علی میری جانؑ کی طرح ہے، کا بیان ہے'' | ۱۲۴ |
| ۱۶ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ اَنْتَ صَفِیِّیْ وَ اَمِیْنِیْ<br>''اس باب میں ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان ہے کہ (جناب) علی میرا مخلص ترین دوست اور میرا امانت دار ہے'' | ۱۲۶ |


Marfat.com

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۷ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُؤَدِّيْ عَنِّيْ اِلَّا اَنَا اَوْ عَلِيٌّ "اس باب میں ارشاد نبوی ﷺ کہ نہ پہنچائے میرے طرف سے مگر میں خود یا علی (المرتضیٰ علیہ السلام)، کا بیان ہے" | ۱۲۸ |
| ۱۸ | ذِكْرُ تَوْجِيْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَعَ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ "اس باب میں نبی کریم ﷺ کا (جناب) علی علیہ السلام کو احکام دے کر بھیجنے کا ذکر ہے" | ۱۳۱ |
| ۱۹ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهُ فَعَلِيٌّ وليه "اس باب میں ارشار نبوی ﷺ کا بیان ہے کہ جس کا میں ولی ہوں، علی بھی اس کا ولی ہے" | ۱۳۸ |
| ۲۰ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ بَعْدِيْ "اس باب میں ارشاد نبوی ﷺ کہ میرے بعد ہر ایک مومن کا ولی علی (علیہ السلام) ہے، کا بیان ہے" | ۱۵۱ |
| ۲۱ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ وَلِيُّكُمْ مُرْتَضٰى مِنْ بَعْدِيْ "اس باب میں ارشاد نبوی ﷺ کہ علی تمہارا ولی ہے اور میرے بعد مرتضیٰ ہے، کا بیان ہے" | ۱۵۴ |
| ۲۲ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّ عَلِيًّا فَقَدْ سَبَّنِيْ "اس باب میں ارشاد نبوی ﷺ کہ جس نے علی کو گالی دی، اس نے مجھے گالی دی، کا بیان ہے" (استغفر اللہ) | ۱۵۸ |
| ۲۳ | ذِكْرُ التَّرْغِيْبِ فِيْ حُبِّ عَلِيٍّ وَ ذِكْرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِمَنْ اَحَبَّهٗ وَ ذِكْرُ دُعَائِهٖ عَلٰى مَنْ اَبْغَضَهٗ "اس باب میں اس ارشاد نبوی ﷺ کا بیان ہے کہ جس میں علی علیہ السلام کے ساتھ محبت کرنے کی ترغیب دلائی گئی ہے، اور جو شخص انکے ساتھ محبت کرتا ہے اس کیلئے دعا فرماتے ہیں اور جو ان کے ساتھ دشمنی کرتا ہے بددعا فرمانے کا بیان ہے" | ۱۶۷ |


Marfat.com

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۴ | ذِكْرُ الْفَرْقِ بَيْنَ الْمُؤْمِنِ وَ الْمُنَافِقِ<br>''یہ باب مومن اور منافق کے درمیان فرق کے متعلق ہے'' | ۱۷۳ |
| ۲۵ | ذِكْرُ ضَرْبِ الْمَثَلِ الَّذِیْ ضَرَبَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ<br>''اس باب میں حضور نبی کریم ﷺ نے (جناب) علی (علیہ السلام) کے متعلق جو ضرب المثل ارشاد فرمائی ہے اس کا بیان ہے'' | ۱۷۷ |
| ۲۶ | ذِكْرُ مَنْزِلَةِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهٗ وَ قُرْبِهٖ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ لُزُوْقِهٖ وَ حُبِّ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَهٗ<br>''اس باب میں علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے مرتبہ اور ان کا قرب جو نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا کا بیان ہے۔ نیز نبی کریم ﷺ کے ساتھ جو آپ کا انتہائی قریبی ملاپ اور خصوصی محبت تھی اس کا ذکر ہے'' | ۱۷۹ |
| ۲۷ | ذِكْرُ مَنْزِلَةِ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمِ مِنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ مَسَآءً بَيْتَهٗ وَ سُكُوْنِهٖ<br>''اس باب میں جناب رسول کریم ﷺ کے گھر میں جناب علی علیہ السلام کا رات کو تشریف لا کر آرام فرمانے کا بیان ہے'' | ۱۹۱ |
| ۲۸ | ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ علیہ السلام مِنْ صُعُوْدِهٖ عَلٰى مَنْكِبَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ نُهُوْضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ<br>''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے کندھوں پر جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے چڑھنے اور نبی کریم ﷺ کے ان کو اٹھا کر کھڑے ہونے کی فضیلت کا بیان ہے'' | ۱۹۸ |
| ۲۹ | ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ دُوْنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ بَضْعَةٍ مِنْهُ وَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ<br>''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس | ۲۰۱ |

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | ارشاد کا کہ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اگلے اور پچھلوں میں فاطمہ بنت محمد رسول اللہ ﷺ کیلئے خاص طور پر منتخب کیے گئے ہیں اور سیدہ رضی اللہ عنہا آنحضرت ﷺ کے وجود پاک کا ایک ٹکڑا ہیں۔ نیز سوائے مریم بنت عمران کے جنت کی تمام عورتوں کی آپ علیہا السلام سردار ہیں" | |
| ۳۰ | ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمَاْثُوْرَةِ بِاَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ<br>"اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا کہ سوائے مریم بنت عمران کے، جنت کی تمام عورتوں کی سردار فاطمہ بنت محمد رسول اللہ ﷺ، کا بیان ہے" | ۲۱۰ |
| ۳۱ | ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمَاْثُوْرَةِ بِاَنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ<br>"اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول کریم ﷺ کے وجود پاک کا ایک ٹکڑا ہیں، کا بیان ہے" | ۲۲۰ |
| ۳۲ | ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ مِنَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ ابْنَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَ رَيْحَانَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ وَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ<br>"اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا کہ علی، حسن اور حسین فضیلت میں مختص ہیں، حسن اور حسین دونوں رسول اللہ ﷺ کے بیٹے ہیں اور یہ دونوں پھول ہیں۔ نیز سوائے عیسیٰ ابن مریم اور یحییٰ بن زکریا کے تمام نوجوانان جنت کے سردار ہیں، کا بیان ہے" | ۲۲۶ |
| ۳۳ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ ابْنَايَ<br>"اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا کہ حسن اور حسین دونوں میرے بیٹے ہیں، کا بیان ہے" | ۲۲۸ |
| ۳۴ | ذِكْرُ الْمَاْثُوْرِ فِي الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ | ۲۳۰ |


Marfat.com

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | ''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا کہ حسن اور حسین نوجوانان جنت کے سردار ہیں، کا بیان ہے'' | |
| ۳۵ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَيْحَانَتَيَّ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ<br>''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے ارشاد کا کہ حسن اور حسین اس امت کے دونوں پھول ہیں، کا بیان ہے'' | ۲۳۲ |
| ۳۶ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ اَنْتَ اَعَزُّ عَلَيَّ مِنْ فَاطِمَةَ وَ فَاطِمَةُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْكَ<br>''اس باب میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اے علی تو میرے نزدیک فاطمہ سے عزیز ہے اور فاطمہ مجھے محبوب تر ہے تجھ سے'' | ۲۳۵ |
| ۳۷ | ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ مَا سَاَلْتُ لِنَفْسِي شَيْئًا اِلَّا وَقَدْ سَاَلْتُ لَكَ | ۲۳۷ |
| | ''اس باب میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اے علی جو چیز میں نے اپنے لئے مانگی وہ ضرور میں نے تیرے لئے بھی مانگی'' | |
| ۳۸ | ذِكْرُ مَا خَصَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ<br>''اس باب میں اس ارشادات کا بیان ہے جو کہ صرف حضرت علی علیہ السلام کیلئے ہی فرمائے'' | ۲۴۰ |
| ۳۹ | ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ مِنْ صَرْفِ اِذَى الْحَرِّ وَ الْبَرْدِ<br>''اس باب میں ارشاد کا ذکر ہے جس میں جناب علی علیہ السلام کو مختص کر دیا گیا کہ ان پر نہ گرمی اثر کرے گا اور نہ ہی سردی'' | ۲۴۴ |
| ۴۰ | ذِكْرُ مَا خُفِّفَ بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ<br>''اس باب میں اس ارشاد کا بیان ہے جس میں امیر المومنین علی المرتضیٰ علیہ السلام کے طفیل اس امت پر تخفیف فرمائی گئی'' | ۲۴۷ |


Marfat.com

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۴۱ | ذِکْرُ اَشْقَی النَّاسِ<br>''اس باب میں اس ارشاد کا بیان ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ بد بخت کون ہے؟'' | ۲۵۰ |
| ۴۲ | ذِکْرُ اَحْدَثِ النَّاسِ عَهْدًا بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ<br>''اس باب میں اس ارشاد کا بیان ہے کہ حضور ﷺ نے وصال کے وقت کس شخص سے بات چیت کی'' | ۲۵۳ |
| ۴۳ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّی اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ تُقَاتِلُ عَلٰی تَاوِيْلِ الْقُرْاٰنِ كَمَا قَاتَلْتُ عَلٰی تَنْزِيْلِهٖ<br>''اس باب میں اس ارشاد نبی کریم ﷺ کا بیان ہے جس میں علی المرتضیٰ علیہ السلام کو فرمایا کہ تو قرآن کے موافق لڑے گا، جس طرح میں اسکے نازل ہونے پر لڑا'' | ۲۵۶ |
| ۴۴ | اَلتَّرْغِيْبُ فِيْ نُصْرَةِ عَلِيٍّ<br>''اس باب میں حضرت علی علیہ السلام کی مدد کیلئے رغبت دلانے کا بیان ہے'' | ۲۵۹ |
| ۴۵ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّی اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَمَّارٍ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ<br>''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا جو عمار رضی اللہ عنہ کے متعلق ہے جس میں فرمایا کہ تجھے باغی گروہ قتل کرے گا، کا بیان ہے'' | ۲۶۱ |
| ۴۶ | ذِکْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّی اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَمْرُقُ مَارِقَةٌ مِنَ النَّاسِ سَتُبْلٰی قَتْلَهُمْ اَوْلَی الطَّائِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ<br>''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان ہے کہ عنقریب میری امت میں ایک ایسا فرقہ پیدا ہونے والا ہے کہ وہ بہت تیزی سے تعداد میں بڑھنے لگے گا۔ اس وقت میری امت میں دو گروہ ہوں گے، اس فرقہ کے قتل کے آزمائش اس گروہ پر ہوگی جو کہ حق پر ہوگا'' | ۲۶۹ |
| ۴۷ | ذِکْرُ مَا خُصَّ بِهٖ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهٗ مِنْ قِتَالِ الْمَارِقِيْنَ<br>''یہ باب اس ارشاد کے بیان میں ہے کہ جناب علی ابن ابی طالب علیہ السلام مخصوص کر دیئے گئے ہیں کہ وہ خارجیوں سے جہاد لڑیں گے'' | ۲۷۶ |


Marfat.com

| نمبر شمار | فہرست ابواب | صفحہ نمبر | نمبر شمار | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸ | ذِكْرُ مُنَاظَرَةِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ الْحَرُوْرِيَّةَ وَ احْتِجَاجِهِ عَلَيْهِمْ فِيْمَا اَنْكَرُوْا عَلٰى عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ ''یہ باب اس مناظرہ کے بیان میں ہے جو عبداللہ بن عباسؓ نے خارجیوں کے ساتھ کیا اور ان پر غالب آئے (اور یہ مناظرہ) خارجیوں کے علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے اختلاف کرنے پر تھا'' | ۳۰۱ | | | |
| ۴۹ | ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمُؤَيِّدَةِ لِمَا تَقَدَّمَ وَصْفُهٗ ''اس باب میں ان احادیث کی تائید کی گئی ہے جن میں ان کے وصف پہلے گذر چکے ہیں'' | ۳۰۷ | | | |


Marfat.com

# "حدیث شریف"

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے دن خطبہ میں ارشاد فرمایا:۔


## یاأیّھا النّاس إنّی قد ترکتُ فیکم ما إن اخذتم به لن تضلّوا کتاب اللهِ وعترتی اھل بیتی

(رواہ الترمذی۔ ابواب المناقب)

ترجمہ: اے بنی نوع انسان میں تم میں وہ چیز چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم اُسے پکڑے رہو تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے، اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن حکیم) اور میری عترت اہلبیت۔

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# الامام النسائی رحمت اللہ تعالیٰ علیہ

(المتوفی ۳۰۳ھ)

محبت ایک ایسا عظیم اور گراں بہا جذبہ ہے جو ہر شے کی نشوونما، تعمیر و ترقی اور حسن و دلکشی میں اضافہ کرتا ہے۔ یہ نفرت کی ضد ہے جو محنت و مشقت، تلاش و جستجو، افکار و خیالات اور اور عزم و استقلال کو جلا بخش کر کمزور کو طاقتور، پست کو بلند اور ادنیٰ کو اعلیٰ بنا دیتا ہے۔ کائنات کی تخلیق اسی جذبے کی مرہون منت ہے جس کا ثبوت حدیث قدسی سے یوں ملتا ہے۔

''لَوْ لَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ''

پروردگار عالم نے اپنے نائب حضرت انسان کو بھی اس جذبے کا وافر حصہ عطا فرمایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس جہانِ رنگ و بو کی مختلف اشیاء اور افراد سے محبت ہر انسان کے دل میں فطری طور پر موجود ہوتی ہے۔ لیکن اس کی یہ شدید محبت اسے اپنی اصل منزلِ مقصود سے بھٹکانے کا باعث بھی بن سکتی ہے اس لئے رب تعالیٰ نے اس خطرے سے بچنے کیلئے ان الفاظ میں رہنمائی فرمائی

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ وَ اِخْوَانُكُمْ وَ اَزْوَاجُكُمْ وَ عَشِيْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَ مَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ جِهَادٍ فِیْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ط وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (التوبۃ ۹: ۲۴)

ترجمہ: آپ فرما دیجئے اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کا مکان یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو راستہ دیکھو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا۔ (ترجمہ از کنز الایمان)

اس آیۂ کریمہ میں یہ سبق دیا گیا ہے کہ ایک مومن کیلئے لازمی ہے کہ وہ دنیوی چیزوں اور رشتوں سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ اس کے رسول ﷺ اور جہاد سے محبت رکھے اور بوقتِ ضرورت اپنی تمام محبتوں کو ان تین محبتوں پر قربان



Marfat.com

کر دے۔ یہاں پر یہ تین محبتیں ذکر کرتے ہوئے وسط میں رسول اللہ ﷺ کی محبت بیان ہوئی ہے۔ جس میں یہ لطیف رمز موجود ہے کہ ان تینوں محبتوں کا مرکز ومحور پیارے محبوب ﷺ کی محبت ہے۔ یعنی ہر چیز سے بڑھ کر محبت رسول اللہ ﷺ سے اپنے قلوب کو مزین کرنا چاہئے اور پیارے محبوب ﷺ کی محبت کی تکمیل کیلئے ضروری ہے کہ حضور ﷺ کی ذاتِ اقدس سے تعلق اور نسبت رکھنے والی ہر شے اور ہر ہستی (امہات المومنین، صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) سے محبت کی جائے اور ان میں سے اہل بیت پاک علیہم السلام کی محبت خصوصی اہمیت کی حامل ہے جس کا تقاضا ہر مسلمان سے قرآن حکیم نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى (الشوریٰ ۴۲ : ۲۳)

ترجمہ: تم فرماؤ میں اس پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا مگر قرابت کی محبت۔ (ترجمہ از کنز الایمان)

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر مفسرین کرام نے قرابت داروں کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل فرمائی ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آنحضرت ﷺ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ کے قرابت داروں سے کون لوگ مراد ہیں جن کی محبت واجب کی گئی ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، فاطمۃ الزہرا اور ان کے دونوں بیٹے امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہم"۔[1]

آنحضرت ﷺ نے اپنی امت کو متعدد احادیثِ مبارکہ میں اہلِ بیتِ عظامؓ کی محبت کی تلقین فرمائی۔ اس ضمن میں چند احادیث نبویہ ملاحظہ فرمائیں۔ پیارے محبوب ﷺ نے ارشاد فرمایا

اَحِبُّوا اللهَ لِمَا يَغْذُوكُمْ مِنْ نِعَمِهِ وَ اَحِبُّونِي بِحُبِّ اللهِ فَاَحِبُّوا اَهْلَ بَيْتِي بِحُبِّي[2]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ سے محبت کرو کہ وہ نعمتوں سے غذا عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کے لئے مجھ سے محبت کرو اور میری محبت حاصل کرنے کے لئے میرے اہل بیت سے محبت کرو۔

نیز آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا

اَدِّبُوا اَوْلَادَكُمْ عَلٰى ثَلَاثِ خِصَالٍ حُبِّ نَبِيِّكُمْ وَ حُبِّ اَهْلِ بَيْتِهِ وَ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ[3]

ترجمہ: اپنی اولاد کو تین خصلتیں سکھاؤ اپنی نبی پاک ﷺ کی محبت، آپ ﷺ کے اہل بیت کی محبت اور قرآن کریم کی تلاوت۔

---

[1] جلال الدین سیوطی، تفسیر درمنثور، دارالمعرفۃ بیروت، جلد ۶ صفحہ ۷ [2] صحیح ترمذی شریف، ابواب المناقب، مناقب اہل بیت النبی ﷺ

[3] ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی، علموا اولادکم محبت اہل بیت النبی اردو ترجمہ ڈاکٹر محمد مبارز ملک، زاویہ پبلشرز لاہور ۲۰۰۲، صفحہ ۱۵



Marfat.com

خصوصاً حجۃ الوداع جیسے اہم اور تاریخی موقع پر ہزارہا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عظیم الشان اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اہل بیت پاک علیہم السلام کے متعلق ارشاد فرمایا

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ تَرَکْتُ فِیْکُمْ من اِنْ اَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا کِتَابَ اللّٰہِ وَ عِتْرَتِیْ اَھْلَ بَیْتِیْ [1]

ترجمہ: اے بنی نوع انسان! میں تمہارے درمیان وہ چیز چھوڑے جارہا ہوں کہ جب تک تم اسے پکڑے رہو گے تو گمراہ نہ ہو گے کتاب اللہ یعنی قرآن اور میری عترت اہل بیت۔

یہی حدیث صحیح مسلم میں کچھ ردوبدل کے ساتھ روایت کی گئی ہے۔[2] اور اس میں اہل بیت کا ذکر تین بار کیا گیا ہے۔ جو انتہائی قابل غور ہے کہ پیارے محبوب ﷺ نے اپنی اہل بیت کے حقوق کے بارے میں کس قدر تاکید فرمائی ہے۔

سرور کونین ﷺ نے بے شمار مواقع پر اہل بیت اطہار علیہم السلام کے ان نورانی نفوس کا نام لے کر خصوصی طور پر ان کے بلند مقام سے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو آگاہ فرمایا۔

امام الاولیاء، سند الاتقیاء، امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کی عظمت و شرافت کیلئے حضور ﷺ کے اس ارشاد سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے، بخاری شریف کی حدیث ہے:

وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ، لِعَلِیٍّ اَنْتَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْکَ [3]

ترجمہ: اور نبی کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام سے ارشاد فرمایا تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

یعنی پیارے محبوب ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کے جسم و جاں کو اپنے جسم و جاں سے تشبیہ دی جس کا ذکر دیگر احادیث مبارکہ میں تفصیل سے کیا گیا ہے۔ اور ایک دوسرے موقع پر ارشاد فرمایا کہ اے علی تو میرے نزدیک ایسے ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں حضرت ہارون علیہ السلام تھے۔[4]

نیز خاتون جنت سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے متعلق فرمایا:

فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّیْ فَمَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِیْ [5]

یعنی فاطمۃ الزہرا میرے جگر کا ٹکڑا ہے پس جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔

اور حسنین کریمین سے محبت کا ذکر ان الفاظ میں فرمایا

---

[1] صحیح ترمذی شریف، ابواب المناقب، مناقب اہل بیت النبی ﷺ [2] صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابہ، مناقب اہل بیت النبی ﷺ

[3-4] صحیح بخاری شریف، کتاب المناقب، باب مناقب علی المرتضیٰؓ [5] صحیح بخاری شریف کتاب المناقب، باب مناقب فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا



Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُمَا ۔ ۱

ترجمہ: یا اللہ میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان دونوں سے محبت فرما اور جو انہیں محبوب رکھیں ان سے بھی محبت فرما۔

یعنی اہل بیت رسول ﷺ کی محبت انسان کو اللہ تعالیٰ اور پیغمبر اسلام ﷺ کی محبت اور رحمت کا حقدار بنا دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اکابر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے محبت اہل بیت کو ہمیشہ اپنا شعار بنائے رکھا۔

خلیفہ اول حضرت امیر المومنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِیْ ۔ ۲ قَالَ ارْقُبُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ اَهْلِ بَيْتِهٖ ۳

ترجمہ: قسم اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ مجھے رسول ﷺ کے قرابت داروں سے صلہ رحمی اپنے قرابت داروں سے زیادہ عزیز ہے۔ نیز فرمایا کہ محمد ﷺ کی رضامندی آپ ﷺ کے اہل بیت کی محبت میں ہے۔

خلیفہ دوم حضرت امیر المومنین جناب سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن علیہ السلام کو مخاطب کر کے فرمایا

''ہمارے سروں کے بال اللہ تعالیٰ نے آپ کی برکت سے اگائے ہیں'' ۴

خلیفہ ثانی امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں جب صحابہ کرام کے وظائف مقرر کئے تو سب سے زیادہ تنخواہ بدری صحابہ کی مقرر فرمائی اور حسنین کریمین کی تنخواہیں بھی ان کے برابر تھیں۔ ۵ حالانکہ حسنین کریمین غزوۂ بدر کے وقت پیدا بھی نہیں ہوئے تھے چنانچہ آپ نے ان حضرات کے لئے پانچ پانچ ہزار درہم مقرر کئے اور اپنے بیٹے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دو ہزار درہم۔ جب اس بارے میں عبداللہ نے اپنے والد سے گفتگو کی تو انہوں نے فرمایا

وَيْحَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ جَدٌّ كَجَدِّهِمَا اَوْ جَدَّةٌ كَجَدَّتِهِمَا اَوْ اُمٌّ كَاُمِّهِمَا اَوْ اَبٌ كَاَبِيْهِمَا ۔ ۶

ترجمہ: تیری خرابی ہے اے عبداللہ، کیا تیرا نانا ان کے نانا جیسا ہے یا تیری نانی اور ان کی نانی جیسی ہے یا تیری ماں ان کی ماں جیسی ہے یا باپ ان دونوں کے باپ جیسا ہے۔

---

۱، ۳: صحیح بخاری شریف، کتاب المناقب، مناقب امام حسن وامام حسین علیہما السلام ۲: صحیح بخاری شریف، کتاب المناقب، باب فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

۴: یوسف بن اسماعیل نبھانی، برکات آل رسول ﷺ اردو ترجمہ عبدالحکیم شرف، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۱۹۹۰ء صفحہ ۲۶۰

۵: معین الدین ندوی، تاریخ اسلام حصہ اول ودوم، صفحہ ۲۱۵ ۶: ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی بحولہ بالا صفحہ ۶۶

امام الفقہاء حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

"اہل بیت کی ایک دن کی محبت ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے"۔[1]

چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے معمولات وفرمودات کی روشنی میں تابعین اور تبع تابعین نے بھی اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ومودت کو تاحیات حرزِ جاں بنائے رکھا۔ لیکن خلافت راشدہ کے اختتام پر امتِ مسلمہ کو وہ کٹھن ایام بھی دیکھنے پڑے جب ذکرِ اہل بیت گردن زدنی ٹھہرا اور محبتِ اہل بیت کے نتیجے میں انہی بزرگ ترین ہستیوں کو قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں، کوڑوں کی سزائیں دی گئیں، یہاں تک کہ پھانسی پر لٹکانے سے بھی دریغ نہیں کیا گیا۔ لیکن اہل بیت کی محبت انکے دلوں میں اس قدر راسخ ہو چکی تھی کہ امراء کا جبر واستبداد اور ظلم وستم ان کے پائے استقلال کو ڈگمگا نہ سکا۔ عزم وہمت کے ان پیکروں میں حضرت ابوذر غفاری، حضرت عمار بن یاسر، حضرت بلال، حضرت حجر بن عدی رضی اللہ عنہم، حضرت امامِ اعظم امام ابوحنیفہ، حضرت امام مالک، حضرت امام احمد بن حنبل اور حضرت امام شافعی رحمہم اللہ تعالیٰ کے نام نامی اور اسم گرامی امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے مینارۂ نور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان بلند مرتبت اور پاک طینت حضرات میں حضرت امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی رحمۃ اللہ علیہ کا نام بھی شامل ہے جن کی کتاب حدیث سنن نسائی اہل سنت کی چھ صحیح ترین کتابوں یعنی صحاحِ ستہ میں شامل ہے اور کتاب ہذا بھی آپ ہی کی تالیفِ لطیف ہے۔

آپ کا نام احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار اور کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے[2]۔ آپ ۲۱۵ ہجری میں بمقام نسا پیدا ہوئے[3]۔ نسا خراسان کا ایک مشہور شہر ہے، اسی نسبت سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو نسائی کہا جاتا ہے۔[4]

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے حصولِ علم کیلئے دور دراز مقامات خراسان، عراق، حجاز، مصر اور شام کا سفر اختیار کیا[5]، اور آئمۂ وقت کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کر کے حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا علم حاصل کیا۔[6]

آپ کے اساتذہ کی تعداد بہت زیادہ ہے، امام شمس الدین محمد ذہبی المتوفی ۷۴۸ھ نے پ (۷۵) اساتذہ

---

۱۔ ایضاً یوسف بن اسماعیل نبہانی، برکات آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۲۴۴

۲۔ ابن حجر عسقلانی، تہذیب التہذیب، دائرہ معارف نظامیہ حیدر آباد دکن ۱۳۲۵ھ، جلد ۱ صفحہ ۳۶

۳۔ امام شمس الدین محمد ذہبی، سیر اعلام النبلاء، مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۹۸۳ء۔ جلد ۱۴، صفحہ ۱۲۵

۴۔ شاہ عبدالعزیز، بستان المحدثین اردو ترجمہ عبدالسمیع، نور محمد اصح المطابع کراچی، صفحہ ۱۸۹

۵۔ امام ابوعبداللہ محمد ذہبی، تذکرۃ الحفاظ اردو ترجمہ محمد اسحاق، اسلامک پبلشنگ لاہور ۱۹۸۱ء، جلد ۲ صفحہ ۴۸۶

۶۔ ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، اردو ترجمہ انوار الحق قاسمی، نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۸۹ء، جلد ۱۱ صفحہ ۳۱۶



Marfat.com

کے نام ذکر کیے ہیں[1]۔ جن میں درج ذیل حضرات کے اسمائے گرامی نمایاں ہیں

۱: امام قتیبہ بن سعید بلخی محدث خراسان (۱۴۹ - ۲۴۰ ہجری)

۲: حافظ الکبیر امام اسحاق بن راہویہ نیشاپوری (۱۶۱ - ۲۳۸ ہجری)

۳: شیخ الاسلام امام ہشام بن عمار سلمی دمشقی (۱۵۳ - ۲۴۵ ہجری)

۴: شیخ الاسلام امام محمد بن نصر مروزی (۲۰۲ ہجری)

۵: امام محمود بن غیلان مروزی (المتوفی ۲۳۹ ہجری)

۶: امام ابو کریب ہمدانی کوفی (المتوفی ۲۴۸ ہجری)

آپ کا حلقۂ تلامذہ بھی نہایت وسیع تھا۔ آپ نے حصولِ علم کے بعد مصر میں سکونت اختیار فرمائی اور مختلف بلاد و امصار سے کثیر طلباء آپ سے استفادۂ علم کیلئے حاضر ہوتے، چند معروف اور مشہورِ زمانہ شاگردوں کے نام یہ ہیں[2]:

۱: ابو البشیر الدولابی محمد بن احمد بن حماد انصاری (المتوفی ۳۱۰ ہجری)

۲: ابو القاسم امام ثابت بن حزم (المتوفی ۳۱۳ ہجری)

۳: ابو جعفر طحاوی (۲۳۷ - ۳۲۱ ہجری)

۴: ابو جعفر محمد بن عمرو بن موسیٰ عقیلی (المتوفی ۳۲۲ ہجری)

۵: حافظ محمد بن قاسم قرطبی (المتوفی ۳۲۷ ہجری)

۶: ابو بکر محمد بن احمد بن جعفر الحداد کنانی مصری (المتوفی ۳۴۴ ہجری)

۷: حافظ ابو علی نیشاپوری (۲۷۷ - ۳۴۹ ہجری)

۸: حمزہ بن محمد الکنانی مصری (۲۷۵ - ۳۵۷ ہجری)

۹: ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (۲۶۰ - ۳۶۰ ہجری)

۱۰: امام ابو بکر احمد بن محمد بن اسحاق (المتوفی ۳۶۴ ہجری)

۱۱: الحسن بن رشیق العسکری مصری (۲۸۳ - ۳۷۰ ہجری)

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ انتہائی خوبصورت اور تنومند انسان تھے، بڑھاپے کے باوجود چہرہ لال سرخ تھا[3]، اور قندیل کی

---

[1] امام شمس الدین محمد ذہبی، سیر اعلام النبلاء جلد ۱۴ صفحہ ۱۲۵ ـ ۱۲۷

[2] ایضاً امام شمس الدین ذہبی ـ سیر اعلام النبلاء جلد ۱۴ صفحہ ۱۲۷

[3] امام ابو عبداللہ محمد ذہبی، تذکرۃ الحفاظ، جلد ۲، صفحہ ۴۸۶

Marfat.com

طرح چمکتا تھا۔ انتہائی خوش اخلاق، وسیع القلب اور فیاض تھے۔ آپ کا دسترخوان بڑا وسیع تھا۔ فدیہ ادا کر کے مسلمان قیدیوں کو رہا کروانا آپ کا معمول تھا، توکل و استغناء طبیعت میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ سلاطین کی مجالس سے کنارہ کش رہتے۔[۲]

آپ رحمۃ اللہ علیہ انتہائی عابد، متقی اور شب بیدار تھے۔ ہمیشہ صومِ داؤدی پر عمل پیرا رہے یعنی ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے، تہجد باقاعدگی سے ادا کرتے۔ جہاد بالقلم کے علاوہ جہاد بالسیف میں بھی حصہ لیتے تھے اور امیر مصر کی معیت میں جہاد میں شریک ہوئے۔[۳]

امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا علمی مقام بہت بلند ہے۔ معاصرین کے علاوہ ہر دور کے جلیل القدر علماء و فضلاء آپ کے علم و دانش اور فضل و کمال کے معترف رہے ہیں۔

امام ابوالحسن دارقطنی فرماتے ہیں

اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ مُقَدَّمٌ عَلٰی کُلِّ مَنْ یُذْکَرُ بِھٰذَا الْعَلَمِ مِنْ اَھْلِ عَصْرِہٖ[۴]

ترجمہ: ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ زمانے کے میں علم حدیث میں جتنے قابل ذکر لوگ تھے یہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ ان سب پر فوقیت رکھتے تھے۔

یہی امام دارقطنی کہتے ہیں

کَانَ اَبُوْبَکْرٍ بْنُ الْحَدَّادِ الفقیه کَثِیْرَ الْحَدِیْثِ وَلَمْ یُحَدِّثْ عَنْ اَحَدٍ غَیرِ اَبِیْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ النَّسَائِیْ فَقَطْ وَقَالَ رَضِیْتُ بِہٖ حُجَّتِیْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ اللّٰہِ تَعَالٰی (ابنِ حجر عسقلانی، تهذیب التهذیب جلد ۱، صفحه ۳۸)

ترجمہ: ابوبکر بن حداد بہت بڑے فقیہہ اور کثیر الحدیث محدث تھے وہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ کسی دوسرے شخص سے حدیث بیان نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ میں نے امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حجت بنالیا ہے۔

ابوالحسین بن مظفر کا قول ہے

---

۱: ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، جلد ۱۱ صفحہ ۳۱۷ ۲: امام ابوعبداللہ محمد ذہبی تذکرۃ الحفاظ جلد ۲ صفحہ ۴۸۷

۳: ابن العماد الحنبلی، شذرات الذہب، دار الافاق جدیدہ بیروت جلد ۲ صفحہ ۲۴۰

۴: امام شمس الدین محمد ذہبی، سیر اعلام النبلاء جلد ۱۴ صفحہ ۱۳۱

سَمِعْتُ مَشَائِخَنَا بِمِصَرَ يَعْتَرِفُوْنَ لِاَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيْ بِالتَّقَدُّمِ وَالْاِمَامَةِ (ایضًا تهذیب التهذیب، جلد ۱، صفحه ۳۷)

ترجمہ میں نے اپنے مشائخ سے سنا وہ فرمایا کرتے تھے کہ مصر والے امام ابی عبدالرحمٰن النسائی کے تقدم، فضیلت اور امامت کے معترف تھے۔

حافظ ابن طاہر نے سعد بن علی زنجانی کا قول نقل کیا ہے کہ:

اِنَّ لِاَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ شَرْطًا فِي الرِّجَالِ اَشَدَّ مِنْ شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ [۱]

ترجمہ: بے شک رجال کے متعلق ابوعبدالرحمٰن کی شرائط بخاری اور مسلم کی شرائط سے زیادہ سخت ہیں۔

صاحب ''تاریخ مصر'' احمد بن یونس لکھتے ہیں۔

اِنَّ لِاَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ النَّسَائِيْ قَدِمَ مِصَرَ قَدِيْمًا وَ كَانَ اِمَامًا فِي الْحَدِيْثِ ثِقَةً، ثَبْتًا، حَافِظًا [۲]

ترجمہ: یقیناً ابی عبدالرحمٰن النسائی جب مصر آئے تو آپ امام وقت تھے، آپ حافظ الحدیث ثقہ اور ثبت تھے۔

ابن اثیر جزری نے آپ کے تقویٰ اور ورع کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

وَ كَانَ وَرْعًا مُتَحَرِّيًا وَ اِنَّمَا يَقُوْلُ قَالَ الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَ اَنَا اَسْمَعُ [۳]

ترجمہ: آپ کا ورع اور تقویٰ حیرت میں ڈال دیتا ہے کہ آپ نے اپنے استاد حارث بن مسکین سے جس حال میں حدیث کی سماعت کی اسے ہو بہو اسی طرح ''قِرَاءَةً عَلَيْهِ'' (ان کے سامنے پڑھا گیا اور ''اَنَا اَسْمَعُ'' میں نے سنا) کے الفاظ سے بیان کیا۔

یعنی دیگر اساتذہ سے اخذ کردہ روایات کی طرح ''حَدَّثَنَا'' اور ''اَخْبَرَنَا'' کی اصطلاحات استعمال نہیں کیں۔

حافظ عمادالدین ابن کثیر تحریر کرتے ہیں۔

''اپنے زمانے کے امام، اپنے ہم عصروں، ہم مسلک لوگوں اور اپنے زمانے کے تمام فضلاء میں سب سے بڑھے ہوئے تھے'' [۴]

---

[۱] امام شمس الدین ذہبی، سیر اعلام النبلاء جلد ۱۴ صفحہ ۱۳۱

[۲] ابن خلکان، وفیات الاعیان، منشورات الرضیٰ قم، طبعہ الثانیہ ۱۳۶۴ھ، جلد ۱ صفحہ ۷۸

[۳] امام شمس الدین ذہبی، سیر اعلام النبلاء، جلد ۱۴ صفحہ ۱۳۰ [۴] ابن کثیر، البدایہ والنہایہ جلد ۱۱، صفحہ ۳۱۶



Marfat.com

امام شمس الدین ذہبی "سیر اعلام النبلاء" میں رقم طراز ہیں

"اَلْاِمَامُ، اَلْحَافِظُ، اَلثَّبْتُ، شَيْخُ الْاِسْلَام، نَاقِدُ الْحَدِيْثِ، كَانَ مِنْ بُحُوْرِ الْعِلْمِ مَعَ الْفَهْمِ وَ الْاِتْقَانِ وَالْبَصَرِ وَ نَقْدِ الرِّجَالِ وَحُسْنِ التَّالِيْفِ وَلَمْ يَكُنْ فِيْ رَأْسِ الثَّلَاثَمِائَةِ اَحْفَظُ مِنَ النَّسَائِيْ وَ هُوَ اَحْذَقُ بِالْحَدِيْثِ وَ رِجَالِهِ مِنْ مُسْلِمٍ وَمِنْ اَبِيْ دَاوُدَ وَمِنْ اَبِيْ عِيْسٰى وَهُوَ جَارٍ فِيْ مِضْمَارِ الْبُخَارِيِّ وَ اَبِيْ زُرْعَةَ"

(امام شمس الدين ذهبي، سير اعلام النبلاء جلد ۱۴ صفحه ۱۲۵)

ترجمہ امام، حافظ، ثبت، شیخ الاسلام اور ناقد الحدیث تھے۔ نیز آپ معرفت واتقان، بصر، نقد الرجال اور حسن تالیف کے ساتھ علم کے سمندر تھے۔ اور تیسری صدی ہجری کے اوائل میں نسائی سے بڑھ کر حدیث کا حافظ کوئی نہیں تھا۔ اور وہ حدیث کو بہت زیادہ جانتے تھے ان کے رجال مسلم، ابوداؤد، اور ابوعیسیٰ کے رجال ہیں اور وہ علل حدیث اور اسمائے رجال کے علوم میں بخاری اور ابوزرعہ کے ہم پلہ ہیں۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے چار شادیاں کی تھیں لیکن افسوس کہ مؤرخین نے آپ کی اولاد کا کوئی تذکرہ نہیں کیا البتہ حافظ ابن حجر نے آپ کے تلامذہ میں آپ کے بیٹے عبدالکریم کا ذکر کیا ہے۔[1]

## وصال

اہل سنت کے اس جلیل القدر امام کو محبتِ اہل بیت کی پاداش میں جامِ شہادت نوش کرنا پڑا۔ حضرت شاہ ولی اللہ کے فرزند ارجمند حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ آپ کے وصال کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"ان کی موت کا واقعہ یہ ہے کہ جب آپ مناقبِ مرتضوی (کتاب الخصائص) کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو انہوں نے چاہا کہ اس کتاب کو دمشق کی جامع مسجد میں پڑھ کر سنائیں تاکہ بنی اُمیہ کی سلطنت کے اثر سے عوام میں ناصبیت کی طرف جو رجحان پیدا ہو گیا تھا اس کی اصلاح ہو جائے۔ ابھی اس کا تھوڑا سا حصہ ہی پڑھنے پائے تھے کہ ایک شخص نے پوچھا امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ کے مناقب کے متعلق بھی آپ نے کچھ لکھا ہے؟ تو نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا "معاویہ کیلئے یہی کافی ہے کہ برابر سرابر چھوٹ جائیں ان کے مناقب کہاں ہیں"۔ بعض لوگ

[1] محمد عبدہ، مقدمہ سنن نسائی اردو ترجمہ نواب وحید الزمان، اسلامی اکادمی اردو بازار لاہور ۱۹۸۵ء، جلد ۱ صفحہ ۸



Marfat.com

کہتے ہیں کہ یہ کلمہ بھی کہا تھا کہ مجھ کو ان کے مناقب میں سوائے اس حدیث "لا اشبع اللہ بطنہ" کے سوا اور کوئی حدیث نہیں ملی۔ پھر کیا تھا لوگ ان پر ٹوٹ پڑے اور شیعہ شیعہ کہہ کر مارنا پیٹنا شروع کر دیا ان کے خصیتین میں چند ایسی شدید ضربیں پہنچیں کہ نیم جان ہو گئے۔ خادم ان کو اٹھا کر گھر لے آئے، آپ نے فرمایا کہ مجھے ابھی مکہ معظمہ پہنچا دو تا کہ میرا انتقال مکہ یا اس کے راستے میں ہو۔ کہتے ہیں کہ آپ کی وفات مکہ معظمہ پہنچنے پر ہوئی اور وہاں صفا و مروہ کے درمیان دفن کئے گئے۔ ۱۳ صفر ۳۰۳ ہجری پیر کے دن آپ رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا۔" [1]

## امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ پر شیعیت کا الزام اور اس کا رد

حضرت ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب النسائی اہل سنت کے ایک جلیل القدر امام ہیں۔ آپ کی کتاب حدیث "سنن نسائی" اہل سنت کے صحاح ستہ میں سے ایک ہے جو اہل سنت اور اہل حدیث دونوں کے ہاں مستند و معتبر سمجھی جاتی ہے اور کتب متداولہ میں شامل ہے۔ لیکن اس کے باوجود آپ رحمۃ اللہ علیہ کو طعن و تشنیع کا سامنا کرنا پڑا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ پر شیعیت کا الزام عائد کیا گیا۔ اگرچہ عام مؤرخین نے اس الزام کو اہمیت نہ دیتے ہوئے اپنی کتابوں میں اسکا ذکر نہیں کیا لیکن بعض نے اس پر عبارت آرائی کی ہے جن میں ابن خلکان، ابن کثیر اور ابن تغری بردی وغیرہ شامل ہیں۔

ابن خلکان المتوفی ۶۸۱ھ لکھتا ہے " وَ کَانَ یَتَشَیَّعُ " [2] ترجمہ: اور ان میں شیعیت پائی جاتی تھی۔

ابن کثیر (المتوفی ۷۷۴ ہجری) نے تحریر کیا ہے

وَ قَدْ قِیْلَ عَنْہُ اَنَّہٗ کَانَ یُنْسَبُ اِلَیْہِ شَیْءٌ مِنَ التَّشَیُّعِ [3]

ترجمہ: اور ان کے متعلق یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ کچھ تشیع کی طرف مائل تھے۔

ابن تغری البردی المتوفی ۸۷۴ھ لکھتا ہے

"وَ کَانَ فِیْہِ تَشَیُّعٌ حَسَنٌ" [4] ترجمہ: اور ان میں شیعیت حسنہ پائی جاتی تھی۔

اہل سنت بریلوی مکتبہ فکر کے ممتاز عالم دین اور عصر حاضر کے معروف شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ پر شیعیت کے الزام کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں

---

[1] شاہ عبدالعزیز، بستان المحدثین صفحہ ۱۸۹، ۱۹۰ [2] ابن خلکان، وفیات الاعیان جلد ۱ صفحہ ۷۷

[3] ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، جلد ۱۱ صفحہ ۱۲۴ [4] ابن تغری بردی، النجوم الزاہرہ، جلد ۳ صفحہ ۱۸۸



Marfat.com

''اس الزام سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا دور کا بھی کوئی واسطہ نہیں تھا۔ بعض لوگوں نے ابنِ خلکان کی اس عبارت سے دھوکہ کھایا ہے کہ وَ کَانَ یَتَشَیَّعُ یعنی وہ تشیع کرتے تھے[1]

اور ابنِ کثیر کے قول کی وضاحت کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں کہ امام نسائی حسب مراتب تمام صحابہ کے فضائل کے معتقد تھے البتہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں حضرت علی علیہ السلام سے محبت کی شدت کی وجہ سے ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ان کا تشیع کی طرف میلان تھا۔ اسی وجہ سے ابن کثیر نے لکھا ہے وَ قَدْ قِیلَ عَنْهُ اَنَّهُ اِلٰی شَیْئٍ مِنَ التَّشَیُّعِ یعنی کہا گیا ہے کہ وہ کچھ تشیع کی طرف مائل تھے''۔[2]

نیز یہی علامہ موصوف سنن نسائی کے باب امامتہ اہل علم وفضل سے امیر المومنین سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی امامت والی مشہور ومعروف روایت نقل کرنے کے بعد تحریر کرتے ہیں کہ

''امام نسائی کی اس روایت کے ہوتے ہوئے ان کی طرف تشیع کی نسبت کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟''[3]

برصغیر پاک وہند کے معروف اہل حدیث عالم اور ادارۂ علوم اثریہ لائل پور کے سرپرست استاذ محمد عبدہ الفلاح فیروز پوری ابن خلکان اور ابن کثیر کے اقوال نقل کرنے کے بعد اس الزام پر تبصرہ کرتے ہوئے رقم طراز ہیں

''لیکن اس سے آپ کو شیعہ سمجھنا دور کی بات ہی نہیں ایک بہت بڑی جسارت بھی ہے جبکہ اس کا کوئی بین ثبوت نہیں ملتا۔ یہی وجہ ہے کہ ابن کثیر نے اس واقعہ کو صیغہ تمریض کے ساتھ ذکر کیا ہے اور ابن خلکان کے الفاظ بھی کَانَ یَتَشَیَّعُ ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ الفاظ اپنے مفہوم کو شیعیت کی طرف امام صاحب کے میلان یا اثر سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہ نہیں کہ آپ شیعہ تھے''۔[4]

یہی استاد محمد عبدہ فیروز پوری مزید لکھتے ہیں اگر اہل بیت خصوصاً حضرت علی علیہ السلام کی محبت وعقیدت موجب تشیع ہے تو یہ الزام کوئی انوکھا نہیں ہے، متعدد کبار محدثین بھی اس میں شامل ہیں جن میں الاعمش، لقمان بن ثابت، شعبہ بن الحجاج، عبدالرزاق، عبیداللہ بن موسیٰ، عبدالرحمان بن ابی حاتم، ابراہیم النخعی وغیرہم سرفہرست ہیں، حالانکہ خود شیعہ حضرات نے ان کی شیعیت کا کوئی ذکر نہیں کیا، اس مقام پر امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا شعر موزوں رہے گا، فرماتے ہیں

اِنْ کَانَ رَفْضًا حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ | فَلْیَشْهَدِ الثَّقَلَانِ اَنِّیْ رَافِضٌ

---

[1] غلام رسول سعیدی، تذکرہ المحدثین، حامد اینڈ کمپنی لاہور ۱۹۷۷ء صفحہ ۲۹۴، ۲۹۵ [2] ایضاً غلام رسول سعیدی، تذکرہ المحدثین صفحہ ۲۹۷

[3] ایضاً غلام رسول سعید، تذکرہ المحدثین صفحہ ۲۹۶ [4] استاذ محمد عبدہ، صحاح ستہ اور ان کے مؤلفین، ادارہ علوم اثریہ لائل پور، صفحہ ۶۶، ۶۷

ترجمہ: اگر آلِ محمد ﷺ کی محبت رفض ہے تو جن وانس گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں۔۱

درحقیقت بات یہ ہے کہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے جب حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے مناقب بیان کئے تو وہاں کے غالی ناصبیوں نے نہ صرف انہیں مارا بلکہ ان پر تشیع کا الزام بھی لگایا۔ شاہ عبدالعزیز صاحب کے بیان سے اس کی قطعی تائید ہوتی ہے کہ لوگ ان پر ٹوٹ پڑے اور شیعہ شیعہ کہہ کر مارنا پیٹنا شروع کر دیا۔۲

مندرجہ بالا حقائق ثابت ہوتا ہے کہ اس الزام کا آغاز بنواُمیہ کے اس مرکز سے ہوا جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے مقابلہ میں حضرت معاویہ کا حامی تھا، اس سے زیادہ اس کی کوئی حیثیت نظر نہیں آتی۔۳

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ جیسی جلیل القدر ہستی پر اہل دمشق کی طرف سے شیعیت کا الزام ہرگز باعث حیرت نہیں کیونکہ دمشق سلطنتِ بنوامیہ کا دارالخلافہ تھا اور یہ شہر سالہا سال تک اہل بیتِ رسول اللہ ﷺ کے خلاف کی جانے والی کاروائیوں کا مرکز رہا اور جناب امام الاولیاء حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے خلاف جن سازشوں کی ابتداء اس شہر سے ہوئی تھی بالآخر اس کا نتیجہ کربلا کے دردناک سانحے کی صورت میں سامنے آیا اور اہل بیت عظام پر سب وشتم کی قبیح رسم بھی یہیں سے شروع ہوئی تھی۔ صحیح مسلم شریف میں اس کا ذکر ان الفاظ میں آیا ہے

عَنْ عَامِرَ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْهُ اَبِیْهِ قَالَ اَمِیْرُ مُعَاوِیَهُ بْنُ اَبِیْ سُفْیَانَ سَعْدًا فَقَالَ مَا مَنَعَکَ اَنْ تَسُبَّ اَبَا تُرَابٍ فَقَالَ اَمَّا مَا ذَکَرْتُ ثَلَاثًا قَالَهُنَّ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَنْ اَسُبَّهٗ لَاَنْ تَکُوْنَ لِیْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَهٗ وَ خَلَّفَهٗ فِیْ بَعْضِ مَغَازِیْهِ فَقَالَ لَهٗ عَلِیٌّ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُخَلِّفُنِیْ مَعَ النِّسَاءِ وَ الصِّبْیَانِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَانُبُوَّةَ بَعْدِیْ وَ سَمِعْتُ یَقُوْلُ فِیْ یَوْمِ خَیْبَرَ لَاُعْطِیَنَّ الرَّاْیَةَ رَجُلًا یُّحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ یُحِبُّهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ قَالَ فَتَطَاوَ لْنَا لَهَا فَقَالَ ادْعُوْا اِلَیَّ عَلِیًّا فَاُتِیَ بِهٖ اَرْمَدَ فَبَصَقَ فِیْ عَیْنَیْهِ وَ رَفَعَ الرَّاْیَةَ اِلَیْهِ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ نَدْعُ اَبْنَاءَنَا وَاَبْنَاءَ کُمْ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیًّا وَفَاطِمَةَ وَ حَسَنًا وَ حُسَیْنًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِیْ ۴

ا-۳ محمد عبدہ، صحاح ستہ اوران کے مؤلفین، ادارہ علوم اثریہ لائل پور (فیصل آباد) صفحہ ۶۶، ۶۷

۴ صحیح مسلم شریف، کتاب فضائل الصحابہ، حدیث نمبر ۹۸۸

ترجمہ: عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتا ہے کہ امیر معاویہ نے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ تم ابوتراب کو برا کیوں نہیں کہتے تو آپ نے فرمایا کہ جب تک مجھے وہ تین باتیں یاد ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی بابت ارشاد فرمائی تھیں تو میں انہیں برا نہیں کہوں گا اور اگر ان میں سے ایک بھی مجھے مل جائے تو میرے لئے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہے۔ آپ ﷺ نے کسی جہاد (غزوۂ تبوک) میں علی المرتضیٰ علیہ السلام کو اپنا جانشین مقرر کیا تو علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جا رہے ہیں تو حضور علیہ السلام نے فرمایا، کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تیرا درجہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ہارون علیہ السلام تھے لیکن میرے بعد نبوت نہیں۔ اور خیبر کے دن آپ ﷺ کو فرماتے سنا کہ کل میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو خدا اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ بھی اس سے محبت رکھتے ہیں۔ سب اس انتظار میں رہے کہ یہ شرف کسے حاصل ہوتا ہے چنانچہ علی المرتضیٰ علیہ السلام کو بلایا گیا۔ اس وقت ان کی آنکھیں دکھتی تھیں حضور ﷺ نے ان کی آنکھوں پر اپنا لعابِ دہن لگا کر جھنڈا انہیں عطا فرمایا اور انہی کے ہاتھوں پر اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی۔ پھر جب یہ آیت نازل ہوئی ''نَدْعُ اَبْنَاءَ نَا وَاَبْنَاءَ کُمْ'' تو آپ ﷺ نے علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام کو طلب فرمایا اور کہا، اے اللہ یہی میرے اہل بیت ہیں۔

اس حدیث شریف کو ترمذی، حاکم اور امام احمد بن حنبل نے بھی نقل کیا ہے۔[1]

دراصل امیر معاویہ نے اہل بیت عظام خصوصاً امام الاولیاء حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کی ذاتِ اقدس سے لوگوں کو متنفر کرنے کیلئے وسیع پیمانے پر پروپیگنڈہ مہم شروع کی اور برسرِ عام جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام پر لعن طعن کیا جاتا رہا۔ بنو امیہ کے عمال (گورنر) اس بدعت میں برابر کے شریک تھے۔

امام المؤرخین ابن خلدون لکھتے ہیں

''بصرہ پر جب بسر بن ارطاۃ کو حاکم بنایا گیا تو اس نے لوگوں کو جمع کر کے خطبہ دیا اور اثناء خطبہ میں امیر المؤمنین حضرت علی ابن ابی طالب کی شان میں کلمات نا ملائم کہے''۔[2]

ابن خلدون مزید لکھتے ہیں:

''کوفہ کے گورنر مغیرہ بن شعبہ نے یہ عادت اختیار کر لی تھی کہ اپنے زمانہ گورنری میں اکثر مجالس

---

[1] احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین، مکتبہ معلا کویت ۱۹۸۶ء صفحہ ۳۷

[2] ابن خلدون، تاریخ ابن خلدون اردو ترجمہ حکیم احمد حسین، نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۶۶ء جلد ۲ صفحہ ۲۵



Marfat.com

اور خطبوں میں امیر المومنین حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم پر اعتراضات کیا کرتا تھا" [1]

رئیس المورخین المسعودی، امام جلال الدین سیوطی اور علامہ شاہ معین الدین ندوی لکھتے ہیں

"اموی خلفاء نے ایک بری بدعت یہ جاری کی تھی کہ وہ خود اور ان کے تمام عمال (گورنر) خطبہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ پر لعن طعن کیا کرتے تھے اور اسے خطبہ کا جزو بنا دیا تھا، حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اسے بالکل بند کر دیا اور تمام عمال کے نام فرمان جاری کر دیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق جو نا ملائم الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں وہ بند کر دیئے جائیں اور اس کی جگہ کلام اللہ کی یہ آیت داخل کی اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ وَ اِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى وَ يَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ وَ الْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ یعنی اللہ تعالیٰ عدل، احسان، اور قرابت داروں کو دینے کا حکم کرتا ہے اور فحش، برائی اور ظلم سے منع کرتا ہے، شاید تم سمجھو۔ جو آج تک جاری ہے" [2]

انہی کاروائیوں کے نتیجے میں اہلِ دمشق خانوادۂ نبوت سے سوء ظن رکھتے تھے چنانچہ مفسر قرآن حافظ عماد الدین اپنی تفسیر ابن کثیر میں آیت مَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى کے ضمن میں کربلا کے بعد اسیرانِ اہلِ بیت کے دمشق پہنچنے کا واقعہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہ کو قید کر کے لایا گیا اور دمشق کے بالا خانے میں رکھا گیا تو ایک شامی نے کہا کہ خدا کا شکر ہے کہ اس نے تمہیں قتل کرایا اور تمہارا ناس کر دیا اور فتنہ کی ترقی کو روک دیا۔ یہ سن کر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کیا تو نے قرآن پڑھا ہے؟ اس نے کہا کیوں نہیں۔ پھر فرمایا اس میں حٰم والی سورتیں پڑھی ہیں؟ اس نے کہا واہ سارا قرآن پڑھ لیا حٰم والی سورتیں نہیں پڑھیں؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا ان میں اس آیت کی تلاوت تو نے نہیں کی قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى یعنی میں تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتا مگر محبت قرابت کی۔ تو اس شخص نے کہا، کیا وہ تم ہو" [3]

---

[1] ایضا تاریخ ابن خلدون صفحہ ۴۱

[2] مسعودی، مروج الذہب اردو ترجمہ مولانا اختر فتح پوری، نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۸۵ء حصہ سوم صفحہ ۲۲۸، جلال الدین سیوطی، تاریخ الخلفاء اردو ترجمہ اقبال الدین احمد، نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۸۳ء صفحہ ۲۴۳۔ شاہ معین الدین ندوی، تاریخ اسلام ناشران قرآن لاہور جلد اول و دوم صفحہ ۵۱۳

[3] ابن کثیر، تفسیر ابن کثیر اردو ترجمہ نور محمد کارخانہ کتب کراچی جلد ۵ صفحہ ۱۳



Marfat.com

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اہلِ دمشق آلِ رسول کریم ﷺ کے ساتھ کس قدر تعصب اور عداوت رکھتے تھے حالانکہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اس فعل کو سخت ناپسند فرماتے تھے۔ دورِ حاضر کے مایہ ناز مؤرخ اور بین الاقوامی شہرت یافتہ فقیہہ پروفیسر ابوزہرہ مصری اس بدعت کے متعلق صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا درعمل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

''جو صحابہ اس وقت بقیدِ حیات تھے انہوں نے اسے نفرت اور حقارت کی نگاہ سے دیکھا اور حضرت معاویہ اور اموی خلفاء کو اس سے منع کیا۔ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت معاویہ کو اس مضمون پر مشتمل خط لکھا۔ جب تم منبر پر کھڑے ہو کر حضرت علی اور ان کے احباب پر لعنت بھیجتے ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ تم اللہ و رسول کو ملعون قرار دیتے ہو۔ میں گواہی دیتی ہوں کہ نبی کریم ﷺ حضرت علی کو چاہتے تھے''[1]

حضرت علامہ غلام رسول صاحب سعیدی لکھتے ہیں

''امام نسائی اخیر عمر میں مصر سے دمشق تشریف لے گئے وہاں کے لوگ امیر معاویہ کی شان اور فضیلت میں انتہائی غالی اور حضرت مولیٰ علی علیہ السلام کے حق میں انتہائی متعصب تھے بلکہ دمشق میں اس وقت اکثریت ہی ایسے لوگوں کی تھی جو حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں علی الاعلان بدگوئی کیا کرتے تھے''[2]

مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں درج ذیل امور کی وضاحت ہوتی ہے

۱: دمشق اہل بیتِ رسول ﷺ کے مخالفین اور بنوامیہ کے حامیوں کا مرکز تھا۔

۲: دمشق کے باسیوں کو اہلِ بیت عظام کے فضائل و درجات اور عظمت و رفعت سے لاعلم رکھا گیا۔

۳: اہلِ دمشق امیر معاویہ کی تعریف و توصیف اور حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کی برائی سننے کے عادی تھے۔

۴: امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے جب درس حدیث کے ذریعے اس صورتحال کو بدلنے اور ان کی اصلاح کرنے کی کوشش کی تو انہیں زدوکوب کرنے کے علاوہ ان پر شیعیت کا الزام بھی عائد کیا گیا۔

۵: علمائے اہلِ سنت اور علمائے اہلِ حدیث کے نزدیک اس الزام کی کوئی اہمیت و حیثیت نہیں۔

۶: امام نسائی اہل سنت کے جلیل القدر امام ہیں جن کی کتاب ''سنن نسائی'' صحاحِ ستہ میں شامل ہے۔

---

۱: ابوزہرہ مصری، اسلامی مذاہب اردو ترجمہ غلام احمد حریری، ملک برادرز لائل پور ۱۹۶۷ء صفحہ ۵۴

۲: غلام رسول سعیدی، تذکرۃ المحدثین صفحہ ۲۹۴



Marfat.com

# تصانیف

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کثیر التصانیف بزرگ ہیں۔ حال ہی میں آپ کی تفسیر النسائی بیروت سے دو جلدوں میں شائع ہوئی ہے جسے عرب دنیا کے نامور عالم دین صبری بن عبدالخالق شافعی نے ایڈٹ کیا ہے۔ انہوں نے تفسیر کے مقدمے میں آپ کی درج ذیل کتابوں کی فہرست حروف تہجی کی ترتیب سے دی ہے۔[۱]

۱: املاء ته الحديثية

۲: تسميه فقهاء الامصار من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم و من بعده من اهل المدينة

۳: تسمية من لم يروعنه غير رجل واحد

۴: تفسير القرآن الكريم

۵: التميز

۶: الجرح و التعديل

۷: جزء من حديث عن النبى صلى الله عليه وآله وسلم

۸: خصائص على المرتضى رضى الله عنه

۹: الرباعيات من كتاب السنن الماثوره

۱۰: السنن الصغرى

۱۱: السنن الكبرى

۱۲: شيوخ الزهرى

۱۳: الضعفاء والمتروكين

۱۴: الطبقات

۱۵: عمل يوم وليلة والراجع انه من الكبرى

---

۱: احمد بن شعیب، تفسیر نسائی، مقدمہ وتخریج صبری بن عبدالخالق، موسستہ الثقافتہ بیروت طبع اول ۱۹۹۰ء جلد ا صفحہ ۷۹۔۸۳



Marfat.com

١٦ : الكنى

١٧ : مسند حديث ابن جريح

١٨ : مسند حديث الزهري بعله و لكلام عليه

١٩ : مسند حديث سفيان ثوري

٢٠ : مسند حديث شعبة بن الحجاج

٢١ : مسند حديث الفضيل بن عياض و داود الطائي و مفضل بن مهلهل الغبي

٢٢ : مسند حديث مالك بن انس رضى الله عنه

٢٣ : مسند علي بن ابي طالب رضى الله عنه

٢٤ : مسند منصور ابن زاذان ابو الواسطي

٢٥ : معجم شيوخه

٢٦ : معرفته الاخوة و الاخوات من العلماء و الرواة

٢٧ : مناسك الحج

٢٨ : من حدث عنه ابن ابي عروبه ولم يسمع منه

مذکورہ بالا کتابوں میں سے ''خصائص علی المرتضٰی'' امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کی وہ عظیم الشان تالیف ہے جو اہل بیتِ رسول اللہ کے ساتھ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی محبت ومودت اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی جرأت وشجاعت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اور اس کتاب کی بدولت آپ رحمۃ اللہ علیہ مرتبۂ شہادت پر فائز ہو کر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے زندۂ جاوید ہوئے۔ عصر حاضر کے ممتاز عالم اور مدینہ منورہ کے شیخ الحدیث احمد میرین البلوشی فرماتے ہیں

''وَاِنَّ تَالِيفَهُ لِكِتَابِ خَصَائِصِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَ تَحْدِيثَهُ بِهِ فِي دِمَشْقَ الَّتِي كَانَتْ مَعْقَلًا لِلْخَوَارِجِ وَالْمُنْحَرِفِيْنَ عَنْ عَلِيٍّ لَدَلِيلٌ ظَاهِرٌ عَلٰى جُرْأَتِهِ وَ شَجَاعَتِهِ''[1]

اس کتاب کے ذریعے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کے مخالفین اور خوارج کے پھیلائے ہوئے

---

[1] احمد بن شعیب، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم، تحقیق وتخریج احمد میرین البلوشی، مکتبہ معلا الکویت ۱۹۸۶ء صفحہ ۹



Marfat.com

نفرتوں کے اندھیروں میں محبتِ اہل بیت کے چراغ جلائے جس سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی جرأت وشجاعت کا بھرپور اظہار ہوتا ہے۔

## خصائص علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے قلمی و مطبوعہ نسخے

اس وقت تک اس کتاب کے درج ذیل پانچ قلمی نسخوں کا علم ہوا ہے[1]

نسخہ اول: یہ قدیم ترین نسخہ ۳۷ اوراق پر مشتمل ہے اس کی کتابت ۶۵۹ ہجری میں ہوئی یہ رباط کے کتب خانہ ''الخزانتہ الملکیۃ''میں موجود ہے۔

نسخہ دوم: اس کے ۲۵ ورق ہیں، عبدالرحمٰن حارثی نے ۱۱۲۹ ہجری میں اسے نقل کیا اور یہ کتب خانہ خدا بخش پٹنہ (بھارت) کی ملکیت ہے۔

نسخہ سوم: یہ ضخیم خطی نسخہ ۲۲۲ اوراق پر پھیلا ہوا ہے اور اس میں بین السطور فارسی ترجمہ بھی موجود ہے۔ اسے محمد افضل بن حکیم محمد ہاشم نے ۱۲۲۸ ہجری میں تحریر کیا۔ یہ مخطوطہ بھی خدا بخش لائبریری پٹنہ (بھارت) میں مخزون ہے۔

نسخہ چہارم: مکتبہ جامع صنعاء یمن میں ہے۔

نسخہ پنجم: یہ قلمی نسخہ مکتبہ جامع ملی تہران میں محفوظ ہے۔

اس کتاب کا سب سے پہلا مطبوعہ نسخہ مطبع خیریہ مصر سے ۱۳۰۸ ہجری میں شائع ہوا۔

دوسری مرتبہ مطبع التقدم العلمیہ مصر کی طرف سے ۱۳۴۸ ہجری میں طبع ہوا جس کی تصحیح جامع ازہر کے معروف عالم جناب علامہ محمد کامل بن محمد الاسیوطی نے کی۔ باقی مطبوعہ نسخے زیادہ تر انہی دونوں نسخوں کے عکس ہیں۔

## خصائص علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی تعلیقات، تراجم و شروح

عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں میں اس کتاب پر تحقیق و تخریج اور تراجم و شروح کا کام ہوا ہے۔

### عربی

عربی میں درج ذیل تین کتابیں شائع ہو چکی ہیں

۱۔ خصائص الامام علی بن ابی طالب، حققہ و علق علیہ ورتب اعلامہ الشیخ محمد باقر المحمودی ۱۴۰۳ھ / ۱۹۸۳ء، ۲۸۶ ص

---

[1] ایضاً احمد میرین البلوشی صفحہ ۱۰-۱۳



Marfat.com

۲۔ تہذیب خصائص الامام علی حققہ وخرجہ ابو اسحاق الحوینی الاثری الحجازی محمد شریف، دار لکتب علمیہ بیروت ۱۴۰۵ھ ۱۹۸۴ء، ۱۴۲ص

۳۔ خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، تحقیق وتخریج احمد میرین البلوشی، مکتبہ المعلا کویت طبعہ الاول ۱۴۰۶ھ / ۱۹۸۶ء۔ ۲۵۰ص

# فارسی

ا: خصائص علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا فارسی ترجمہ ہندوستان کے جید عالم دین محمد افضل بن حکیم محمد ہاشم نے کیا ہے جواب تک شائع نہیں ہوا اور مخطوطے کی صورت میں خدا بخش لائبریری پٹنہ میں محفوظ ہے[۱]۔

# اردو

ا: اردو میں خصائص علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا سب سے پہلا ترجمہ شارح بخاری حضرت علامہ ابوالحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کیا تھا جو مطبع محمدی لاہور سے مناقب مرتضوی کے عنوان سے طبع ہوا تھا اور عرصہ دراز سے نایاب ہے۔

۲: خصائصِ نسائی اردو ترجمہ الحاج صائم چشتی، چشتی کتب خانہ فیصل آباد ۱۴۰۵ھ، ۶۷۱ صفحات (پہلے اردو ترجمہ مسلسل دیا گیا ہے۔ آخر میں مطبع تقدم علمیہ مصر کا شائع کردہ عربی متن شامل کیا گیا ہے)۔

۳: انوار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم، مترجم وشارح سید محمد امیر شاہ قادری گیلانی۔ (زیر نظر کتاب)

یہ شرح (انوار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) خاندانِ گیلانیہ کے گلِ سر سبد، سلسلۂ عالیہ قادریہ کے امام وپیشوا، برصغیر پاک وہند کے محدثِ کبیر حضرت شاہ محمد غوث قادری گیلانی رحمۃ اللہ علیہ پشاوری ثم لاہوری (المتوفی ۱۱۷۳ ہجری) بن حضرت ابوالبرکات سید حسن قادری گیلانی رحمۃ اللہ علیہ پشاوری (المتوفی ۱۱۱۵ ہجری) شارح صحیح بخاری شریف کے وارثِ علم و عرفان، استاد کامل حضرت علامہ سید محمد امیر شاہ قادری گیلانی مدظلہ العالی کے نگارشاتِ قلم کا ایک عظیم شاہکار ہے۔ قبلہ شاہ صاحب مدظلہ العالی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ گزشتہ نصف صدی سے ملتِ اسلامیہ کی دینی وروحانی، سیاسی وسماجی اور علمی وادبی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ کی دو درجن سے زائد کتابیں طبع ہو کر عوام وخواص میں شرفِ قبولیت حاصل کر چکی ہیں۔ اعتدال، میانہ روی آپ کا شعار اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا امتیازی وصف ہے اور پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن سے وابستہ جملہ نفوس قدسیہ کی توقیر وتعظیم اور عقیدت ومحبت سے سرشار ہیں۔

---

[۱] ایضاً احمد میرین البلوشی صفحہ ۱۲

امت کے اتحاد و یکجہتی کے داعی اور فرقہ پرستی کو سخت ناپسند فرماتے ہیں۔ صحابہ کرام اور اہلِ بیت کے نام پر امت محمدیہ ﷺ میں گروہ بندی کرنے والوں کیلئے آپ کا یہ قول مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

''صحابہ کرام ہمارا جسم ہیں، تو اہلِ بیت عظام ہماری روح ہیں''

''صحابہ کرام ہماری ایک آنکھ ہیں، تو اہل بیت عظام ہماری دوسری آنکھ ہیں''

''صحابہ کرام ہمارا دماغ ہیں تو اہل بیت عظام ہمارا دل ہیں''

آپ اکثر و بیشتر اس کا اعادہ کر کے مسلمانوں کو افراط و تفریط سے بچنے اور اعتدال کا مسلک اختیار کرنے کی تلقین فرماتے رہتے ہیں۔ قبل ازیں آپ کی ایک کاوش بعنوان ''شانِ صحابہ کرام قرآن وحدیث کی روشنی میں'' شائع ہو چکی ہے اور اہلِ بیت کی ارفع و اعلیٰ شان اور محبت و عقیدت پر مشتمل زیرِ نظر کتاب ''انوار علی المرتضیٰ'' کے نام سے قارئین کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے جس میں امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ''خصائص علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم'' کا اردو ترجمہ، تشریح و توضیح، مشکل الفاظ کے معانی اور اسماء الرجال حل کئے گئے ہیں۔ یہ شرح بہت سی خوبیوں کی حامل ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں

۱: خصائص علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا اصل عربی متن شامل کیا گیا ہے۔

۲: سلیس اور با محاورہ اردو ترجمہ بھی ساتھ دیا گیا ہے۔

۳: لغات کے تحت مشکل عربی الفاظ کے معانی اردو میں دیئے گئے ہیں۔

۴: اہم نکات کی عالمانہ و عارفانہ شرح کی گئی ہے۔

۵: حدیث کے متن اور رواۃ کے متعلق عصر حاضر کے معروف عرب محدثین کی آراء نقل کی گئی ہے۔

۶: ہر حدیث کے تمام راویوں کے حالات اسماء الرجال کے تحت حاشیے میں درج کئے گئے ہیں۔

۷: اہل بیت نبویہ ﷺ کی محبت و مودت کا ایک بیش قیمت خزینہ ہے۔

۸: امیر المومنین امام الاولیاء سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی شانِ ولایت کی مظہر ہے۔

۹: جگر گوشہ رسول، سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے تقدس و طہارت کی امین ہے۔

۱۰: حسنین کریمین علیہما السلام کی محبت و عقیدت اور فضائل و مناقب کا مرقع ہے۔

۱۱: اردو زبان میں احادیث نبوی ﷺ کا ایسا گلدستہ ہے جس کی خوشبو سے اہل ایمان کی مشامِ جان معطر ہو جاتی ہے۔



Marfat.com

اس کے علاوہ بھی یہ شرح بے شمار اوصاف کی حامل ہے جو مطالعہ کے دوران قارئین کے علم میں آتے رہیں گے۔ یہ گراں قدر شرح علماء فضلاء اور طلباء کے علاوہ عامہ مسلمین کیلئے انتہائی نافع اور کارآمد ہے۔ فاضل شارح نے اپنی محنت اور تجربہ کی روشنی میں اسے عوام اور خواص دونوں کیلئے یکساں مفید بنادیا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اپنے حبیب مکرم، شفیع المذنبین، رحمت للعالمین، عالمِ علوم اولین و آخرین، احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپ کی اہلِ بیت اطہار کے صدقے میں قبلہ و کعبہ سید محمد امیر شاہ صاحب قادری گیلانی مدظلہ العالی کے درجات بلند فرمائے اور ان کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم و دائم رکھے تاکہ آپ کے فیوضِ روحانیہ وعلمیہ سے امتِ محمدیہ ﷺ مستفیض و مستفید ہوتی رہے اور اس شرح کو اپنی بارگاہِ عالیہ میں قبولیت کا درجہ عطا فرماکر مسلمانوں کیلئے مشعل راہ بنائے اور خارجیت و ناصبیت کے اثرات کو مسلمانوں کے قلوب و اذہان سے دور کر کے انہیں اہلِ بیتِ رسول ﷺ کی محبت و عقیدت سے سرشار فرمائے۔

آمین ثم آمین!

آخر میں قارئین کرام کی خدمت میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ''انوار علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ'' ایسی عظیم الشان اور گراں قدر شرح پر کچھ لکھنا مجھ ایسے ناچیز، ہیچ مدان، حقیر اور نا کارۂ جہاں کے بس کی بات نہیں مجھے اپنی کم مائیگی، بے بضاعتی اور کم علمی کا پورا احساس ہے لیکن استاذِ کامل کے حکم کی تعمیل میں قلم اٹھایا اور آنحضور کی ذرّہ نوازی، کرم گستری اور نظرِ عنایت کا نتیجہ پیشِ خدمت ہے۔ بہر حال جہاں کہیں بھی تحریر میں کوئی سقم، نقص، کمی یا پیاس محسوس ہو تو ایک ادنیٰ طالب علم کی فروگذاشت سمجھ کر درگزر فرمائیں۔

سید محمد انور شاہ قادری

لائبریرین گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول نمبر ۳ پشاور شہر



Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم **الثبت** للشیخ الشهیر محمد الامیر الکبیر المصری

الحمد لله الذی جعل الاسناد الذی علیه الاعتماد فی اثبات احادیث سید المرسلین خصیصة کاملة فاضلة لهذه الامة المرحومة ولذا قال ابن المبارک لولا الاسناد لقال من شاء ما شاء یعنی فی الدین المتین وزاغ عن الشرع المبین صلی الله علی صاحبه وعلی آله واصحابه اجمعین **وبعد** فقد اجزت الشاب الزکی والعالم التقی اخانا فی الله السید الحسنی الجیلانی المولوی محمد **امیر شاه** بن السید الحافظ محمد **زمان شاه** من العترة الطاهرة المطهرة المحدث السید **شاه محمد غوث** بن ابو البرکات السید حسن بادشاه فشاوری قدس سره العزیز بجمیع ما اشتمل علیه هذا الثبت المبارک من الکتب والفنون وغیرها فی المسلسلات کما اجازنی بجمیع ما فیه شیخنا الفهامة الفاضل الالمعی اللوذعی المحدث الکبیر الشهیر مولانا وبالفضل اولنا **محمد ایوب** الحنفی الفشاوری کما اجازه العلامة الرحلة البالغ غایة التحقیق والتدقیق الشیخ عباس ابن جعفر بن الصدیق الحنفی المدرس الخطیب بالمسجد الحرام کما اجازه الشیخ العلامة النسیب الحسیب الشیخ السید احمد ابن زینی دحلان مفتی الشافعیة بمکة المکرمة عن الشیخ الفاضل الالمعی الشیخ عثمان بن حسن الدمیاطی نزیل مکة المکرمة عن العلامة الفهامة خاتمة المحدثین بالدیار المصریة مولانا ابی محمد محمد بن محمد الامیر الکبیر مولف هذا الثبت المسمی بالمیری واجزته ایضاً کما اجازنی بجمیع ما فی هذا الثبت من الکتب والفنون والمسلسلات شیخنا العلامة الفهامة المحدث المذکور اعنی مولنا محمد ایوب الحنفی الفشاوری عن شیخه العلامة الرحلة سند المدرسین وخاتمة المحققین شریف النسب جلیل الحسب مولنا السید محمد علی بن السید الظاهر الوتری الحسینی الحنفی المدنی عن شیخه البرکة الرحلة العلامة الفهامة الشیخ احمد منة الله الازهری المالکی عن صاحب هذا الثبت المشهور فی الجمهور وقد اجزت ایضاً الفاضل المذکور ان یجیز بما شاء منه لمن شاء بشرط الاهلیة والاتقان والدرایة فیمن یاخذ عنه الروایة واوصیه وایای بالعمل بما علم وتقوی الله فی السر والعلانیة وان یصحح النیة فی التعلیم فقد صح عن سید الکائنات انه قال انما الاعمال بالنیات وان لکل امرء ما نوی فانه تعالی یعلم السر واخفی واوصیه ایضاً ان لاینسانی عن صالح دعواته فی خلواته و جلواته فان دعاء المسلم للمسلم بظهر الغیب مقبول بنص الرسول صلی الله علیه وسلم وعلی آله و اصحابه واتباعه اجمعین آمین قاله بفمه واجازه بلسانه العبد المفتاق الی الله الصمد المدعو بفقیر احمد الحنفی الجشتی ابن العالم العامل الفاضل الکامل مولنا **نصیر احمد** فشاوری المعروف بمیان صاحب قصه خوانی حفظه الله عن شر کل حاسد وجاحد وصاحب عقیدة فاسدة وقریحة جامدة وامانه الله علی عقیدة اهل السنة والجماعة تم ذلک التحریر یوم السبت فی شهر شوال المنسلک فی شهور سنة اثنا وثمنین وثلث مائة بعد الالف الکامل من سنین الهجریة النبویة علی صاحبها الف الف الف صلوة وسلام الی یوم القیام۔

اسامی کتب الاحادیث اجزت تدریسها وتعلیمها الصحیح البخاری الصحیح المسلم سنن ابی داؤد سنن نسائی الترمذی ابن ماجه مؤطا امام مالک مؤطا امام محمد۔

فقیر احمد

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# بَابُ ذِكْرِ صَلَاةِ اَمِيْرِ الْمُوْمِنِيْنَ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ

## "یہ باب حضرت امیر المومنین علی المرتضٰی علیہ السلام کی نماز کے متعلق ہے"

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

اس باب میں جناب امام الاولیاء، سند الاصفیاء، ابو تراب حضرت علی المرتضٰی علیہ السلام کا حضور سرورِ عالم و عالمیان، عالم علوم اولین و آخرین، جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب سے پہلے ایمان لانے اور سب سے پہلے نماز پڑھنے کا بیان ہے۔

**حدیث نمبر۱** | اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ اَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ۲ عَنِ ابْنِ الْمَهْدِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۳ عَنْ سَلَمَةَ ۴ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ حَبَّةَ ۵ الْعُرَنِيَّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا ۶ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ يَقُوْلُ اَنَا اَوَّلُ مَنْ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

**ترجمہ** | حبۃ العرنی کہتے ہیں کہ میں نے جناب علی المرتضٰی علیہ السلام سے سنا ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ میں پہلا شخص ہوں کہ جس نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۱

۱: محمد بن المثنیٰ: محمد بن مثنیٰ بن عبید العنزی ہے۔ ابو موسیٰ کنیت اور زمن کے لقب سے مشہور تھے۔ ثقہ، ثبت، اور طبقہ عاشرہ سے تھے (تقریب التہذیب، از احمد بن علی بن حجر عسقلانی، لاہور دار نشر ۱۹۸۵ء صفحہ ۳۱۷) روی عن عبد الله بن ادریس و ابی معاویه و ابن مهدی وغیرهم قال عبد الله بن احمد عن ابن معین ثقة، وقال ابو سعید العروی سئلت الزهلی عنه فقال حجة و ذکره ابن حبان فی الثقات ۱۶۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۵۲ھ میں وفات پائی۔ (تہذیب التہذیب، از امام حافظ شیخ الاسلام شہاب الدین احمد بن علی حجر عسقلانی، مجلس دائرۂ معارف اسلامیہ حیدر آباد دکن ۱۳۲۷ھ جلد ۹، صفحہ ۴۲۵)

۲: عبد الرحمٰن: عبد الرحمٰن بن مہدی بن حسان العنبری ہے۔ ابو سعید البصری کا مولیٰ ہے۔ ثقہ، ثبت، حافظ اور (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

بقیہ حاشیہ: عارف بالرجال والحدیث ہے۔ابن مدینی نے کہا ''مارأیت اعلم منه '' طبقہ التاسعة سے ہے۔(تقریب التھذیب،صفحہ ۲۱۰)۔الخلیلی کہتا ہے ''هو امام بلا مدافعة و مات الثوری فی داره '' اورامام شافعی نے فرمایا'' لا اعرف نظیرا فی الدنیا توفی ثمان و تسعین و مائة '' یعنی ۱۹۸ھ میں وفات پائی۔(تھذیب التھذیب،ج ۲ صفحہ ۲۷۹ تا ۲۸۱)

۳: شعبة: شعبہ بن حجاج الورد العتکی،ثقہ،حافظ،اور متقن ہے سفیان ثوری فرماتے ہیں'' هو امیر المؤمنین فی الحدیث '' طبقہ السابعة سے ہے مات سنة ستین یعنی ۱۶۰ھ میں وفات پائی (تقریب التھذیب،صفحہ ۱۴۵،تھذیب التھذیب جلد ۴،صفحہ ۳۳۸،۳۴۰)

۴: سلمة بن کہیل: سلمه بن کهیل بن حصین الحضرمی التنعی فی لب اللباب بکسر المثناة الفوقانیة و سکون النون و مهملة نسبة الی بنی تنع بطن من همدان ابو یحیی الکوفی ، ثقة، طبقة الرابعة ، دخل علی ابن عمر وزید بن ارقم و روی عن ابی حجیفة و جندب بن عبدالله و ابن ابی عوفی و جماعة وعنه سعید ابن مسروق الثوری و شعبة والحسن وعلی و حما د بن سلمة و جماعة قال ابو طالب عن احمد سلمة بن کهیل متقن للحدیث. وقال اسحاق بن منصور عن ابن معین ثقة و قال العجلی کوفی تابعی ثقة ثبت فی الحدیث و کان فیه تشیع قلیل و هو من ثقات الکوفیین و قال ابوزرعة ثقة مامون زکی. وقال ابن المبارک عن سفیان ثنا سلمة بن کهیل وکان رکنا من الارکان و مات یوم عاشوره سنة احدی وعشرین و مائة و ذکره ابن حبان فی الثقات (تھذیب التھذیب،جلد ۴ صفحہ ۱۵۶/۱۵۷) صاحب تقریب لکھتے ہیں ثقة من الرابعة (التقریب،صفحہ ۱۳۱)

۵: حبہ: بفتح اوله ثم مؤحدة ثقیلة ابن جوین بجیم مصغرا العرنی بعنم المهملة وفتح الراء وبعضها نون ابو کدامة الکوفی صدوق له ، اغلاط وکان غالیا فی تشیع من الثانیة واخطاء من زعم اناله محبة مات سنة ستة و قیل تسع و سبعین ۷۶ھ یا کہا گیا ہے کہ ۷۹ھ میں وفات پائی (تقریب،صفحہ ۶۲) روی عن ابن مسعود و علی و عمار وعنه سلمة بن کهیل وحکم بن عتیبة و ابوحیان التیمی وجماعة و قال سلیمان معبد عن ابن معین لیس بثقة. وقال النسائی لیس بالقوی و قال صالح جزرة شیخ و کان یشیع لیس هو بمتروک ولاثبة وسط و قال العجلی کوفی تابعی ثقة مات سسنة ۷۶ ویقال سنة ۷۹ علامہ ابن حجر العسقلانی لکھتے ہیں قلت قد تقدم فی ترجمة حارثة بن مسدوب ان احمد و ثقا حبة وقال ابن سعدروی احادیث وهو یضعف وقال ابن علی مارأیت له منکرا جاوز الحد، وقال ابن حبان کان غالیا فی تشیع و اهیا فی الحدیث وقال الدارقطنی ضعیف. وقال ابن الجوزی روی ان علیا شهد معه صفین ثمانون بدر یا و هذا کذب قلت ای و الله ان صح السند الی حبة (تھذیب التھذیب،جلد ۲ صفحہ ۱۷۶،۱۷۷) الیضا. الکامل فی ضعفا الرجال ابی احمد بن عبدالله بن عدی الجرجانی (المکتبة الآثریہ شیخوپورہ،جلد ۲ صفحہ ۸۳۵) خطیب بغدادی لکھتے ہیں من یضعفه اکثر همن یوثقه (تاریخ بغداد،جلد ۸ صفحہ ۲۷۴)

۶: علی ابن ابی طالب: اسم گرامی علی ابن ابی طالب القرشی اور کنیت ابوالحسن اور ابوتراب ہے۔صاحب اکمال تحریر فرماتے ہیں'' وهو اول من السلم من المذکور فی اکثر اقوال ''۔بعض کہتے ہیں کہ پندرہ برس اور بعض کے نزدیک سولہ برس اور بعض کے نزدیک دس برس کی عمر شریف میں اظہار اسلام کیا۔حضور پاک ﷺ کی گود مبارک میں پرورش پائی۔سوائے غزوہ تبوک کے تمام غزوات میں شریک ہوئے۔غزوہ تبوک میں حضور ﷺ نے جب آپ کو مدینہ منورہ میں ٹھہرا کر اپنا نائب مقرر کیا تو ارشاد فرمایا''انت منی بمنزلة هرون من موسیٰ'' اے علی تو میرے لئے ایسا ہے جیسے ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کیلئے تھے''۔آپ عالم علم نبوت،فقیہہ اعظم،صاحب الہام،(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** صَلّٰی : نماز پڑھی، صَلَاۃً: دعا کرنا، نماز پڑھنا، لغت میں ''صلوۃ'' دعا کو کہتے ہیں اور اصطلاح شرع میں ایک مخصوص عبادت کا نام ہے۔ ارکان اور شرائط کے ساتھ صَلَوٌ سرین کی ہڈی پر مارنا، سرین کی ہڈیوں کو ہلانا، صَلاً گھوڑے کی دُم کا مقام، صَلَوَان وہ دو ہڈیاں جو دم کے دائیں اور بائیں اٹھی ہوتی ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے ''میں پہلا شخص ہوں کہ جس نے جناب رسول خدا ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی'' یعنی سب سے پہلے جب آنحضور ﷺ عبادتِ الٰہی کیلئے کھڑے ہوئے تو اس وقت اللہ جل جلالہ نے بطفیلِ سید دو عالم ﷺ یہ شرف، یہ عزت، یہ مکرمت، یہ بزرگی حضرت امام الاولیاء سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمائی کہ جناب رسول کریم ﷺ کی معیتِ مبارکہ میں عبادتِ الٰہی کیلئے کھڑے ہوں۔ یہ بلند و بالا عزت آپ رضی اللہ عنہ کو ہی نصیب ہوئی کسی اور کو یہ اعزاز نہ ملا، گویا دین اسلام میں حضور پیغمبر اسلام ﷺ کی دعوت پر عالمِ انسانیت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پہلے فرد ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدہ کیا اور توحید کے کلمہ کو بلند فرمایا

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا

(اقبال)

---

(بقیہ حاشیہ) عالمِ حکمتِ الٰہی تھے، علمِ لدنی کے مالک اور امام الاولیاء تھے۔ حضور ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہ کے بارے میں خیبر کے دن ارشاد فرمایا ''لا عطین الرایة غدا الرجل یحب اللہ و رسوله و یحب اللہ و رسوله'' یعنی ضرور بالضرور کل علَم میں اس شخص کو عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا محبوب ہے اور اس شخص کو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول محبوب ہے''۔ یہ علَم دوسرے دن صبح کے وقت آپ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا اور ''ذوالفقار'' نامی تلوار بھی مرحمت فرمائی۔ اسی دن آپ کو ''لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار'' کا معزز ترین لقب ملا جو دنیائے عرب میں کسی اور شخص کو نصیب نہیں ہوا۔ حضور ﷺ نے آپ کے مقامِ بلند اور درجاتِ عالیہ کو اس طرح بیان فرمایا'' من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ و عاد من عاداہ'' آپ ان دس جنتی صحابہ میں سے ایک ہیں جن کو جنتی ہونے کی خوشخبری دی گئی ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے اپنی جگر گوشہ سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کے حبالۂ عقد میں دی۔ آپ خلفاء الراشدین المہدیین میں چوتھے خلیفہ تھے۔ آپ امیر المؤمنین سید الاصفیاء اور عملاق شجعان تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ سے پانچ سو سے زیادہ احادیث مروی ہیں جس میں بقول حضرت احمد الجواد الدوی'' وله فی البخاری تسع و عشرون حدیثا'' یعنی بخاری شریف میں انیس حدیث ہیں''۔ آپ سے امامین کریمین اور سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا، عمر و ابن عباس رضوان اللہ علیہم اجمعین اور بہت سے لوگوں نے روایت کی ہے۔ ۱۸ رمضان المبارک ۴۰ ہجری میں عبدالرحمٰن بن ملجم المرادی نے آپ پر جامع مسجد کوفہ میں محراب کے اندر نماز میں کاری ضرب لگائی۔ تین رات کے بعد اکیس (۲۱) رمضان کو شہید ہو گئے۔ امامین کریمین اور عبداللہ بن جعفر نے غسل دیا، امام حسن علیہ السلام نے نماز پڑھائی اور دفن کیے گئے۔

(انوارِ غوثیہ شرح الشمائل النبویہ از سید محمد امیر شاہ قادری، شاہ محمد غوث اکیڈیمی یکہ توت پشاور ۱۹۹۹ء، صفحہ ۱۵، ۱۸)



Marfat.com

**حدیث نمبر۲** اَخبَرَنَا مُحَمَّدُ ۱؎ بنُ المُثَنّٰی قَالَ اَنبَأنَا عَبدُالرَّحمٰنِ ۲؎ قَالَ اَنبَأنَا شُعبَةُ ۳؎ عَن عَمرِو ۴؎ بنِ مُرَّةَ عَن اَبِی حَمزَةَ ۵؎ عَن زَیدِ ۶؎ بنِ اَرقَمَ ﷺ قَالَ اَوَّلُ مَن صَلّٰی مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ

**ترجمہ** زید بن ارقم ﷺ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے سب سے پہلے حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی وہ علی المرتضیٰ ؑ کی ذاتِ گرامی تھی۔

**تشریح** ارشاد ہے ''جس شخص نے سب سے پہلے حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی وہ علی المرتضیٰ ؑ کی ذاتِ گرامی تھی''، یعنی جناب زید بن ارقم ﷺ کے ارشاد سے حدیث نمبر۱ کی تصدیق ہو رہی ہے کہ دین اسلام میں سب سے پہلے جناب علی المرتضیٰ ؑ حضور پیغمبر اسلام ﷺ کے ہمراہ اللہ تبارک وتعالیٰ جل جلالہ کے حضور میں سجدہ ریز ہوئے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۲:

۱: محمد بن المثنیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۱

۲: عبدالرحمن: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۲

۳: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۳

۴: عمرو بن مرہ: عمرو بن مرہ الجملی احد الاعلام، عن ابی اوفی و سعید بن المسیب و ابن ابی لیلی و عنہ مسعر و شعبۃ والثوری قال ابو حاتم ثقۃ یری الارجاء مات ۱۱۶ (امام شمس الدین الذہبی الدمشقی، الکاشف حاشیہ سبط ابن العجمی، موسسہ علوم القرآن جدہ ۱۹۹۲ء، جلد ۲، صفحہ ۸۸)

۵: ابی حمزہ: آپ کا نام طلحہ بن یزید اور کنیت ابوحمزہ ہے۔ آپ حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت کرتے ہیں اور آپ سے عمرو بن مرہ روایت کرتے ہیں (ایضاً کاشف، جلد۱، صفحہ ۵۱۵)

۶ زید بن ارقم: زید بن ارقم بن زید بن قیس بن النعمان بن مالک بن الاغر بن ثعلبۃ بن کعب ابن الخزرج الانصاری ابو عمرو ابو عامر یقال ابو عمارۃ ویقال ابو انیسۃ ویقال ابو حمزہ ویقال ابو سعد و یقال ابو سعید غزا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سبع عشرۃ غزوۃ و نزل الکوفۃ، روی عن النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم وعن علی. قال خلیفۃ مات بالکوفۃ ایام المختار سنۃ ست وستین و قال الہیثم بن عدی واحد سنۃ ثمان و ستین (تہذیب التہذیب، ج۳ صفحہ ۳۹۰ تا ۳۹۴) زید ثبت ذلک فی الصحیحین ولہ حدیث کثیر وقال ابو المنہال سالت البراء عن الصرف فقال سئل زید بن ارقم فانہ خیر منی واعلم. (الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ علامہ ابن حجر عسقلانی دار العلمیۃ بیروت لبنان، جلد۳ صفحہ ۶) وشہد زید بن ارقم مع علی کرم اللہ وجہہ صفین و ہو معدود فی خاصۃ اصحابہ الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ و بہامشۃ الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ابن عبدالبر احیاء التراث العربی بیروت جلد ۱ صفحہ ۵۰۷



Marfat.com

**حدیث نمبر۳** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غندر ۲ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۳ عَنْ عَمْرٍو ۴ ابْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ ۵ عَنْ زَیْدِ ۶ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ

**ترجمہ** زید بن ارقم فرماتے ہیں کہ وہ شخص جس نے سب سے پہلے پیغمبر اسلام ﷺ کے سامنے کلمۂ توحید پڑھا وہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام تھے۔

**حل لغت** اَسْلَمَ :مسلمان ہوا، کلمہ توحید پڑھا، اِسْلَامٌ: فرماں بردار ہونا، گردن رکھ دینا، تابعدار بن جانا، اسلام قبول کرنا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''وہ شخص جس نے سب سے پہلے پیغمبر اسلام ﷺ کے سامنے کلمۂ توحید پڑھا وہ علی بن ابی طالب تھا'' یعنی سب سے پہلے جناب علی المرتضٰی علیہ السلام کو یہ عزت نصیب ہوئی کہ وہ آنحضرت ﷺ کے فرمانبردار

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۳

۱: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۱

۲: محمد بن الجعفر: محمد بن الجعفر المدنی البصری المعروف بغندر ثقة صحیح الکتاب الا ان فیه غفلة من التاسعة مات ستة ثلث او اربع وتسعین (تقریب التھذیب، صفحہ۲۹۳۔ ایضاً تہذیب التھذیب، جلد۹ صفحہ۹۶ تا ۹۸۔ میزان الاعتدال، جلد۳ صفحہ ۵۰۶۔ تذکرہ الحفاظ، جلد۱ صفحہ۳۰۰۔ تاریخ بغداد، جلد۲، صفحہ۱۵۲۔ الجرح والتعدیل، جلد۷ صفحہ۲۲۱۔ شذرات الذہب، جلد۱ صفحہ۳۳۱) لیس به بأس و لکنه یروی عن قوم ضعفاء وقال ابوحاتم ثقة صدوق وقال مرة الاشجع اماد زمانه و قال النسائی صدوق وقال محمد بن احمد بن بلال الشطوی ''مارأیت احفظ منه، وذکره ابن حبان فی الثقات و روی عنه . (خ) ثمانیة ومسلم سبعین حدیثا ومات سنة سبع و خمسین و مائتین (تہذیب التھذیب، ج۵ صفحہ۲۳۶ تا ۲۳۷۔ ایضاً تقریب التھذیب، صفحہ۱۷۵)

۳: شعبہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۳

۴: عمرو بن مرة: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲:۴

۵: ابی حمزة: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲:۵

۶: زید بن ارقم رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲:۶



Marfat.com

بنے، آپ ﷺ کے تابعدار ہوئے، جناب سرکارِدوعالم ﷺ کی دعوت کوقبول کیااور دین اسلام کی اشاعت وتبلیغ میں پیغمبر اسلام ﷺ کے ساتھ کھڑے ہوئے جس طرح قیام عبادت الٰہی میں آپ علیہ السلام سب سے اوّل ہیں اسی طرح دین اسلام کی دعوت کوقبول کرنے میں بھی سب سے مقدم ہیں۔ان ہر دوامور میں آنجناب علیہ السلام کی ہم سری اور برابری از اوّل تا آخر کوئی نہیں کرسکتا۔

ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ

صاحب ''نفائس المعن'' جلد۲صفحہ۴۲پر''ریاض النضر ہ''جلد۲صفحہ۱۹۳اور''ارجح المطالب''صفحہ۱۰۷سے نقل کرتے ہیں کہ معقل بن یسار فرماتے ہیں کہ ایک روز میں نے آنحضور ﷺ کو وضو کرایا، آنحضرت ﷺ نے مجھ سے فرمایا۔

''هَلۡ لَکَ فِیۡ فَاطِمَةَ تَعُوۡدُ فَقُلۡتُ نَعَمۡ فَقَامَ مُتَوَکِّنًا عَلَیَّ حَتّٰی دَخَلۡنَا عَلٰی فَاطِمَةَ عَلَیۡهَا السَّلَامُ فَقُلۡنَا کَیۡفَ تَجِدِیۡنَکِ قَالَتۡ لَقَدِ اشۡتَدَّتۡ حُزۡنِیۡ وَ اشۡتَدَّتۡ فَاقَتِیۡ وَلَطَالَ سَقۡمِیۡ — قَالَ عَبۡدُ اللّٰہِ بۡنُ اَحۡمَدَ بۡنِ حَنۡبَلٍ وَجَدۡتُّ بِخَطِّ اَبِیۡ فِیۡ هٰذَا الۡحَدِیۡثِ قَالَ اَوَمَا تَرۡضَیۡنَ اَنِّیۡ زَوَّجۡتُکِ اَقۡدَمَهُمۡ سَلۡمًا وَ اَکۡثَرَهُمۡ عِلۡمًا وَ اَعۡظَمَهُمۡ حِلۡمًا اَخۡرَجَهٗ اَحۡمَدُ اَخۡرَجَهُ الۡقَلۡعِیُّ وَقَالَ زَوَّجۡتُکِ سَیِّدًا فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَةِ''

(کیاتم چاہتے ہوکہ میرے ساتھ چل کر فاطمہ کی عیادت کرآؤ، میں نے کہاہاں، آنحضرت ﷺ میرے اوپر ہاتھ رکھ کراٹھےاور چلے یہاں تک کہ حضرت فاطمہ کے پاس پہنچے، آنحضرت ﷺ نے ان سے ارشادفرمایا کہ اے فاطمہ ہم تم کو بہت کمزور پاتے ہیں۔حضرت فاطمہ نے عرض کی، میراغم بڑھ گیااور فاقوں کی مجھ پر شدت ہےاور میری بیماری طویل ہوگئی۔عبداللہ بن احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والدکی کتاب میں ان کے ہاتھ کالکھاہوااس حدیث میں اتنااور دیکھاہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ''کیاتم اسی امر سے خوش نہیں ہوکہ ہم نے تمہارا نکاح ایسے شخص سے کردیاہے جواس امت میں اسلام کی وجہ سے سب سے سابق ہےاور سب سے زیادہ عالم، اور سب سے زیادہ حلیم''اس حدیث کی تخریج احمد وقلعی نے کی اور اتنازیادہ کیاکہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ''تمہاراشوہر دنیااور آخرت میں سردار ہے)



Marfat.com

**حدیث نمبر۴** اَخبَرنَا عَبدُ اللهِ ۱؎ بنُ سَعِیدٍ قَالَ حَدَّثنَا ابنُ اِدرِیسَ ۲؎ قَالَ سَمِعتُ اَبَاحَمزَۃَ ۳؎ مَولَی الاَنصَارِ قَالَ سَمِعتُ زَیدَ ۴؎ بنَ اَرقَمَ ﷺ یَقُولُ اَوَّلُ مَن صَلّٰی مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ وَ قَد قَالَ فِی مَوضِعٍ اٰخَرَ اَسلَمَ عَلِیٌّ

**ترجمہ** زید بن ارقم ﷺ فرماتے ہیں کہ وہ شخص جس نے سب سے پہلے رسول کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی وہ علی المرتضٰی علیہ السلام کی ذات اقدس تھی، اور ایک دوسرے مقام پر فرمایا کہ سب سے پہلے جناب علی المرتضٰی علیہ السلام اسلام لائے۔

**حل لغت** فِی مَوضِعٍ اٰخَرَ: دوسرے مقام پر دوسری جگہ میں۔

**تشریح** زید بن ارقم ﷺ نے اس ارشادِ گرامی میں دونوں امور یعنی نماز اور اسلام کو اکٹھا کر دیا ہے۔ یعنی جناب علی المرتضٰی علیہ السلام اسلام لانے میں اور نماز پڑھنے میں سب سے اول اور مقدم ہیں۔ ''کنز العمال'' جلد۶ صفحہ ۳۹۸ پر جناب بریدہ سے روایت ہے کہ حضور پاک ﷺ نے فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے ارشاد فرمایا'' زوجک خیر امتی اعلمهم علما و افضلهم حلما و اولهم سلما'' (رواه الخطیب فی المتفق) یعنی تمہارا شوہر میری امت میں سب سے بہتر ہے، سب سے زیادہ عالم ہے، سب سے زیادہ حلیم اور اسلام میں سب سے مقدم ہے''۔ امام ابو یوسف بن عبداللہ بن عبدالبر اپنی تصنیف ''الاستیعاب'' جلد ۱ صفحہ ۱۷۴ پر لکھتے ہیں ''حضرت ابن شہاب، عبداللہ بن محمد بن عقیل، قتادہ اور ابواسحاق فرماتے ہیں'' اول من اسلم من الرجال علی '' کہ ''مردوں میں سب سے پہلے (حضرت) علی (علیہ السلام) اسلام لائے'' نیز اسی کتاب کے اسی صفحے پر تحریر فرماتے ہیں'' حضرت سلمان فارسی، ابوذر، مقداد، جناب جابر ابوسعید خدری اور زید بن ارقم (رضوان اللہ علیہم اجمعین) یہ سب فرماتے ہیں

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۴

۱: عبداللہ بن سعید: عبداللہ بن سعید بن حصین الکندی ہے، ثقہ ہے، کنیت ابوسعید الاشج الکوفی ہے۔ من صغار العاشرۃ مات سنة سبع و خمسین یعنی ۲۵۶ ہجری میں وفات پائی (تقریب صفحہ ۱۷۵)۔

۲: ابن ادریس: عبداللہ بن ادریس بن یزید الدوری کی کنیت ابومحمد ہے۔ احد الاعلام، عن ابیه و عمه دارد و حصین هشام بن عروة و عنه احمد و اسحاق، توفی ۱۹۲ هجری (الکاشف، جلد ۱، صفحہ ۵۳۸)

۳: ابی حمزۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۵

۴: زید بن ارقم ﷺ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲:۶



Marfat.com

"ان علی ابن ابی طالب رضی الله عنه اول من اسلم و فضله هؤلاء علی غیره" کہ بلاشبہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام سب سے پہلے اسلام لائے اور ان سب (صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین) نے آپ کو اسی وجہ سے دوسروں پر فضیلت دی ہے۔

**حدیث نمبر ۵** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ [۱] بْنُ عُبَیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ [۲] بْنُ خُثَیْمٍ عَنْ اَسَدِ [۳] بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِیِّ عَنْ یَحْیَی [۴] بْنِ عَفِیْفٍ عَنْ عَفِیْفٍ [۵] قَالَ جِئْتُ فِی الْجَاهِلِیَّةِ اِلٰی مَکَّةَ فَنَزَلْتُ عَلَی الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فَلَمَّا ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ وَ حَلَّقَتْ فِی السَّمَآءِ وَ اَنَا اَنْظُرُ اِلَی الْکَعْبَةِ اَقْبَلَ شَابٌّ فَرَمٰی بِبَصَرِهٖ اِلَی السَّمَآءِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَامَ مُسْتَقْبِلَهَا فَلَمْ یَلْبَثْ حَتّٰی جَآءَ غُلَامٌ فَقَامَ عَنْ یَّمِیْنِهٖ فَلَمْ یَلْبَثْ حَتّٰی جَآءَتِ امْرَاَةٌ فَقَامَتْ خَلْفَهُمَا فَرَکَعَ الشَّابُّ وَرَکَعَ الْغُلَامُ وَ الْمَرْاَةُ فَرَجَعَ الشَّابُّ فَرَجَعَ الْغُلَامُ وَ الْمَرْاَةُ فَخَرَّ الشَّابُّ سَاجِدًا فَسَجَدَ مَعَهٗ فَقُلْتُ یَاعَبَّاسُ اَمْرٌ عَظِیْمٌ فَقَالَ تَدْرِیْ مَنْ هٰذَا الشَّابُّ فَقُلْتُ لَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵

۱: محمد بن عبید بن محمد الکوفی المحاربی الکندی ہے۔ اس کی کنیت ابوجعفر، یا ابویعلی النحاس کوفی ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ عاشرہ سے ہے مات سنة احدی و خمسین ومأتین (تقریب، صفحہ ۳۱۰) روی عن ابیه وابی معاویة وابی بکر بن عیاش وغیرهم. روی عن ابو داؤد، ترمذی، نسائی و ابن ماجه وغیرهم و ذکره ابن حبان فی الثقات وقال سلمه "لاباس به" (تہذیب التہذیب، جلد ۹ صفحہ ۳۳۲)

۲: سعید بن خثیم: سعید بن خثیم بن رشد ہلالی ہے اس کی کنیت ابو معمر کوفی ہے۔ صدوق ہے رمی بالتشیع له اغالیط طبقہ تاسعہ سے ہے مات سنة ثمانین ومائة یعنی ۱۸۰ھ میں وفات پائی (تقریب، صفحہ ۱۲۱) وقال اسحاق بن منصور عن ابن معین ثقة و قال ابوزرعة "لا باس به" وقال نسائی "لیس به" وذکره ابن حبان فی الثقات (تہذیب التہذیب، جلد ۴ صفحہ ۲۲)

۳: اسد بن عبداللہ: اسد بن عبداللہ بن یزید بن اسد البجلی ہے۔ طبقہ خامسہ سے ہے۔ مات سنة عشرین و مائة یعنی ۱۲۰ ہجری میں فوت ہوا (تقریب، صفحہ ۳۱) روی عن یحیی بن عفیف الکندی روی عنه سعید بن خثیم و سلمه بن قتیبة و سلیمان بن صالح و کان امیر اعلی خراسان. و ذکره ابن حبان فی الثقات (تہذیب التہذیب، جلد ۱ صفحہ ۲۰۹)

۴: یحییٰ بن عفیف: یحییٰ بن عفیف بن معدی کرب ابن عم الاشعث بن قیس الکندی ہے۔ روی عن ابیه وروی عنه، اسد بن عبدالله البجلی، ذکره ابن حبان فی الثقات (تہذیب التہذیب، جلد ۱۱ صفحہ ۲۵۸)

۵: عفیف: عفیف بن معدی کرب صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ روی عن النبی صلی الله علیه و اله وسلم، وروی عنه ابناه ایاس و یحیی (تہذیب التہذیب، جلد ۷ صفحہ ۲۳۶)



Marfat.com

فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هٰذَا ابْنُ اَخِیْ هَلْ تَدْرِیْ مَنْ هٰذَا الْغُلَامُ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ هٰذَا عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ هٰذَا ابْنُ اَخِیْ هَلْ تَدْرِیْ مَنْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ الَّتِیْ خَلْفَهُمَا فَقُلْتُ لَا قَالَ هٰذِهِ خَدِیْجَةُ بِنْتُ خُوَیْلِدٍ زَوْجَةُ بْنِ اَخِیْ هٰذَا حَدَّثَنِیْ اَنَّ رَبَّهٗ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَمَرَهٗ بِهٰذَا الدِّیْنِ الَّذِیْ هُوَ عَلَیْهِ وَ اللهِ مَا عَلَی الْاَرْضِ کُلِّهَا اَحَدٌ ، عَلٰی هٰذَا الدِّیْنِ غَیْرَ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةِ

**ترجمہ** عفیف بیان کرتا ہے کہ میں جاہلیت کے زمانہ میں مکہ (مکرمہ) آیا۔ اور عباس بن عبدالمطلب کے ہاں مہمان ہوا۔ جب سورج بلند ہو گیا اور اس نے آسمان میں پورا دائرہ بنا لیا۔ میں کعبہ کی طرف دیکھ رہا تھا، کہ ایک جوان آیا اور آسمان کی طرف اپنی نظریں کئے ہوئے تھا، پھر وہ شخص کعبہ کی طرف آیا اور اس کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو گیا۔ تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ ایک لڑکا آیا اور اس جوان کے دائیں جانب کھڑا ہو گیا۔ پھر تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ ایک عورت آئی اور اس جوان اور لڑکے کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ تو اس جوان نے رکوع کیا اور اس کے ساتھ اس لڑکے اور عورت نے بھی رکوع کیا۔ پھر جوان نے سر اٹھایا تو اس لڑکے اور عورت نے بھی سر اٹھایا۔ پھر وہ جوان سجدہ میں گر پڑا۔ تو ان دونوں نے بھی اس کے ساتھ سجدہ کیا۔ تو میں نے کہا اے عباس! یہ کتنا اہم واقعہ ہے۔ عباس نے کہا تو جانتا ہے کہ یہ نوجوان کون ہے؟ میں نے کہا کہ نہیں، عباس نے کہا یہ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہے۔ یہ تو میرے بھائی کا بیٹا ہے۔ کیا تو جانتا ہے کہ یہ لڑکا کون ہے؟ تو میں نے کہا کہ نہیں۔ عباس نے کہا یہ علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب ہے یہ بھی میرے بھائی کا بیٹا ہے۔ کیا تو جانتا ہے کہ یہ عورت کون ہے؟ جو کہ ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہے۔ میں نے کہا کہ نہیں، عباس نے کہا کہ یہ خدیجہ بنت خویلد ہے یہ میرے بھتیجے کی بیوی ہے۔ عباس نے کہا یہ مجھے بیان کرتا ہے کہ اس کا پروردگار آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے اور کہتا ہے کہ جس دین پر وہ ہے اس کا حکم اس کو اس کے رب نے دیا ہے، مجھے قسم ہے کہ تمام روئے زمین پر اس دین میں سوائے ان تین افراد کے اور کوئی نہیں ہے۔

**حل لغت** اِرْتَفَعَتْ: سورج بلند ہوا، اِرْتَفَعَ: بلند ہونا۔ حَلَّقَتْ: دائرہ بنا لیا، حَلْقَةٌ: دائرہ، گھیرا۔ رَمٰی: قصد کرنا۔ اِسْتَقْبَلَ: سامنے ہونا، توجہ کرنا۔ اَلْقِبْلَةُ: نہج، نوع، جہت، اور اسی سے ہے قبلة المصلی، اس جہت کیلئے جدھر نماز ادا ہوتی ہے۔ لَبِثَ: ٹھہرنا، اقامت کرنا۔ خَرَّ: سجدے میں گر پڑا، خَرٌّ: ماتھے کے بل گر پڑنا۔ اَمْرٌ: کام،



Marfat.com

واقعہ،حکم،فرمان اوراس کی جمع امور اور اوامر بھی ہے۔ عَظِیمٍ :سخت مصیبت، بڑی،اہم،اس کی جمع عظائم ہے اورمؤنث العظیمہ ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے''میں جاہلیت کے زمانہ میں مکہ (مکرمہ) آیا''یعنی ابھی حضور پاک ﷺ نے علی الاعلان نبوت کا اظہار نہیں فرمایا تھا۔ یا چونکہ عفیف خوداس وقت مشرک تھااس لئے اس نے اپنے اس وقت کو جاہلیت کا وقت کہا جو کہ اس کا جاہلی دور تھا۔ارشاد ہے''جب سورج بلند ہوگیااوراس نے آسمان میں پورادائرہ بنالیا''یعنی ظہر کا وقت ہوگیا۔ارشاد ہے''پھروہ جوان سجدے میں گر پڑاتوان دونوں نے بھی اس کے ساتھ سجدہ کیا''یعنی اس لڑکے اورعورت نے اس جوان کی اقتداء میں نماز پڑھی۔ارشاد ہے''اے عباس! یہ کتنا اہم واقعہ ہے''یعنی یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں، یہ کام جواس جوان نے کیا ہے نہ تو کبھی دیکھنے میں آیا ہےاور نہ ہی سننے میں،تو یہ ایک بڑی مصیبت نظر آرہی ہے کیونکہ یہ ایک ایسا طریقِ عبادت ہے جس سے ہمارے طریقِ عبادت کوزبردست نقصان پہنچے گا۔اورعرب میں ایک انقلاب رونما ہوجائے گا۔ارشاد ہے''یہ مجھے بیان کرتا ہے کہ اس کا پروردگار آسمانوں اورزمین کا پروردگار ہے'' یعنی یہ میرا بھتیجا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تبارک وتعالیٰ کی توحیداورربوبیت کی دعوت دیتا ہےاوردوسرے معبودانِ باطل کی عبادت سے منع کرتا ہے۔ارشاد ہے''(اوروہ کہتا ہے) کہ جس دین پروہ ہے اس کا حکم اس کواس کے رب تعالیٰ نے دیا ہے''یعنی جس دین مبارک کی حضور سرورِعالم وعالمیان ﷺ دعوت دے رہے ہیں وہ آنحضرت ﷺ کے ارشادگرامی کے مطابق اللہ جل جلالہ کا دین ہے،حضور پیغمبراسلام ﷺ کا اپنی طرف سے بنایا ہوا دین نہیں ہے۔ارشاد ہے''مجھے قسم ہے کہ تمام روئے زمین پراس دین میں سوائے ان تین افراد کےاورکوئی نہیں ہے''یعنی یہ میرا بھتیجا جس دین پر ہےاور جس طریقہ پر یہ عبادت کررہا ہے''و لا واللہ علی ظهر الارض''قسم ہے کہ اس زمین کی پیٹھ پرسوائے ان افراد کے اس وقت کوئی دوسرا نہیں ہے۔ترجمۃ الباب یہ ہوا کہ جناب امام الاولیاء سندالاتقیاءابوتراب علی المرتضیٰ علیہ السلام حضور سیدالرسل جناب محمد رسول ﷺ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے سب سے پہلے دین اسلام کی دعوت کے داعی تھے۔سب سے پہلے اسلام لانے اورنماز پڑھنے میں سب سے مقدم تھے۔شاعر اسلام علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی ارشاد کی ترجمانی کی ہے فرماتے ہیں

مسلم اوّل شہ مردان علی
عشق را سرمایہ ایمان علی



Marfat.com

**حدیث نمبر ۶** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ ۲ بْنُ مُوْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ ۳ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْمِنْهَالِ ۴ ابْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبَّادِ ۵ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَ اَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ اَنَا الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ لَا يَقُوْلُ ذٰلِكَ بَعْدِيْ اِلَّا كَاذِبٌ صَلَّيْتُ قَبْلَ النَّاسِ سَبْعَ سِنِيْنَ

**ترجمہ** عباد بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ جناب علی علیہ السلام نے فرمایا میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا بندہ ہوں، اور اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کا بھائی ہوں، اور میں بڑا سچا ہوں، میرے بعد کوئی جھوٹا ہی یہ بات کہے گا۔ میں نے اور لوگوں سے سات برس پہلے نماز پڑھی ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶

۱: احمد بن سلیمان: احمد بن سلیمان بن عبدالملک ہے آپ کی کنیت ابوالحسین الرہاوی ہے۔ ثقہ، حافظ اور طبقہ حادیہ عشرہ سے ہے، مات سنة احدی وستین یعنی ۲۶۱ ہجری میں فوت ہوئے (تقریب، صفحہ ۱۳)

۲: عبیداللہ بن موسیٰ: عبیداللہ بن موسیٰ بن ابی المختار باذام العبسی الکوفی ہے، ابومحمد کنیت ہے، ثقہ ہے کان یتشیع طبقہ تاسعہ سے ہے مات سنة ثلث عشرة علی الصحیح یعنی ۲۱۳ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۲۷)

۳: العلاء بن صالح: العلاء بن صالح التیمی الاسدی الکوفی ہے، صدوق ہے لہ اوہام طبقہ سابعہ سے ہے (تقریب، صفحہ ۲۶۸) روی عن المنهال بن عمرو و عدی بن ثابت و سلمه بن کهیل وغیرهم روی عنه ابو احمد زبیری و عبدالله بن نمیر و عبید الله بن موسی وغیر هم قال ابن معین وابو داؤد ثقه وقال ابو حاتم لاباس به وقال ابن مدینی روی احادیث مناکیر وقال یعقوب بن شیبة مشهور و ذکره ابن حبان فی الثقات قلت و قال البخاری لایتابع و وثقه ، یعقوب بن سفیان و ابن نمیر و العجلی وقال ابن خزیمة شیخ (تہذیب التہذیب، جلد ۸، صفحہ ۱۸۴)

۴: المنہال بن عمرو: منہال بن عمرو الاسدی مولاہم الکوفی صدوق ہے ربما وہم طبقہ خامسہ سے ہے۔ (تقریب، صفحہ ۳۴۸)

۵: عباد بن عبداللہ: عباد بن عبداللہ الاسدی الکوفی ضعیف ہے طبقہ ثالثہ سے ہے (تقریب، صفحہ ۱۶۳) روی عن علی و عنه المنهال بن عمرو وقال البخاری فیه نظر و ذکره ابن حبان فی الثقات ، قلت ، وقال ابن سعدله احادیث وقال علی ابن المدینی ضعیف الحدیث وقال ابن جوزی علی حدثیه عن علی انا الصدیق الاکبر وقال هو منکر ، وقال ابن هزم هو مجهول (تہذیب التہذیب، جلد ۵ صفحہ ۹۸) منہاج السنۃ میں شیخ ابن تیمیہ نے اس حدیث کے متعلق لکھا ہے" اور عباد حضرت علی ؓ سے جو روایت کرتا ہے۔ یہ صریح ان پر جھوٹ ہے" اور ابن کثیر نے بھی اس روایت کو ابن ماجہ سے بیان کرنے کے بعد لکھا ہے "یہ حدیث ہر حال میں منکر ہے، حضرت علی ؓ نے یہ بات نہیں کہی" (البدایہ والنہایہ، جلد ۳ صفحہ ۲۶) نیز ابن جوزی نے کہا ہے:" ھذا حدیث موضوع والمتھم بہ عباد بن عبداللہ" یعنی یہ حدیث موضوع ہے اور اس نے عباد بن عبداللہ کو متہم قرار دیا ہے۔ حیرانگی کی بات تو یہ ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے اسماء الرجال پر جرح وتعدیل اور تحقیق وتفتیش کی ہے ان میں سے کسی نے بھی حدیث مذکور کو "موضوع" نہیں لکھا بلکہ ضعیف یا مناکیر سے لکھا ہے۔ (حاشیہ جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** صِدِّیق: تصدیق کرنے والا، جس میں سچائی غالب ہو، صِدْقٌ: صفاتِ فاضلہ میں سے ایک ممتاز صفت ہے۔ بعض شارحین کا قول ہے کہ صدیق وہ ہے جو تمام امورِ دین کی تصدیق کرے اور کسی امر میں شک نہ کرے، جس کا قول و فعل مطابق ہو۔

**تشریح** حضرت اسد اللہ الغالب امیر المؤمنین ابوتراب علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی ان چار باتوں یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے میں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہونے میں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے پہلے تصدیق کرنے میں اور سب سے پہلے نماز ادا کرنے میں کوئی دوسرا فرد شریک نہیں اور نہ ہی ان کے برابر اور ہم پلہ ہے، صاحب ''نفائس المنن فی ذکر فضائل سیدنا ابی الحسن'' صفحہ ۲۶-۲۷ پر نقل کرتے ہیں

> ''محبّ طبری ریاض النضرہ میں بروایت حاکمی حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا تم وہ شخص ہو کہ سب سے پہلے ایمان لائے ہو اور میری تصدیق کی'' (نفائس المنن جلد ۱ صفحہ ۱۵۷)

امام احمد ''مناقب'' میں، حاکم ''مستدرک'' میں اور حافظ ابوزید عثمان ابن ابی شیبہ اور ابن عاصم ''سنن'' میں، اور حافظ ابونعیم اور عقیلی، عباد ابن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام فرماتے تھے ''میں خدا کا بندہ ہوں اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہوں۔ میں صدیق اکبر ہوں، میرے سوا کوئی یہ نہیں کہہ سکتا'' ابن النجار ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور ابی نعیم ابن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''صدیق تین ہیں۔ حبیب نجار، حواریین میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والے، خرقیل آلِ فرعون میں موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والے، اور علی ابن ابی طالب (علیہ السلام)۔ جو ان سب سے افضل ہیں''۔ (صواعق محرقہ صفحہ ۷۷)

صاحب لغات الحدیث علامہ وحید الزمان صاحب اپنی کتاب لغات الحدیث جلد ۳ کتاب ''ص'' صفحہ ۳۰ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی میں ایک حدیث کا ایک حصہ تحریر فرماتے ہیں ''فَاطِمَةُ صِدِّيقَةٌ لَمْ يَكُنْ يَغْسِلُهَا اِلَّا صِدِّيْقٌ'' اور ترجمہ کرتے ہیں ''حضرت فاطمہ صدیقہ ہیں (حضرت مریم کی طرح ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے صدیقہ فرمایا ہے) ان کو غسل وہی دیں گے جو صدیق ہیں (یعنی حضرت علی علیہ السلام) انہوں نے ہی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کو غسل دے کر راتوں رات ہی دفن کر دیا۔

---

بقیہ حاشیہ: یہاں تک کہ جلال الدین سیوطی نے کہا'' الحدیث ضعیف لا موضوع ''یعنی یہ حدیث ضعیف ہے موضوع نہیں ہے۔ (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام، بیروت دار الکتب علمیہ ۱۹۸۴ء صفحہ ۲۱) لہٰذا ابن جوزی کا یہ کہنا کہ یہ حدیث موضوع ہے غیر محل ہے۔ فافہم و تدبر



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# بَابٌ فِيْ ذِكْرِ عِبَادَةِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ

## ''اس باب میں امیر المؤمنین امام الاولیاء ابوتراب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی عبادت کا بیان ہے''

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حل لغت** عِبَادَةٌ اور عُبُوْدِيَّةٌ اور عُبُوْدَةٌ: اطاعت کرنا، عاجزی دکھانا، خدمت کرنا، شریعت کے احکام بجا لانا۔

**تشریح** حضرت امام الاولیاء، جناب سیدنا و مرشدنا علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ عبادتِ الٰہی میں ایک خاص اعلیٰ وارفع مقام رکھتے تھے جو کسی دوسرے کو نصیب نہیں تھا، آنجناب رضی اللہ عنہ کی اس امتیازی اور خصوصی شان کو وحی الٰہی نے بیان فرمایا، ارشاد خداوندی ہے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللهِ وَ رِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ (الفتح ۴۸: ۲۹)

(محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل، تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا فضل و رضا چاہتے ہیں ان کی علامت انکے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے)

مفسرین کرام تحریر فرماتے ہیں جیسا کہ ''تفسیر فتح البیان'' نے لکھا ہے ''وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ'' سے مراد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور ''اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ'' سے مراد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور ''رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ'' سے مراد حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ اور ''رُكَّعًا سُجَّدًا'' سے مراد حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ ہیں۔ یعنی امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ انتہائی عبادت گذار تھے۔ حضرت ام المؤمنین جنابہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت ترمذی شریف میں



Marfat.com

موجود ہے، فرماتی ہیں "کَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا" (جہاں تک میں جانتی ہوں وہ یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام نہایت ہی روزہ دار اور انتہائی عبادت گذار تھے) صاحب "نفائس المعن"، "تفسیر حسینی" سے نقل فرماتے ہیں کہ "آپ ہر شب میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے" نیز تحریر فرماتے ہیں

"آپ علاوہ فرائض کے اس قدر کثرت سے نوافل ادا فرماتے تھے کہ ان کی تعداد کا علم بجز خدا کے اور کسی کو نہیں اسی شغف کا نتیجہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صلوٰۃ اور نوافل و عبادات کے متعلق آپ سے زائد کسی سے احادیث مروی نہیں بوجہ کثرتِ عبادت ذات ستودۂ صفات زین العابدین و امام المتعبدین تھی"

جناب امام الاولیاء علیہ السلام کی عبادتِ الٰہی میں استغراق و خشیت اور اللہ تعالیٰ کی طرف کامل توجہ کا یہ عالم تھا کہ جب جنگِ احد میں آپ علیہ السلام کے پائے مبارک میں تیر پیوست ہو گیا جو کہ کسی صورت نہیں نکل سکتا تھا تو حضور پاک سید دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس وقت علی علیہ السلام نماز پڑھنے لگے تو تم تیر نکال لینا، جب امام الاولیاء سیدنا علیہ السلام نماز میں مشغول ہوئے اور آپ کی ماسوٰی اللہ سے توجہ ہٹ گئی تو تیر آپ کے پاؤں مبارک سے نکال لیا گیا اور جناب کو خبر تک نہ ہوئی۔

**حدیث نمبر ۷** | اَنْبَأَنَا عَلِيُّ ابْنُ الْمُنْذِرِ[۱] الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَهٗ اَبُوْ فُضَيْلٍ[۲] قَالَ حَدَّثَنَا الْاَجْلَحُ[۳] عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ[۴] بْنِ اَبِي الْهُزَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ قَالَ مَا اَعْرِفُ اَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ عَبَدَ اللّٰهَ تَعَالٰى بَعْدَ نَبِيِّهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ غَيْرِيْ عَبَدْتُ اللّٰهَ قَبْلَ اَنْ يَعْبُدَهٗ اَحَدٌ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ تِسْعَ سِنِيْنَ

**ترجمہ** | عبداللہ بن ابی الہذیل روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ اس امت میں اللہ جل جلالہ کی عبادت کرنے کے اعتبار سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سوائے اپنے آپ کے میں کسی اور کو نہیں جانتا، اس امت میں ہر اس شخص سے جو کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے میں نے نو برس پیشتر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷

۱ علی بن المنذر: علی بن المنذر الطریقی بفتح للهملة و کسر الراء بعضها تحتانیة ساکنة ثم قاف الکوفی صدوق یتشیع من العاشرة مات سنة ست و خمسین (تقریب، صفحہ ۲۴۹) روی عن ابیه و ابن عیینة و ابن فضیل و جماعة و عنه الترمذی و النسائی و ابن ماجه و غیرهم قال ابن ابی حاتم سمعت منه مع ابی وهو صدوق ثقة وقال النسائی شیعی محض ثقة و ذکره ابن فی سمعت ابن نمیر یقول هو ثقة صدوق وقال الدارقطنی لاباس (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے "کہ اس امت میں اللہ جل جلالہ کی عبادت کرنے کے اعتبار سے، حضور نبی کریم ﷺ کے بعد سوائے اپنے آپ کے میں کسی اور کو نہیں جانتا" یعنی اللہ جل جلالہ کی عبادت جتنی حضور سراپا نور ﷺ نے کی کسی دوسرے فرد نے نہیں کی اور حضور فخر رسل ﷺ کے بعد جتنی میں نے عبادتِ الٰہی کی ہے کسی دوسرے فرد نے نہیں کی "تفسیر حسینی" میں ہے کہ "آپ ہر شب میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے"۔ جمیع بن عمیر التیمی ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ

اَیُّ النَّاسِ کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاطِمَۃُ فَقَالَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ زَوْجُھَا اِنْ کَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا

ھذا حدیث حسن غریب (الترمذی باب مناقب فضل فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم)

---

بقیہ حاشیہ: بہ و کذا قال مسلمة بن قاسم و زاد کان یتشیع (تہذیب التہذیب، جلد ۷ صفحہ ۳۸۶)

۲: ابو فضیل: محمد بن فضیل بن غزوان بفتح معجمة و سکون الزاے الضبی مولاھم ابو عبد الرحمن الکوفی صدوق عارف رمی بالتشیع من التاسعة مات سنة خمس و تسعین (تقریب التہذیب، صفحہ ۳۱۵) قال احمد: کان یتشیع و کان حسن الحدیث قدروی غیر حدیث منکر وقال ابوداؤد و کان شیعیا محترقا و قال ابن معین ثقة (المیزان، جلد ۴ صفحہ ۹۔ تہذیب التہذیب، جلد ۹ صفحہ ۴۰۵)

۳: الاجلح: اجلح بن عبداللہ بن حُجیّة بالمھملة والجیم مصغرا یکنی ابا حجیّة الکندی یقال اسمہ یحیی صدوق شیعی من السابعة مات سنة خمس و اربعین (تقریب صفحہ ۲۵) روی عن ابی اسحاق و ابی الزبیر و یزید بن الاصم و عبداللہ بن بریدة و الشعبی وغیرھم وعنہ شعبة و سفیان الثوری و ابن المبارک و ابو اسامة و یحیی القطان و جعفر بن عون وغیرھم و قال احمد اجلح و مجالد متقاربان فی الحدیث و قدروی الاجلح غیر حدیث منکر و قال ابن معین صالح و قال مرة ثقة و قال مرة لیس بہ باس و قال العجلی کوفی ثقة و قال ابو حاتم و لیس بالقوی یکتب حدیثہ ولا یحتج بہ، و قال النسائی ضعیف لیس بذاک و کان لہ رأی سوء و قال الجوزجانی مفتری و قال ابن عدی لہ احادیث صالحة و یروی عنہ الکوفیون وغیرھم ولم ادلہ حدیثا منکرا مجاوز اللحد لاسناد او لامتنا الا انہ بعد فی شعبة الکوفة و ھو عندی مستقیم الحدیث صدوق (الجرح والتعدیل جلد ۹ صفحہ ۱۶۳، الطبقات الکبریٰ جلد ۶ صفحہ ۳۵۰، تہذیب جلد ۱ صفحہ ۱۸۹)

۴: عبداللہ بن ابی الھذیل الکوفی ابو المغیرة ثقة من الثانیة مات فی ولایة خالد القصری علی العراق (تقریب، صفحہ ۱۹۲) روی عن ابی بکر و عمر و علی وعمار بن یاسر و ابن مسعود و عبداللہ بن عمرو و ابن خباب ابن الارت و ابی بن کعب و ابی الاخوص الحیثمی و جماعة و عنہ اسماعیل بن رجاء و واصل الاحدب و ابو ضروة مسلم بن سالم الجھنی و الا جلح بن عبداللہ الکندی وغیرھم وقال النسائی ثقة وذکرہ، ابن حبان فی الثقات، قلت وقال العجلی تابعی ثقة و کان عثمانیا وقال ابو زرعة ابن ابی الھذیل عن ابی بکر مرسل (تہذیب التہذیب، جلد ۶، صفحہ ۶۲)



Marfat.com

یعنی لوگوں میں حضور ﷺ کو بہت زیادہ محبوب کون تھا؟ تو اُم المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا فاطمہ (رضی اللہ عنہا) پھر پوچھا کہ مردوں میں؟ تو فرمایا ان کا خاوند یعنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم جہاں تک مجھے علم ہے وہ یعنی جناب علی المرتضٰی علیہ السلام نہایت ہی روزہ دار اور انتہائی عبادت گذار تھے۔

ارشاد ہے "اس اُمت میں ہر اس شخص سے جو کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے میں نے نو برس پیشتر اللہ تبارک و تعالیٰ کی عبادت کی ہے" یعنی جس وقت اس امت میں سے کسی نے بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت نہیں کی تھی، جس وقت اللہ تعالیٰ کے حضور میں کوئی جھکنے والا نہ تھا، اس وحدہٗ لاشریک کے آگے کوئی سجدہ کرنے والا نہیں تھا تو اس وقت امام الاولیاء سند الاتقیاء جناب علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم اللہ جل جلالہ وعم نوالہ، عز اسمہ کی عبادت پر قیام فرما تھے، اس جل مجدہ کے حضور میں جھکے ہوئے تھے، اس رب تعالیٰ وحدہٗ کے سامنے سجدہ میں گرے ہوئے تھے، سبحان اللہ آپ علیہ السلام اس بات پر جتنا بھی ناز فرمائیں کم ہے۔



Marfat.com

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

# بَابُ ذِكۡرِ مَنۡزِلَةِ عَلِيِّ ابۡنِ اَبِيۡ طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجۡهَهُ الۡكَرِيۡمَ

## ''یہ باب امام الاتقیاء سند الاولیاء حضرت علی المرتضیٰ ابن ابی طالب علیہ السلام کے مرتبہ کے بیان میں ہے''

(اس باب میں نو احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۸** اَخۡبَرَنِيۡ هِلَالُ ۱؎ بۡنُ بِشۡرِ الۡبَصۡرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۲؎ بۡنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنِيۡ مُوۡسٰى ۳؎ بۡنُ يَعۡقُوۡبَ قَالَ حَدَّثَنِيۡ مُهَاجِرُ ۴؎ بۡنُ مِسۡمَارٍ عَنۡ عَائِشَةَ ۵؎ بِنۡتَ سَعۡدٍ قَالَتۡ سَمِعۡتُ اَبِيۡ ۶؎ يَقُوۡلُ سَمِعۡتُ رَسُوۡلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوۡمَ الۡجُحۡفَةِ وَاَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللهَ وَاَثۡنٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ قَالَ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيۡ وَلِيُّكُمۡ قَالُوۡا صَدَقۡتَ يَا رَسُوۡلَ اللهِ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَرَفَعَهَا فَقَالَ هٰذَا وَلِيِّيۡ وَ الۡمُؤَدِّيۡ عَنِّيۡ وَاِنَّ اللهَ مُوَالِيۡ مَنۡ وَالَاهُ وَ مُعَادِيۡ مَنۡ عَادَاهُ

**ترجمہ** عائشہ بنت سعد فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے سنا وہ کہتے تھے کہ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میں نے جحفہ کے دن سنا اس حال میں کہ پکڑا ہاتھ (حضرت) علی المرتضیٰ کا۔ پھر مخاطب کیا اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی پھر ارشاد فرمایا۔ اے لوگو! یقیناً میں تمہارا ولی ہوں، سب نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے سچ فرمایا۔ پھر آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (حضرت) علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور فرمایا یہ میرا دوست ہے اور میری طرف سے پہنچانے والا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ اس شخص کو دوست رکھتا ہے جو علی کو دوست رکھتا ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ اس شخص کا دشمن ہے جو علی کا دشمن ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸

۱؎ ہلال بن بشر: هلال بن بشر بن محبوب المزني ابو الحسن البصري امام مسجد يونس (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

بقیہ حاشیہ: الاحدب ثقة من العاشرة مات سنة ست و اربعین (تقریب التہذیب،صفحہ ۳۶۶)روی عن حماد بن زید و مرحوم بن عبدالعزیز العطار ومحمد بن خالد بن عثمة وجماعة وروی عنه البخاری فی جزء القراة خلف الامام و ابوداؤد و النسائی و یحیی بن محمد بن صاعد و آخرون. وقال نسائی ثقة وذکره ابن حبان فی الثقات وقال متقن للحدیث. (تہذیب التہذیب،جلد ۱۱صفحہ ۷۵،۷۶)

۲: محمد بن خالد: محمد بن خالد بن عثمة بمثلثة ساکنة قبلها فتحة ویقال انها امه ، الحنفی البصری صدوق یخطی، العاشرة (تقریب،صفحہ ۲۹۶)روی عن ابراهیم بن اسماعیل بن ابی حبیبة و مالک بن انس و کثیر بن عبدالله بن عمرو بن عوف وجماعة ، روی عنه بندار و ابو موسی وهلال بن بشر ومحمد بن یونس الکدیمی واخرون قال عبدالله بن احمد عن ابیه ماری بحدیثه بأسا وقال ابو زرعة لابأس به وقال ابوحاتم صالح الحدیث و ذکره ابن حبان فی الثقات و قال ربما اخطأ. (التہذیب،جلد ۹صفحہ ۱۴۳)

۳: موسیٰ بن یعقوب: موسی بن یعقوب بن عبدالله بن وهب بن زمعة بن الاسود ابن المطلب بن اسد بن عبدالعزی الاسدی الزمعی ابو محمد المدنی. روی عن اخیه محمد و عمیه مرثد و یزید و عمته قریبة و ابی عبیدة بن عبدالله بن زمعة و مهاجر بن مسمار و رزیق بن سعید وغیرهم. روی عنه ابی اخیه یحیی بن المقدام بن یعقوب و ابن ابی فدیک ومحمد بن خالد بن عثمة وغیرهم قال الدوری عن ابن معین ثقة و قال علی بن المدینی ضعیف الحدیث منکر الحدیث و قال الاجری عن ابوداؤد وهو صالح روی عن ابن مهدی وله مشائخ مجهولون وذکره ابن حبان فی الثقات قلت وقال النسائی لیس بالقوی وقال ابن عدی لابأس به عندی و لایرو ایاته وقال الاثرم سألت احمد عنه فکانه لم یعجبه و قال الساجی اختلف احمد و یحیی منه قال احمد لا یعجبنی حدیثه وقال ابن القطان ثقة. (التہذیب،جلد ۱۰صفحہ ۳۷۸۔المیزان جلد ۴صفحہ ۲۲۷)

۴: مہاجر بن مسمار: مهاجر بن مسمار الزهری مولی سعد المدنی مقبول من السابعة. (تقریب،صفحہ ۳۴۹)روی عن عامر و عائشة ابنی سعد بن ابی وقاص و عنه ابی زیب و موسی بن یعقوب وغیرهم ذکره ابن حبان فی الثقات، قلت وقال ابن سعد مات بعد خروج محمد بن عبدالله بن حسن و قیل مات سنة خمس ومائة وله ، احادیث و لیس بذاک وهو صالح الحدیث وقال ابوبکر البزار مشهور صالح الحدیث. (التہذیب جلد ۱۰،صفحہ ۳۲۴)

۵: عائشہ بنت سعد: عائشة بنت سعد بن ابی وقاص الزهریة المدینة ثقة. من الرابعة (تقریب،صفحہ ۳۷۰) روت عن ابیها و عن ام ذر و قیل انها رأت ستامن امهات المؤمنین. روی عنها الجعید بن عبدالرحمن و ایوب والحکم بن عتبة و خزیمة غیر منسوب و ابوالزناد و مهاجر بن مسمار ومالک بن انس واخرون. ذکرها ابن حبان فی الثقات و قال ابن سعد و غیر واحدماتت سنة سبع عشرة و مائة قلت وقال العجلی تابعیة. مدینة ثقة و قال الخلیل لم یرو مالک عن امرأة غیرها. (التہذیب،جلد ۱۲صفحہ ۴۳۶)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** وَلِیٌّ ، وَلِیَ ، یَلِیْ ، وِلَایَۃً ، وَلَایَۃً : متصرف ہونا، مدد کرنا، والی ہونا، کارسازی کرنا، دوست ہونا، مالک ہونا، منتظم ہونا۔ اَلْمُؤَدِّیْ : پہنچانے والا، ادا کرنے والا۔ ادی ،ادیًا و ادّی ، تادیہ۔

**تشریح** ارشاد ہے ”میں نے جحفہ کے دن سنا“ جحفہ مکہ مکرمہ سے دو میل کے فاصلہ پر ایک مقام ہے۔ ارشاد ہے ”پھر فرمایا اے لوگو! یقیناً میں تمہارا ولی ہوں“ یعنی تمہارے تمام امور میں، میں تمہارا ولی اور متصرف ہوں۔ ارشاد ہے ”سب نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ نے سچ فرمایا“ یعنی آنجناب نے (ﷺ) جو کچھ ارشاد فرمایا ہے درست ہے اور صحیح ہے کہ آپ ﷺ ہی ہمارے والی، مددگار، مہربان، کارساز اور متصرف ہیں۔ حضور ﷺ کا حکم ہمیں سر آنکھوں پر منظور ہے اگر آپ ﷺ کو اپنا متصرف نہ مانیں گے تو پھر کسے مانیں گے۔ آنحضور ﷺ کو اپنا مالک ومختار نہ سمجھیں گے تو کسے سمجھیں گے۔ آپ ہی تو (ﷺ) ہمارے ملجاء وماویٰ ہیں۔ ارشاد ہے ”پھر حضور نبی اکرم (ﷺ) نے (حضرت) علی (علیہ السلام) کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا“ یعنی تمام موجود صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بتلایا اور دکھایا“ ارشاد ہے ”فرمایا یہ میرا دوست ہے اور میری طرف سے پہنچانے والا ہے“ سبحان اللہ! امتِ محمد یہ میں حضرت امام الاولیاء علی المرتضیٰ (علیہ السلام) کو وہ عظیم اور رفیع الشان مقام نصیب ہوا جو کسی اور کو نہیں ملا، یعنی حضور اکرم (ﷺ) کے حضور مبارک سے ”ولایت“ کے شرف سے مشرف ہوئے۔ نیز ارشاد ہے ”میری طرف سے پہنچانے والا ہے“ یعنی احکامِ الٰہی، اسرارِ معارف، علوم الٰہی، اور توحید کا کلمہ دنیائے انسانیت کو نبوتِ الٰہی کی طرف سے پہنچانے والے یہی صاحب علم لدنی، حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام ہیں۔ ہروقت پیغمبر اسلام ﷺ کی مدد پر کمر بستہ ہیں۔ اور تبلیغ اسلام کے کرنے میں اور ہر کام میں ہروقت حضور نبی کریم ﷺ کے کام آتے ہیں، ارشاد ہے ”اور بے شک اللہ تعالیٰ اس شخص کو دوست رکھتا ہے جو علی کو دوست رکھتا ہے اور یقیناً اللہ تبارک تعالیٰ اس شخص کا دشمن ہے جو علی کا دشمن ہے“ یعنی حضرت امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام سے محبت کرنا گویا اللہ جل جلالہ سے محبت کرنا ہے اور جناب سیدنا ومولانا امام الاولیاء علی المرتضیٰ علیہ السلام کی مخالفت کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ کی دشمنی خریدنا ہے۔ ام المومنین جنابہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ سید دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا

”مَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰہَ وَمَنْ اَبْغَضَ عَلِیًّا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَنِیْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰہَ“ (اخرجه الديلمى و الطبرانى عن رافع)

---

بقیہ حاشیہ ۶: ابی: یہ حضرت عائشہ کے والد حضرت سعد بن ابی وقاص مالک بن وہیب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب زہری ہیں، ابواسحاق ان کی کنیت ہے، عشرہ مبشرہ سے ہیں اور یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر چلایا۔ آپ کے مناقب بہت زیادہ ہیں۔ مشہور روایت کے مطابق ۵۵ھ میں عقیق میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۱۱۹)



Marfat.com

(جس نے علی سے محبت کی پس تحقیق اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے محبت کی اور جس نے علی سے بغض رکھا پس تحقیق اس نے میرے ساتھ بغض کیا۔ اور جس نے میرے ساتھ بغض کیا تو یقیناً اس نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے بغض روا رکھا)

شیخ محمد صالح کشفی ''مناقبِ مرتضوی'' صفحہ ۴۱ میں لکھتے ہیں

''درمسند حنبل ومسند جوزی ومستدرک حاکم وصحیح ترمذی ومصابیح ومشکوٰۃ وصواعق محرقہ بروایت عمران بن حصین مسطور است کہ رسول گفت چہ می خواہید از علی بدرستیکہ۔ کہ علی از من است ومن از او یمیم واو حاکم وولی ہر مومن است'' یعنی مسندِ حنبل، مسندِ جوزی، مستدرک حاکم، صحیح ترمذی، مصابیح مشکوٰۃ اور صواعقِ محرقہ میں بروایت عمران بن حصین مرقوم ہے کہ آنحضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا علی (علیہ السلام) کے متعلق تم کیا چاہتے ہو وہ میرا ہے میں اس کا ہوں اور وہ ہر مومن کا حاکم اور ولی ہے'' (السیرۃ العلویہ بذکر المآثر المرتضویہ جلد ۲ صفحہ ۲۷۵)

**حدیث نمبر ۹/۲** اَخۡبَرَنَا زَكَرِيَّا [۱] ابۡنُ يَحۡيٰى قَالَ حَدَّثَنَا الۡحُسَيۡنُ [۲] بۡنُ حَمَّادٍ قَالَ اَنۡبَأَنَا مِسۡهَرُ [۳] بۡنُ عَبۡدِالۡمَلِكِ عَنۡ عِيۡسٰى [۴] عَنۡ عَمۡرٍو عَنِ السُّدِّيِّ [۵] عَنۡ اَنَسِ [۶] بۡنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ عِنۡدَهٗ طَائِرٌ فَقَالَ اللّٰهُمَّ ائۡتِنِيۡ بِاَحَبِّ خَلۡقِكَ يَأۡكُلُ مَعِيَ هٰذَا الطَّائِرَ فَجَآءَ اَبُوۡبَكۡرٍ وَجَآءَ عُمَرُ ثُمَّ جَآءَ عَلِيٌّ فَاَذِنَ لَهٗ

**ترجمہ** انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک پرندہ تھا، تو حضور پاک ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ! میرے پاس وہ شخص بھیج دے جو تمام مخلوق میں تجھے محبوب ہو، تاکہ وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے، پس (حضرت) ابوبکر تشریف لائے اور (حضرت) عمر تشریف لائے پھر (حضرت) علی تشریف لائے تو (حضرت) علی کو اجازت دے دی۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹

[۱] زکریا بن یحییٰ: آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن نام زکریا بن یحییٰ بن ایاس لقب خیاط السنۃ ہے۔ آپ بجستان کے رہنے والے بہت بڑے حافظ الحدیث اور قابل اعتماد محدث ہیں۔ انہوں نے قتیبہ بن سعید شعبان بن فروخ، صفوان بن صالح، بشر بن ولید، اسحاق بن راہویہ اور ان کے طبقے سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے علاوہ ابن جوصاء ابوعلی بن ہارون امام طبرانی اور دوسرے لوگ بھی ان سے مستفید ہوئے، (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

(بقیہ حاشیہ): امام النسائی ان سے بہت زیادہ بیان کرتے ہیں، امام نسائی فرماتے ہیں، ثقہ ہے۔ عبدالغنی الازدی کہتے ہیں ثقہ اور حافظ حدیث ہیں۔ میں کہتا ہوں۔ آپ نے ۹۴ سال کی عمر پا کر ۲۸۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ علامہ ذہبی نے اپنی سند سے ان کے ذریعے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث بیان کی کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عثمان سے مل کر فرمایا جبرئیل علیہ السلام خبر لایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آپ کے نکاح میں دیا ہے اس کا مہر حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مہر کے برابر ہے اور وہ آپ کی صحبت میں اتنا عرصہ رہے گی جتنا عرصہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رہی ہے۔ (ترجمہ تذکرہ الحفاظ للذہبی از شیخ الحدیث حافظ محمد اسحاق، اسلامک پبلشنگ لاہور جلد ۲ صفحہ ۴۵۷، ۴۵۸) زکریا بن یحیی بن ایاس بن سلمۃ السجزی بکسر المھملۃ وسکون الجیم بعدھا زای ابو عبد الرحمن نزیل دمشق یعرف بخیاط السنۃ ثقۃ حافظ من الثانیۃ عشرۃ مات سنۃ تسع و ثمانین و مأتین و لہ اربع وتسعون (تقریب، صفحہ ۱۰۷۔ ایضا التھذیب، جلد ۳، صفحہ ۳۳۴)

۲: الحسن بن حماد: الحسن بن حماد الضبعی ابو علی الوراق الکوفی ثقۃ من العاشرۃ مات سنۃ ثمان و ثلثین (تقریب، صفحہ ۶۹) روی عن ابی عیینۃ و ابی اسامۃ ومسھر بن عبدالملک بن سلع الھمدانی و ابی معاویۃ الفریر وغیرھم وعنہ ابن ابی عاصم واحمد بن علی بن سعید المروزی و زکریا بن یحیی السجزی وجماعۃ قال ابن ابی حاتم سالت موسی بن اسحاق عن فقال ثقۃ مامون و قال السراج کوفی ثقۃ وذکرہ ابن حبان فی الثقات (التھذیب، جلد ۲ صفحہ ۲۷۲، ۲۷۳)

۳: مسھر بن عبدالملک: مسھر بن عبدالملک بن سلع الھمدانی سکون المیم الکوفی الحدیث من کبار التاسعۃ (تقریب، صفحہ ۳۳۷) روی عن ابیہ و الاعمش و عیسی بن عمر القاری وعنہ اسحق بن راھویہ و محمد بن عبداللہ بن المبارک المخرمی و الحسن بن حماد الوراق واخرون. قال البخاری فیہ لبعض نظر، وقال الاجری عن ابی داؤد امر الحسن بن علی الخلال فرأتیہ یحسن الثناء علیہ واما اصحابنا فرایتم لایحمدونہ. وقال النسائی لیس بالقوی وذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال ابویعلی الموسی حدثنا الحسن بن حماد الوراق حدثنا مسھر بن عبدالملک و قال ثقۃ (التھذیب، جلد ۱۰ صفحہ ۱۴۹)

۴: عیسی بن عمر الاسدی: عیسی بن عمر الاسدی الھمدانی بسکون المیم ابو عمر والکوفی القاری ثقۃ من السابعۃ مات سنۃ ست و خمسین (تقریب، صفحہ ۲۷۱) روی عن عمر بن عتبۃ بن فرقد مرسلا و عطاء بن ابی رباح وعطاء بن السائب و اسماعیل اسدی و ابی عون الثقفی وجماتہ، وعنہ ابن المبارک و وکیع ومسھر بن عبدالملک بن سعع و جبیل بن عبدالحمید وغیرھم قال المیمونی عن احمد لیس بہ بأس وقال اسحاق بن منصور عن ابن معین ثقۃ وقال النسائی ثقۃ وقال الخطیب کان ثقۃ و ذکرہ ابن حبان فی الثقات و قال العجلی کوفی ثقۃ، رجل صالح کان احد قرأ الکوفۃ راسا فی القران وقال ابن خلفون و ثقۃ. ابن نمیر (التھذیب، جلد ۸ صفحہ ۲۲۲، ۲۲۳)

۵: اسماعیل بن عبدالرحمن: اسماعیل بن عبد الرحمن ابن ابی کریمۃ السدی بضم المھملۃ و التشدید الدال ابو محمد الکوفی صدوق یھم و رمی بالتشیع من الرابعۃ مات سنۃ سبع و عشرین (تقریب، صفحہ ۳۴) وھو السدی الکبیر کان یقعد و فی السدۃ باب الجامع فسمی السدی، روی عن انس و ابن عباس و رأی ابن عمرو الحسن (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے "نبی کریم ﷺ کے پاس ایک پرندہ تھا" یعنی آنحضور ﷺ کے پاس بھنا ہوا یا پکا ہوا ایک پرندہ تھا اور یہ کسی نے تحفتاً بھیجا تھا، ارشاد ہے "تو حضور پاک ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ! میرے پاس وہ شخص بھیج دے جو تمام مخلوق میں تجھے محبوب ہو۔ تاکہ وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے" استاذ گرامی منزلت حضرت صاحبزادہ حافظ علی احمد جان صاحب نور اللہ مرقدہ نے ارشاد فرمایا "گویا وہ شخص نہایت ہی متقی، پرہیزگار اور کمال درجے کا اتباع سنتِ نبوی ﷺ کا مظہر ہو اسکو اپنے ساتھ کھانا کھلانا رضائے الٰہی کا موجب ہے" ارشاد ہے "پس (حضرت) ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور (حضرت) عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے" یعنی ان ہر دو حضرات کو اجازت مرحمت نہ فرمائی۔ ارشاد ہے "پھر (حضرت) علی تشریف لائے تو (حضرت) علی کو اجازت دے دی" یعنی حجرۂ مبارکہ میں داخل ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی اور اس بھنے ہوئے پرندہ کو اپنے ساتھ کھانے کی اجازت عطا فرمادی۔ اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ جناب امام الاولیاء، سردارِ متقین، اسد اللہ الغالب علیٰ کل غالب علی المرتضیٰ علیہ السلام اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ پیارے اور محبوب تھے۔ صاحبِ "السیرۃ العلویہ بذکر المآثر المرتضویہ" حصہ سوم صفحہ ۲۱۴ پر تحریر فرماتے ہیں

---

(بقیہ حاشیہ): بن علی و اباهريرة و ابا سعيد و روى عن ابيه و يحيى بن عباد و ابى صالح مولى ام هانى و سعد ابن عبيدة و ابى عبد الرحمن السلمى و عطاء و عكرمة وغيرهم و عن شعبة والثورى و الحسن بن صالح و غيرهم قال سلم بن عبد الرحمن مر ابراهيم النخعى بالسدى و هو يغير لهم القرآن فقال اما انه يفسر تغير القوم وقال عبدالله بن حبيب بن ابى ثابت سمعت الشعبى وقيل له ان السدي قد اعطى خطا من علم القران فقال قد اعطى خطا من جهل بالقرآن وقال عن القطان لاباس به ما سمعت احد بذكره الا بخير و ما تركه ، احد وقال ابو طالب عنه احمد ثقة وقال عبدالله بن احمد سمعت ابى قال قال يحيى بن معين يوما عند عبد الرحمن بن مهدى و ذكر ابن مهاجر و السدى فقال يحيى ضعيفان فعقب عبدالرحمن وكره ما قال ، وقال الدورى عن يحيى فى حديثه فعف وقال الجوزجانى هو كذاب شتام وقال ابوزرعه لين وقال ابوحاتم يكتب حديثه و لا يحتج به وقال النسائى فى الكنى صالح و قال فى موضع الاخر ليس به باس وقال ابن عدى له ، احاديث يروى بها عن عدة شيوخ وهو عندى منقيم الحديث صدوق لاباس به وقال ابو العباس بن الاخرم لاينكر به ابن عباس قد راى سعد بن ابى وقاص وقال خليفه مات (١٢٧ هجرى) (التہذیب، جلد ۱ صفحہ ۳۱۳ تا ۳۱۴)

٦ انس بن مالک: انس بن مالک بن النفر الانصارى الخزرجى خادم رسول الله صلى الله عليه واله وسلم خدمة عشر سنين صحابى مشهور مات سنة اثنتين وقيل ثلث و تسعين وقد جاوز المائة. (تقریب، صفحہ ۳۹، التہذیب، جلد ۱، صفحہ ۳۷۶ تا ۳۷۹۔ تذکرۃ الحفاظ ترجمہ، جلد ۱ صفحہ ۵۶۔ انوار غوثیہ شرح شمائل النبویہ، سید محمد امیر شاہ قادری گیلانی صفحہ ۵)

135343



Marfat.com

''ثابت بنانی نے حدیث بیان کی کہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیمار تھے محمد بن الحجاج ان کی عیادت کو آئے۔ لوگوں میں حدیث کا تذکرہ ہوا یہاں تک کہ حضرت علی علیہ السلام کا ذکر چھڑ گیا۔ محمد بن الحجاج نے ان کی برائیاں کرنی شروع کیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہنے لگے کوئی ہے جو مجھے اٹھا کر بٹھادے چنانچہ وہ بٹھادیئے گئے۔ پھر انہوں نے محمد ابن الحجاج سے ارشاد فرمایا میں دیکھتا ہوں کہ تم علی ابن ابی طالب کی برائیاں کرر ہے ہو۔ قسم اس ذات کی جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو امر حق پر مبعوث کیا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں خادم تھا دستور یہ تھا کہ ہر روز انصار میں سے ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ پس ایک روز میری باری تھی کہ ام ایمن بھنا ہوا مرغ لائیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو رکھ دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ کیا ہے؟۔ ام ایمن کہنے لگیں مجھے یہ مل گیا میں پکا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے لائی ہوں۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا مانگی کہ خداوند المخلوقات میں سے جو مجھے اور تجھے محبوب ہو، اسے میرے پاس بھیج کہ میرے ساتھ بیٹھ کر کھائے۔ اتنے میں کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ انس دیکھو کون ہے؟ میں نے جاتے ہوئے دعا مانگی کہ خداوندا کوئی انصار میں سے ہو، دروازہ پر دیکھا کہ علی ہیں، میں نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کام میں ہیں، میں پھر آکر اپنی جگہ پر بیٹھ گیا، پھر دروازہ کی طرف متوجہ ہوا۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیکھو دروازہ پر کون ہے؟ پھر میں یہی کہتا ہوا گیا کہ یا اللہ! انصار میں سے کوئی ہو پھر جا کر علی ہی کو دروازہ پر دیکھا میں نے کہہ دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام میں مصروف ہیں اور پھر آکر اپنی جگہ پر بیٹھ گیا پھر مجھے دیر نہیں ہوئی تھی کہ دروازہ کسی نے کھٹکھٹایا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے انس جا کر دروازہ کھول کر آؤ اور اس کو لے آؤ تم پہلے شخص نہیں ہو جو اپنی قوم کو دوست رکھتا ہے پھر میں دروازہ کھول کر ان کو یعنی علی کو اپنے ساتھ لایا۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے انس چڑیا اس کے قریب رکھ دو، میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب رکھ دی، دونوں حضرات نے ایک ساتھ سب نوش فرمائی۔ محمد بن الحجاج نے یہ سن کر پوچھا اے انس یہ واقعہ تمہاری موجودگی میں ہوا۔ انہوں نے کہا ہاں، کہنے لگے کہ میں خدا سے عہد کرتا ہوں کہ اب علی کی برائی نہیں کروں گا اور نہ کسی سے ان کی برائی سنوں گا بلکہ اس کے منہ پر ماروں گا''۔



Marfat.com

**حدیث نمبر۳/۱۰** | اَنبَأنَا قُتَیبَۃُ ۱ بْنُ سَعِیدِ الْبَلْخِیُّ وَ ھِشَامُ ۲ بْنُ عَمَّارِ الدِّمَشْقِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتَمُ ۳ عَنْ بُکَیرِ ۴ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ ۵ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ عَنْ اَبِیہِ ۶ قَالَ اَمَرَ مُعَاوِیَۃُ سَعْدًا فَقَالَ مَا یَمْنَعُکَ اَنْ تَسُبَّ اَبَا تُرَابٍ فَقَالَ اَمَّا مَا ذَکَرْتُ ثَلٰثًا قَالَھُنَّ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَلَنْ اَسُبَّہٗ لَاَنْ تَکُوْنَ لِیْ وَاحِدَۃٌ مِنْھُنَّ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَہٗ وَقَدْ خَلَّفَہٗ فِیْ بَعْضِ مَغَازِیْہِ فَقَالَ لَہٗ عَلِیٌّ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَتُخَلِّفُنِیْ مَعَ النِّسَآءِ وَالصِّبْیَانِ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ کَھَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ وَ سَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ یَوْمَ خَیْبَرَ لَاُعْطِیَنَّ الرَّایَۃَ رَجُلًا یُحِبُّ اللّٰہَ تَعَالٰی وَ رَسُوْلَہٗ وَ یُحِبُّہُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ فَتَطَا وَ لُنَا لَھَا فَقَالَ ادْعُوْا لِیْ عَلِیًّا فَاُتِیَ بِاَرْمَدَ فَبَصَقَ فِیْ عَیْنِیْہِ وَ دَفَعَ الرَّایَۃَ اِلَیْہِ وَ لَمَّا نَزَلَتْ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَ یُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا دَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیًّا وَ فَاطِمَۃَ وَ حَسَنًا وَ حُسَیْنًا فَقَالَ اللّٰھُمَّ ھٰؤُلَآءِ اَھْلِیْ ۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۱۰

۱ **قتیبہ بن سعید:** قتیبہ بن سعید البلخی قتیبہ بن سعد بن جمیل. بفتح الجیم ابن بطریف، الثقفی ابورجاء البلخی، بفتح الوحدۃ و سکون المعجمۃ. یقال اسمہ یحیی وقیل علی ثقۃ. ثبت من العاشرۃ مات سنۃ اربعین عن تسعین سنۃ (تقریب، صفحہ۲۸۱) ''بڑے بڑے اکابر محدثین اس سے روایت کرتے ہیں جس میں نسائی، ترمذی، احمد بن حنبل وغیرہم ہیں۔ وہ مالک، لیث، ابن لہیعہ وغیرہ سے روایت کرتا ہے۔ وقال ابن معین، وابوحاتم و النسائی ثقۃ وزاد النسائی صدوق، وقال الحاکم، قتیبۃ ثقۃ مامون. صاحب تہذیب نے ان کے رواۃ پر کافی بحث کرنے کے بعد لکھ دیا کہ والحکم لھیعہ مع ذالک بالوضع بعید جدا. واللہ اعلم. وقال ابن حبان فی الثقات. وقال ابن القطان انفاسی لا یصرف لہ، تدیس و فی الزھرۃ روی عنہ البخاری ثلث مائۃ وثمانیہ احادیث. ومسلم ست مائۃ وثمانیۃ و ستین (تہذیب التہذیب، جلد۸، صفحہ۳۵۸ تا۳۶۱)

۲ **ہشام بن عمار الدمشقی:** ھشام بن عمار بن نصیر، نون المصغر، الدمشقی. الخطیب صدوق، مقری، کبر، فصار، یتلقن، محدیث القدیم اصح، من کبار العاشرۃ مات سنۃ خمس و اربعین علی الصحیح ولہ اسنان وتسعین سنۃ (تقریب، صفحہ۳۶۴) '' روی عن معروف الخیاط، ابی الخطاب الدمشقی صاحب وائلۃ. وصدقۃ بن خالد و عبدالحمید ابن الحبیب ابی العشرین وخلق کثیر. روی عنہ البخاری و ابوداؤد و النسائی وابن (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**ترجمہ** سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ اسے معاویہ نے حکم دیا پس کہا کہ تجھے کونسی بات روک رہی ہے کہ تو ابا تراب کو برا نہیں کہتا۔ پس سعد نے کہا جب تک مجھے وہ تین باتیں یاد ہیں جو کہ ان کے متعلق پیغمبر اسلام ﷺ نے فرمائی ہیں میں کبھی بھی انہیں گالیاں نہیں دوں گا۔ البتہ ان میں سے ایک چیز کا بھی حصول مجھے سرخ اونٹوں کے ملنے سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا ہے۔ آپ ﷺ نے (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کو جس وقت کہ بعض غزوات میں اپنے پیچھے اپنا خلیفہ بنایا تو (جناب) علی نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسول اللہ! کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں پر خلیفہ بناتے ہیں۔ تو حضور ﷺ نے انہیں فرمایا کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ میرے نزدیک تو ایسا ہو جیسے ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر ہاں میرے بعد کسی قسم کا

---

بقیہ حاشیہ: ماجة. و روی عن الترمذی من البخاری عنه و آخرون. قال ابراهیم بن الجنید عن ابن معین ثقة وقال العجلی ثقة، و قال مره صدوق، قال احمد بن خالد الخلال عن یحیی بن معین حدثنا هشام بن عمار. و لیس با المکذوب وقال النسائی لابأس به وقال الدارقطنی صدوق و کبیر المحل. وقال فی الزهرة روی عنه البخاری اربعة اهادیث (تہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۵۱ تا ۵۴)

۳: **حاتم بن اسماعیل المدنی:** حاتم بن اسماعیل المدنی ابو اسماعیل الحارثی مولاهم. روی عن یحیی بن سعید الانصاری وهشام بن عمار و هناد بن السری و یحیی بن معین وابو کریب و جماعة قال النسائی لیس به بأس وقال ابن سعد کان اصله من الکوفة و لکنه انتقل من المدینة فنزلها و مات بها سنة (۱۸۶) و کان ثقة ماموناً کثیر الحدیث قلت کذا قال فی الثقات و کذا عند البخاری ایضا فی التاریخ الکبیر و فی الاوسط ایضا وقال العجلی ثقة و کذا قال اسحاق بن منصور عن یحیی بن معین وقال ابن المدینی روی عن جعفر عن ابیه احادیث مراسیل اسندها. وقراة بخط الذهبی فی المیزان. قال النسائی لیس بالقوی (تہذیب التہذیب، جلد ۲، صفحہ ۱۲۸، ۱۲۹)

۴: **بکیر بن مسمار:** بکیر بن مسمار الزهری المدنی ابو محمد اخو مهاجر صدوق. من الرابعة مات سنة ثلاث و خمسین (تقریب، صفحہ ۴۸) روی عن ابن عمرو عامر بن سعد بن ابی وقاص و زید بن اسلم وعنه حاتم بن سماعیل والواقدی وغیرهم قال البخاری فیه نظر وقال العجلی ثقة وقال النسائی لیس به بأس و قال ابن عدی مستقیم الحدیث. (التہذیب، جلد ۱، صفحہ ۴۹۰)

۵: **عامر بن سعد:** عامر بن سعد بن ابی وقاص الزهری المدنی، ثقة من الثالثة مات سنة اربع و مائة (تقریب، صفحہ ۱۶۰) روی عن ابیه وعثمان و العباس بن عبدالمطلب و جناب صاحب المقصورة. روی عنه ابنه داؤد ابنا اخوته اسمعیل بن محمد و اشعث بن اسحاق و موسی بن عقبة وبکیر بن مسمار ومهاجر بن مسمار وغیرهم وکان ثقة کثیر الحدیث وذکره ابن حبان فی الثقات (التہذیب، جلد ۵، صفحہ ۶۴)

۶: **ابیہ:** یہ عامر کے والد حضرت سعد بن ابی وقاص ہیں۔ ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۸



Marfat.com

کوئی نبی نہیں ہے۔اور خیبر کے دن میں نے آنحضرت ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ضرور بالضرور میں علَم اس شخص کو دوں گا، جو اللہ جل جلالہ اور اسکے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے نیز اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔پس ہم میں سے ہر ایک نے اس جھنڈے کی امید رکھی۔تو سید دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ علی کو میرے پاس بلا لاؤ پس وہ آئے جبکہ ان کی آنکھیں دُکھ رہی تھیں۔آنحضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن مبارک ان کی آنکھوں پر لگایا اور انہیں جھنڈا عطا فرمادیا۔اور جب یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی ''اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو! کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرمادے اور تمہیں پاک کرکے خوب ستھرا کردے'' تو حضور نبی کریم ﷺ نے علی، فاطمہ، حسن اور حسین کو بلایا اور فرمایا، اے میرے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں۔

**حل لغت** سَبٌّ: گالی دینا، برا کہنا، کاٹنا۔ حُمَرٌ: سرخ۔ اَلنَّعَمُ: اونٹ۔ اَلرَّایَۃُ: جھنڈا، علَم۔ طَاوَلَ: امید رکھنا، ہاتھ دراز کرنا، فضل اور بخشش کی طلب میں غالب ہونا۔ رَمَدٌ: آشوبِ چشم، آنکھوں کا دکھنا۔ بَصَقٌ: تھوکنا۔

**تشریح** ارشاد ہے'' کہ اسے معاویہ نے حکم دیا'' یعنی امیر معاویہ نے اپنے عمال کو امیر المؤمنین، سید المتقین امام الاولیاء جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کو خطبوں میں برا کہنے کا حکم دیا تو سعد بن ابی وقاص نے حکم نہ مانا، تو ارشاد ہے'' پس کہا تجھے کونسی بات روک رہی ہے کہ تو ابا تراب کو برا نہیں کہتا'' یعنی امیر معاویہ نے کہا کہ اے سعد بن ابی وقاص تجھے کونسا امر مانع ہے کہ تو سیدنا امیر المؤمنین جناب ابوتراب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو (خاکم بدہن) گالی نہیں دیتا۔اس جواب طلبی پر سعد بن ابی وقاص نے فرمایا کہ'' جب تک مجھے وہ تین باتیں یاد ہیں جو کہ انکے متعلق پیغمبر اسلام ﷺ نے فرمائی ہیں میں کبھی بھی انہیں گالیاں نہ دوں گا۔البتہ ان (تین باتوں) سے ایک کا بھی حصول مجھے سرخ اونٹوں کے ملنے سے بھی زیادہ محبوب ہے'' ان تین باتوں میں پہلی بات یہ ہے کہ حضور ﷺ نے بعض غزوات پر اپنے بعد آپ علیہ السلام کو اپنا خلیفہ اور نائب مقرر فرمایا اور پھر جناب امیر المؤمنین کے استفسار پر آپ ﷺ نے فرمایا'' کہ اے علی تو تو میرے نزدیک ایسا ہے جیسے حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھے مگر ہاں ایک بات ہے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں ہے'' یعنی اے علی تجھے تو میرے اس فیصلے پر خوش ہونا چاہئے جو کہ میں تیرے متعلق کررہا ہوں کیونکہ تیرا رتبہ، تیرا مقام، تیری عزت اور تیری حرمت کا تو میرے نزدیک یہ حال ہے کہ جیسے حضرت ہارون علیہ السلام کا رتبہ، مقام، عزت اور حرمت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھی۔صرف اتنی بات ہے کہ چونکہ نبوت مجھ پر ختم ہے اور میرے بعد کسی قسم کا بھی نبی نہیں آسکتا لہٰذا تم نبی نہیں ہوسکتے باقی سب کی سب فضیلتیں اور مرتبے تمہارے لئے ہیں۔دوسری بات یہ ہے کہ جنگِ خیبر کے دن حضور نبی کریم ﷺ نے فتح ونصرت کا جھنڈا



Marfat.com

آپ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا اور یوں اللہ تبارک وتعالیٰ اور جناب رسول کریم ﷺ کی دوستی نیز اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول پاک ﷺ کی محبوبیت کی سند عظیم عطا فرمائی۔ اسی وجہ سے آپ رضی اللہ عنہ کے اسماء مبارکہ میں ایک اسم شریف ''صاحب الرایہ'' یعنی علمبردار یا صاحب نشان ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ جب قرآن حکیم کی آیۂ تطہیر نازل ہوئی تو اس وقت پیغمبر اسلام ﷺ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا اور حسنین کریمین علیہم السلام ورضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو طلب فرما کر ارشاد فرمایا ''اے میرے اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں'' جناب سعد بن ابی وقاص نے جناب امیر المؤمنین علیہ السلام کی یہ تین عظیم البرکت شرافتیں بیان فرما کر اس بات کا اقرار کیا کہ وہ عظیم شخصیت جس نے ہر وقت، ہر آن اور ہر لحہ اسلام کی برتری اور پیغمبر اسلام ﷺ کی عزت وحرمت پر سب کچھ نچھاور کر دیا تھا، جس کے متعلق قرآن حکیم کی آیات بینات نازل ہوتی ہوں اس کو سعد کس طرح گالی دے سکتا ہے یا برا کہہ سکتا ہے، بلکہ حقیقت تو یہ ہے اگر (اللہ نہ کرے) برا کہنے کے بدلے میں یا جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شانِ اقدس میں گستاخی کرنے کے عوض مجھے زر وجواہر اور بڑے سے بڑا عزت ووجاہت کا منصب دے دیا جائے تو تب بھی میں ہرگز ہرگز اس دولت یا منصبِ جلیلہ کو قبول نہیں کروں گا کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ میرے پیغمبر ﷺ نے جناب علی رضی اللہ عنہ کی عظیم عظیم فضیلتیں بیان کی ہیں اور بالخصوص جب کہ میں آنحضرت ﷺ سے تو یہ تین باتیں خوب اچھی طرح جانتا ہوں اور مجھے اچھی طرح یاد ہیں۔

اس حدیث شریف سے یہ بھی ثابت ہوا کہ حضور دافع البلاء والمرض ﷺ ہیں اور آپ کا لعابِ دہن مبارک عظیم البرکت دافع الامراض اور دافع الآم ہے۔ یہ آنحضور ﷺ کے معجزات میں سے ایک معجزہ کا ظہور تھا کہ جس وقت لعابِ دہن مبارک جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی دُکھتی آنکھوں پر لگایا تو فوراً شفایاب ہو کر تندرست ہو گئیں۔ بلکہ اس کے بعد کبھی بھی آپ رضی اللہ عنہ کو آنکھوں کا درد ہوا ہی نہیں۔

**حدیث نمبر ۱۱/۴** | اَنۡبَاَنَا حَرَمِیُّ ابۡنُ یُوۡنُسَ بۡنِ مُحَمَّدِ الطَّرۡسُوۡسِیّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ غَسَّانَ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا عَبۡدُ السَّلَامِ ۳ عَنۡ مُوۡسَی ۴ الصَّغِیۡرِ عَنۡ عَبۡدِالرَّحۡمٰنِ ۵ بۡنِ سَابِطٍ عَنۡ سَعۡدٍ ۶ قَالَ کُنۡتُ جَالِسًا فَتَنَقَّصُوۡا عَلِیَّ بۡنَ اَبِیۡ طَالِبٍ فَقُلۡتُ لَقَدۡ سَمِعۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰہِ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱

۱؎ حرمی بن یونس: حرمی بن یونس بن محمد الطرسوسی. ابراهیم بن یونس بن محمد البغدادی نزیل طرسوس لقبه حرمی بلفظ النسب بمهملین صدوق من الحادیة عشرة (تقریب، صفحہ ۲۴) وقال النسائی صدوق، قلت وقال فی اسامی شیوخه لا بأس به. (التہذیب، جلد ۱، صفحہ ۱۸۵) (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

بقیہ حاشیہ: ۲: ابوغسان: مالک بن اسماعیل النهدی ابوغسان الکوفی سبط حماد ابن ابی سلیمان ثقة متقن صحیح الکتاب عابد من صغار التاسعة مات سنة سبع عشرة. (تقریب، صفحہ ۳۲۶) روی عن عبدالوهاب بن سلیمان بن الغسل و زیاد البکائی ء وجماعة و روی عنه البخاری محمد بن یحیی بن سعید القطان و حرمی بن یونس بن محمد المؤدب و ابو حاتم و آخرون قال عثمان بن شیبة ابو غسان صدوق ثبت متقن امام من الائمة الخ (التہذیب، جلد ۱۰ صفحہ ۳ تا ۴)

۳: عبدالسلام بن حرب: عبدالسلام بن حرب بن سلمة النهدی بالنون الملائی بضم المیم و تخفیف الام ابوبکر الکوفی اصله بصری ثقة، حافظ، له مناکیر من صغار الثامنة مات سنة سبع ثمانین وله ست و تسعون سنة. (تقریب، صفحہ ۲۱۳) روی عن یحیی بن سعید الانصاری ویونس بن عبید وغیرهم و عنه، ابن اسحاق و هو اکبر منه و ابو نعیم وابوغسان النهدی وهناد بن السری و قتیبة بن سعید وغیرهم، قال عثمان الدارمی عن ابن معین صدوق وقال غیره عن یحیی لیس به بأس یکتب حدیثه وقال ابوحاتم ثقة صدوق وقال الترمذی ثقة حافظ قلت وقال النسائی فی التمیز لیس به بأس وقال الدارقطنی ثقة حجة وقال العجلی قدم الکوفة یوم مات ابو اسحاق السبیعی وهو عند الکوفیین ثقة ثبت و البغدأدیون یتنکرون بعض حدیثه و الکوفیون اعلم به و قال یعقوب بن شیبة ثقة فی حدیثه لین وقال ابن سعد کان به ضعف فی الحدیث و کان عسر او ذکره الدارقطنی و الحاکم و ابو اسحاق الحبال و غیرواحد فی افراد البخاری وحدیثه فی مسلم قلیل. (التہذیب، جلد ۶ صفحہ ۳۱۶ تا ۳۱۷)

۴: موسیٰ بن مسلم الکوفی: موسی بن مسلم الکوفی ابو عیسی الطحان له، موسی الصغیر لابأس به، من السابعة مات وهو ساجد (تقریب، صفحہ ۳۵۲) یقال الشیبانی ابو عیسی الکوفی الطحان المعروف به الصغیر، روی عن ابراهیم التیمی و ابراهیم النخعی و عبدالسلام بن حرب وغیرهم وقال الدوری عن ابن معین موسی الصغیر الذی یروی عنه ابو معاویة هو موسی بن مسلم و هو موسی الطحان وهو موسی الصغیره ثقة وذکره ابن حبان فی الثقات قلت و قال اکثر ما یقع فی الروایت موسی الصغیر. (تہذیب التہذیب، جلد ۱۰ صفحہ ۳۷۲)

۵: عبدالرحمٰن بن سابط: عبد الرحمن بن سابط و یقال ابن عبدالله بن سابط و هو انصحیح ویقال ابن عبدالله بن عبد الرحمن الجمعی المکی ثقة کثیر الارسال من الثالثة مات سنة ثمانی عشرة (تقریب، صفحہ ۲۰۲) عبد الرحمن بن سابط و یقال عبدالرحمن بن عبدالله بن سابط بن ابی حمیفة ابن عمرو بن اهیب بن حذیفة بن جمع الجمحی المکی تابعی ارسل عن النبی صلی الله علیه واله وسلم روی عن عمرو سعد بن ابی وقاص و عباس بن عبدالمطلب وعباس بن ابی ربیعه و معاذ بن جبل وابی ثعلبه الغثنی وقیل لم یدرک واحد منهم و عن ابیه وله، صحبة وجابر وابی عمامة و ابن عباس و عائشة وعمروبن میمون الاودی و حفصة بنت عبد الرحمن بن ابی بکر وغیرهم و عنه، ابن جریح ولیث ابن ابی سلیم قیل یحیی بن معین سمع عبدالرحمن بن ابی وقاص قال لا قیل من ابی عمامة قال لاقیل من جابر قال لا مو مرسل و ذکره الحثیم عن عبدالله بن عیاش فی الفقها من اصحاب ابن عباس، قال ابن سعد اجمعوا علی ذالک و کان ثقة کثیر الحدیث له فی صحیح مسلم حدیث واحد فی الفتن. (التہذیب، جلد ۶ صفحہ ۱۸۰)

۶: سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶



Marfat.com

صَلّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ لَهٗ خِصَالاً ثَلٰثاً لَاَنْ یَکُوْنَ لِیْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ اِنَّهٗ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ وَ سَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ لَاُعْطِیَنَّ الرَّاْیَةَ غَدًا رَجُلاً یُّحِبُّ اللهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ یُحِبُّهُ اللهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ سَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میں ایک جگہ بیٹھا ہوا تھا جہاں (چند افراد نے) علی بن ابی طالب کی برائی بیان کی۔ پس میں نے کہا البتہ تحقیق میں نے جناب رسول کریم ﷺ سے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کیلئے تین خصلتیں ہیں۔ ان میں سے اگر ایک مجھ (سعد) کو مل جاتی تو مجھے سرخ اونٹوں کے مل جانے سے یہ محبوب تر ہے۔ میں نے حضور ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ اس کا مرتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسے ہارون علیہ السلام کا مرتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر یاد رکھو میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔ اور میں نے پیغمبر اسلام ﷺ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے ضرور بالضرور کل میں علم اس شخص کو دوں گا جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔ نیز میں نے پیغمبر اسلام ﷺ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ میں جس کا مولیٰ ہوں علی بھی اس کا مولیٰ ہے۔

**حل لغت** فَتَنَقَّصُوْا: پس لوگوں نے برائی بیان کی، اس کا مصدر تَنَقُّصٌ ہے، نقص کی نسبت کرنا، برائی کرنا۔ خِصَالاً: فوقیت لے جانا، بڑھ جانا، فضیلت رکھنا، خصلت، عادت، خصوصیت، خو۔ مَوْلَا: مولیٰ کے بہت معنی آئے ہیں، رب، مالک، سردار، منعم، آزاد کرنیوالا، مددکرنیوالا، محبّ، تابع، ہمسایہ، چچا کا بیٹا، حلیف، عقید، داماد، خسر، غلام، آزاد کیا ہوا، جس پر احسان کیا جائے اور یہ لفظ بہت حدیثوں میں وارد ہے تو ہر ایک مقام پر مناسب معنی پر محمول ہوگا۔ (لغات الحدیث کتاب ''و'' صفحہ ۱۰۸ مصنفہ مولوی وحید الزمان صاحب۔ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی)

**تشریح** ارشاد ہے ''کہ میں ایک جگہ بیٹھا ہوا تھا جہاں (چند افراد نے) علی ابن ابی طالب کی برائی بیان کی'' یعنی اس مجلس میں بعض افراد نے امام الاولیاء امیر المؤمنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی برائی بیان کی، آپ پر طعن کیا۔ آپ کے نقائص بیان کرنے شروع کر دیئے۔ آپ کی شانِ اقدس میں یاوہ گوئی بکنے لگے۔ تو مجھ سے نہ رہا گیا۔ اور میں نے ان دریدہ دہنوں، گستاخوں اور بے ادبوں کو کہا کہ جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی تعریف و توصیف مجھ سے سنو کہ وہ کتنی عظیم اور بابرکت شخصیت ہے جس کی تعریف و توصیف حضور پاک ﷺ نے بیان فرمائی ہے ارشاد ہے ''کہ



Marfat.com

اس کیلئے تین خصلتیں ہیں کہ ان میں سے ایک اگر مجھ کو مل جاتی تو مجھے سرخ اونٹوں کے مل جانے سے یہ خوب تر ہے" یعنی اگر مجھے بہت ہی قیمتی زر و جواہر اور زیادہ سے زیادہ قیمتی اونٹ بھی مل جائیں تو میں ان تینوں خصلتوں میں سے ایک خصلت کو ہی قبول کرتا اور ان دوسری قسم کی دولتوں کو قبول نہ کرتا، فرماتے ہیں "میں نے حضور ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ اس (علی علیہ السلام) کا مرتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جسے ہارون علیہ السلام کا مرتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔ مگر یاد رکھو میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں" یعنی موسیٰ علیہ السلام کی نظر میں جو اعلیٰ اور برگزیدہ مرتبہ و مقام جناب ہارون علیہ السلام کو حاصل تھا وہی اعلیٰ مرتبہ اور مقامِ بلند جناب سیدنا امام الاولیاء امیر المؤمنین علی المرتضیٰ علیہ السلام کو حضور سرور عالم و عالمیان جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نظر مبارک میں حاصل ہے۔ مگر ہاں مراتب علیا میں ایک مرتبہ ایسا ہے جسے مرتبہ نبوت کہتے ہیں۔ وہ آپ علیہ السلام کو حاصل نہیں چونکہ سلسلہ نبوت پیغمبر اسلام جناب خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر ختم ہے اور آنحضرت ﷺ کے بعد نہ تو کسی قسم کا نبی آسکتا ہے اور نہ ہی رسول، اس لئے جناب علی المرتضیٰ کو صرف یہ مرتبہ حاصل نہیں۔ ارشاد ہے "میں نے پیغمبر اسلام ﷺ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے ضرور بالضرور کل میں علم اس شخص کو دوں گا جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے نیز اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں" یعنی جہادِ خیبر کے موقع پر علم (جھنڈا) اس عظیم مرتبہ کے حامل کو دیا جائے گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب ﷺ کا محبوب ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس کے محبوب ہیں۔ یہ علم دوسرے دن جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو پیغمبر اسلام ﷺ نے مرحمت فرمایا۔ اور فتح و نصرت نے آپ علیہ السلام کے قدم چومے۔ نیز ارشاد فرمایا "میں نے پیغمبر اسلام ﷺ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے جس شخص کا میں مولیٰ ہوں علی بھی اس کا مولیٰ ہے" یعنی جس کا میں آقا و سردار ہوں جناب علی المرتضیٰ بھی اس کا آقا و سردار ہے، صاحبِ "لغات الحدیث" تحریر کرتے ہیں۔ (لغات الحدیث آخری جلد کتاب "و" صفحہ ۱۰۸)

"حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ نے (حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا) "اَصْبَحْتَ مَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ وَ مُؤْمِنَۃٍ" یعنی تم تو ہر مسلمان مرد اور ہر مسلمان عورت کے مولیٰ بن گئے" یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علیہ السلام کو مبارک باد دی، جب آنحضرت ﷺ نے یہ حدیث بیان فرمائی "مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ" کہتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام سے کہا کہ تم میرے مولیٰ نہیں ہو میرے مولیٰ تو رسول اللہ ﷺ ہیں اس وقت آپ ﷺ نے یہ حدیث فرمائی" صواعق محرقہ میں علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث شریف "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں" رواہ عن النبی صلی اللہ علیہ و الہ وسلم ثَلٰثُوْنَ



Marfat.com

صَحَابِيًّا اِنَّ كَثِيْرًا مِنْ طُرُقِهٖ صحيح و حسن "یعنی اس حدیث کو حضور سرورِ عالم و عالمیان ﷺ سے تیس صحابیوں نے روایت کیا ہے اس میں اکثر روایتیں صحیح اور حسن ہیں۔ حضور سرورِ کائنات سیدِ کل، سرورِ عالم و عالمیان جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ مخلوقاتِ الٰہی کی ہر شے کے مولیٰ ہیں۔ لہٰذا اس ارشادِ گرامی کے مطابق جناب ابوتراب سیدنا و مولانا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم بھی یقیناً اس تمام مخلوقِ الٰہیہ کے مولیٰ ہیں۔ حضرت سید الانس و الجان، پیغمبر اسلام ﷺ کا یہ ارشاد امام الاولیاء جناب امیر المؤمنین علیہ السلام کی عظمتِ شان اور فضیلتِ عظیم پر ایک بیّن دلیل اور برہانِ قاطع ہے۔ عارف باللہ، واقف سرِ حقیقت و معرفت حضرت شاہ نیاز احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ بریلوی فرماتے ہیں

پیمبر بر سر منبر نشست و خواند مولائش
کہ تا مولائش را باشد اندر خلق برہانے

**حدیث نمبر ۵/۱۲** | اَخْبَرَنِيْ زَكَرِيَّا ۱ ابْنُ يَحْيَى السَّجِسْتَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ ۲ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ۳ ابْنُ دَاوٗدَ عَنْ عَبْدِالْوَاحِدِ ۴ ابْنِ اَيْمَنَ عَنْ اَبِيْهِ ۵ اِنَّ سَعْدًا ۶ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاَدْفَعَنَّ الرَّاْيَةَ اِلٰى رَجُلٍ يُّحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ يَفْتَحُ عَلٰى يَدَيْهِ فَاسْتَشْرَفَ لَهَا اَصْحَابُهٗ فَدَفَعَهَا اِلٰى عَلِيٍّ

**ترجمہ** | جناب سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ضرور بالضرور میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے نیز خداوند تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس شخص سے محبت کرتے ہیں جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح دے گا۔ آنجناب ﷺ کا ہر ایک صحابی اس کا خواہش مند ہوا تو پیغمبر ﷺ نے وہ جھنڈا (حضرت) علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو دے دیا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲

۱: زکریا بن یحییٰ السجستانی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۹

۲: نصر بن علی: نصر بن علی الجهضمی ثقة ثبت ، طلب للقضاء فامتنع من العاشرة (تقریب، صفحہ ۳۵۷) روی عن ابیه و زید بن زریع و عبدالاعلی ابن عبدالاعلی ومسلم بن ابراهیم و خلق کثیر روی عنه الجماعة. وروی النسائی ایضا عن زکریا السنجری ویحیی بن محمد بن مساعد و آخرون و قال النسائی و ابن فراش ثقة. وقال ابو علی بن الصواف عن عبد الله بن احمد لما حدث نصر بن علی بهذا الحدیث یعنی حدیث علی ابن ابی طالب ان رسول الله صلی الله علیه واله وسلم (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** فَاسْتَشْرَفَ :خواہش مند ہوئے، اِسْتِشْرَافٌ مصدر ہے جس کے معنی ظلم کرنا، کسی چیز کو آنکھ اٹھا کر دیکھنا، اچھی طرح غور کر کے دیکھنا، طلب کرنا، خواہش کرنا، امید رکھنا کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے ''حضور ﷺ کا ہر ایک صحابی رضی اللہ عنہ اس کا خواہشمند ہوا'' یعنی جناب سید دو عالم ﷺ کے وہ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جو کہ جنگِ خیبر میں موجود تھے یہی امید رکھتے تھے اور ہر ایک کی یہی خواہش تھی کہ یہ فتح وظفر والا جھنڈا کل صبح اسے ملے۔ ارشاد ہے ''تو پیغمبر ﷺ نے وہ جھنڈا (حضرت) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کو دیدیا'' یعنی رحمت للعالمین، شفیع المذنبین، عالمِ علومِ اولین وآخرین جناب احمد مجتبیٰ حضرت سیدنا ومولانا محمد مصطفیٰ ﷺ نے یہ فتح ونصرت کا نشان جنگِ خیبر میں مولائے کائنات اسد اللہ الغالب علیٌّ کل غالب امیر المؤمنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلا کر مرحمت فرمایا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کرم اللہ وجہہ الکریم کی برکت، وسیلہ اور مجاہدانہ عزم ویقین کی بدولت لشکر اسلام کو کامیابی وکامرانی سے ہمکنار فرمایا۔ حضور سرورِ عالم وعالمیان ﷺ کا ارشادِ گرامی ''یُفْتَحُ اللّٰہُ عَلٰی یَدَیْہِ'' ''جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح دے گا'' نہایت ہی قابلِ غور اور لائقِ توجہ ہے گویا سید دو عالم ﷺ کو یہ علم تھا کہ فتح ہوگی نیز یہ بھی جانتے تھے کہ جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے ذریعہ اور ان کے زیرکمان یہ جنگ لڑی جائے گی اس سے نبی کریم ﷺ کا علمِ غیب اور امام الاولیاء کرم اللہ وجہہ الکریم کی شانِ محبوبیت روزِ روشن کی طرح عیاں ہے۔

---

بقیہ حاشیہ: اخذ بید حسن و حسین و فقال من احبنی واحب هذین واباها و امهما كان فی درجتی یوم القیامة. المتوكل بضربه الف سوط فكلمه فیه جعفر بن عبدالواحد وجعل یقول له، هذا ابن اهل السنة ، فلم یزل حتی تركه، وقال البخاری مات فی ربیع الاخرسنة خمسین و مائتین (تہذیب، جلد۱۰، صفحہ۴۳۱)

۳: عبداللہ بن داؤد: عبدالله بن داؤد بن عامر الهمدانی ابوعبد الرحمن الخریبی بمجمة مؤحدة مصغرا كوفی الاصل ، ثقة عابد من التاسعة (تقریب، صفحہ۱۷۲) روی عن اسمعیل بن ابی خالد وسلمة ابن نبیة والاعمش وجماعة و عنه الحسن بن صالح ابن حیی وهو من شیوخه و عارم و مسعود و نصر بن علی الجهضمی و بشربن موسی وغیرهم قال ابن سعد كان ثقة عابدا تاسعا قال معاویه بن صالح عن ابن معین ثقة صدوق مامون وقال الدارقطنی ثقة زاهد قال ابن سعد مات فی شوال سنة ثلث عشرة و مائتین. وقال الخلیلی امسک من الروایة قبل موته ، قال الذهبی ، فلذالک لم یسمع منه البخاری. (تہذیب جلد۵ صفحہ۱۹۹/۲۰۰)

۴: عبدالواحد بن ایمن: عبدالواحد بن أیمن و ثقة ابن معین، قال ابو حاتم ، صالح الحدیث ، وعن النسائی والبراز ، لیس به باس ، (الجرح والتعدیل جلد۶ صفحہ۱۹۔ التہذیب، جلد۶ صفحہ۴۳۳)

۵: ابیہ: یہ عبدالواحد کے والد ایمن المکی ہے ثقہ ہے اور طبقہ رابعہ سے ہے۔ (تقریب، صفحہ۴۰)

۶: سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۸



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۳/۶** | حَدَّثَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ [۲] قَالَ اَنْبَأَنَا ابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى [۳] عَنِ الْحَكَمِ [۴] وَ الْمِنْهَالِ [۵] عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ [۶] بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَبِيْهِ [۶] اَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ وَ كَانَ يَمِيْرُ مَعَهُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ اَنْكَرُوْا مِنْكَ اَنَّكَ تَخْرُجُ فِي الْبَرْدِ فِي الْبِلَآءِ وَ تَخْرُجُ فِي الْحَرِّ فِي الْحَشْوِ وَ الثَّوْبِ الْغَلِيْظِ قَالَ اَوَلَمْ تَكُنْ مَعَنَا بِخَيْبَرَ قَالَ بَلٰى قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَابَكْرٍ وَ عَقَدَ لَهُ الرَّايَةَ فَرَجَعَ وَ بَعَثَ عُمَرَ وَ عَقَدَلَهٗ لِوَآءً فَرَجَعَ بِالنَّاسِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُّحِبُّ اللهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يُحِبُّهُ اللهُ وَ رَسُوْلُهٗ كَرَّارٌ لَيْسَ بِفَرَّارٍ فَاَرْسَلَ اِلَيَّ وَ اَنَا اَرْمَدُ فَقُلْتُ اِنِّيْ اَرْمَدُ فَتَفَلَ فِيْ عَيْنِيْ وَ قَالَ اللّٰهُمَّ اكْفِهِ اَذَى الْحَرِّ وَ الْبَرْدِ قَالَ

فَمَا وَجَدْتُ حَرًّا بَعْدَ ذَالِكَ وَلَا بَرْدًا

**ترجمہ** | ابی لیلیٰ سے روایت ہے۔انہوں نے (حضرت) علی (علیہ السلام) سے کہا جب کہ وہ ان کے ساتھ جا رہے تھے کہ آپ پر لوگ تعجب کرتے ہیں اس لئے کہ آپ سردی میں باریک کپڑوں میں باہر آتے ہیں اور گرمی میں روئی کے موٹے سخت قسم کے کپڑے پہن کر باہر آتے ہیں۔آپ نے فرمایا کیا تو خیبر کی لڑائی میں ہمارے ساتھ نہیں تھا اس نے کہا یقیناً تھا تو آپ نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ نے (جناب) ابوبکر (صدیق ؓ) کو علم دیکر بھیجا۔تو وہ لوٹ آئے۔پھر (جناب) عمر (فاروق ؓ) کو علم دیکر بھیجا تو وہ بمعہ ساتھیوں کے پلٹ آئے۔تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ضرور بالضرور میں اس شخص کو علم دوں گا جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور خداوند بزرگ و برتر و رسول کریم ﷺ اس شخص سے محبت کرتے ہیں۔پلٹ پلٹ کر حملہ کرنے والا ہے۔بھاگنے والا نہیں ہے۔تو حضور ﷺ نے میری طرف آدمی بھیجا۔حالانکہ میری آنکھیں دکھ رہی تھیں۔تو میں نے عرض کیا کہ میری آنکھیں دکھ رہی ہیں تو جناب رسول اللہ ﷺ نے میری دونوں آنکھوں پر تھوکا۔اور دعا فرمائی، اے اللہ! اس کو گرمی اور سردی کی تکلیف سے بچا (جناب) علی المرتضیٰ (علیہ السلام) نے ارشاد فرمایا اس دعا کے بعد میں نے کبھی بھی گرمی اور سردی کی تکلیف محسوس نہیں کی۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳

[۱] احمد بن سلیمان الرہاوی۔ ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)

**حل لغت** اَنْکَرُوْا: تعجب کرتے ہیں، اس کا مصدر اِنْکَارٌ ہے جس کے معنی نہ پہچاننا، قبول نہ کرنا، نہ ماننا، تسلیم نہ کرنا، اقرار نہ کرنا، تعجب کا اظہار کرنا، عجیب و غریب سمجھنا۔ حَشْوٌ: روئی، بھرنا۔ کَرَّارٌ: بار بار پلٹ پلٹ کر دشمن پر وار کرنے والا، بار بار حملہ کرنے والا، یہ کُرَّا کی صفت ہے۔ اَرْمَدُ: میری آنکھیں دکھ رہی تھیں۔ الرمد: آشوب چشم، آنکھ کا دکھنا۔ تَفَلَ: تھوکا، تُفْلٌ مصدر ہے جس کے معنی تھوتھو کرنا، ایسی تھوتھو کرنا جس میں کچھ تھوک بھی نکلے۔

---

بقیہ حاشیہ:۲: عبیداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲

۳: ابن ابی لیلیٰ: ابن ابی لیلی، هو محمد بن عبد الرحمن بن ابی ليلى الانصارى الكوفى القاضى ابو عبد الرحمن صدوق سيئى الحفظ جدا من السابعة. مات سنة ثمان واربعين (تقریب، صفحہ ۳۰۸) روى عن اخيه عيسى وابن اخيه عبدالله بن عيسى و نافع مولى ابن عمر و ابى الزبير المكى وعطاء بن ابى رباح و عطية و عمروبن مرة و سلمة بن كهيل و المنهال بن عمر و داؤد بن على والاجلح بن عبدالله وغيرهم. روى عنه ابن عمران و قريبه عيسى بن المختار بن عبدالله بن عيسى و عبيدالله بن موسى و ابو نعيم و آخرون. وهوسيئى الحفظ قال شعبة "افادني ابن ابى ليلى احاديث فاذاهى مقلوبة وقال ابن حجر، صدوق سيئى الحفظ جدا وقال ابن خزيمة ليس بالحافظ وان كان فقيها عالما. (التہذیب، جلد ۹، صفحہ ۳۰۱ تا ۳۰۳۔ المیزان جلد ۳، صفحہ ۶۱۳)

۴: الحکم بن عتیبۃ: الحكم بن عتيبة بالمثناة ثم المؤحدة مصغرا ابومحمد الكندى الكوفى ثقة ثبت فقيه الاانه، ربما دلس، من الخامسة مات سنة ثلث عشرة او بعدها له نيف و ستون. (تقریب، صفحہ ۸۰) روى عن ابى حجيفة و زيد بن ارقم و ابن ابى ليلى وغيرهم من التابعين و روى عن عمرو بن شعيب وهو اكبر عنه، و عنه الاعمش و منصور و محمد بن حجادة و ابو اسحاق السبيعى و ابو اسحاق الشيبانى وقتادة وغيرهم من التابعين وقال مجاهد بن رومى رأيت الحكم فى مسجد الحنيف و علماء الناس عيال عليه وقال جريرعن مغيرة كان الحكم اذا قدم المدنية اخلواله، سارية النبى صلى الله عليه واله وسلم يصلى ايما. وقال عباس الدورى كان صاحب عبادة و فضل و قال ابن عيينة ما كان بالكوفة بعد ابراهيم و الشعبيى مثل الحكم و حماد و قال ابن مهدى الحكم بن عتبية ثقة ثبت و لكن يختلف معنى حديثه وقال ابن معين و ابو حاتم و النسائى ثقة ثبت. وقال ابن سعد كان ثقة، ثقة فقيها عالما رفعيا كثير الحديث. (التہذیب، جلد ۲ صفحہ ۴۳۲ تا ۴۳۴)

۵: والمنہال: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۶:۴

۶: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ: عبد الرحمن بن ابى ليلى للانصارى المدنى ثم الكوفى ثقة من الثانية اختلف فى سماعه من عمرمات بوقعة الجماجم سنة ست و ثمانين قيل انه غرق. (تقریب، صفحہ ۲۰۹)

۷: ابیہ: یہ عبدالرحمٰن کے والد ابی لیلیٰ انصاری ہیں، صحابی ہیں۔ ان کا نام بلال یا بلیل ہے۔ وقال داؤد و قيل هو يسار وقيل اوس شهدا احد او ما بعدها و عاش الى خلافة على. (تقریب، صفحہ ۴۲۴)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے "جب کہ وہ اس کے ساتھ جا رہے تھے" یعنی ابی لیلیٰ، جناب سیدنا امیر المؤمنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک سفر میں ہم رکاب تھے۔ ارشاد ہے کہ "لوگ آپ پر تعجب کرتے ہیں اس لئے کہ آپ سردی میں باریک کپڑوں میں باہر آتے ہیں اور گرمی میں روئی کے موٹے سخت قسم کے کپڑے پہن کر باہر نکلتے ہیں" گویا سردیوں میں باریک لباس کی وجہ سے آپ کو سردی نہیں محسوس ہوتی اور گرمیوں میں روئی کے دبیز موٹے سخت قسم کے کپڑے زیب تن فرما کر تشریف فرما ہوتے ہیں۔ تو آنجناب کے وجود مبارک پر گرمی کا ذرہ برابر احساس نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی دیکھنے والا آپ پر گرمی کے آثار پاتا۔ یہ کیفیت دیکھ کر ہر ایک تعجب کا اظہار کرتا تھا اور عجیب و غریب واقعہ سمجھتا۔ اسی لئے ابی لیلیٰ نے حیرت واستعجاب کا اظہار کیا۔ ارشاد ہے "آپ ﷺ نے فرمایا کیا تو خیبر کی لڑائی میں ہمارے ساتھ نہیں تھا۔ تو اس نے کہا کہ یقیناً میں تھا" گویا اس واقعہ کو آپ اسے یاد کروا رہے ہیں کہ واقعہ تو تمہاری موجودگی میں ہوا تھا پھر تمہیں یاد کیوں نہیں رہا۔ پھر آپ ﷺ نے واقعات بیان فرمائے۔ خیبر مدینہ منورہ سے دوسو میل کے فاصلہ پر یہودیوں کا ایک مرکزی مقام تھا۔ بقول مولانا شبلی نعمانی

> "وہ نخلستان جس کے کنارے پر خیبر ہے نہایت زرخیز ہے۔ یہاں یہود نے نہایت مضبوط متعدد قلعے بنائے تھے جن میں سے بعض کے آثار اب تک باقی ہیں" (سیرۃ النبی، جلد ۱، صفحہ ۳۴۸)

خیبر میں چھ قلعے تھے، قموص، سالم، نطاۃ، شق، قصارۃ اور مربطہ ان تمام قلعوں میں قموص بہت ہی مضبوط قلعہ تھا عرب کا مشہور و معروف پہلوان مرحب جو کہ ہزار سوار کے برابر جانا جاتا تھا اسی قلعہ کا رئیس تھا۔ محرم ۷ ہجری میں آپ ﷺ مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے۔ سولہ سو مجاہدین کا لشکر تھا جس میں دوسو سوار تھے باقی پیدل۔ ارشاد ہے "حضرت رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ضرور بالضرور میں اس شخص کو علم عطاء کروں گا جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور خداوند تعالیٰ و رسول کریم ﷺ اس شخص سے محبت کرتے ہیں"

مولانا شبلی نعمانی سیرۃ النبی، جلد ۱، صفحہ ۳۴۸ پر لکھتے ہیں

> "اس وقت لڑائیوں میں علم کا رواج نہ تھا چھوٹی چھوٹی جھنڈیاں ہوتی تھی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ آپ ﷺ نے تین علم تیار کروائے۔ وہ علم جو خاص علمِ نبوی تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مرحمت فرمایا۔ وہ عائشہ صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کی چادر سے تیار کیا گیا تھا"

ارشاد ہے "کہ پلٹ پلٹ کر حملہ کرنے والا ہے بھاگنے والا نہیں ہے" زبانِ نبوت سے جو کہ وحی الٰہی ہے جناب امیر المؤمنین ابوتراب سیدنا و مرشدنا و مولانا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی کتنی اعلیٰ اور پاکیزہ تعریف ہو رہی ہے کہ وہ بہت



Marfat.com

ہی بہادر، لڑائی کی تدابیر سے کماحقہٗ واقف ہے، دشمن سے ڈرتا ہی نہیں، بلکہ بار بار پلٹ پلٹ کر دشمن پر حملہ آور ہوتا ہے اور اسے کیفر کردار تک پہنچاتا ہے۔ اتنے پکے اور پختہ عزم کا مالک ہے کہ بھاگنا اس کے ذہن مبارک میں ہے ہی نہیں۔ ارشاد ہے "تو نبی کریم ﷺ نے میری طرف آدمی بھیجا حالانکہ میری آنکھیں دکھ رہی تھیں" یعنی جنگ خیبر کے دن جب حضور نبی کریم ﷺ نے مجھے طلب فرمایا تو میری آنکھیں دکھ رہی تھیں یہاں تک کہ کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا تھا کافی سے زیادہ سوجن تھی مگر جب بلانے والا آیا تو میں حاضر خدمت ہوگیا۔ میری اس کیفیت کو دیکھ کر سرورِ عالم ﷺ نے مجھے قریب بلایا۔ ارشاد ہے "تو حضور پاک ﷺ نے میری دونوں آنکھوں پر تھوکا" یعنی میری دونوں آنکھوں پر اپنا لعابِ دہن لگایا۔ لعابِ دہن لگتے ہی میری آنکھیں شفایاب ہوگئیں۔ آنکھوں کی سوجن، درد اور سوزش جاتی رہی، ایک حدیث میں ہے فَبَرَأَ كَانَ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ "پس دونوں آنکھیں تندرست ہوگئیں گویا ان کو کبھی دکھ ہوا ہی نہ تھا" سید دوعالم ﷺ کے لعابِ دہن مبارک میں ہر قسم کی بیماری کیلئے شفا تھی۔ اور یہ آنحضور ﷺ کے وجود مبارک کے معجزات میں سے ایک معجزہ تھا۔ ارشاد ہے "اور دعا فرمائی اے میرے اللہ! اس کو گرمی اور سردی کی تکلیف سے بچا۔ (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) نے فرمایا اس دعا کے بعد میں نے کبھی بھی گرمی اور سردی کی تکلیف محسوس نہیں کی" جناب علامہ ابوالحسن مصنفِ "فیض الباری شرح اردو صحیح بخاری" فرماتے ہیں

"اس حدیث سے بھی حضرت علی ﷺ کی کمال فضیلت ثابت ہوئی کہ نہ ان کو گرمی لگتی تھی اور نہ سردی اور یہ ایسی فضیلت ہے کہ ان کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہوئی"

**حدیث نمبر ۱۴/۱۷** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبِ الْمَرْوَزِيِّ قَالَ اَنْبَأَنَا مُعَاذُ ۲ بْنُ خَالِدٍ قَالَ اَنْبَأَنَا الْحُسَيْنُ ۳ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۴ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ بُرَيْدَةَ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴

۱۔ محمد بن علی بن حرب: محمد بن على بن حرب المروزى المعروف بالترك بضم المثناة و سكون الراء وقد ينسب الى جده ثقة من الحادية عشرة (تقریب، صفحہ ۳۱۱)

۲۔ معاذ بن خالد: معاذ بن خالد بن شفيق ابن دينار العبدى مولاهم ابو بكر المروزى صدوق. من كبار العاشرة مات على رأس المائتين (تقریب، صفحہ ۳۴۰) روى عن حماد بن سلمة والثورى وصالح المرى و حسين بن واقد وغيرهم وعنه عبدالله بن عثمان عبدان و ابراهيم بن اسحاق الطالقانى محمد بن على بن حرب و آخرون. قال ابن حبان فى الثقات مات قبل المائتين كذا قال و الاشبه ان يكون مات بعدها قلت ، قال الذهبى له، منا كير و قد احتمل (التہذیب، جلد ۱۰ صفحہ ۱۸۹)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

يَقُوْلُ حَاصَرْنَا خَيْبَرَ وَ اَخَذَ اللِّوَآءَ اَبُوْبَكْرٍ فَلَمْ يُفْتَحْ لَهٗ وَاَخَذَهٗ مِنَ الْغَدِ عُمَرُ فَانْصَرَفَ وَلَمْ يُفْتَحْ لَهٗ وَ اَصَابَ النَّاسَ يَوْمَئِذٍ شِدَّةٌ وَّجَهْدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنِّيْ دَافِعٌ لِوَائِيْ غَدًا اِلٰى رَجُلٍ يُّحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ يُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهٗ حَتّٰى يُفْتَحَ لَهٗ وَ بِتْنَا طَيِّبَةً اَنْفُسُنَا ان يفتح غَدًا فَلَمَّا اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَّى الْغَدَاةَ ثُمَّ قَامَ قَائِمًا وَ دَعَا بِاللِّوَآءِ وَالنَّاسُ عَلٰى مَصَافِّهِمْ فَمَا مِنَّا اِنْسَانٌ لَهٗ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَّا وَهُوَ يَرْجُوْ اَنْ يَّكُوْنَ صَاحِبَ اللِّوَاءِ فَدَعَا عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَهُوَ اَرْمَدُ فَتَفَلَ فِيْ عَيْنَيْهِ وَ مَسَحَ عَنْهُ وَ دَفَعَ اِلَيْهِ اللِّوَآءَ وَ فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ وَقَالَ اَنَا فِيْمَنْ تَطَاوَلَ لَهَا

**ترجمہ** | عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابی بریدہ سے سنا کہ ہم نے خیبر کو گھیرا

---

بقیہ حاشیہ: ۳: **الحسین بن واقد**: الحسين بن واقد المروزي ابو عبدالله القاضي ثقة له اوهام من السابعة مات سنه ، تسع ويقال سبع و خمسين. (تقریب،صفحہ۷۵) روی عن عبدالله بن عبدالله بن بريدة و ثابت البناني ثمامة بن عبدالله بن انس وزيد بن الحباب و عبدالله بن المبارك وغيرهم. فقال ابن المبارك و من الناس الحسين وقال الاثرم عن احمد ليس به انني عليه وقال ابن ابي خيثمة عن ابن معين ثقة وقال ابوزرعة والنسائي ليس به بأس وقال ابن حبان كان على قضاء مرو كان خيار الناس و ربما اخطأ في الروايات. قال علي بن الحسين بن واقد مات ابي سنة (۱۵۹) قال و يقال (۱۵۷) قلت وجزم و ابن حبان في الثقات بالاول وكناه اباعلي وكذا كناه البخاري و ابوحاتم والدارقطني وكذا ذكره مسلم والنسائي والدولاني والحاكم ابواحمد وغيرهم والله اعلم. (التہذیب،جلد۲صفحہ۳۷۴)

۴: **عبداللہ بن بریدہ**: عبدالله بن بريده بن الحصيب الا سلمي ابوسهل المروزي. قاضيها ثقة من الثالثة مات سنة خمس و مائة و قيل بل خمس عشرة وله مائة سنة. (تقریب،صفحہ۱۶۸) روی عن ابيه وابن عباس و ابن عمر و عبدالله بن عمرو و ابن مسعود و عبد الله بن معقل و ابي موسى الاشعري و ابي هريره ،عائشة وجماعة و عنه بشير بن المهاجر وسهل بن بشير و حسين بن واقد المروزي والوليد بن ثعلبة وغيرهم. وقال ابن معين والعجلي وابو حاتم ثقة. (التہذیب،جلد۵،صفحہ۱۵۷)

۵: **بریدۃ بن الحصیب**: بريدة بن الحصيب بمهملتين مصغرا ابوسهل الاسلمي صحابي اسلم قبل بدر مات سنة ثلث وستين (تقریب،صفحہ۴۳) روی عن النبي صلى الله عليه واله وسلم وعنه ابناه عبدالله و سليمان و عبدالله بن اوس الخزاعي و الشعبي والمليح بن اسامة وغيرهم قال ابن سعد توفي سنة (۶۳) في خلافة يزيد بن معاوية. قلت وحكى ابن السكن ان اسمه عامر وقال الحاكم اسلم بعد انصراف النبي صلى الله عليه واله وسلم من بدر (التہذیب،جلد۱صفحہ۴۳۳)



Marfat.com

(جناب) ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جھنڈا اٹھایا مگر ان سے فتح نہ ہوئی۔ اور دوسرے دن (جناب) عمر (فاروق رضی اللہ عنہ) نے جھنڈا لیا وہ بھی لوٹ آئے اور ان سے بھی فتح نہ ہوئی۔ اور اس دن لوگوں کو بہت سختی اور انتہائی تکلیف اٹھانی پڑی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یقیناً کل میں اپنا جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دوست رکھتا ہے۔ نیز خداوند تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص سے محبت کرتے ہیں۔ وہ واپس نہ ہوگا یہاں تک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائے گا اور ہم نے خوشی خوشی رات گذاری کہ کل (ان شاءاللہ) فتح ہوگی۔ جب صبح ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز ادا کی پھر (اپنی جگہ پر) کھڑے ہوئے اور جھنڈا منگوایا اس حال میں کہ تمام لوگ اپنی اپنی جگہ پر بیٹھے رہے۔ ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں کوئی نہ کوئی مرتبہ حاصل نہ ہو مگر وہ یہی امید رکھتا تھا کہ یہ جھنڈا اسے ملے۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے (جناب) علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا حالانکہ ان کی آنکھیں دکھ رہی تھیں تو ان کی دونوں آنکھوں پر تھوکا اور اپنے دونوں ہاتھوں سے ملا اور انہیں علم دیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعہ فتح فرمادی۔ اور بریدہ نے کہا کہ میں بھی ان لوگوں میں سے تھا جو اس جھنڈے کو حاصل کرنے کے امیدوار تھے۔

**حل لغت** حَاصَرْنَا: ہم نے گھیرا، حاصر و احصار، محاصرة محاصرہ کرنا، گھیرا ڈال کر امداد کو روک دینا۔ شِدَّةٌ: بہت سختی۔ جُهْدٌ: تکلیف۔ تَطَاوَلَ: دیکھتے ہوئے گردن اونچی اونچی کرنا۔ اُمیدوار ہونا، آرزو رکھنا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''ہم نے خیبر (کے قلعہ) کو گھیرا'' یعنی قلعہ خیبر کا محاصرہ کرلیا اور کافروں کو باہر سے ہر قسم کی امداد پہنچنی روک دی۔ وہ قلعہ بند ہوگئے۔ ارشاد ہے ''ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں کوئی نہ کوئی مرتبہ حاصل نہ ہو مگر وہ یہی امید رکھتا تھا کہ یہ جھنڈا اسے ملے'' یعنی اگرچہ ہر ایک صحابی کو سرورِ عالم و عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب میں مرتبہ ومقام حاصل تھا اور وہ اپنے اس قرب پر بجا طور پر فخر وناز کرتے تھے اسی ناز کی وجہ سے ہر ایک کی یہ خواہش، آرزو اور امید تھی کہ فتح وظفر کا یہ علم اسے ملے تاکہ وہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی جان کو قربان کرکے اس علم کو بلند وبالا رکھے نیز اطاعت وجاں نثاری کا ثبوت دے۔ اس حدیث شریف سے جناب سیدنا ومولانا امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی قربتِ خاص، محبوبیت اور پیغمبر اسلام جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک نظروں میں علوِ مرتبت ثابت ہو رہی ہے جو کہ کسی اور کو نصیب نہیں۔



Marfat.com

**حدیث نمبر ۸/۱۵** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ [۱] بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارُ الْبَصْرِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ [۲] بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ [۳] عَنْ مَیْمُوْنٍ [۴] اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ [۵] بْنَ بُرَیْدَةَ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِیْهِ بُرَیْدَةَ [۶] الْاَسْلَمِیِّ قَالَ لَمَّا کَانَ خَیْبَرُ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِحَضْرَةِ اَهْلِ خَیْبَرَ اَعْطٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اللِّوَآءَ عُمَرَ فَنَهَضَ مَعَهٗ مَنْ نَهَضَ مِنَ النَّاسِ فَلَقُوْا اَهْلَ خَیْبَرَ فَانْکَشَفَ عُمَرُ وَاَصْحَابُهٗ فَرَجَعُوْا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاُعْطِیَنَّ اللِّوَآءَ رَجُلًا یُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَلَمَّا کَانَ مِنَ الْغَدِ تَبَادَرَ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ فَدَعَا عَلِیًّا وَّهُوَ اَرْمَدُ فَتَفَلَ فِیْ عَیْنَیْهِ وَنَهَضَ مَعَهٗ مِنَ النَّاسِ مَنْ نَهَضَ فَلَقِیَ اَهْلَ خَیْبَرَ فَاِذَا مَرْحَبٌ یَرْتَجِزُ وَهُوَ یَقُوْلُ

قَدْ عَلِمَتْ خَیْبَرُ اَنِّیْ مَرْحَبٌ ۔۔۔ شَاکِیْ السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبٌ
اِذَا اللُّیُوْثُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ ۔۔۔ اَطْعَنُ اَحْیَانًا وَّحِیْنًا اَضْرِبُ

فَاخْتَلَفَ هُوَ وَعَلِیٌّ ضَرْبَتَیْنِ فَضَرَبَ عَلِیٌّ عَلٰی هَامَتِهٖ حَتّٰی عَضَّ السَّیْفُ مِنْهَا الْبَیْضَ وَانْتَهٰی رَأْسَهٗ وَسَمِعَ اَهْلُ الْعَسْکَرِ صَوْتَ ضَرْبَتِهٖ فَمَا تَتَامَ اٰخِرُ النَّاسِ مَعَ عَلِیٍّ حَتّٰی فَتَحَ اللّٰهُ لَهٗ وَلَهُمْ

**ترجمہ** بریدہ اسلمی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب خیبر کا واقعہ ہوا تو رسول اللہ ﷺ اہل خیبر کے ہاں اترے۔ حضور ﷺ نے (جناب) عمر ؓ کو جھنڈا عطا فرمایا کچھ لوگ ان کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔ پس اہل خیبر کے مقابلے میں آئے تو (حضرت) عمر ؓ بمعہ ساتھیوں کے ہزیمت کھا گئے۔ پھر رسول کریم ﷺ کی خدمت

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵

۱: **محمد بن بشار:** محمد بن بشار بن عثمان العبدی البصری ابوبکر بندار ثقة من العاشرة مات اثنتین و خمسین (تقریب، صفحہ ۲۹۱) روی عن عبدالوهاب الثقفی وغندر و روح بن عبادة و حرمی بن عمارة و عبدالصمد بن عبدالوارث وخلق کثیر. روی عنه الجماعة وا روی النسائی عن ابی بکر المروزی و زکریا السنجری عنه وابوزرعة و ابو حاتم وابن صاعد والبغوی و آخرون. وقال العجلی بصری ثقة کثیر الحدیث و کان حانکا و قال ابو حاتم صدوق و قال النسائی صالح لا بأس به وقال ابن حبان کان یحفظ حدیثه و یقرأه من حفظة قلت کذا قال (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

میں واپس آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا ضرور بالضرور اس شخص کو علم دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ اس سے محبت رکھتے ہیں۔ پس جب دوسرا دن ہوا تو (حضرت) ابوبکر و (حضرت) عمر رضی اللہ عنہما نے جا نہ کی تو حضور ﷺ نے (جناب) علی المرتضیٰ (علیہ السلام) کو بلایا حالانکہ ان کی آنکھیں دکھتی تھیں۔ تو ان کی آنکھوں پر لعاب دہن تھوکا کچھ لوگ ان کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔ پھر اہل خیبر کے مقابلے میں آئے ان میں مرحب بھی تھا جو رجز پڑھ رہا تھا اور وہ کہتا تھا۔ خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں ہتھیار بند، بہادر، جنگ آزمودہ، کبھی نیزہ مارتا ہوں اور کبھی تلوار، جب کہ شیر جوش سے میرے سامنے آتے ہیں۔ پس وہ اور علی (المرتضیٰ شیر خدا علیہ السلام) آپس میں ایک دوسرے پر حملہ کرنے لگے۔ پس (جناب شیر خدا) علی المرتضیٰ علیہ السلام نے اس کو سر پر تلوار کی ضرب ماری یہاں تک کہ تلوار نے خود کو کاٹ کر سر کو دو ٹکڑے کر دیا اور تمام لشکر نے آپ علیہ السلام کی ضرب کی آواز سنی۔ ابھی آخری آدمی لشکر والے (حضرت) علی علیہ السلام تک نہیں پہنچ پائے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو فتح مرحمت فرما دی۔

**حل لغت** نَهَضَ: اٹھے، اس کا مصدر نَهْضٌ یا نُهُوْضٌ ہے جس کا معنی کھڑا ہونا، اٹھنا، جلدی کرنا وغیرہ وغیرہ ہے۔ فَانْكَشَفَ: پس ہزیمت کھا گئے، اس کا مصدر اِنْكِشَافٌ ہے جس کا معنی کھلنا، ظاہر ہونا، شکست پانا، ہزیمت

---

بقیہ حاشیہ: في الثقات وقال ابن خزيمة في التوحيد ثنا امام اهل زمانه محمد بن بشار وقال الدارقطني من الحفاظ الاثبات وقال الذهبي لم يرحل ففاته كبار و اقتنع بملماء البصرة ارجوانه لا بأس به في الزهرة روى عنه ، البخاري مأتي حديث و خمسة احاديث و مسلم اربع ماتة و ستين. (التہذیب، جلد۹، صفحہ ۷۱ تا ۷۳)

۲: محمد بن جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲

۳: عوف بن ابی جمیلۃ: عوف بن ابي جميلة بفتح الجيم الاعرابي العبدي البصري ثقة رمي بالقدر و بالتشيع من السادسة مات سنة ست او سبع واربعين وله ست و ثمانون (تقریب، صفحہ ۲۶۷) روى عن ابي رجاء العطار دي وابي عثمان النهدي وابي العالية وابي المنهال و عبدالله بن عمرو بن هند و جماعة وعنه شعبة والثوري وابن المبارك و القطان و هيشم و عيسى بن يونس و غندر وآخرون قال عبدالله بن احمد عن ابيه ثقة صالح الحديث وقال اسحق بن منصور عن ابن معين ثقة وقال ابو حاتم صدوق صالح و قال النسائي ثقة ثبت. (التہذیب، جلد۸ صفحہ ۱۶۶ تا ۱۶۷)

۴: میمون ابوعبداللہ البصری: ميمون ابوعبدالله البصري قال عنه أحمد احاديثه مناكير وعن ابن معين لاشيئي ، وقال النسائي و ابو احمد الحاكم ، ليس بالقوي و ذكره ابن حبان في ثقاته و قال ابن حجر ضعيف (میزان الاعتدال، جلد۴، صفحہ ۲۳۵۔ التہذیب، جلد ۱۰، صفحہ ۳۹۳)

۵: عبداللہ بن بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴:۴

۶: بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴:۵



Marfat.com

اٹھانا کے ہیں۔ تَبَادَرَ: جلدی کرنا، سبقت کرنا، لپکنا۔ یَرۡتَجِزُ ، رَجَزُ: پڑھتے ہوئے، رَجَز وہ اشعار ہوتے ہیں جو میدانِ جنگ میں پڑھے ہوئے جاتے ہیں اور ان میں اپنی شجاعت بیان کی جاتی ہے۔ هَامَّةِ: کھوپڑی، سر۔ عَضَّ: کاٹ دیا، عَضٌّ کے معنی دانت سے کاٹنا، سخت ہونا، لازم کر لینا، مضبوط تھام لینا، تلوار سے دو ٹکڑے کر دینا کے ہیں۔ اَلۡبَیۡضُ: خود، فولادی ٹوپی۔

**تشریح** ارشاد ہے ''ان میں سے مرحب بھی تھا'' خیبر کے یہودیوں کا سب سے بہادر، قوی تر، اور آزمودہ کار مرحب نامی پہلوان تھا۔ یہ پہلوان ایک ہزار سوار کے برابر سمجھا جاتا تھا اور اس قلعہ کا رئیس تھا۔ خود اپنی تعریف، شجاعت، بہادری اور جواں مردی کے اشعار پڑھتا ہوا اسد اللہ کے مقابلہ میں آیا جس وقت میدان کارزار میں یہ پہلوان رجز پڑھتے ہوئے آیا تو اسد اللہ الغالب علیٰ کل غالب سیدنا و مولانا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ بھی رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں آ گئے آپ نے فرمایا

اَنَا الَّذِیۡ سَمَّتۡنِیۡ اُمِّیۡ حَیۡدَرَ | کَلَیۡثِ غَابَاتٍ کَرِیۡہَ الۡمَنۡظَرَ

یعنی میں وہ ہوں کہ جس کا نام اس کی ماں نے حیدر رکھا ہے کہ جنگل کے شیروں کی طرح میری شکل ہیبت ناک ہے۔ جب آپ کرم اللہ وجہہ الکریم تولد ہوئے تو والدہ نے آپ کا نام حیدر رکھا جس وقت والد گرامی مرتبت تشریف لائے اور بیٹے کو دیکھا تو اپنے بیٹے کا نام علی رکھا۔ صاحبِ ''مجمع البحرین'' فرماتے ہیں

''بعضوں نے کہا ہے کہ پہلی کتابوں میں آپ کا یہی نام مذکور تھا''

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کرم اللہ وجہہ الکریم کو فتح و ظفر سے نوازا۔ ایک روایت میں ہے کہ اس جنگ میں امام الاولیاء علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی ڈھال ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی تو آپ نے قلعہ خیبر کے دروازہ کو ایک ہی جھٹکے سے اکھیڑ کر ڈھال بنا لیا اور قلعہ کے اندر داخل ہو گئے اور یہودیوں سے خوب مقابلہ کیا یہاں تک کہ فتح نے آپ کے قدم چومے۔ پھر آپ نے اس دروازے کو پھینک دیا۔ راوی فرماتے ہیں کہ ہم آٹھ تنومند جوان اس دروازے کو اپنی جگہ سے ہلا بھی نہ سکے چہ جائیکہ ہم اس کو اٹھا سکتے۔ قوت حیدری، شجاعت اسد اللہ اور کرامات امام الاولیاء کرم اللہ وجہہ الکریم کا جو مظاہرہ جنگِ خیبر میں ظہور پذیر ہوا کبھی بھی دیکھنے میں نہیں آیا اور نہ آئے گا۔ تاریخ گواہ ہے کہ اس لڑائی کے بعد کافروں کی کمر ہمت ٹوٹ گئی اور پھر انہیں فتح کا دن نصیب نہ ہوا۔

علی امامِ من است و منم غلامِ علی
ہزار جانِ گرامی فدائے نامِ علی



Marfat.com

**حدیث نمبر ۹/۱۶** | انبأنا قتيبةُ[1] بنُ سعيدٍ قال حدّثنا يعقوبُ[2] بنُ عبدِ الرّحمٰنِ الزّهريُّ عن ابي حازمٍ[3] قال اخبرني سهلُ[4] بنُ سعدٍ انّ رسولَ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وآلهِ وسلّم قال يومَ خيبرَ لاُعطينّ هٰذهِ الرّايةَ غدًا رجلاً يفتحُ اللهُ عليهِ يحبُّ اللهَ ورسولهُ ويحبّهُ اللهُ ورسولهُ فلمّا اصبحَ النّاسُ غدوا على رسولِ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وآلهِ وسلّم كلّهم يرجوا ان يُعطىٰ فقال اينَ عليُّ بنُ ابي طالبٍ فقالوا يا رسولَ اللهِ يشتكي عينيهِ قال فارسلوا اليهِ فاُتيَ بهِ فبصقَ رسولُ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وآلهِ وسلّم في عينيهِ ودعا لهُ فبرأَ كانْ لّم يكنْ بهِ وجعٌ فاعطاهُ الرّايةَ فقال عليٌّ يا رسولَ اللهِ اُقاتلهم حتّى يكونوا مثلنا قال انفذْ على رسلكَ حتّى تنزلَ بساحتهم ثمّ ادعُهم الى الاسلامِ واخبرهم بما يجبُ عليهم من حقِّ اللهِ تعالىٰ فواللهِ ان يّهديَ اللهُ بكَ رجلاً وّاحدًا خيرٌ لّكَ من حُمرِ النّعمِ

**ترجمہ** | سہل بن سعد سے روایت ہے یہ کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا۔ ضرور بالضرور کل میں یہ علم اس شخص کو دوں گا جسکے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح دے گا وہ خدا اور اسکے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔ دوسرے دن سویرے سویرے لوگ رسولِ کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں سے ہر ایک یہ امید لئے ہوئے تھا کہ یہ علم اسے ملے گا۔ فرمایا علی ابن ابی طالب کہاں ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ان کی آنکھیں دکھ رہی ہیں۔ فرمایا اس کی طرف کسی کو بھیجو۔ پس وہ لائے گئے تو رسول کریم ﷺ نے آپ کی دونوں آنکھوں پر تھوکا اور ان کیلئے دعا فرمائی۔ تو وہ تندرست ہو گئے گویا انہیں آنکھوں کا درد کبھی ہوا ہی نہ تھا پھر انہیں علم عطا فرمایا۔ (حضرت) علی نے عرض کیا یارسول اللہ! میں ان سے اس وقت تک لڑوں گا کہ وہ ہمارے جیسے ہو جائیں۔ تو ارشاد فرمایا اچھی طرح اطمینان سے جا یہاں تک کہ تو ان کے علاقہ پر پہنچے تو پھر ان کو اسلام کی دعوت دو اور اللہ تعالیٰ کے حق جو ان پر واجب ہیں ان سے انہیں باخبر کرو، پس خدا کی قسم کہ اللہ تعالیٰ تیرے ذریعے اگر ایک شخص کو بھی ہدایت کر دے تو تیرے لئے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶

۱ قتیبۃ بن سعید: ملاحظہ کیجئے حدیث نمبر ۱:۱۰

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**حل لغت** بَصَقَ: تھوکا، البصاق: تھوک، یہ تھوک جب تک منہ کے اندر ہوتو اس کو ریق کہتے ہیں۔ بَرَأَ: بیماری سے چنگا ہوا۔ وَجْعٌ: درد، دکھ، بیماری۔

**تشریح** ارشاد ہے "وہ ہمارے جیسے ہو جائیں" یعنی جس طرح ہم آپ ﷺ پر ایمان لائے ہیں یہ بھی ایمان لے آئیں اور مطیع وفرماں بردار مسلمان ہو جائیں۔ ارشاد ہے "اچھی طرح اطمینان سے جا" یعنی نہایت ہی نرمی، بردباری، آہستگی اور حوصلہ مندی سے کام لینا۔ ارشاد ہے "ان کو اسلام کی دعوت دو اور اللہ تعالیٰ کے حق جو ان پر واجب ہیں ان سے انہیں باخبر کرو" یعنی جنگ سے پہلے انہیں کلمہ توحید کی دعوت دو اور اسلام کے احکام جو کہ عین

---

بقیہ حاشیہ: ۲: یعقوب بن عبدالرحمٰن: یعقوب بن عبد الرحمن بن محمد بن عبدالله بن عبدالقاری بتشديد التحتانية المدني نزيل الاسكندرية حليف بني زهرة ثقة. من الثامنة مات سنة احدى وثمانين (التقریب، صفحہ ۳۸۶ تا ۳۸۷) روى عن ابيه و زيد بن اسلم عمرو بن عمرو و موسى بن عقبة و ابى حازم بن دينار و سهيل بن ابى صالح وغيرهم و عنه ابن و هب وابن عمر وقتيبة بن سعيد و يزيد بن سعيد الصباحي وغيرهم قال الدورى عن ابن معين ثقة و ذكره ابن حبان في الثقات قال احمد ثقة (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۳۹۲)

۳: ابی حازم: سلمة بن دينار ابوحازم الاعرج الاثور التمار المدني القاضي مولى الاسود بن سفيان ثقة عابد من الخامسة مات في خلافة المنصور. (التقریب، صفحہ ۱۳۰) روى عن سهل بن سعد الساعدى و ابى امامة بن سهل بن حنيف وابى سلمة بن عبد الرحمن وابن المنكدر وغيرهم وعنه الزهرى و عبيدالله بن عمرو بن اسحاق والدراوردى و يعقوب بن عبد الرحمن الاسكندراني و عبد الرحمن بن عبدالله بن دينار وابناه، عبدالجبار و عبدالعزيز وخلق اخرهم. قال احمد و ابوحاتم والعجلى والنسائي ثقة وقال ابن خزيمة ثقة لم يكن في زمانه مثله وقال ابنه ليحيى ابن صالح من حدثك قلت ذكره ابن حبان في الثقات (التہذیب، جلد ۴، صفحہ ۱۴۳ تا ۱۴۴)

۴: سہل بن سعد: سهل بن سعد بن مالك بن خالد الانصارى الخزرجي الساعدي ابو العباس له، ولا بيه صحبة مشهور مات سنة ثمان و ثمانين وقيل بعد ها وقدجاوز المائة. (التقریب، صفحہ ۱۳۸) روى عن النبي صلى الله عليه واله وسلم و عن ابي بن كعب و عاصم بن عدى وعمرو بن عتبة و مروان بن الحكم و هو دونه وعنه ابنه عباس و الزهرى وابوحازم بن دينار وفاء بن شريح الحضرمي وعمرو بن جابر الحضرمي و غيرهم. قال شعيب عن الزهرى عن سهل بن سعد ان رسول الله صلى الله عليه واله وسلم توفي وهو ابن (۱۵) سنة. قال ابو نعيم وغيرو احدمات سنة (۸۸) زاد بعضهم وهو ابن (۹۶) سنة و قال الواقدى وغيره مات سنة (۹۱) وهو آخر من مات بالمدينة من الصحابة. قلت. رواية شعيب صحية وهى المعتمدة في مولده فيكون مولده قبل الهجرة بخمس سنين فاى سنة مات يضاف اليها الخمس فيخرج مبلغ عمرة على الصحة وقال ابن حبان كان اسمه حزنا فسماه رسول الله صلى الله عليه واله وسلم سهلا وقال ابوحاتم الرازى عاش مائة سنة او اكثر. (التہذیب، جلد ۴، صفحہ ۲۵۲ تا ۲۵۳)



Marfat.com

فطرتِ انسانی کے مطابق ہیں ان سے انہیں آگاہ کردو اگر وہ انکار کردیں تو پھر ان سے لڑو یہاں تک کہ وہ اسلام قبول کرلیں یا جزیہ دینا مان لیں اور شکست قبول کرلیں۔ ارشاد ہے ''پس قسم ہے اللہ تعالیٰ کی کہ اللہ تیرے ذریعے اگر ایک شخص کو بھی ہدایت کرے تو تیرے لئے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے'' یعنی اگر تو زر و جواہر اور بہت سے قیمتی اونٹوں کا مالک ہو جائے تو تیرے لئے اس دولت سے یہ بہت ہی بہتر ہے کہ تو ایک شخص کو ہدایت دے۔



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ اِخْتِلَافِ اَلْفَاظِ النَّاقِلِيْنَ لِخَبَرِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فِيْهِ

## "اس باب میں ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کئی طریق پر آئی ہے"

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۱۷** اَنْبَأَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ [۱] اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْلَى [۲] بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ [۳] بْنُ كَيْسَانَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ [۴] عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ [۵] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاَ دْفَعَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ اِلٰى رَجُلٍ يُّحِبُّ اللهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يُحِبُّهُ اللهُ وَ رَسُوْلُهٗ فَتَطَاوَلَ لَهَا الْقَوْمُ فَقَالَ اَيْنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ فَقَالُوْا يَشْتَكِىْ عَيْنَيْهِ قَالَ فَبَزَقَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِىْ كَفَّيْهِ وَ مَسَحَ بِهَا عَيْنَىْ عَلِيٍّ وَ دَفَعَ اِلَيْهِ الرَّايَةَ وَ فَتَحَ اللهُ تَعَالٰى عَلٰى يَدَيْهِ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷

۱: احمد بن سلیمان الرہاوی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

۲: یعلی بن عبید: يعلى بن عبيد بن ابى امية الكوفى ابويوسف الطنافسى ثقة الافى حديثه عن الثورى فقيه لين من كبار التاسعة مات سنة بفتح ومائتين وله ، تسعون سنة (التقریب، صفحہ ۳۸۷) روى عن اسمعيل بن ابى خالد ويحيى بن سعيد الانصارى و الاعمش و عبدالغريز بن سياه و يزيد بن كيسان و محمد بن اسحاق و فضيل بن غزوان و غيرهم. وعنه ابن اخته على بن محمد الطناقسى واخوه محمد بن عبيدة ومحمد بن الجهم السمرى وآخرون. قال صالح بن احمد عن ابيه كان صحيح الحديث و كان صالحا فى نفسه وقال على بن الحسن المنجانى على احمد يعلى اصح حد يثا وقال اسحاق بن منصور عن ابن معين ثقة. وقال عثمان الدارمى عن ابن معين ضعيف فى سفيان ثقة وذكره ابن حبان فى الثقات قلت هو قول ابن سعد و قال كان ثقة كثير الحديث وقال الدارقطنى بنو عبيد كلهم ثقات و قال ابن عمار الموصلى اولاد عبيد كلهم ثبت و احفظهم يعلى و ابصرهم بالحديث محمد وقال سعيد بن ايوب البخارى كان يعلى يحفظ عامة حديثه او اجميعه. (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۴۰۲، ۴۰۳)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**ترجمہ** | ابی ہریرہ ﷛ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ضرور بالضرور آج میں اس شخص کو علم دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں پس ہر ایک شخص اس کی اُمید رکھتا تھا۔ ارشاد فرمایا، علی ابن ابی طالب کہاں ہے؟ (صحابہ نے) عرض کیا کہ ان کی دونوں آنکھیں دکھ رہی ہیں۔ راوی کہتا ہے نبی کریم ﷺ نے اپنی دونوں ہتھیلیوں پر اپنا لعاب دہن لگا کر (جناب) علی کی دونوں آنکھوں پر ملا اور حضور اکرم ﷺ نے علم ان کو عطا فرمایا پس اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعہ فتح عطا فرمادی۔

**حل لغت** | بَزَقَ: تھوکا، بُزَاقٌ اور بَصَاقٌ اور بَسَاقٌ تینوں کے معنی تھوک جو منہ سے نکلے۔

**تشریح** | چونکہ تشریح پہلے گذر چکی ہے اس لئے یہاں یہ بتانا مقصود ہے کہ یہ حدیث جناب ابی حازم ﷛ نے جناب ابی ہریرہ ﷛ سے روایت کی ہے۔

"صحیح، رجالہ ثقات" (امام نسائی، خصائص امیر المومنین علی بن ابن طالب، تحقیق وتخریج احمد میرین البلوشی، مکتبہ المعلا الکویت ۱۹۸۶، صفحہ ۴۳)

**حدیث نمبر ۲/۱۸** | اَنْبَأَنَا قُتَيْبَةُ ۱؎ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ ۲؎ عَنْ سُهَيْلٍ ۳؎ عَنْ اَبِيْهِ ۴؎ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ ۵؎ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُعْطِيَنَّ هٰذِهٖ

---

بقیہ حاشیہ: ۳؎ یزید بن کیسان الشیکری: يزيد بن كيسان الشيكرى ابو اسمعيل ويقال ابومنين الكوفى روى عن ابى حازم سلمان الاشجعى ومعبد ابى الازهر وعنه عبدالواحد بن زياد و ابن عيينة و محمد بن عبيد الطنافسى و آخرون. قال عنه احمد، ابن معين والنسائى ثقة. وقال يحيى القطان هو صالح الحديث و ليس يعتمد عليه. يكتب حديثه و محلة الستر، صالح الحديث (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۳۵۶۔ الجرح والتعدیل، جلد ۹، صفحہ ۲۸۵)

۴؎ ابی حازم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶:۳

۵؎ ابی ہریرۃ: حضرت ابو ہریرہ صحابی جلیل اور حافظ ہے ۵۷ھ، ۵۸ یا ۵۹ھ میں وفات پائی۔ آپ نے بہت زیادہ احادیث روایت کی ہیں۔ (تقریب، صفحہ ۴۳۱)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸

۱؎ قتیبۃ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰:۱ ۲؎ یعقوب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶:۲

۳؎ سہیل بن ابی صالح ذکوان: سهيل بن ابى صالح ذكوان السمان ابو يزيد المدنى صدوق تغير حفظه باخره. روى له البخارى مقرونا و تعليقا من السادسة مات فى خلافة المنصور. (التقریب، صفحہ ۱۳۹) روى عن ابيه و سعيد بن المسيب والحارث بن غلو الانصارى ربيعة وغير واحد من اقرانه. و عنه ربيعة و الاعمش و يحيى بن سعيد الانصارى وموسى بن عقبة و يعقوب بن عبد الرحمن الاسكندرانى وجماعة. قال ابن عيينة كنا نعد سهيلا ثبتا فى الحديث وقال احمد والعجلى ثقة و عن ابى حاتم يكتب حديثه ولا يحتج به، وقال الذهبى احد العلماء الثقات، (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ وَ يُحِبُّهُ اللهُ وَ رَسُوْلُهُ يَفْتَحُ اللهُ عَلَيْهِ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا اَحْبَبْتُ الْإِمَارَةَ اِلَّا يَوْمَئِذٍ فَدَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ وَقَالَ امْشِ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتّٰى يَفْتَحَ اللهُ عَلَيْكَ فَسَارَ عَلِيٌّ ثُمَّ وَقَفَ فَصَرَخَ يَارَسُوْلَ اللهِ! عَلٰى مَا ذَا اُقَاتِلُ النَّاسَ قَالَ قَاتِلْهُمْ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذَالِكَ فَقَدْ مَنَعُوْا مِنْكَ دِمَآءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللهِ عَزَّوَ جَلَّ

**ترجمہ** ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جنگِ خیبر کے دن رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ ضرور بالضرور یہ جھنڈا میں اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اسکے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ اور اسکا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ سے فتح دے گا۔ (جناب) عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے کبھی بھی سرداری پسند نہیں کی مگر آج کے دن۔ تو رسول اللہ ﷺ نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا اور انہیں وہ جھنڈا عطاء فرمایا اور حکم دیا کہ جا اور نہ پلٹ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے فتح دے دے۔ تو (جناب) علی (المرتضیٰ) علیہ السلام روانہ ہوئے پھر رکے اور بلند آواز سے عرض کیا کہ یارسول اللہ! میں لوگوں سے کس چیز پر لڑوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا اس وقت تک ان سے لڑو جب تک وہ توحید و رسالت کا اقرار نہ کرلیں۔ پس جب وہ کلمہ توحید پڑھ لیں تو بے شک تجھ سے انہوں نے اپنا خون محفوظ کرالیا اور اپنے مال بھی۔ مگر دین کی حق تلفی کا بدلہ ہے اور ان کا حساب اللہ عزوجل کے ذمہ ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے ”پس جب وہ کلمہ توحید پڑھ لیں تو بے شک تجھ سے انہوں نے اپنا خون محفوظ کرالیا۔ اور اپنے مال بھی مگر دین کی حق تلفی کا بدلہ ہے اور ان کا حساب اللہ عزوجل کے ذمہ ہے“ یعنی جس وقت کافر کلمہ توحید پڑھ لیتا ہے تو پھر اس کے تمام وہی حقوق ثابت ہو جاتے ہیں جو ایک مسلمان کے ہوتے ہیں۔ اب وہ دوسرے مسلمانوں کی مانند ایک مسلمان ہو جاتا ہے ہاں اگر یہ مسلمان ہو کر ناحق قتل کرے گا یا کسی کے حق کو غصب کرے گا تو بدلہ میں سزا کے طور پر شرعی احکام اس پر نافذ ہوں گے۔ اگر کوئی شخص ڈر یا خوف کی وجہ سے زبانی مسلمان ہونے کا اظہار کرتا ہے

---

بقیہ حاشیہ: وغیرہ اقوی منه و کان قد اعتل بعلة فنمبی بعض حدیثة. (الجرح والتعدیل، جلد۴، صفحہ ۲۴۶، التہذیب، جلد۴، صفحہ ۲۶۳)

۴: صالح بن ابی صالح: صالح بن ابی صالح السمان ابو عبد الرحمن و اسم ابیه ذکوان ثقة، من الخامسة (التقریب، صفحہ ۱۴۹) روی عن ابیه و انس بن مالک و عنه هشام بن عروة و ابن ذئب و عبدالله بن سعید بن ابی هند و غیرهم. قال ابن معین ابو صالح اسمان کان له ثلاثه بنین سهیل بن عباد و صالح و کلهم ثقة و قال البرقانی قال الدارقطنی له حدیثان ذکره ابن حبان فی الثقات قلت، و قال ابوبکر البزار ثقة. (التہذیب، جلد۴، صفحہ ۳۹۴)

۵: ابی ہریرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷:۵



Marfat.com

اور دل سے کافر ہے تو اس کا حال خداوند تعالیٰ کے سپرد کردو، وہی اس سے حساب لے گا۔ تم کو دل کے حالات دریافت کرنے کا کوئی حکم نہیں تمہیں اس کے ظاہری اسلام کے اظہار پر احکام نافذ کرنے کا حکم ہے دلوں کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اس سے کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے اور وہی حساب لینے والا ہے۔ اس حدیث کو ابی صالح ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

والحدیث صحیح رجالہ ثقات (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۴۳)

**حدیث نمبر ۳/۱۹** اَنْبَاَنَا اِسْحَاقُ ۱؎ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ رَاهْوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ ۲؎ عَنْ سُهَيْلٍ ۳؎ عَنْ اَبِيْهِ ۴؎ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ۵؎ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُّحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ عُمَرُ فَمَا اَحْبَبْتُ الْاِمَارَةَ قَطُّ اِلَّا يَوْمَئِذٍ فَدَعَا عَلِيًّا فَبَعَثَهٗ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَقَاتِلْ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ قَالَ فَمَشٰى مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ وَقَفَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ فَقَالَ عَلِيٌّ مَاذَا اُقَاتِلُ النَّاسَ قَالَ قَاتِلْهُمْ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَقَدْ مَنَعُوْا دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

**ترجمہ** ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ ضرور بالضرور کل میں اس شخص کو

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹

۱؎ اسحاق بن ابراہیم: اسحاق بن ابراهيم عن مخلد الحنظلى ابو محمد بن راهويه المروزى ثقة حافظ مجتهد قرين احمد بن حنبل ذكر ابو داؤد انه تغير قبل موته بيسير. مات سنة ثمان و ثلثين وله، اثنا ن و سبعون. (التقریب، صفحہ ۲۷) روى عن ابن عيينة و ابن علية و جرير و بشر بن المفضل وشعيب بن اسحاق و خلق وعنه الجماعة. سوى ابن ماجة و بقية بن الوليد ويحيى بن ادم هما من شيوخه. (التہذیب، جلد ۱، صفحہ ۲۱۶ تا ۲۱۹)

۲؎ جریر بن عبد الحمید: جرير بن عبد الحميد بن قرط بضم القاف و سكون الراء بعدها طاء مهملة الغبى الكوفى نزيل الرمى و قافيها ثقة صحيح الكتاب قيل كان فى اخر عمره يهم من حفظه مات سنة ثمان و ثمانين و له احدى و سبعون سنة (التقریب، صفحہ ۵۴) روى عن عبد الملك بن عمير و ابى اسحاق الشيبانى و يحيى بن سعيد الانصارى و سليمان التيمى و الاعمش و عطاء بن السائب وخلق كثير. عنه اسحاق بن راهوية و ابنا ابى شيبة و قتيبة و عبدان المروزى و ابو خثيمة و جماعة. (التہذیب، جلد ۲، صفحہ ۷۵)

۳؎ سہیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸: ۳

۴؎ ابیہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸: ۴

۵؎ ابی ہریرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷: ۵



Marfat.com

جھنڈا دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا۔ (جناب) عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں نے سرداری حاصل کرنے کی خواہش کبھی بھی نہیں کی مگر آج کے دن۔ راوی کہتا ہے کہ ہر شخص اس کا خواہش مند تھا۔ رسول کریم ﷺ نے (جناب) علی علیہ السلام کو بلایا اور اسے بھیجا پھر فرمایا جاؤ اور لڑو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تیرے ہاتھ پر فتح عطا فرمائے گا اور ہرگز نہ پلٹنا۔ راوی کہتا ہے (جناب) علی (المرتضیٰ) علیہ السلام کچھ دور گئے پھر ٹھہرے لیکن واپس نہ پلٹے پس (جناب) علی (المرتضیٰ) نے عرض کیا میں لوگوں سے کس چیز پر لڑوں۔ ارشاد فرمایا اس وقت تک ان سے لڑو جب تک کہ وہ توحید و رسالت کا اقرار نہ کرلیں۔ جب انہوں نے یہ اقرار کرلیا تو یقیناً انہوں نے اپنا خون اور مال بچالیا۔ مگر دین کی حق تلفی کا بدلہ ہے اور ان کا حساب اللہ عزوجل کے ذمہ ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے "(جناب) علی (المرتضیٰ) علیہ السلام کچھ دور گئے پھر ٹھہرے لیکن واپس نہ پلٹے"، یعنی ایک قدم بھی پیچھے کی طرف نہ مڑے جس جگہ جا کر کھڑے ہوئے تھے وہیں کھڑے رہے۔ اپنے آقا و مولیٰ ﷺ کے ارشاد کی کمال تعمیل فرمائی ثابت ہوا کہ اب شیر خدا کا قدم آگے ہی بڑھنا ہے پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ اطاعت و فرماں برداری اسی کا نام ہے کہ جو حکم ملا اس پر عمل ہونا ہے سرمو انحراف نہیں کرنا ہے۔ اسی اطاعت و فرماں برداری کا صلہ تو مقام محبوبیت ہے۔ ارشاد ہے "مگر دین کی حق تلفی کا بدلہ ہے"، یعنی اگر یہ مسلمان ہو کر ناحق قتل کرے گا یا کسی کے حق کو غصب کرے گا تو اس پر بدلہ میں ضرور شرعی احکام نافذ ہوں گے۔

(والحدیث، صحیح رجاله رجال الشیخین احمد میرین البلوشی ، خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب صفحه ۴۵) یہ حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابی صالح نے روایت کی ہے۔

**حدیث نمبر ۴/۲۰** اَنبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ عَبدِاللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْهَاشِمِ ۲ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ۳ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ ۴ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ ۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ۶ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُدْفَعَنَّ الرَّايَةَ اِلٰى رَجُلٍ يُّحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ عُمَرُ فَمَا اَحْبَبْتُ الْاَمَارَةَ قَطُّ اِلَّا يَوْمَئِذٍ فَدَفَعَهَا اِلٰى عَلِيٍّ وَقَالَ قَاتِلْ وَلَا تَلْتَفِتْ فَسَارَ قَرِيْبًا قَالَ يَا رَسُوْلَ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۰

۱: محمد بن عبداللہ بن المبارک: محمد بن عبدالله بن المبارک المخزومی بمعجمة و تنقیل ابو جعفر البغدادی ثقة حافظ. من الحادیة عشرة مات سنة بضع و خمسین (تقریب، صفحہ ۳۰۶) روی عن ابو معاویة الضریر و یحیی القطان و ابن مهدی و یعقوب بن ابراهیم بن سعد وغیرهم روی عنه البخاری و ابو داؤد والنسائی وروی النسائی ایضا (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

اللهِ عَلٰی مَا اُقَاتِلُ قَالَ عَلٰی اَنْ یَّشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذَالِکَ فَقَدْ عَصَمُوْا دِمَاءَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ مِنِّیْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَی اللهِ

ترجمہ | ابی ہریرہ ﷺ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ خیبر کے دن رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ضرور بالضرور میں یہ جھنڈا اُس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہے نیز اللہ اور اس کا رسول اس شخص سے محبت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا۔ (جناب) عمر (فاروق ﷺ) نے فرمایا میں نے کبھی بھی حکومت نہیں چاہی مگر اس دن۔ سو (جناب) علی (المرتضیٰ ﷺ) کو یہ جھنڈا عطاء فرمایا۔ اور حکم دیا کہ لڑو، اور واپس نہ مڑو۔ سو (حضرت) علی ﷺ تھوڑی دور گئے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کس بات پر لڑوں؟ ارشاد فرمایا کہ اس بات پر کہ شہادت دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں اور یقیناً جناب محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول (برحق) ہیں۔ جب کفار نے کلمہ توحید کا اقرار کرلیا تو تحقیق اپنا خون اور مال مجھ سے بچالیا۔ مگر اسلام کی حق تلفی کا بدلہ ہے اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

---

بقیہ حاشیہ: عن احمد بن علی المروزی عنه و ابو حاتم و ابراهیم الحربی والحسین بن اسماعیل المحاملی وغیرهم. قال کان محمد بن عبدالله المخرمی من الحفاظ المتقنین المأمونین وقال ابن ابی حاتم کتب عنه ، ابی وهو صدق ثقة سئل ابی عنه فقال ثقة ثقة وقال الدارقطنی ثقة کان حافظ و ذکره ابن حبان فی الثقات قلت و قال النسائی فی مشیخة کان احد الثقات مارأینا بالعراق مثله وقال ابن عدی کان حافظا. وقال مسلمة بن قاسم کان احد الثقات جلیل القدر توفی ببغداد سنة خمس و خمسین و مائتین و قال ابن ماکو لا کان ثبتا عالما و قال البرقانی عن الدارقطنی ثقة جلیل متقن (التهذیب، جلد۹، صفحہ۲۷۲، ۲۷۴)

۲: ابوہاشم المخزومی: ابو هاشم المخزومی اسمه المغیرة بن سلمة المخزومی ابوهشام البصری ثقة ثبت. من صغار التاسعة مات سنة مأتین (تقریب، صفحہ۳۴۵) روی عن مهدی بن میمون و نافع بن عمرو وهیب و ابان العطارو ابی عوانة وغیرهم وعنه ، علی ابن المدینی و اسحاق بن راهویه وابوموسی ومحمد بن عبدالله بن المبارک المخرمی و محمد بن معمر البحرانی. قال علی بن المدینی کان ثقة وقال یعقوب بن شیبة کان ثقة ثبتا وقال علی ابن الحسین ابن الجنید والنسائی ثقة و قال البخاری مأت سنة مائتین قلت، وفیها ارخه ابن قانع وقال ثقة مامون و ذکره ان حبان فی الثقات. (التهذیب، جلد۱۰، صفحہ۲۷۱)

۳: وہیب بالتصغیر ابن خالد: وهیب بالتصغیر ابن خالد بن عجلان الباهلی مولاهم ابو بکر البصری ثقة ثبت بکنة تغیر قلیلا باخره من السابعة مات سنة خمس و ستین وقیل بعدها (تقریب، صفحہ۳۷۲) روی عن حمید الطویل و ایوب و خالد الخذاء و داؤد بن ابی هند و عمارة بن غذیة و جماعة. وعنه اسمعیل بن علیة و ابن المبارک و ابن مهدی و القطان و ابو هشام المخزومی وسفیان بن فروخ و اخرون. قال صالح بن احمد عن ابیه لیس به بأس وقال العجلی ثقة ثبت وقال ابوحاتم ما انقی حدیثه لا تکاد تجده یحدیث عن الضعفآء وهو الرابع من حفاظ البصرة و هو ثقة (التهذیب، جلد۱۱، صفحہ۱۷۰)

۴: سہیل بن ابی صالح ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۱۸

۵: ابیہ (صالح) ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۸

۶: ابی ہریرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۷

**تشریح** یہ حدیث بھی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو کہ ابی صالح سے ہے۔ مگر پہلے طریق میں سہیل سے یعقوب نے روایت کی ہے اور دوسرے میں سہیل سے جریر نے روایت کی ہے اور تیسرے میں اوس سے وہیب نے روایت کی ہے۔

صحیح علی شرط مسلم(احمد میرین البلوشی ، خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۴۵)

اس عنوان کے تحت عمران بن حصین سے بھی روایت آئی ہے اور وہ اس طرح ہے۔

**حدیث نمبر ۵/۲۱** اَنْبَأَنَا عَبَّاسُ ۱ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ ۲ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ ۳ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ ۴ عَنْ مَنْصُوْرٍ ۵ عَنْ رِّبْعِيٍّ ۶ عَنْ عِمْرَانَ ۷ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُّحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اَوْ قَالَ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَدَعَا عَلِيًّا وَّ هُوَ اَرْمَدُ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ

**ترجمہ** عمران بن حصین سے روایت ہے یہ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ ضرور بالضرور میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے۔ یا یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں تو نبی کریم ﷺ نے (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کو بلایا درانحالیکہ ان کی آنکھیں دکھ رہی تھیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر فتح عطاء فرمادی۔

صحیح علی شرط مسلم ، رجاله ثقات (ایضاً احمد میرین البلوشی صفحہ ۴۵)

اسی عنوان کے تحت سیدنا امام حسن بن علی المرتضیٰ علیہ السلام کی روایت بھی ہے جس میں جبرئیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام کا جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے داہنے اور بائیں لڑنے کا ذکر ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۱

۱: **العباس بن عبدالعظیم:** العباس بن عبدالعظیم بن اسمعیل العنبری ابو الفضل البصری ثقة حافظ. من کبار الحادیة عشرة مات سنة اربعین (تقریب، صفحہ ۱۶۵) روی عن عبد الرحمن بن مهدی ویحیی بن سعید القطان بن عامر الضبعی وعبدان الاهوازی ومحمد بن عبدالله الحضرمی و غیرهم. قال ابوحاتم صدوق وقال النسائی ثقة مامون قال البخاری و النسائی ومات سنة ست و اربعین و مائتین. قلت مسلمة بصری ثقة. (التہذیب، جلد ۵، صفحہ ۱۲۱ تا ۱۲۲)

۲: **عمر بن عبدالوہاب بن رباح:** عمر بن عبدالوهاب بن رباح بن عبیدة بفتح اوله الریاحی بکسر ا الراء ثم تحتانیة البصری ثقة من العاشرة مات سنة احدی و عشرین (التقریب، صفحہ ۲۵۵) روی عن ابراهیم بن سعد وعامر ابن ابی عامر الخزار معتمر بن سلیمان و یزید بن زریع وطائفة وعنه والعباس بن عبد العظیم العنبری و احمد بن یوسف (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

بقیہ حاشیہ: السلمی وغیرهم قال ابو حاتم ثقة مامون صدوق لم یقض لنا السماع منه وقال النسائی ثقة و ذکره ابن حبان فی الثقات. (التہذیب، جلد۷، صفحہ۲۷۹تا۲۸۰)

۳: معتمر بن سلیمان: معتمر بن سلیمان طرخان التیمی ابو محمد البصری قیل انه کان یلقب با لطفیل. روی عن ابنیه وحمید الطویل و اسمعیل بن ابی خالد و منصور بن المعتمر وهشام بن حبان و جماعة وعنه الثوری وهو اکبر هن و ابن المبارک و هو من اقرانه و عبد الرحمن بن مهدی و عبدالرزاق والحسین بن الحسن المروزی و الحسن بن عرفة و آخرون. قال اسحق بن منصور عن ابن معین ثقة وقال ابو حاتم ثقة صدوق وقال ابن سعد کان ثقة ولد سنة مائة ومات سنة سبع ثمانین ومائة وفیها ارخه غیر واحد، قلت و قال ابن خراش صدوق یخطئی من حفظه و اذا حدث من کتابه فهو ثقة وذکره، ابن حبان فی الثقات. (التہذیب، جلد۱۰، صفحہ۲۲۷/۲۲۸)

۴: ابیہ: سلیمان بن طرخان التیمی ابو المعتمر البصری نظر فی التیم الیهم ثقة عابد من الرابعة مات سنة ثلث و اربعین وهو ابن سبع و تسعین. (التقریب، صفحہ۱۳۴)روی عن انس بن مالک و طاؤس و ابی اسحاق السبیعی و ابی عثمان النهدی ویزید بن عبدالله بن الشخیر ویحیی بن معمر و الاعمش و هو من اقرانه و غیرهم، وعنه ابنه معتمر و شعبة و السفیانان و ابو عاصم النبیل وغیرهم و قال الربیع بن یحیی عن سعید مارأیت احدا اصدق من سلیمان التیمی وقال عبدالله بن احمد عن ابیه ثقة وهو فی ابی عثمان احب الی من عاصم الاحول وقال ابن معین والنسائی ثقة و قال العجلی تابعی ثقة فکان من خیارا اهل البصرة و قال ابن سعد کان ثقة کثیر الحدیث وکان من العباد المجتهدین وکان یصلی اللیل کله بوضؤعشاء الآخرة و کان مائلا الی علی ابن ابی طالب رضی الله عنه. (التہذیب، جلد۴، صفحہ۲۰۱تا۲۰۲)

۵: منصور: منصور بن معتمر بن عبداللہ السلمی کی کنیت ابوعتاب الکوفی ہے۔ ثقہ ہے ثبت ہے۔ وکان لایدلیس من طبقة الاعمش مات سنة اثنتین و ثلثین ومأته یعنی ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ۳۴۸)

۶: ربعی بن خراش: ربعی بن خراش بکسر المهملة و آخرة معجمة ابومریم العیسی الکوفی ثقة عابد محضرم من الثانیة مات سنة مائة و قیل غیر ذالک(التقریب، صفحہ۱۰۰)وروی عن عمرو علی و ابن مسعود و ابی موسی و عمران بن حصین و حذیفة بن الیمان و طارق المهاربی و ابی السیر کعب بن عمر السلمی و ابی مسعود و خرشة بن الحر و عمرو بن میمون وغیرهم و روی عنه ابی ذر والصحیح ان بینهما زید بن ظبیان و عند عبدالملک بن عمیر و منصور بن المعتمر وغیرهم قال ابن المدینی بنو خراش ثلاثه ربعی و ربیع و مسعود ولم بروا عن مسعود شیئی سو کلامه بعد الموت وقال العجلی تابعی ثقة من خیار الناس لم یکذب کذبة قط(التہذیب، جلد۳ صفحہ۲۳۶تا۲۳۷)

۷: عمران بن حصین: عمران بن حصین بن عبید بن خلف الخزاعی ابو نجید بنون وجیم مصغرا سلم عام خیبر وصحب وکان فاضلا و قضی بالکوفة مات سنة اثنتین و خمسین بالبصرة (التقریب، صفحہ۲۶۴)روی عن النبی صلی الله علیه واله وسلم و عن معقل بن یسار. وعنه ابنه نجید وابو الاسود الدیلی وابورجاء العطاردی وربعی بن خراش و مطرف وزارة بن اوفی و ابونضرة العبدی و آخرون. قلت و کذا ذکره ابن سیرین نحوه وسیاق النسب هنا من عند ابن عبدالبر و کذا ذکره ابن الکلبی و من تبعه ان عبدنهم بن حذیفة بن جهم بن غافرة قال ابن سعد استقضا زیادثم استعفاه و کانت الملائکة تصافحه قیل ان یکتوی وقال ابن البرقی کان صاحب رأیة خزاعة یوم الفتح و حکی ابن مندة قولانه مات سنة (۵۳) (التہذیب، جلد۸، صفحہ۱۲۵تا۱۲۶)

**حدیث نمبر ۶/۲۲** | حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ۱؎ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ رَاهْوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ ۲؎ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ ۳؎ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ ۴؎ عَنْ هُبَيْرَةَ ۵؎ بْنِ يريم قَالَ خَرَجَ اِلَيْنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا وَ عَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَآءُ فَقَالَ لَقَدْ كَانَ فِيْكُمْ بِالْاَمْسِ رَجُلٌ بِالْاَمْسِ مَا سَبَقَهُ الْاَوَّلُوْنَ وَ لَا يُدْرِكُهُ الْاٰخِرُوْنَ وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ يُقَاتِلُ جِبْرَئِيْلُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَ مِيْكَآئِيْلُ عَنْ يَسَارِهٖ ثُمَّ قَالَ لَا يُؤَدِّيْنِىْ رَاْيَتَهٗ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ مَا تَرَكَ دِيْنَارًا وَّ لَا دِرْهَمًا اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمًا اَخَذَمَا عِيَالُهٗ مِنْ عَطَآئِهٖ كَانَ اَرَادَ اَنْ يَّبْتَاعَ بِهَا خَادِمًا لِاَهْلِهٖ

**ترجمہ** | ہبیرہ بن یریم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حسن بن علی علیہما السلام ہمارے ہاں تشریف لائے۔اس حال میں کہ سیاہ عمامہ زیب سر تھا آپ نے فرمایا یقیناً کل تم میں ایک ایسا شخص موجود تھا جس سے پہلے لوگ سبقت نہیں لے جاسکے۔اور پچھلے لوگ اس تک نہیں پہنچ سکیں گے۔اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ضرور بالضرور کل میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے نیز اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔جبرئیل علیہ السلام ان کے داہنی طرف اور میکائیل علیہ السلام ان کے بائیں طرف ہو کر لڑتے ہیں۔فرمایا وہ واپس نہ لوٹے گا۔یہاں تک اللہ تعالیٰ ان کے زورِ بازو سے فتح مرحمت فرمائے گا۔سوائے سات سو درہم کے، نہ تو کوئی دینار چھوڑا اور نہ ہی درہم۔یہ بھی ان کی بخشش سے ان کے عیال کے پاس تھے۔اس ارادہ پر کہ اہل وعیال کے واسطے ایک خادم خرید ا جائے۔

**حل لغت** | عَمَامَۃَ: پگڑی۔ سَوْدَآء: سیاہ۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲

۱؎ اسحاق بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۹

۲؎ النضر بن شمیل: النضر بن شميل المازني ابوالحسن النحوي نزيل مرو ثقة ثبت من كبار التاسعة مات سنة اربع و مأتين وله اثنان و ثمانون (التقریب، صفحہ ۳۵۷) روى عن حميد الطويل و ابن عون وهشام بن عروة و هشام بن حسان و يونس بن ابى اسحاق و ابن جريج والخليل بن احمد وغيرهم روى عنه يحيى بن يحيى النيسابورى و اسحاق بن راهويه و يحيى بن معين و على بن المدينى وعبدالله بن عبدالرحمن الدارمى و اخرون. قال ابو حاتم عن ابن المدينى من الثقات وقال عثمان الدارمى عن ابن معين ثقة و كذا قال النسائى وقال ابوحاتم ثقة صاحب سنة ا (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''یقیناً کل تم میں ایک ایسا شخص موجود تھا جس سے پہلے لوگ سبقت نہیں لے جا سکے اور پچھلے لوگ اس تک نہیں پہنچ سکیں گے''، یعنی وہ شخص جس کا نام نامی واسم گرامی علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہے آج شہادت پا چکے ہیں وہ اتنے عظیم، فضائل و کمالات اور کرامات کے حامل تھے کہ وہ تمام لوگ جو ان سے پہلے گذر چکے ہیں یا ان کے بعد قیامت تک آئیں گے ان کے فضائل و کمالات اور کرامات کی گرد تک نہیں پہنچ سکے اور نہ ہی پہنچ سکیں گے۔ ارشاد ہے ''جبرائیل علیہ السلام ان کے دائیں طرف اور میکائیل علیہ السلام ان کے بائیں طرف ہو کر لڑتے ہیں''، یعنی جس وقت میدانِ جہاد میں جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کافروں کے خلاف نبرد آزما ہوتے تو جبرئیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام بھی آپ کی معیت میں جہاد کرتے۔ ایک آپ علیہ السلام کے داہنی طرف اور دوسرا بائیں طرف ہوتا۔ اس حدیث شریف میں حضرت امام عالی مقام سیدنا و مولانا حسن بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے جناب اسد اللہ الغالب علیٰ کل غالب امیر

---

بقیہ حاشیہ: وقال العباس كان النضر اماما فی العربية والحديث وهو اول من اظهر السنة بمرو جمع خراسان و كان اروى الناس عن شعبة و اخرج كتبا كثيرة لم يسبقه اليها احد. (التہذیب، جلد ۱۰ صفحہ ۴۳۷، ۴۳۸)

۳: یونس بن ابی اسحاق: یونس بن ابی اسحاق السبیعی ابو اسرائیل الكوفی صدوق یهم قلیلا من الخامسة مات سنة اثنتین و خمسین علی الصحیح. (التقریب، صفحہ ۳۹۰) روی عن ابیه وانس و ابی بردة و ابی بكر بن ابی موسی الاشعری والحسن البصری و المغیرة ابن شبل و ابی داؤد الاعمی وملال بن خباب وجماعة و عنه ابنه عیسی الثوری و ابن المبارك و ابن مهدی و القطان ووكیع والنضر بن شمیل وآخرون. قال عنه ابن معین ثقة و عن احمد حدیثه معطرب وحدیثه فیه زیاده علی حدیث الناس. وقال ابو حاتم كان صدوقا الا أنه لا یحتج بحدیثه (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۴۳۳۔ الجرح و التعدیل، جلد ۹، صفحہ ۲۴۳)

۴: ابو اسحاق السبیعی: ابو اسحاق السبیعی، عمرو بن عبد الله بن عبید ویقال علی ویقال ابن ابی شعیرة ابو اسحاق السبیعی الكوفی و السبیع من همدان. روی عن علی بن ابی طالب و المغیرة بن شعبة وقدراهما و قیل لم یسمع منهما وعن سلیمان بن صرد و زید بن ارقم و البرأ بن عازب وجابر بن سمرة و ابی عبیدة بن عبد الله بن مسعود وخلق كثیر وعنه ابنه یونس وابن ابنه اسرائیل بن یونس و سفیان بن عیینة و آخرون. و ابو اسحاق السبیعی ثقة الا انه اختلط بآخره و وصف بالتدلیس. (التہذیب، جلد ۸، صفحہ ۶۳)

۵: ہبیرۃ بن یریم: هبیرة بن یریم وزن عظیم الشیبانی بمعجمة ثم موحدة خفیفة ویقال الخارفی بمعجمة وفاء ابو الحارث الكوفی لا بأس به وقدعیب بالتشیع من الثانیة (التقریب، صفحہ ۳۶۳) روی عن علی وطلحة و ابن مسعود و الحسن بن علی وابن عباس وعنه ابو اسحاق السبیعی وابو فاختة قال الاثرم عن احمد لابأس بحدیثه هو احسن استقامة من غیره یعنی الذین تفرد ابو اسحاق بالروایة عنهم وقال عبد الله بن احمد هبیرة احب الینا من الحارث. وقال النسائی لیس بالقوی وذكره ابن حبان فی الثقات. وقال النسائی فی الجرح و التعدیل أرجو أن لابأس به. وقد روی غیر حدیث منكر وقال ابن حراس ضعیف. (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۲۳۔ الجرح والتعدیل جلد ۹، صفحہ ۱۰۹)

المؤمنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی پانچ فضیلتیں ذکر فرمائی ہیں۔اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا محبوب، جبرئیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام کا آپ کی معیت میں ہونا، آپ کے دست مبارک پر قلعہ خیبر کا فتح ہونا، صاحب نشان ہونا اور فقیری و درویشی کا یہ عالم کہ جب اس دنیا سے تشریف لے گئے تو کوئی درہم تک پاس نہ تھا۔علامہ اقبال مرحوم کا شعر ہے

کہ جہاں میں نان شعیر پر ہے مدار قوت حیدری

ابی حمزہ (ابن جریر فی التاریخ والطبرانی) سے روایت ہے کہ جب امیر المؤمنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی تو جناب امام حسن علیہ السلام نے خطبہ میں فرمایا۔

''اے اہل عراق! کل تم میں ایک ایسا آدمی موجود تھا جو رات کو شہید ہوا اور آج خدا کے پاس پہنچ گیا کہ جس سے پہلے لوگ سبقت نہیں لے سکے اور پچھلے اس تک نہیں پہنچ سکیں گے۔جب نبی کریم ﷺ ان کو فوج کے ساتھ بھیجتے تھے تو جبرئیل علیہ السلام ان کے داہنی طرف اور میکائیل علیہ السلام ان کے بائیں طرف ہوا کرتے تھے وہ بغیر فتح کے واپس نہیں آتے تھے''



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# بَابُ ذِكْرِ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَا يُخْزِيْهِ اَبَدًا

## "حضور نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان ہے کہ اللہ عزوجل (حضرت) علی (المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم) کو کبھی خوار نہیں کرے گا"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۲۳** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱؎ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى ۲؎ ابْنُ سُلَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُوْ ۳؎ بْنُ مَيْمُوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَضَّاحُ ۴؎ وَ هُوَ اَبُوْ عَوَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى ۵؎ ابْنُ عَوْفٍ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳

۱؎ محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲؎ یحیٰ بن سلیم: يحيى بن سليم كنية ابوبلج بفتح اوله و سكون اللام بعدها جيم انفرادى الواسطى و يقال الكوفى الكبير واسمه يحيى بن سليم بن بليج ويقال ابن ابى سليم وقال يحيى بن ابى الاسود روى عن ابيه وعن الجلاس ويقال ابى الجلاس و عمرو بن ميمون الاودى و محمد بن حاطب و عباية بن رافع بن خديج وابى الحكم العنرى و عنه، ابو يونس حاتم بن ابى مغيرة و زائدة و زهير بن معاوية و شعبة والثورى و ابو عوانة و ابو حمزة اسكرى و هيثم وغيرهم قال ابن معين و ابن سعد و النسائى والدارقطنى ثقه و قال البخارى فيه نظر وقال ابوحاتم صالح الحديث لابأس به. قلت. وذكره ابن حبان فى الثقات و قال يخطى وقال يعقوب بن سفيان كوفى لابأس به وقال ابراهيم بن يعقوب الجوزجانى وابوالفتح الازدى كان ثقة و نقل ابن عبدالبر وابن الجوزى عن ابن معين ضعفه وقال احمد روى حديثا منكرا (التہذیب، جلد ۱۲، صفحہ ۴۷۔ الجرح والتعدیل، جلد ۹، صفحہ ۱۵۳۔ المغنی، جلد ۲، صفحہ ۷۳۷) و ذكره الذهبى فى المغينى و الكتفى بنقل قول البخارى و احمد وابن حبان فيه.

۳؎ عمرو بن میمون: عمرو بن ميمون بن مهران روى عن ابيه وعدة و عنه يزيد بن زريع و ابن المبارك و يزيد بن هارون كان راسا فى السنة والورع مات ۱۴۵ هجرى ' ثقة فاضل (الکاشف، جلد ۲، صفحہ ۸۹)

۴؎ الوضاح: الوضاح بتشديد المعجمة ثم مهملة ابن عبدالله اليشكرى بالمعجمة الواسطى (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

قَالَ اِنِّیْ لَجَالِسٌ اِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا فَاَتَاہُ تِسْعَۃُ رَھْطٍ فَقَالُوْا اِمَّا اَنْ تَقُوْمَ مَعَنَا وَ اِمَّا اَنْ تَخْلُوَنَّ بِھٰؤُلَآءِ وَ ھُوَ یَوْمَئِذٍ صَحِیْحٌ قَبْلَ اَنْ یَّعْمٰی قَالَ اِنَّمَا اَقُوْمُ مَعَکُمْ فَتَحَدَّثُوْا فَلَا اَدْرِیْ مَا قَالُوْا فَجَاءَ وَھُوَ یَنْفُضُ ثَوْبَہٗ وَ یَقُوْلُ اُفٍّ وَ تُفٍّ یَقَعُوْنَ فِیْ رَجُلٍ لَہٗ عِزٌّ وَ قَعُوْا فِیْ رَجُلٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَاَ بْعَثَنَّ رَجُلًا یُّحِبُّ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ وَ یُحِبُّہُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ لَا یُخْزِیْہِ اللّٰہُ اَبَدًا فَاَشْرَفَ مَنِ اسْتَشْرَفَ فَقَالَ اَیْنَ عَلِیٌّ قِیْلَ ھُوَ فِی الرَّحَا یَطْحَنُ قَالَ وَ مَا کَانَ اَحَدُکُمْ لِیَطْحَنَ مِنْ قَبْلِہٖ فَدَعَاہُ وَھُوَ اَرْمَدُ مَا کَانَ اَنْ یَّبْصُرَ فَنَفَثَ فِیْ عَیْنَیْہِ ثُمَّ ھَزَّ الرَّایَۃَ ثَلٰثًا فَدَفَعَھَا اِلَیْہِ فَجَاءَ بِصَفِیَّۃَ بِنْتِ حُیَیٍّ وَ بَعَثَ اَبَابَکْرٍ بِسُوْرَۃِ التَّوْبَۃِ وَ بَعَثَ عَلِیًّا خَلْفَہٗ فَاَخَذَھَا مِنْہُ وَقَالَ لَا یَذْھَبُ بِھَا اِلَّا رَجُلٌ مِنْ اَھْلِ بَیْتِیْ وَ ھُوَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْہُ وَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ وَ الْحُسَیْنَ وَ عَلِیًّا وَ فَاطِمَۃَ فَمَدَّ عَلَیْھِمْ ثَوْبًا فَقَالَ اللّٰھُمَّ ھٰؤُلَآءِ اَھْلُ بَیْتِیْ وَ خَاصَّتِیْ فَاَذْھِبْ عَنْھُمُ الرِّجْسَ وَ طَھِّرْھُمْ تَطْھِیْرًا وَ کَانَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ خَدِیْجَۃَ وَ لَبِسَ ثَوْبَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَ ھُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّہٗ نَبِیُّ اللّٰہِ فَجَاءَ اَبُوْبَکْرٍ فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ فَقَالَ عَلِیٌّ اِنَّ النَّبِیَّ قَدْ ذَھَبَ نَحْوَ بِئْرِ مَیْمُوْنٍ فَاتَّبَعَہٗ فَدَخَلَ یَرْمُوْنَ مَعَہٗ الْغَارَ فَکَانَ الْمُشْرِکُوْنَ یَرْجُوْنَ عَلِیًّا حَتّٰی اَصْبَحَ وَ خَرَجَ بِالنَّاسِ فِیْ غَزْوَۃِ تَبُوْکَ فَقَالَ عَلِیٌّ اَخْرُجُ مَعَکَ فَقَالَ لَا فَبَکٰی فَقَالَ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ ھَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّکَ لَسْتَ بِنَبِیٍّ ثُمَّ قَالَ اَنْتَ خَلِیْفَتِیْ یَعْنِیْ فِیْ کُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِیْ قَالَ

---

بقیہ حاشیہ: البزار ابوعوانة مشهور بكنية ثقة ثبت، من السابعة مات سنة خمس او ست و سبعين (التقریب، صفحہ ۳۶۹) رأى الحسن و ابن سيرين وسمع عن معاوية بن قرة حديثا واحدا و روى عن اشعث بن ابى اشعثاء وابى حصين و خلق كثير. روى عنه شعبة ومات قبله، وابن علية و ابوداؤد وابوهشام المخزومى و عفان و يحيى بن حماد والهيثم بن سهل التسترى و هوا خرمن روى عنه و آخرون قال يعقوب بن شيبة ثبت صالح الحفظ صحيح الكتاب وقال ابن خراش صدوق فى الحديث وقال ابن عبدالبر اجمعوا على انه ثقة ثبت حجة فيما حديث من كتابه وقال اذا حدث من حفظه و ربما غلط. (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۱۷ تا ۱۲۰)

۵: یحییٰ بن عفیف: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال نمبر ۵:۵



Marfat.com

وَ سُدَّ اَبْوَابُ الْمَسْجِدِ غَيْرَ بَابِ عَلِيٍّ قَالَ وَ كَانَ يَدْخُلُ الْمَسْجِدَ وَهُوَ جُنُبٌ وَهُوَ طَرِيْقُهٗ وَلَيْسَ لَهٗ طَرِيْقٌ غَيْرُهٗ وَقَالَ مَنْ كُنْتُ وَلِيُّهٗ فَعَلِيٌّ وَلِيُّهٗ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَ اَخْبَرَنَا اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِي الْقُرْاٰنِ اَنَّهٗ قَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ فَهَلْ حَدَّثَنَا بَعْدُ اَنْ سَخِطَ عَلَيْهِمْ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِعُمَرَ حِيْنَ قَالَ اُذَنْ لِيْ فَلِاَضْرِبَ عُنُقَهٗ يَعْنِيْ حَاطِبًا فَقَالَ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

ترجمہ | یحییٰ بن عوف فرماتے ہیں کہ میں ابن عباس ؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ان کے پاس نو افراد آئے۔ انہوں نے کہا کہ یا تو آپ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں یا ان لوگوں سے کنارہ کش (یک سو) ہو جائیں۔ اس وقت (جناب ابن عباس ؓ) تندرست تھے ابھی نابینا نہیں ہوئے تھے۔ فرمایا میں تمہارے ساتھ کھڑا ہوتا ہوں سو باہم گفتگو کرتے رہے۔ (راوی کہتا ہے) مجھے معلوم نہیں کہ وہ کیا گفتگو کرتے رہے جب وہ تشریف لائے تو اپنے کپڑے جھاڑ رہے تھے اور فرما رہے تھے افسوس ہے اور تھو ہے اُن پر جو ایسے شخص کی برائی کرتے ہیں جو عزت والا ہے نیز ایک ایسے شخص کی برائی بیان کرتے ہیں جس کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ضرور بالضرور میں ایک ایسے شخص کو بھیجوں گا جو خدا اور رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کو کبھی بھی خوار نہیں کرے گا۔ گردن بلند کی جس نے بلند کی۔ ارشاد فرمایا۔ علی کہاں ہے؟ عرض کیا گیا وہ چکی میں دانہ دَل رہا ہے۔ فرمایا تم میں ایسا کوئی نہ تھا جو کہ اس کا دانہ دَل دیتا۔ پس رسول کریم ﷺ نے انہیں بلایا۔ درآنحالیکہ ان کی آنکھیں دکھ رہی تھیں اور دیکھنے کے قابل بھی نہ تھے۔ پس ان کی دونوں آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا۔ پھر علم کو تین بار لہرایا۔ اس کے بعد وہ (جناب) علی (المرتضٰی علیہ السلام) کو دے دیا۔ پھر صفیہ بنت حی لائی گئی اور (جناب) ابوبکر (ؓ) کو سورۃ توبہ دے کر روانہ کیا۔ اور (حضرت) علی کو ان کے پیچھے بھیجا تو انہوں نے ان سے وہ لے لی۔ اور ارشاد فرمایا، سوائے میرے اہلِ بیت کے کوئی اور نہ لے جائے وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ اور رسول کریم ﷺ نے حسن، حسین، علی اور فاطمہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بلایا۔ پھر ان پر ایک کپڑا اوڑھ لیا اور دعا فرمائی۔ اے میرے اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں اور میرے انتہائی قریبی ہیں تو ان سے ہر قسم کی ناپاکی کو دور فرما دے اور جیسا کہ پاک کرنے کا حق ہے ان کو ویسے ہی پاک فرما دے۔ اور حضرت ام المؤمنین خدیجۃ الکبریٰ رضی



Marfat.com

اللہ عنہا کے بعد تمام مخلوق میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے پہلے اسلام لائے اور جناب علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) نے جب حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لباس زیب تن فرمایا۔ تو سب نے یہ گمان کیا کہ یہ تو اللہ کے نبی ہیں۔ دریں اثناء (حضرت) ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے اور کہا کہ یا نبی اللہ!۔ (جناب) علی (المرتضی) نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو میمون نامی کنوئیں پر تشریف لے گئے ہیں۔ پھر وہ ان کے پیچھے گئے اور ان کے ساتھ غار میں چلے گئے۔ تو مشرک صبح تک (جناب) علی (رضی اللہ عنہ) پر تیر برساتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو لے کر غزوۂ تبوک کیلئے نکلے تو (جناب) علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں بھی آپ کے ساتھ جاتا ہوں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ پر گریہ طاری ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تجھے یہ پسند نہیں کہ تو میرے نزدیک ایسا ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ہارون علیہ السلام تھے مگر یاد رکھ کہ تو نبی نہیں ہے۔ پھر ارشاد فرمایا تو میرا خلیفہ ہے یعنی میرے بعد ہر مومن کا اور فرمایا کہ بند کر دیئے گئے مسجد (نبوی) کی طرف تمام دروازے سوائے (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کے دروازہ کے۔ اور فرمایا وہ مسجد میں داخل ہوتے تھے درآنحالیکہ وہ جنبی ہوتے۔ یہ مسجد ان کا راستہ تھا سوائے اس کے ان کا کوئی دوسرا راستہ نہ تھا۔ اور فرمایا جسکا میں ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا قرآن مجید میں ہمیں اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ اصحاب شجرہ سے راضی ہوا تو کیا ہم سے کسی نے حدیث بیان کی اس کے بعد کہ خدا ان پر ناراض ہوا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت) عمر (فاروق رضی اللہ عنہ) کو فرمایا اس وقت جب کہ انہوں نے عرض کیا کہ اجازت ہو تو اس کی گردن قلم کر دوں۔ یعنی حاطب کی، تو فرمایا اے عمر! کیا تو نہیں جانتا، کہ اللہ تعالیٰ یقیناً اہل بدر کے واقعات پر مطلع تھا؟ اسی لئے تو انہیں فرمایا کہ تم جو چاہو کرو، پس تحقیق اللہ تعالیٰ نے تم کو بخش دیا ہے۔

**حل لغت** تِسْعَة: نو (۹)۔ رَهْطٍ: قوم، قبیلہ، تین آدمیوں سے لے کر نو افراد تک، یا چالیس آدمیوں تک یا دس سے کم آدمی جن میں عورت نہ ہو۔ جب رھط کی جانب عددی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں۔ تَخَلَّوْنَ: خلوت سے ہے جس کے معنی تنہائی اور یکسوئی کرنے کے ہیں۔ يَنْفُضُ: نَفْضٌ سے ہے جس کے معنی غبار، گرد و غبار وغیرہ جھاڑنے کے ہیں۔ اُفٌ وَ تُفٌ کے معنی ناخن کی میل کے ہیں۔ رنج: افسوس تھوڑی چیز۔ رحی: چکی، سینہ، سردار، مستقل قبیلہ جو دوسروں کا محتاج نہ ہو، پالک، اونٹ یا ہاتھی کا کھر۔ يَطْحَنُ: دانہ دل رہے ہیں۔ طَحْنٌ: آٹا پیسنا۔ فَنَفَثَ: نَفْثٌ مصدر ہے جس کے معنی ہیں منہ سے تھوک پھینکنا۔ هَزٌّ: ہلانا، لہرانا، حرکت دینا، خوش ہونا۔ مَدًّا: کھینچنا، پھیلانا، لمبا کرنا، اوڑھنا۔ سَدٌّ، سَدٌّ وَ سُدٌّ: روکنا، بند کرنا۔ آڑ لینا۔



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''تو انہوں نے کہا آپ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں یا ان لوگوں سے یک سو ہوں'' یعنی آپ ان لوگوں سے جو کہ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے ہیں تخلیہ کریں اور علیحدہ بیٹھ کر ہماری باتیں سنیں یہ واقعہ اس وقت کا تھا جب کہ آپ تندرست تھے اور آپ کی آنکھیں صحیح تھیں چنانچہ آپ ان کے ساتھ ایک طرف کھڑے ہو گئے اور باہم گفتگو کی۔ ارشاد ہے ''پس وہ تشریف لائے اس حال میں کہ اپنے کپڑے جھاڑ رہے تھے'' گویا بہت ہی کبیدہ خاطر تھے۔ جس کی وجہ سے انتہائی پریشانی کا اظہار فرما رہے تھے ان کی باتوں سے بیزاری کا اظہار ہو رہا تھا۔ ارشاد ہے ''اور فرماتے اف اور تھو ہے'' یہ کلمات انتہائی تنگ دلی اور زجر کے وقت استعمال کئے جاتے ہیں۔ گویا ان کی گفتگو آپ کو بہت ہی ناگوار اور ناپسند تھی۔ جس کی وجہ سے انتہائی رنج اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے یہ کلمات فرمائے جو کہ انتہائی ناپسندیدہ سمجھے جاتے ہیں۔ جناب ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا کہ ''یہ ایک ایسے شخص کی برائی بیان کرتے ہیں جو انتہائی عزت والا ہے نیز ایک ایسے شخص کی برائی کرتے ہیں جس کے متعلق جنگِ خیبر کے دن رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ضرور بالضرور میں ایک ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا اور میدانِ خیبر میں بھیجوں گا۔ خداوند تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس کو دوست رکھتے ہیں۔ اور وہ اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ سے محبت کرتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اسی کے مبارک ہاتھوں سے فتح نصیب کرے گا اور اسے کبھی ذلیل و خوار نہ کرے گا یعنی اسے شکست نہ ہوگی'' کیا ایسے شخص کی جس کی تعریف و توصیف پیغمبر اسلام ﷺ کی زبان مبارک سے ہو رہی ہو یہ بدبخت اسی کی برائی کرتے ہیں، جو کہ نہایت قابلِ افسوس اور مذمت کے لائق ہے۔ تو کس طرح یہ بدبخت اس کی برائی کرتے ہیں۔ ارشاد ہے ''اور وہ (جناب) علی المرتضیٰ علیہ السلام نے حضور نبی اکرم ﷺ کا لباس زیب تن فرمایا تھا تو سب نے یہ گمان کیا کہ یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نبی ہیں دریں اثناء (حضرت) ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور کہا کہ یا نبی اللہ'' یعنی اس وقت جناب امام الاولیاء سیدنا و امامنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کی ایک عجیب ہی کیفیت تھی کہ جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بھی آپ علیہ السلام کا لباس اور شکل و صورت دیکھ کر یقین ہوا کہ رسول کریم ﷺ تشریف فرما ہیں اسی لئے تو بے ساختہ فرما اٹھے یا نبی اللہ! مگر آپ رضی اللہ عنہ نے فوراً جواب دیا کہ حضور نبی کریم ﷺ تو میمون نامی کنوئیں پر تشریف لے گئے ہیں'' ہمارے مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ مریدِ صادق پر ایک خاص وقت میں ایک ایسی خاص حالت وارد ہوتی ہے کہ وہ فنافی الشیخ ہو جاتا ہے۔ اس کے افعال، اعمال، اشغال، تواردات حتیٰ کہ لباس اور شکل و صورت بھی اپنے شیخ کی مانند اور مثل ہو جاتی ہے چہ جائیکہ امام الاولیاء شیخ الطریقت والحقیقت، سیدنا و امامنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کہ آپ کا منصب ہی فنافی الرسول تھا



Marfat.com

من تو شدم تو من شدی من جاں شدم تو تن شدی
تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری!

ارشاد ہے ''تو مشرک صبح تک (جناب) علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر تیر برساتے رہے'' یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمال تقرب اور آپ کی انتہائی شجاعت کا ذکر فرمایا۔ کہ جس عدیم النظیر شخصیت میں اس طرح کی خوبیاں موجود ہوں اس کو یہ بدبخت برا کہتے ہیں۔ ارشاد ہے ''کہ تجھے یہ پسند نہیں کہ تو میرے نزدیک ایسا ہو کہ جیسے موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ہارون علیہ السلام تھے مگر ہاں یاد رکھو کہ تو نبی نہیں'' یعنی جناب ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جنگ تبوک کا واقعہ ذکر فرمایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں رہنے کا ارشاد فرمایا تو آپ رضی اللہ عنہ رو پڑے تب جناب پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا گویا جو مرتبہ اور جو عزت جناب ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی وہ تجھے حاصل ہے۔ جس طرح وہ ان کے بھائی تھے اسی طرح تو میرا بھائی ہے مگر ایک بات رکھو تو نبی نہیں۔ اس لئے جناب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔ باقی سب مرتبے اور فضیلتیں آپ رضی اللہ عنہ کو حاصل ہیں۔ تو پھر یہ لوگ کس طرح آپ رضی اللہ عنہ کی برائی بیان کرتے ہیں۔

ارشاد ہے ''تو میرا خلیفہ ہے یعنی میرے بعد ہر مومن کا'' یعنی آپ رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفۂ برحق ہیں، ہر ایک مومن کے سردار، امیر اور امام ہیں۔ سلسلہ ہائے طریقت میں کل اولیاءِ کرام کے آپ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے خلیفۂ برحق ہیں۔ تقریباً تمام سلاسلِ طریقت آنجناب امام الاولیاء سیدنا وامامنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ہی وساطت سے حضور نبی الانبیاء جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک منتہی ہوتے ہیں۔ اگر ادوارِ حکومت علیٰ منہاج النبوۃ میں چار خلفاء ہیں۔ اور آپ اس لحاظ سے خلیفہ چہارم ہیں مگر سلسلہ ولایت میں آپ رضی اللہ عنہ خلیفہ بلافصل ہیں۔

یا الٰہی بحقِ پیغمبر | بخش جرم مرا کنوں یک سر
بعلیؑ ولیٔ شیرِ خُدا | نظرِ لطف کن بجانبِ ما

(آمین ثم آمین)

گویا جناب ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ایسی عظیم اور بزرگ شخصیت کو یہ بدبخت برا کہتے ہیں، ارشاد ہے ''اور بند کر دیئے گئے مسجد کی طرف دروازے سوائے (حضرت) علی رضی اللہ عنہ کے دروازہ کے'' یعنی بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے گھروں کے دروازے مسجد نبوی کے اندر کھلتے تھے لہٰذا حکم دیا کہ تمام ایسے گھروں کے دروازے بند کر دیئے جائیں تاکہ کوئی ناپاک عورت یا ناپاک مرد مسجد نبوی شریف میں داخل ہونے نہ پائے۔ اس



Marfat.com

لئے ان تمام گھروں کے دروازوں کا رخ بدل دیا گیا۔ مگر جناب علی المرتضیٰ ؓ کے مکان کا دروازہ اس حکم سے مستثنیٰ قرار دیا گیا۔ ارشاد ہے "قرآن مجید میں ہمیں اللہ عزوجل نے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ اصحاب شجرہ سے راضی ہوا" جن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے مقامِ حدیبیہ میں ایک درخت کے نیچے پیغمبر اسلام ﷺ کے دستِ مبارک پر لڑکر مر جانے کیلئے بیعت کی تھی ان کو "اصحابِ شجرہ" کہتے ہیں۔ چونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو (سورۃ فتح ۱۸:۴۸) اس آیہ کریمہ میں "لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ" (بیشک، یقیناً اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے، جب وہ اس پیڑ کے نیچے آپ کی بیعت کرتے تھے) اپنی رضا کی بشارت دی اسی لئے اس بیعت کو "بیعتِ رضوان" کہتے ہیں۔ اور جناب سیدنا و امامنا حضرت علی ؓ ان میں شامل تھے۔ نیز یہ سب حضرات والاشان رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جنتی ہیں۔ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (رواہ احمد و ابو داؤد والترمذی) ۔(جابر ؓ سے روایت ہے کہ سرورِ عالم و عالمیان ﷺ نے فرمایا کہ جن لوگوں نے درخت کے نیچے بیعت کی ان میں سے کوئی ایک بھی دوزخ میں نہ جائے گا) ارشاد ہے "تو کیا ہم سے کسی نے حدیث بیان کی اس کے بعد کہ خدا ان پر ناراض ہوا" یعنی جناب ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے انہیں رضا کی سند عطاء فرما دی اور حضرت رسول کریم ﷺ نے انہیں جنتی ہونے کی خوشخبری سے سرفراز فرما دیا تو کیا اس کے بعد کوئی ایسی حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول کریم ﷺ ان سے ناراض بھی ہوئے ہیں۔ چونکہ ایسی حدیث نہیں۔ لہٰذا ان کے متعلق جن میں جناب سیدنا و امامنا علی ابن ابی طالب ؓ نہایت ہی قابلِ صد احترام شخصیت ہیں۔ ان کی برائی کرنا یا ان پر کسی قسم کے طعن کرنا انتہائی دریدہ دہنی اور بے شرمی کی بات ہے۔ ارشاد ہے "اے عمر ؓ کیا تو جانتا نہیں ہے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ اہلِ بدر کے واقعات پر مطلع تھا اسی لئے فرمایا کہ جو تم چاہو کرو پس تحقیق اللہ تعالیٰ نے تم کو بخش دیا ہے" یہ حضور ﷺ نے حضرت سیدنا عمر فاروق ؓ کو اس وقت فرمایا جب انہوں نے اجازت چاہی کہ حاطب کو قتل کر دیں۔ چونکہ سیدنا و امامنا ابوتراب علی المرتضیٰ ؓ جہادِ بدر میں موجود تھے اور ایسی جاں بازی اور جان سپاری سے دادِ شجاعت حاصل کر چکے تھے جسکی مثال ملنی محال ہے اس لئے تو وہ مغفور ہوئے، بخشے ہوئے ہیں۔ اور اس گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جن کو سرورِ عالم و عالمیان ﷺ نے مغفرت کی بشارت دی ہے لہٰذا ان صفاتِ عالیہ کے مالک کو برا کہنا یا انکے حق میں طعن کرنا یا ان کے متعلق بدگمانی کرنا قطعاً درست نہیں بلکہ ایمان کا زیاں ہے۔

اسنادہ ، حسن ( ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی، بیروت دار الکتب علمیہ ۱۹۸۴ء، صفحہ ۳۴)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ رضی اللہ عنہ اِنَّهٗ مَغْفُوْرٌ لَّكَ

## "اس باب میں پیغمبر اسلام جناب احمد مجتبیٰ ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں بخش چکا ہے"

(اس باب میں تین احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۲۴** اَخْبَرَنِيْ هَارُوْنُ ۱؎ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْحَمَّالِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۲؎ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُبَيْرِ الْاَسَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ ۳؎ بْنُ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ ۴؎ عَنْ عُمَرِو ۵؎ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۶؎ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِذَا قُلْتَهُنَّ غُفِرَلَكَ مَعَ اَنَّهٗ مَغْفُوْرٌ لَّكَ تَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ- لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ آیا تجھے وہ کلمات نہ بتاؤں کہ جب تو ان کو پڑھے تو تیری بخشش ہو جائے۔ باوجودے کہ اللہ تعالیٰ تجھے بخش چکا ہے۔ پڑھو! نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ، جو کہ حلیم بھی ہے اور کریم بھی ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ جو کہ اعلیٰ بھی ہے اور عظیم بھی ہے پاک ہے اللہ تعالیٰ جو کہ سات آسمان اور سات زمین کا مالک ہے اور عرش عظیم کا رب ہے۔ ہر قسم کی تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو کہ رب العالمین ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۴

۱؎ **ہارون بن عبداللہ بن مروان:** هارون بن عبدالله بن مروان البغدادی ابوموسی الحمال بالمهلة البزار ثقة من العاشرة مات سنة ثلث و اربعين و قد ناهز الثمانين. (التقريب، صفحہ ۳۶۱) روی عن ابن عيينة وحسين بن علی الجعفی و جعفر بن عون و اسود بن عامر و ابی اسامة وخلق كثير. روی عن الجماعة سوی البخاری و روی (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** | حَلِیْمٌ: اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام ہے یعنی وہ اپنے بندوں کے گناہوں اور قصوروں پر غصہ نہیں کرتا۔ کَــرِیْــمٌ: یہ بھی اسماءِ الٰہی میں سے ایک نام ہے یعنی ایسا داتا جس کی عطاء ختم نہیں ہوتی۔ صاحب نہایہ فرماتے ہیں ''اللہ کا نام جو کریم ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ جامع انواع خیر اور شرف وفضائل کا مجموعہ''۔

**تشریح** | ارشاد ہے ''کہ باوجودے کہ اللہ تعالیٰ تجھے بخش چکا ہے'' یعنی پیارے محبوب سید دوعالم ﷺ نے جناب

---

بقیہ حاشیہ: النسائی فی مسند مالک عن ذکریاء السنجری وابن ابی داؤد و البغوی و ابن صاعد وغیرهم. وقال النسائی ثقة و ذکره ابن حبان فی الثقات (التهذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۹)

۲: محمد بن عبداللہ بن الزبیر: محمد بن عبدالله بن الزبیر ابن عمرو بن درهم الاسدی ابو احمد الزبیری الکوفی ثقة ثبت الاانه قد یخطئی فی حدیث الثوری من التاسعة مات سنة ثلث و مأتین. (التقریب، صفحہ ۳۰۴) روی عن ایمن بن نابل و یحیی بن ابی الهیثم العطار و عیسی بن طهمان و فطر بن خلیفة و سفیان الثوری والولید بن عبدالله بن جمیع و خلق و عنه ابنه طاهر و احمد بن حنبل و ابو خثیمة وبندار و ابوموسی واحمد بن الولید الفحام ومحمد بن یونس الکدیمی وآخرون وقال ابن المنیر ابو احمد الزبیری صدوق فی الطبقة الثالثة من اصحاب الثوری ماعلمت الاخیرا مشهور بالطلب ثقة صحیح الکتاب. قال حنبل بن اسحاق عن احمد بن حنبل کان کثیرا الخطاء فی حدیث سفیان وقال ابن ابی خثیمة عن ابن معین ثقة و قال عثمان الدارمی عن ابن معین لیس به بأس و قال العجلی کوفی ثقة یتشیع وقال بندار ما رأیت احفظ منه وقال ابوزرعة و ابن خراش صدوق و قال ابوحاتم عابد محتمد حافظ للحدیث، له اوهام.
(التهذیب، جلد ۹ صفحہ ۲۵۴ تا ۲۵۵)

۳: علی بن صالح: علی بن صالح بن حی الهمدانی ابو محمد و یقال ابو الحسن الکوفی اخوالحسن بن صالح و هما تو أمان روی عن ابیه و ابی اسحاق السبیعی وسلمه بن کهیل و سماک بن حرب و میسرة بن حبیب وغیرهم وعنه، اخوه وابن عیینة و وکیع و ابو احمد الزبیری و ابن نمیر و علی بن قادم و معاویة بن هشام وخالد بن مخلد وعبیدالله بن ـ موسی و ابو نعیم وغیرهم. قال احمد وابن معین والنسائی ثقة و ثقة فی ترجمة اخیه بشئی من فضله وذکره ابن حبان فی الثقات. (التهذیب، جلد ۷، صفحہ ۳۳۲ تا ۳۳۳)

۴: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: عمرو بن مرة: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴

۶: عبداللہ بن سلمة: عبدالله بن سلمة بکسر اللام المرادی الکوفی صدوق تغیر حفظه من الثانیة (التقریب، صفحہ ۱۷۶) روی عن عمرو و معاذ و علی و ابن مسعود و سعد و سلمان الفارسی و صفوان بن عسال و عمار بن یاسر و عبیدة بن عمرو السلمانی وعنه ابو اسحق السبیعی و عمرو بن مرة وثقة العجلی و یعقوب بن شیبة وقال عمرو بن مرة کان عبدالله یحدثنا فنعرف و ننکر و کان قدکبر. وقال البخاری لایتابع فی حدیثه و قال ابو حاتم والنسائی یعرف و ینکر و عن احمد الحاکم حدیثه لیس بالقائم (التهذیب، جلد ۵، صفحہ ۲۴۱۔ المیزان الاعتدال، جلد ۲، صفحہ ۴۳)



Marfat.com

امام الاولیاء سیدنا و امامنا علی المرتضیٰ ﷺ کو جنتی ہونے کی بشارت سے نوازا، مغفرت کا جگمگاتا تاج آپ علیہ السلام کے سر اقدس پر نظر آرہا ہے۔ مگر باوجود اس کے پھر ان کلمات پڑھنے کی تلقین فرمائی۔ تاکہ آپ ﷺ کے درجاتِ بخشش اور زیادہ سے زیادہ ہوں۔ چونکہ آپ رضی اللہ عنہ تمام سلاسلِ اولیائے کرام کے مرشدِ ارشد اور پیشوائے اعظم ہیں۔ لہٰذا آپ کی وساطت اور وسیلہ سے جو بھی ان کلمات کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کی راہ مہیا کرے گا۔ اور تاقیامِ قیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب مصنف "فیض الباری شرح صحیح البخاری" لکھتے ہیں "اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خدا حضرت علی کے سب گناہ بخش چکا ہے" رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ صاحب "نفائس المعن" حصہ سوم صفحہ ۳۲۷ پر لکھتے ہیں۔

"یہ روایت بحوالہ کتاب المناقب لامام احمد بن حنبل بھی ہے"

**حدیث نمبر ۲/۲۵** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمِ الْكُوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ ۲ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ ۳ وَهُوَ ابْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ ۴ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَمْرِو ۵ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ۶ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَلِيُّ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِنْ اَنْتَ قُلْتَهُنَّ غُفِرَ لَكَ مَعَ اَنَّكَ مَغْفُوْرٌ لَّكَ تَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۝

**ترجمہ** (جناب) علی (المرتضیٰ) ﷺ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، یا علی! کیا تجھے چند ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ اگر تو انہیں پڑھے تو تو بخشا جائے۔ باوجود اس کے کہ تو پہلے سے بخشا جا چکا ہے۔ تو پڑھ کہ نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ جو کہ علی بھی ہے اور عظیم بھی، پاک ہے اللہ تعالیٰ جو کہ آسمانوں اور عرش عظیم کا رب ہے۔ ہر قسم کی تعریف اللہ کیلئے ہے جو کہ رب العالمین ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵

۱: احمد بن عثمان: احمد بن عثمان بن حكيم الاودى ابو عبدالله الكوفى ثقة من الحادية عشرة مات سنة احدى و ستين (التقریب، صفحہ ۱۵) روى عن ابيه وعمه على بن حكيم و شريح بن سلمة و عبيد الله بن موسى و خالد بن مخلد و ابى نعيم وغيرهم وعنه (خ م س ق) وابو حاتم وقال صدوق وابو عوانة ويعقوب الفسوى و الحسين والقاسم ابنا المحاملى و محمد بن مخلد وهو آخر من روى عنه وغيرهم قال النسائى ثقه وقال ابن خراش كان ثقة (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** | عَلِيٌّ: اسمائے الٰہی میں سے ایک نام ہے یعنی سب سے بلند مرتبہ۔ سب سے اعلیٰ۔ ہر تہمت کرنے والوں کی تہمت سے عالی یا ہر ایک وصف اور ثناء سے بالا۔ عَظِيمٌ: بڑا۔

**حدیث نمبر ۳/۲۶** | اَخْبَرَنِیْ صَفْوَانُ ۱ بْنُ عُمَرَ الْحِمْصِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ۲ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ ۳ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ ۴ عَنْ عَمْرِو ۵ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ۶ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَلِیٍّ قَالَ كَلِمَاتُ الْفَرَجِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

**ترجمہ** | (جناب) علی (علیہ السلام) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ کلمات کشائش یہ ہیں۔ نہیں کوئی معبودِ برحق مگر اللہ تعالیٰ جو کہ علی بھی ہے اور عظیم بھی۔ نہیں ہے کوئی معبودِ برحق مگر اللہ تعالیٰ جو کہ حلیم بھی ہے اور کریم بھی۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ جو کہ ساتوں آسمانوں کا اور عرشِ عظیم کا رب ہے۔ ہر قسم کی تعریف اللہ کیلئے ہے جو کہ رب العالمین ہے۔

---

بقیہ حاشیہ: عدلاو ذکرہ ابن حبان فی الثقات (التہذیب، جلد۱۰، صفحہ ۶۰ تا ۶۱)

۲: خالد بن مخلد: خالد بن مخلد القطوانی بفتح القاف والطاء ابوالهیثم البجلی مولاهم الکوفی صددق. یتشیع وله افراد من کبار العاشرة مات سنة ثلث عشرة وقیل بعدها (التقریب، صفحہ ۹۰) روی عن سلیمان بن بلال وعبدالله بن عمر العمری و محمد بن جعفر بن ابی کثیر و مالک وعبد الرحمن والربیع بن منذر الثوری و جماعة و عنه البخاری و روی له مسلم و ابوداؤد فی مسند مالک والباقون بواسطة محمد بن عثمان بن کرامة و ابی کریب واحمد بن عثمان بن حکیم الاودی وابو یعلی محمد بن شداد المسمعیی و هو آخرون من روی عنه قال ابن معین مابه بأس وعن احمد له احادیث مناکیر وقال ابوحاتم یکتب حدیثه و لایحتج به وقال ابوداؤد صدوق لکنه یتشیع (التہذیب، جلد۳، صفحہ ۱۱۶)

۳: علی بن صالح بن حی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۴: ۳

۴: ابی اسحاق الہمدانی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲: ۴

۵: عمرو بن مرة: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲: ۴

۶: عبداللہ بن سلمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۴: ۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶

۱: صفوان بن عمرو: صفوان بن عمرو بن هرم السکسکی ابو عمر و الحمصی ثقة من الخامسة مات سنة خمس و خمسین اوبعدها (التقریب، صفحہ ۱۵۳) روی عن عبدالله بن بسر المازنی الصحابی و جبیر بن نفیر و شریح بن عبید الحضرمی و راشد بن سعد. و عبدالله بن بسر الحبرانی و جماعة وعنه ابن المبارک و (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے کہ "کلماتِ کشائش یہ ہیں"۔ یعنی ہر مشکل کو آسان کرنے کیلئے، تکالیف کو رفع کرنے کیلئے اور مہمات کو حل کرنے کیلئے کلماتِ بالا پڑھے تو اللہ تعالیٰ مشکلات آسان فرما دیتا ہے، تکالیف رفع کر دیتا ہے اور مہمات حل فرما دیتا ہے۔

---

**بقیہ حاشیہ:** ابو اسحاق الفزاری و بقية و عيسى بن يونس و اسمعيل بن عياش و عصام بن خالد و ابو اليمان وغيرهم قال العجلي و دحيم و ابو حاتم و النسائي ثقة زاد ابو حاتم لابأس به وقال ابن سعد كان ثقة، مامونا و قال ابوزرعة الدمشقي قلت لدحيم من اثبت بحمص قاصفوان قلت و ذكر له البخاري اثر امعلقا اذكره في ترجمة ضمرة بن خبيب وذكره ابن حبان في الثقات و قال النسائي في التمييز له حديث منكر في عمار بن ياسر (التہذیب، جلد۴، صفحہ۴۲۸ تا ۴۲۹)

۲: **احمد بن خالد:** احمد بن خالد بن موسى ويقال ابن محمد الوهبي الكندي ابو سعيد بن ابي مخلد الحمصي، روى عن محمد بن اسحاق و شيبان و يونس بن ابي اسحاق وغيرهم. روى عنه البخاري في جزء القراءة وغيره والذهلي و عمرو بن عثمان الحمصي و محمد بن عوف و محمد بن المصفى وعمران بن بكار و ابو زرعة الدمشقي و نقل عن يحيى بن معين انه ثقة وقال ابن ابي عاصم مات سنة (۲۱۴) قلت وقال ابوزرعة الدمشقي سنة (۲۱۵) وقال الدارقطني لابأس به واخرج له ابن خزيمة في صحيحة وذكره ابن حبان في الثقات. (التہذیب، جلد۱، صفحہ۲۶، ۲۷)

۳: **اسرائیل بن یونس:** اسرائيل بن يونس بن ابي اسحاق السبيعي الهمداني ابو يوسف الكوفي ثقة تكلم فيه بلاحجة من السابعة مات سنة ستين و قيل بعد ها (التقریب، صفحہ۳۱) روى عن جده و زياد بن علاقة و زيد بن جبير و عاصم بن بهدلة ويوسف بن ابي بردة وخلق و عنه ابنه مهدي و ابو احمد الزبيري و النضر بن شميل و علي بن الجعد و جماعة وقال حرب عن احمد بن حنبل كان شيخا ثقة وجعل يتعجب من حفظه وذكره ابن حبان في الثقات. (التہذیب، جلد۱، صفحہ۲۶۱، ۲۶۳)

۴: **ابی اسحاق:** ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: **عمرو بن مرۃ:** ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴

۶: **عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ:** ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱۳:۶



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكْرُ كَلَمَاتِ الْفَرَجِ لِعَلِيِّ ابْنِ اَبِىْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ

## ''جناب امیر المؤمنین علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کیلئے کلمات کشائش فرمانے کا بیان ہے''

(اس باب میں چار احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۲۷** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ ۲ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیٌّ ۳ هُوَ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيِّيٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ ۴ الْهَمَدَانِيِّ عَنْ عَمْرِو ۵ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ۶ بْنِ صَالِحٍ عَنْ مُسْلِمٍ ۷ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَلِيُّ اَلَا اُعَلِّمُکَ كَلِمَاتٍ اِذَا اَنْتَ قُلْتَهُنَّ غُفِرَتْ ذُنُوْبُکَ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

**ترجمہ** (جناب) علی (المرتضٰی رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے علی! کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ جب تو انہیں پڑھے تو اگر تیرے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر بھی ہوں تو بخش دیئے جائیں۔ ارشاد فرمایا، پاک ہے اللہ جو کہ ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کا رب ہے، ہر قسم کی تعریف اللہ کیلئے ہے جو کہ رب العالمین ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۷

۱: احمد بن عثمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۱

۲: خالد بن مخلد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۲

۳: علی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۴:۳

۴: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: عمرو بن مرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴

۶: عبداللہ بن صالح: عبداللہ بن صالح بن مسلم العجلی ثقة من التاسعة لم يثبت ان البخاری اخرج له (التقریب صفحہ ۱۷۷) روی عن الحسن بن صالح و حماد بن سلمة و اسرائیل بن یونس و ابن ابی الزناد و حمزة ومبارک بن سعید الثوری و جماعة وعنه البخاری فیما قبل و ابنه احمد وعمرو بن محمد الناقد و هارون بن اسحاق الهمدانی (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۲/۲۸** اَنۡبَأَنَا اَحۡمَدُ ۱؎ بۡنُ عُثۡمَانَ ابۡنِ حکم قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ غَسَّانُ ۲؎ قَالَ حَدَّثَنَا اِسۡرَائِیۡلُ ۳؎ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡاِسۡحٰقَ ۴؎ عَنۡ عَبۡدِالرَّحۡمٰنِ ۵؎ بۡنِ اَبِیۡ لَیۡلٰی عَنۡ عَلِیٍّ ۶؎ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نَحۡوَہٗ یَعۡنِیۡ نَحۡوَ حَدِیۡثِ خَالِدٍ

**ترجمہ** (جناب) علی (المرتضیٰ ؓ) سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے اسی طرح کی حدیث بیان کرتے ہیں یعنی خالد کی حدیث کی مانند (جو کہ حدیث نمبر ۱/۲۷ میں گذر چکی ہے)

**حدیث نمبر ۳/۲۹** اَخۡبَرَنَا عَلِیُّ ۱؎ بۡنُ مُحَمَّدِ بۡنِ عَلِیِّ الۡمَصِیۡصِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفُ ۲؎ بۡنُ تَمِیۡمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسۡرَائِیۡلُ ۳؎ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡاِسۡحٰقَ ۴؎ عَنۡ عَبۡدِالرَّحۡمٰنِ ۵؎ بۡنِ اَبِیۡ لَیۡلٰی عَنۡ عَلِیٍّ ۶؎ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَلَا اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ اِذَا قُلۡتَهُنَّ غُفِرَ لَکَ عَلٰی اَنَّہٗ مَغۡفُوۡرٌ لَّکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡحَلِیۡمُ الۡکَرِیۡمُ سُبۡحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ہ

---

بقیہ حاشیہ: واحمد بن حازم بن ابی عزرۃ وغیرھم وسئل ابن معین عن ابیہ احمد بن عبداللہ فقال ثقۃ ابن ثقۃ ابن ثقۃ. کذا قال ابن خراش وقال ابو حاتم صدوق. (التہذیب، جلد۵، صفحہ ۲۶۱، ۲۶۳)

۷؎ یہ مسلم بن نُذَیر ہے جسے ابنِ یزید بھی کہا جاتا ہے۔ یہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حذیفہ سے روایت کرتا ہے جبکہ اس سے ابواسحاق، عیاش العامری اور صالح روایت کرتے ہیں۔ (الکاشف، جلد۲، صفحہ ۲۶۰)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۸

۱؎ احمد بن عثمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۲۵

۲؎ ابوغسان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۱۱

۳؎ اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۶

۴؎ ابی اسحاق (السبیعی): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲

۵؎ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۳

۶؎ علی (المرتضیٰ ؓ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۹

۱؎ علی بن محمد: علی بن محمد بن علی ابن ابی المضاء المصیصی القاضی ثقۃ من الحادیۃ عشرۃ (التقریب، صفحہ ۲۴۸) روی عن خلف بن تمیم و سعید بن المغیرۃ الصیاد و نجدۃ بن المبارک الکوفی و داؤد بن صفور النسائی والھیثم بن جمیل وغیرھم وعنہ النسائی و مطین و ابوبکر بن صدقۃ البغدادی و سعید بن عمرو البرد (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

ترجمہ (جناب) علی (المرتضیٰ ﷺ) فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھاؤں کہ جب تو انہیں پڑھے تو بخش دیا جائے بایں ہمہ کہ تیری بخشش ہو چکی ہے۔ کوئی معبود برحق نہیں مگر اللہ تعالیٰ جو کہ علی بھی ہے اور عظیم بھی، کوئی معبود برحق نہیں مگر اللہ تعالیٰ جو کہ حلیم بھی ہے اور کریم بھی۔ پاک ہے اللہ! جو کہ عرش عظیم کا رب ہے ہر قسم کی تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو کہ رب العالمین ہے۔

**حدیث نمبر ۴/۳۰** اَنبَأَنَا الْحُسَيْنُ ۱ بْنُ حريث قَالَ اَنبَأَنَا الْفَضْلُ ۲ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ ۳ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ ۴ عَنِ الْحَارِثِ ۵ عَنْ عَلِيٍّ ۶ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلَا اُعَلِّمُكَ دُعَآءً اِذَا دَعَوْتَ بِهٖ غُفِرَلَكَ وَ كَانَ مَغْفُوْرًا لَّكَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

---

بقیہ حاشیہ: يحيى و ابو طالب بن سوادة و مكحون البيروني. قال النسائي ثقة و ذكره ابن حبان في الثقات. قلت ذكره مسلمة بن قاسم وقال ثقه وقال النسائي في مشيخته نعم الشيخ كان. (التہذیب، جلد ۷، صفحہ ۳۷۰)

۲: خلف بن تمیم: خلف بن تميم بن ابي عتاب ابو عبد الرحمن الكوفي نزيل المصيصة صدوق عابد من التاسعة مات سنة ست و ماتين (التقریب، صفحہ ۹۲) روى عن اسرائيل و بشر بن ابي اسمعيل و زائدة و الثورى وعبدالله بن السرى الانطاكى وهو اصغر منه وغيرهم. وعنه الحسين بن ابى التسرى العسقلانى و على بن محمد بن على المصيصى و عمرو الناقد و ابراهيم بن سعيد الجوهرى وغيرهم قال عثمان الدارمى سألت ابن معين عنه فقال هو المسكين صدوق وقال يعقوب بن شيبة ثقة صدوق احد النساك. وقال ابو حاتم ثقة صالح الحديث و ذكره ابن حبان في الثقات (التہذیب، جلد ۳، صفحہ ۱۴۸، ۱۴۹)

۳: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

۴: ابواسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳:۶

۶: علی المرتضیٰ ﷺ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۰

۱: الحسین بن حریث: الحسين بن حريث الخزاعي مولاهم ابو عمار المروزى ثقة من العاشرة مات سنة اربع و اربعين (التقریب، صفحہ ۷۳) روى عن الفضل بن موسى السيناني والفضيل بن عياض و ابن عيينة و ابن المبارك و جرير والوليد بن مسلم و وكيع وغيرهم و عنه الجماعة سوى ابن ماجة و سوى ابى داؤد فكتابة وحامد بن شعيب البلخى والبغوى و ابن صاعد وعدة. قال النسائي ثقة و ذكره ابن حبان في الثقات. (التہذیب، جلد ۲، صفحہ ۳۳۴)

۲: الفضل بن موسیٰ: فضل بن موسیٰ السینانی کی کنیت ابوعبداللہ المروزی ہے، ثقہ اور ثبت ہے و ربما اغرب (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

ترجمہ | (جناب) علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کیا میں تجھے ایک ایسی دعا نہ سکھاؤں کہ جب تو وہ دعا کرے تو بخش دیا جائے حالانکہ تیری مغفرت تو پہلے سے ہی ہو چکی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ ضرور بتلایئے تو ارشاد فرمایا نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ، جو کہ علی اور عظیم ہے، نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ جو کہ حلیم اور کریم ہے۔ پاک ہے ساتوں آسمانوں کا رب اور عرش عظیم کا رب۔

تشریح | اس دعا کو ''دعائے فرج'' یعنی کشادگی کی دعا کہتے ہیں۔ یہ کلمات بڑے بابرکت اور عظیم ہیں۔ مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ہاں اس کا معمول ہے۔ ان احادیث سے ثابت ہوا کہ جناب امیر المؤمنین ابوتراب سیدنا وامامنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بخشے ہوئے ہیں اور جنتی ہیں۔ صاحبِ خصائص فرماتے ہیں

''قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَ اَبُوْ اِسْحَاقَ لَمْ یَسْمَعْ مِنَ الْحَارِثِ اِلَّا اَرْبَعَةَ اَحَادِیْثَ لَیْسَ هٰذَا مِنْهَا وَ اِنَّمَا اَخْرَجْنَاهُ لِمُخَالَفَةِ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ وَ لِاِسْرَائِیْلَ وَ یَعْلَی بْنِ صَالِحٍ، وَالْحَارِثُ الْاَعْوَرُ لَیْسَ بِذَالِکَ فِی الْحَدِیْثِ وَ عَاصِمُ ابْنُ حَمْزَةَ اَصَحُّ عَنْهُ''

یعنی امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ابواسحاق نے حارث سے سوائے چار احادیث کے اور کچھ نہیں سنا اور یہ حدیث ان میں سے نہیں۔ سوائے اس کے نہیں کہ یہ حدیث ہم نے حسین بن واقد، اسرائیل اور علی بن صالح کی مخالفت سے روایت کی ہے اور حارث اعور حدیث میں معتبر نہیں جبکہ عاصم بن حمزہ اعور سے زیادہ معتبر ہے۔

---

بقیہ حاشیہ: طبقۃ التاسعۃ کے کبار سے ہے مات سنة اثنتین و تسعین فی ربیع الاول یعنی ماہ ربیع الاول ۱۹۲ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۲۷۶) روی عن اسمعیل بن ابی خالد والاعمش و هشام بن عروة وحسین بن واقد و خثیم بن عراک وغیرهم وعنه اسحاق بن راهویه وابراهیم بن موسی الرازی و ابوعمار الحسین بن حریث و یوسف بن عیسی المروزی وعلی بن حجر و آخرون. قال ابن معین و ابن سعد ثقة وقال ابو حاتم صدوق صالح وقال علی بن حشرم سالت وکیعا عنه فقال اعرفه ثقة صاحب سنة وقال الانباری عن ابی نعیم هو اثبت من ابن المبارک وقال ابو اسمعیل الترمذی سمعت توابونعیم ذکره فقال کان و الله عاقلا لبیبا وذکره ابن حبان فی الثقات. (التہذیب، جلد ۷، صفحہ ۲۸۶ تا ۲۸۷)

۳: الحسین بن واقد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱۴:۳ ۴: ابی اسحاق السبیعی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۲:۴

۵: حارث: حارث بن عبداللہ الاعور الہمد انی الخارفی الحوتی الکوفی کی کنیت ابوزہیر ہے۔ صاحب علی کذبه الشعبی فی رأیة و رمی بالرفض و فی حدیثه ضعف و لیس له عند النسائی سوی حدیثین مات فی خلافة ابن زبیر (تقریب، صفحہ ۶۰) روی عن علی و ابن مسعود و زید بن ثابت و بقیرة امرأة سلمان. روی عنه الشعبی وابو اسحاق السبیعی و ابو البختری الطائی و عطاء بن ابی رباح و عبدالله بن مرة و جماعة، قال مسلم کان کذابا، وقال عثمان عن ابن معین ثقة و قال ابن شاهین فی الثقات (تہذیب، جلد ۲، صفحہ ۱۴۵ تا ۱۴۷)

۶: علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱:۶



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

# ذِکۡرُ قَوۡلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَدِ امۡتَحَنَ اللّٰہُ قَلۡبَہٗ بِالۡاِیۡمَانِ

## ''اس حدیث شریف میں اس بات کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے قلب مبارک کی ایمان سے آزمائش کی ہے''

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۳۱** اَنۡبَأَنَا اَبُوۡ جَعۡفَرٍ[۱] مُحَمَّدُ بۡنُ عَبۡدِاللّٰہِ ابۡنِ الۡمُبَارَکِ الۡمَخۡزُوۡمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا الۡاَسۡوَدُ[۲] بۡنُ عَامِرٍ قَالَ اَنۡبَأَنَا شَرِیۡکٌ[۳] عَنۡ مَنۡصُوۡرٍ[۴] عَنۡ رِبۡعِیٍّ[۵] عَنۡ عَلِیٍّ[۶] قَالَ جَآءَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اُنَاسٌ مِنۡ قُرَیۡشٍ فَقَالُوۡا یَامُحَمَّدُ اِنَّا جِیۡرَانُکَ وَ حُلَفَاؤُکَ وَاِنَّ اُنَاسًا مِّنۡ عَبِیۡدِنَا قَدۡ اَتَوۡکَ لَیۡسَ فِیۡھِمۡ رَغۡبَۃٌ فِی الدِّیۡنِ وَلَا رَغۡبَۃٌ فِی الۡفِقۡہِ اِنَّمَا فَرُّوۡا مِنۡ ضِیَاعِنَا وَ اَمۡوَالِنَا فَارۡدُدۡھُمۡ اِلَیۡنَا فَقَالَ لِاَبِیۡ بَکۡرٍ مَا تَقُوۡلُ؟ فَقَالَ صَدَقُوۡا اِنَّھُمۡ جِیۡرَانُکَ وَ حُلَفَاؤُکَ فَتَغَیَّرَ وَجۡہُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لِعُمَرَ مَا تَقُوۡلُ؟ فَقَالَ صَدَقُوۡا اِنَّھُمۡ جِیۡرَانُکَ وَحُلَفَاؤُکَ فَتَغَیَّرَ وَجۡہُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ یَا مَعۡشَرَ قُرَیۡشٍ وَاللّٰہِ لَیَبۡعَثَنَّ اللّٰہُ عَلَیۡکُمۡ رَجُلًا مِنۡکُمۡ قَدِ امۡتَحَنَ اللّٰہُ قَلۡبَہٗ بِالۡاِیۡمَانِ فَلَیَضۡرِبَنَّکُمۡ عَلَی الدِّیۡنِ اَوۡ یَضۡرِبُ بَعۡضُکُمۡ قَالَ اَبُوۡبَکۡرٍ اَنَا ھُوَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ. قَالَ لَا. قَالَ عُمَرُ اَنَاھُوَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ، قَالَ لَا، وَلٰکِنۡ ھُوَ الَّذِیۡ یَخۡصِفُ النَّعۡلَ وَ کَانَ اَعۡطٰی عَلِیًّا نَعۡلَہٗ یَخۡصِفُھَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۱

۱؎ ابو جعفر محمد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۰:۱

۲؎ الاسود بن عامر: الاسود بن عامر الشامی نزیل بغداد یکنی ابا عبد الرحمن و یلقب

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

ترجمہ | (حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم) سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں قریش کے چند آدمی آئے۔ تو انہوں نے کہا اے محمد (ﷺ) ہم آپ کے ہمسایہ اور حلیف ہیں ہمارے کچھ غلام آپ کے پاس آ گئے ہیں۔ ان کو نہ تو دین اور نہ ہی علم سیکھنے کا کچھ شوق ہے بے شک سوائے اس کے نہیں کہ یہ لوگ ہمارے زمین اور مال کی خدمت سے بھاگ آئے ہیں پس انہیں ہمیں لوٹا دیجئے۔ تو (آپ ﷺ نے) ابوبکر (صدیق رضی اللہ عنہ) سے فرمایا تیری کیا رائے ہے؟ تو انہوں نے عرض کیا، وہ سچ کہتے ہیں وہ آپ کے ہمسایہ اور ہم قوم ہیں۔ نبی کریم ﷺ کے چہرۂ اقدس کا رنگ بدل گیا پھر (جناب) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) سے فرمایا تیری کیا رائے ہے؟ تو انہوں نے بھی عرض کیا وہ سچے ہیں آپ کے ہمسایہ اور ہم قوم ہیں۔ تو نبی کریم (ﷺ) کے چہرۂ اقدس کا رنگ بدل گیا۔ پھر فرمایا اے گروہ قریش! اللہ تعالیٰ کی قسم ضرور بالضرور اللہ تم میں سے ایک ایسے شخص کو تم پر بھیجے گا جس کے دل کو ایمان پر اللہ تعالیٰ نے جانچا ہوا ہے پس وہ تمہیں دین پر مارے گا یا تمہارے بعض کو مارے گا۔ (جناب) ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں وہ ہوں۔ ارشاد فرمایا نہیں (جناب) عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ وہ میں ہوں یا رسول اللہ! ارشاد فرمایا نہیں لیکن وہ، وہ شخص ہے جو جوتا سی رہا ہے۔ اور حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنا جوتا (مبارک) جناب علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو سینے کیلئے دیا تھا۔

---

بقیہ حاشیہ: شاذان ثقة من التاسعة مات فی اوّل سنة ثمان و مأتین. (التقریب، صفحہ ۳۶) روی عن شعبة و الحمادین و الثوری و الحسن بن صالح و جریر بن حازم و جماعة. و عنه احمد بن حنبل و ابنا ابی شیبة و علی ابن المدینی و ابو ثور و عمرو الناقد و ابو کریب و الصغانی و الدارمی و الحارث بن ابی اسامة فاعة اصحابة و غیرهم و روی عنه بقیة و هو اکبر منه قال ابن معین لابأس به و قال ابن المدینی ثقة و قال ابو حاتم صدوق صالح و قال ابن سعد صالح الحدیث مات (۲۰۹). قلت و ذکره ابن حبان فی الثقات. (التهذیب، جلد ۱، صفحہ ۴۰)

۳: شریک بن عبداللہ: شریک بن عبدالله النخعی الکوفی القاضی بواسط ثم الکوفة ابو عبدالله صدوق یخطی کثیرا تغیر حفظه منزولي القضاء بالکوفة و کان عادلا فاضلا عابدا شدیدا علی اهل البدع. من الثامنة مات سنة سبع او ثمان و سبعین (التقریب، صفحہ ۱۴۵) روی عن زیاد بن علاقة و ابی اسحاق السبیعی و عبدالملک بن عمیر و العباس بن ذبیح والاعمش و منصور و زبید الیامی و عطأ بن السائب و خلق. و عنه ابن مهدی و وکیع و یحیی بن ادم و یونس بن محمد المؤدب و الفضل بن موسی السینیانی و الاسود بن عامر شاذان و ابنه عبد الرحمن بن شریک و خلق من اواخرهم عباد بن یعقوب الرواجنی و حدث عنه، محمد بن اسحاق و سلمة بن تمام الشقری و غیرهما من شیوخه قال الدارقطنی لیس بالقوی فیما ینفرد به. وقال یحیی بن سعید رأیت تخلیطا فی اصول شریک و عن ابن المبارک لیس حدیثه بشیئی. وقال ابن معین ثقة الا انه یخلط و لا یتقن وقال ابن حبان فی الثقات. (التهذیب، جلد ۴، صفحہ ۳۳۳، ۳۳۷)

۴: منصور: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۱:۵ ۵: ربعی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۱:۶

۶: علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱:۶



Marfat.com

**حل لغت** قُرَیْشٌ: یہ ایک قبیلہ کا نام ہے چونکہ یہ قبیلہ دوسرے قبیلوں سے زیادہ قوی اور طاقتور تھا اور اکثر ان پر غالب رہتا اس لئے اسے قریش کہتے ہیں، قریش ایک دریائی جانور ہے جو دوسرے دریائی جانوروں کو کھا لیتا ہے، قریش ایک قسم کی مچھلی ہے جسے کلب البحر بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹتی ہے۔ یہ قبیلہ مکہ مکرمہ میں رہتا تھا عرب کے تمام قبیلوں کا سردار سمجھا جاتا تھا۔ اس قبیلہ کا جد اعلیٰ نضر بن کنانہ تھا۔ جِیْرَانٌ: ہمسایہ، پڑوسی، جار کی جمع ہے۔ حُلَفَآءُ: حلیف کی جمع ہے، عہد و پیمان کرنے والا، ہم قسم، ہم قوم، ساتھی۔ عَبِیْدٌ: غلام۔ فَرَّ: بھاگنا۔ مَعْشَرُ: گروہ، جماعت۔ یَخْصِفُ: سیتا ہے۔ خَصَفَ: سینا، ٹانکنا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''ہم تو آپ کے ہمسایہ اور حلیف ہیں'' یعنی آپ کے اور ہمارے درمیان ہمسائیگی ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ عہد و پیمان ہے۔ حالانکہ آپ کا کوئی عہد و پیمان نہ تھا، ہاں یہ قبیلہ قریش ہم قوم تھے۔ لہٰذا اس مقام پر حلیف کے معنی ہم قوم ہیں۔ ارشاد ہے ''ہمارے کچھ غلام آپ کے پاس آگئے ہیں'' چونکہ ہمارے یہ غلام ہماری خدمت کرتے تھے ہماری زمین پر کھیتی باڑی کرتے تھے لہٰذا اس خدمت سے بھاگ کر آپ ﷺ کی خدمت میں آکر مسلمان ہو کر رہ گئے ہیں انہیں واپس کردیں۔ مگر آنجناب ﷺ پر اُن کی یہ باتیں گراں گذریں، آپ ﷺ کو پسند نہ آئیں۔ آپ ﷺ کے چہرۂ اقدس سے ناگواری ظاہر ہو رہی تھی مشورہ کیا مگر جناب ابوبکر صدیق اور جناب عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے مشورہ کو بھی پسند نہ فرمایا۔ کیونکہ انہوں نے بھی یہ رائے دی تھی کہ ان غلاموں کو واپس کردیا جائے۔ آپ ﷺ تو غریبوں، بے نواؤں، مظلوموں اور مفلوک الحال لوگوں کے والی اور وارث تھے، ان مظلولوں کو آپ ﷺ کس طرح ان کافروں اور ظالموں کے پنجہ استبداد میں واپس لوٹا دیتے جو ہر وقت اس غریب طبقہ کا استحصال کرتے رہتے تھے۔ ارشاد ہے ''اللہ کی قسم ضرور بالضرور اللہ تعالیٰ تم میں سے ایک ایسے شخص کو تم پر بھیجے گا جس کے دل کو ایمان پر اللہ تعالیٰ نے جانچا ہوا ہے'' حدیث شریف میں جناب سیدنا و مولانا امیر المومنین علی ابن ابی طالب ؑ) کی اس فقرہ سے کمال درجے کی فضیلت ظاہر ہو رہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنجناب ؑ کے قلب مبارک کو ایمان کے ساتھ جانچا۔ اور آپ اس آزمائش میں پورے اترے۔ اللہ جل جلالہ نے سورۂ حجرات رکوع اوّل آیت ۳ میں ارشاد فرمایا

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَھُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰہُ قُلُوْبَھُمْ لِلتَّقْوٰی ط لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ○



Marfat.com

"بے شک جولوگ رسول پاک ﷺ کے حضور میں اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں یہ وہی ہیں کہ جن کے دل اللہ تعالیٰ نے جانچے ہیں تقویٰ کے واسطے، ان کیلئے بخشش ہے اور عظیم اجر"۔

آنجناب پیغمبر اسلام ﷺ کے ارشادِ عالیہ کے مطابق اور قرآن حکیم کی تصریح کے ساتھ جناب سیدنا ومولانا و امامنا امیر المؤمنین علی المرتضٰی ﷺ اس پر کھ پر مغفرت اور عظیم اجر کی بشارتِ عظمٰی کے مستحق قرار دیئے گئے۔ ارشاد ہے "لیکن وہ، وہ شخص ہے جو جوتا سی رہا ہے اور حضرت رسول کریم ﷺ نے اپنا جوتا (مبارک) جناب علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو سینے کیلئے دیا تھا" اسی وجہ سے آپ رضی اللہ عنہ خاصف النعل سے مشہور ہوئے۔ گویا آپ کو یہ فضیلت بھی حاصل ہے۔ آپ حضور نبی کریم ﷺ کے خاصف النعل بنے یعنی پیغمبر اسلام ﷺ کی نعلین مبارکہ کو سینے والے بنے۔ ایک حدیث ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم جناب رسالت مآب ﷺ کی تشریف آوری کے منتظر بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں حضور ﷺ گھر سے برآمد ہوئے۔ کفش مبارکہ کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا۔ جناب علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی طرف پھینک کر فرمایا تم میں ایک شخص ایسا ہے کہ لوگوں سے قرآن کی تاویل پر لڑے گا۔ جس طرح سے کہ میں نے اس کی تنزیل پر جنگ کی ہے۔ جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے یارسول اللہ! کیا وہ شخص میں ہوں؟ فرمایا نہیں۔ جناب عمر رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے یارسول اللہ ﷺ! وہ شخص میں ہوں؟ فرمایا نہیں" ولکن خاصف النعل" بلکہ وہ شخص جو جوتا سینے والا ہے۔

(اَخْرَجَهُ اَحْمَدُ وَ النِّسَائِیُّ وَ مُحْیُّ السُّنَّةِ الْبَغَوِیُّ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَ اَبُوْ یَعْلٰی وَ ابْنُ حَبَّانَ وَ اَبُوْنُعَیْمِ فِی الْحِلْیَةِ وَ الدَّیْلَمِیُّ فِیْ فِرْدَوْسِ الْاَخْبَارِ وَ الْحَاكِمُ قَالَ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِکۡرُ قَوۡلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ سَیَھۡدِیۡ قَلۡبَکَ وَ یُثَبِّتُ لِسَانَکَ

## ''اس حدیث شریف میں اس بات کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے قلب مبارک کو ہدایت کرے گا اور زبان شریف کو ثابت رکھے گا''

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۳۲** اَنۡبَأَنَا اَبُوۡ جَعۡفَرٍ ۱ عَنۡ عُمَرِوۡ ۲ بۡنِ عَلِیِّ الۡبَصۡرِیِّ قَالَ حَدَّثَنِیۡ یَحۡیٰی ۳ قَالَ حَدَّثَنَا الۡاَعۡمَشُ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا عَمۡرُوۡ ۵ بۡنُ مُرَّۃَ عَنۡ اَبِی الۡبَخۡتَرِیِّ ۶ عَنۡ عَلِیٍّ ۷ قَالَ بَعَثَنِیۡ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِلَی الۡیَمَنِ وَ اَنَا شَابٌّ حَدِیۡثُ السِّنِّ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ سَیَھۡدِیۡ قَلۡبَکَ وَ یُثَبِّتُ لِسَانَکَ فَمَا شَکَکۡتُ فِیۡ قَضَآءٍ بَیۡنَ اثۡنَیۡنِ

**ترجمہ** جناب علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا اس وقت میں جوان نوعمر تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ تیرے قلب کو ہدایت کرے گا اور تیری زبان کو ثابت رکھے گا۔ سو دو افراد کے درمیان فیصلہ کرنے میں، میں کبھی شک میں نہیں پڑا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲

۱: ابو جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱:۲۰

۲: عمرو بن علی البصری: عمرو بن علی بن بحر بن کنیز ہے۔ ابو حفص کنیت ہے۔ الفلاس الصیر فی الباھلی البصری، ثقہ، حافظ، اور طبقہ العاشرہ سے ہے۔ مات سنة تسع و اربعین یعنی ۲۴۹ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۲۶۱)

۳: یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲:۲۳

۴: الاعمش: اس کا نام سلیمان بن مہران الاسدی الکاہلی کنیت ابو محمد کوفی اور لقب اعمش ہے۔ ثقہ، حافظ اور عارف بالقراءۃ ہے ورع لکنہ یدلس طبقہ خامسۃ سے ہے۔ مات سنة سبع و اربعین او ثمان یعنی ۱۴۷ یا ۱۴۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۱۳۶)

۵: عمرو بن مرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۴:۲

(حاشیہ جاری ہے)



Marfat.com

حل لغت | شَابٌ: جوان۔ حَدِیْثُ السِّنِّ: نوعمر۔ مَاشَکَکْتُ: میں شک میں نہیں پڑا، تردد میں نہیں پڑا، شبہ میں نہیں پڑا۔

تشریح | ارشاد ہے "مجھے یمن بھیجا" یعنی حاکم بنا کر مجھے یمن بھیجا تو میں نے عرض کیا کہ وہاں تو بڑے دانا عقلمند اور سن رسیدہ لوگ ہیں اور میں ان کے مقابلہ میں کم عمر جوان ہوں ایسا نہ ہو کہیں کسی فیصلہ پر نہ پہنچ سکوں۔ ارشاد ہے "یقیناً اللہ تعالیٰ تیرے قلب کو ہدایت کرے گا اور تیری زبان کو ثابت رکھے گا" یعنی (اے علی المرتضیٰ) ﷺ تو کبھی بھی غلط فیصلہ نہیں کرے گا تجھ سے لغزش نہ ہوگی تیری زبان سے کوئی ناجائز کلمہ نہیں نکلے گا بھول چوک سے محفوظ رہے گا۔ جب بھی کوئی مشکل فیصلہ یا کوئی مشکل کام تیرے پاس آئے گا اللہ تعالیٰ بذاتِ خود تیرا حامی و ناصر ہوگا تیرا ہادی ہوگا اپنی قدرتِ کاملہ سے تیری قلب و زبان کو ہدایت وحق پر ثابت اور مضبوط رکھے گا۔ تو جو فیصلہ کرے گا عدل وانصاف اور حق پر کرے گا چونکہ وہ عدل وانصاف پر مبنی فیصلہ ہوگا اس لئے آپ ﷺ کو کبھی بھی اس میں شک اور تردد نہ ہوا۔ آپ کے قلب مبارک پر اللہ تعالیٰ اپنے پیارے محبوب ﷺ کے فیضان کی برکت سے القائے حق فرماتا تھا اسی لئے الہام، القاء اور فراستِ ایمانی کی بدولت آپ ﷺ تمام امور میں محفوظ تھے کسی قسم کا شک وشبہ یا تردد کا شائبہ تک نہیں تھا یہی مقام قطب الولایت تھا جو صرف اور صرف آپ کو عطا ہوا اور آپ ﷺ کی وساطت سے اولیائے کرام رحمہم اللہ علیہم اجمعین کو یہ مقام اور مرتبہ حاصل ہوتا ہے، حضرت عارف رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

لوح محفوظ است پیش اولیاء
از چہ محفوظ است محفوظ از خطاء

یہ حدیث کئی دیگر طریق سے بھی روایت کی گئی ہے۔

**حدیث نمبر ۲/۳۳** | اَنْبَأَ نَا عَلِيُّ ۱ بْنُ حَشْرَمِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ اَنْبَأَنَا عِيْسٰى ۲ عَنِ الْاَعْمَشِ ۳ عَنْ عَمْرِو ۴ بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ ۵ عَنْ عَلِيٍّ ۶ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

بقیہ: حاشیہ: ۵ ابی البختری: اس کا نام سعید بن فیروز بن عمران الطائی الکوفی ہے۔ ابوالبختری کنیت ہے۔ ثقہ اور ثبت ہے۔ فیہ تشیع قلیل کثیر الارسال طبقہ الثالثہ سے ہے ۸۳ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۱۲۵)

۶ علی المرتضیٰ ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱: ۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۳

۱ علی بن حشرم: علی بن حشرم بن عبدالرحمٰن بن عطاء بن ہلال بن ماہان بن عبداللہ المروزی ثقہ ہے اور طبقہ العاشرہ سے کے صغار سے ہے۔ ۲۵۷ہجری یا اس کے بعد وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۴۵) روی عن حفص بن غیاث و عیسی بن یونس (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَقُلْتُ اِنَّكَ تَبْعَثُنِيْ اِلٰى قَوْمٍ اَسَنَّ مِنِّيْ فَكَيْفَ الْقَضَاءُ فِيْهِمْ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِيْ قَلْبَكَ وَ يُثَبِّتُ لِسَانَكَ قَالَ فَمَا تَعَايَيْتُ فِيْ حُكْمٍ بَعْدُ

**ترجمہ** | جناب علی ؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے مجھے یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو میں نے عرض کیا کہ آنجناب ﷺ مجھے ایسے لوگوں کی طرف بھیج رہے ہیں جو عمر میں مجھ سے بڑے ہیں پس میں ان میں کیسے فیصلہ کروں گا۔ تو ارشاد فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ تیرے دل کو ہدایت کرے گا اور تیری زبان کو ثابت رکھے گا۔ جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ آنجناب ﷺ کے اس ارشادِ بابرکت کے بعد کسی فیصلہ کرنے میں، میں عاجز نہیں ہوا۔

**حل لغت** | تَعَايَيْتُ: میں تھکا، میں عاجز ہوا، میں رکا۔ اس کا مصدر عَيٌّ ہے تھک جانا، رک جانا، راہ نہ پانا، عاجز ہو جانا۔

**تشریح** | ارشاد ہے "کسی فیصلہ کرنے میں میں عاجز نہ ہوا" یعنی حضرت نبی کریم ﷺ کی اس دعا کی برکت کے بعد کسی جھگڑے کے فیصلہ کرنے میں کبھی مجھے تذبذب نہیں ہوا، کبھی کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوئی اور نہ ہی کبھی کسی ذہنی کشمکش میں مبتلا ہوا۔ نہایت ہی اطمینان اور آسانی کے ساتھ معاملہ کی تہہ تک پہنچ گیا اور حق و انصاف کا فیصلہ کیا۔

**حدیث نمبر ۳/۳۴** | اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعٰوِيَةَ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ ۳ عَنْ عَمْرٍو ۴ بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِي الْبُخْتَرِيِّ ۵ عَنْ عَلِيٍّ ۶ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

---

بقیہ حاشیہ: الدراوردی و الفضل بن موسی و علی بن الحسین بن واقد وغیرهم و عنه مسلم و الترمذی و النسائی واحمد بن عبد الرحمن بن بشار النسائی وابن الزهری البلخی و آخرون (تہذیب، جلد ۷، صفحہ ۳۱۶)

۲: عیسیٰ: عیسیٰ بن یونس بن ابی اسحاق السبیعی، اسرائیل کا بھائی ہے اس نے کوفہ چھوڑ کر شام میں سکونت اختیار کی، ثقہ ہے، مامون ہے، طبقہ الثامنہ سے ہے ۱۸۷ ہجری یا ۱۹۱ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۷۳)

۳: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۳۲:۴

۴: عمرو بن مرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲:۴

۵: ابی البختری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۳۲:۶

۶: علی (المرتضیٰ ؓ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۴

۱: محمد بن المثنیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱:۱

۲: ابومعویۃ: اس کا نام محمد بن خازم التیمی اسعدی الکوفی ہے۔ روی عن العاصم و ابی مالک الاشجعی و سعد ویحیی بن سعید الانصاری و الاعمش وهشام بن حسان وخلق كثير و عنه ابراهيم و ابن جريج و يحيى (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِلَى أَهْلِ الْيَمَنِ لِأَقْضِيَ بَيْنَهُمْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللهِ لَا عِلْمَ لِيْ بِالْقَضَاءِ فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى صَدْرِيْ قَالَ اللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبَهٗ وَ سَدِّدْ لِسَانَهٗ فَمَا شَكَكْتُ فِيْ قَضَاءٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ حَتّٰى جَلَسْتُ مَجْلِسِيْ

**ترجمہ** جناب علی علیہ السلام سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے مجھے اہل یمن کی طرف حاکم بنا کر بھیجا تا کہ میں ان کے درمیان فیصلے کروں۔ تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میں قضا کا علم نہیں رکھتا۔ پس حضور رسول کریم ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک میرے سینہ پر مارا اور دعا فرمائی کہ "اے میرے اللہ! اس کے دل کو ہدایت سے منور فرما۔ اور اس کی زبان کو صحیح و درست کلام سے بہرہ ور فرما" (جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا) جب بھی دو آدمیوں کے فیصلہ میں، میں بیٹھا تو فیصلہ کرنے میں میں کبھی بھی شک میں نہیں پڑا۔

**حل لغت** سَدِّدْ: صحیح، درست اور مضبوط کلام دے۔ تَعَايَيْتُ: میں تھکا، میں عاجز ہوا، میں نے راہ نہ پایا، اس کا مصدر عَیٌّ ہے جس کا معنی تھک جانا، راہ نہ پانا، رک جانا، عاجز ہونا کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے کہ "میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میں قضا کا علم نہیں رکھتا" یعنی میں نے کبھی فیصلہ نہیں کیا مجھے عدالت کرنے کا طور طریقہ اچھے طور پر نہیں آتا کیونکہ میری عمر اتنی نہیں نو عمر ہوں اور آپ ﷺ مجھے قاضی بنا کر بھیج رہے ہیں۔ یہ بہت ہی اہم اور ذمہ داری کا کام ہے اگر آنجناب ﷺ کی نظر رحمت اور توجہ کاملہ میرے شامل حال نہ ہو تو یہ کام میرے بس کا نہیں۔ ارشاد ہے "پس حضور رسول کریم ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک میرے سینے پر مارا اور دعا فرمائی اے میرے اللہ! اس کے دل کو ہدایت سے منور فرما اور اس کی زبان کو صحیح و درست کلام سے بہرہ ور فرما" حضور سرور عالم وعالمیان ﷺ کی اس توجہ کاملہ کی بدولت اور اس دعائے مبارکہ کی قبولیت کی وجہ سے کیا نتیجہ نکلا "جناب امیر المؤمنین سیدنا و مولانا علی المرتضیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جس وقت بھی میں نے دو فریقوں میں فیصلہ کرنے کا ارادہ کیا تو میں کبھی بھی شک میں نہیں پڑا" یعنی وہ فیصلہ انتہائی یقین اور اطمینان نیز حق اور انصاف کے ساتھ میں نے کیا اپنی دانست میں مجھے کسی وقت بھی فیصلہ کرنے میں کسی قسم کا تردد یا شک نہیں پڑا۔ گویا حضور نبی

---

بقیہ حاشیہ: القطان وابو موسی محمد بن المثنی واحمد بن عبدالجبار العطاروی و آخرون ثقہ ہے اور طبقہ التاسعہ کے کبار سے ہے اور رمی بلارجاء ہے۔ ۱۹۴/۱۹۵ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۹۵۔ تہذیب، جلد ۹، صفحہ ۱۳۷)

۳: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۳۲: ۴    ۴: عمرو بن مرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲: ۴

۵: ابی البختری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۳۲: ۶    ۶: علی (المرتضیٰ علیہ السلام): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱: ۶



Marfat.com

کریم ﷺ کی یہ دعا ہر وقت میرے شامل حال ہوتی۔

قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَ رَوٰی هٰذَا الْحَدِيْثَ شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَنْ سَمِعَ عَلِیًّا وَ اَبُوالْبَخْتَرِیِّ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَلِیٍّ هٰذَا

یعنی امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ حدیث شعبہ نے عمرو بن مرۃ سے روایت کی ہے، اس نے ابوالبختری سے، اس نے کہا خبر دی مجھ کو اُس نے جس نے علی سے سنا، اور ابوالبختری نے خود یہ حدیث (جناب) علی المرتضیٰ علیہ السلام سے نہیں سنی۔

**حدیث نمبر ۳۵/۴** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰی [۲] ابْنُ آدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْکٌ [۳] عَنْ سِمَاکِ [۴] بْنِ حَرْبٍ عَنْ حَنَشِ [۵] بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ عَلِیٍّ [۶] قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰی اَهْلِ الْيَمَنِ وَ اَنَا شَابٌّ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تَبْعَثُنِیْ وَ اَنَا شَابٌّ اِلٰی قَوْمٍ ذَوِیْ اَسْنَانٍ لِاَ قْضِیَ بَيْنَهُمْ وَ لَا عِلْمَ لِیْ بِالْقَضَآءِ فَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰی صَدْرِیْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِیْ قَلْبَکَ وَ يُثَبِّتُ لِسَانَکَ يَا عَلِیُّ اِذَا جَلَسَ اِلَيْکَ الْخَصْمَانِ فَلَا تَقْضِیْ بَيْنَهُمَا حَتّٰی تَسْمَعَ مِنَ الْاٰخَرِ كَمَا سَمِعْتَ مِنَ الْاَوَّلِ فَاِنَّکَ اِذَا فَعَلْتَ ذٰلِکَ تَبَيَّنَ لَکَ الْقَضَآءُ قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام فَمَا اَشْکَلَ عَلَیَّ قَضَآءٌ بَعْدُ

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے اہل یمن کی طرف حاکم بنا کر بھیجا جبکہ میں جوان تھا۔ تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ایک ایسی قوم کی طرف مجھے بھیج رہے ہیں جو کہ بڑی عمر والے ہیں کہ میں ان کے درمیان فیصلے کروں حالانکہ میں نوعم ہوں اور مجھے عدالت کرنے کا علم نہیں تو حضور پاک ﷺ نے اپنا ہاتھ (مبارک) میرے سینہ پر رکھا پھر ارشاد فرمایا یقیناً اللہ تیرے قلب کو ہدایت کرے گا اور تیری زبان کو ثابت رکھے گا۔ اے علی! جب دو جھگڑنے والے تیرے سامنے بیٹھیں تو جب تک کہ جس طرح تو نے پہلے کی بات سنی دوسرے کی بات بھی نہ سن لے تو ان میں فیصلہ نہ کرنا۔ پس جب تو نے ایسا کیا تو تجھ پر فیصلہ کی حقیقت واضح ہو جائے گی۔ جناب سیدنا و مولانا علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اس کے بعد کسی فیصلہ کرنے میں، میں مشوش نہیں ہوا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۵

۱۔ احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۶:۱

۲۔ یحییٰ بن آدم: يحيى بن آدم بن سليمان الأموى مولى آل ابى معيط ابو زكريا الكوفى۔

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** ذَوِیْ اَسْنَانٍ: بڑے عمر والے، عمر رسیدہ، عقل مند۔ فَمَا اَشْکَلَ: مشتبہ نہیں ہوا، مجھے کسی قسم کا التباس نہیں ہوا، میں مشوش نہیں ہوا۔ اَلْخَصْمَانِ: دو جھگڑنے والے۔

**تشریح** ارشاد ہے "حضور پاک ﷺ نے اپنا ہاتھ (مبارک) میرے سینہ پر رکھا" یعنی مجھ پر نظر رحمت کے ساتھ توجہ کاملہ فرمائی۔ ارشاد ہے "اے علی! جب دو جھگڑنے والے تیرے سامنے بیٹھیں تو جب تک کہ جس طرح تو نے پہلے کی بات سنی، دوسرے کی بات بھی نہ سن لے تو ان میں فیصلہ نہ کرنا" یعنی اس وقت تک ان دونوں فریقوں کے درمیان فیصلہ نہ کرنا جب تک کہ دونوں کی باتیں بالتفصیل نہ سن لے۔ ارشاد ہے "اس کے بعد کسی فیصلہ کرنے میں میں مشوش نہیں ہوا" یعنی حضور ﷺ کی توجہ کاملہ اور دعا کی برکت سے جب بھی میں نے کوئی فیصلہ کیا تو مجھے اس فیصلہ میں کوئی شبہ، شک، یا التباس نہیں ہوا بلکہ کامل یقین تھا کہ جو فیصلہ میں نے کیا ہے وہ حق و انصاف اور عدل کا فیصلہ ہے۔ حضرات اولیاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اسی توجہ کاملہ اور دعائے خیر کی برکت سے تزکیہ نفوس، اصلاح احوال اور علوم معرفتِ الٰہیہ سے اپنے متوسلین کو بہرہ ور فرماتے ہیں۔ جناب امام الاولیاء سیدنا و مولانا

---

بقیہ حاشیہ: روی عن عیسی بن طهمان و فطر بن خلفیة و اسرائیل و الثوری و جریر و ابن حازم و ابی بکر بن عیاش و خلق وعنه، احمد و اسحاق و علی بن المدینی و یحیی بن معین و الحسن بن علی بن عفان العامری و آخرون. قلت تمتة کلام ابن سعد و کان ثقة وقال العجلی کان ثقة جامعا للعلم عاقلا ثبتا فی الحدیث و ذکره ابن حبان فی الثقات وقال کان مستقنا یتفقه وقال ابن شاهین فی الثقات قال یحیی بن ابی شیبة ثقة صدوق ثبت حجة مالم یخالف من هو فوقه مثل و کیع (التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۱۷۵ تا ۱۷۶)

۳: شریک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۳۱: ۳

۴: سماک: سماک بکسر اوله و تخفیف المیم بن حرب بن اوس بن خالد بن نزار بن معاویة بن حارثة الذهلی البکری ابو المغیرة الکوفی صدوق وروایته عن عکرمة خاصة مضطربة و قد تغیر بآخره فکان ربما یلقن من الرابعة مات سنة ثلث و عشرین (التقریب، صفحہ ۱۳۷) روی عن جابر بن سمرة و النعمان بن بشیر و انس بن مالک و الضحاک بن قیس ثعلبة بن الحکم و عبدالله بن الزبیر و عکرمة و علقمة بن وائل و مصعب بن سعد و معاویة بن قرة و موسی بن طلحة بن عبیدالله و جماعة و عنه ابنه سعید و اسمعیل بن ابی خالد و الاعمش و شعبة و الثوری و شریک و ابو عوانة و غیرهم. (التہذیب، جلد ۴، صفحہ ۲۳۲ تا ۲۳۳)

۵: حنش بن المعتمر: حنش بن المعتمر ویقال ابن ربیعة ویقال انه حنش ابن ربیعة بن المعتمر ویقال انما اثنان الکنانی. روی عن علی و وابعة بن معبد و ابی ذر و علیم الکندی و عنه ابو اسحاق السبیعی و الحکم بن عتیبة و سماک بن حرب و اسمعیل بن ابی خالد و غیرهم. (التہذیب، جلد ۳، صفحہ ۵۸)

۶: علی (المرتضیٰ ؓ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱: ۶



Marfat.com

امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اسی ''علم لدنی'' کے حامل تھے لہذا آپ ﷺ کی اتباع میں یہ فیض مبارک اولیائے کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو نصیب ہوتا ہے اور قیامت تک یہ فیضان پاک جاری رہے گا اور یہی وہ صدری فیض ہے جو جناب امام الاولیاء ﷺ کی ذات کریمہ سے جاری وساری ہے اور جس سے ہر ایک ولی اللہ اپنی استطاعت کے مطابق حسبِ توفیق مستفیض ہوتا چلا آ رہا ہے۔

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِحُبِّ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَهُ الْکَرِیْمِ ---(آمین ثم آمین)

**حدیث نمبر ۵/۳۶** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱؎ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی ۲؎ بْنُ آدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ ۳؎ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ ۴؎ عَنْ حَارِثَةَ ۵؎ بْنِ مَضْرِبٍ عَنْ عَلِیٍّ ۶؎ قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَی الْیَمَنِ فَقُلْتُ اِنَّکَ تَبْعَثُنِیْ اِلٰی قَوْمٍ اَسَنَّ مِنِّیْ لِاَ قْضِیَ بَیْنَهُمْ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ سَیَهْدِیْ قَلْبَکَ وَ یُثَبِّتُ لِسَانَکَ

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے یمن کی طرف حاکم بنا کر بھیجا تو میں نے عرض کیا کہ آپ مجھے ایک ایسی قوم کی طرف بھیج رہے ہیں کہ وہ مجھ سے عمر رسیدہ ہیں تا کہ میں ان کے درمیان فیصلے کروں تو ارشاد فرمایا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ تیرے دل کو ہدایت فرمائے گا اور تیری زبان کو ثابت رکھے گا'' رواہ شیبان بن ابی اسحاق عن عمرو بن حبشی عن علی ''یہ حدیث شیبان نے ابی اسحاق سے اس نے عمرو بن حبشی سے اس نے علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۶

۱؎ احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۶:۱

۲؎ یحییٰ بن آدم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۳۵:۲

۳؎ اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۶:۳

۴؎ ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۲:۴

۵؎ حارثہ بن مضرب: حارثة بن مضرب بتشدید الراء المکسورة قبلها معجمة العبدی الکوفی ثقة من الثانیة غلط من نقل عن ابن المدینی انه ترکه. (التقریب، صفحہ ۶۱، ۶۲) روی عن عمرو علی و ابن مسعود و حباب بن الارث و سلمان الفارسی و ابی موسی و عمار بن یاسر و فرات بن حیان العجلی و عنه ابواسحق السبیعی. قلت و ذکره ابو حاتم بن حبان فی الثقات التابعین (التهذیب، جلد ۲، صفحہ ۱۶۶، ۱۶۷)

۶؎ علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۱:۶



Marfat.com

**حدیث نمبر ۶/۳۷** اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۱ زَکَرِیَّا بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ ۲ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعٰوِیَةُ ۳ ابْنُ هِشَامٍ عَنْ شَیْبَانَ ۴ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ ۵ عَنْ عَمْرِو ۶ بْنِ حَبَشِیٍّ عَنْ عَلِیٍّ ۷ قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَی الْیَمَنِ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّکَ تَبْعَثُنِیْ اِلٰی شُیُوْخٍ ذَوِیْ اَسْنَانٍ وَ اِنِّیْ اَخَافُ اَنْ لَّا اُصِیْبَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ سَیُثَبِّتُ لِسَانَکَ وَ یَهْدِیْ قَلْبَکَ

**ترجمہ** علی المرتضیٰ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے یمن کی طرف حاکم بن کر بھیجا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ مجھے بہت بڑی عمر والوں کی طرف حاکم بنا کر بھیج رہے ہیں اور میں ڈرتا ہوں کہ کہیں صحیح فیصلہ پر نہ پہنچ سکوں؟ حضور پاک ﷺ نے فرمایا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ تیری زبان کو ثابت رکھے گا اور تیرے قلب کو ہدایت کرے گا۔

---

**اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۷**

۱: **زکریا بن یحییٰ**: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۲:۴

۲: **محمد بن العلاء**: اس کا نام محمد بن العلاء بن کریب الہمدانی ہے، ابوکریب کنیت ہے، کوفی ہے، حافظ ہے۔ صدوق ہے۔ ابوعلی نیساپوری نے کہا کہ میں نے ابی العباس بن عقدہ سے سنا ہے کہ یہ اپنے تمام مشائخ میں حفظ اور معرفت میں مقدم تھا۔ موسیٰ بن اسحاق انصاری نے کہا'' سمعت من ابی کریب مأته الف حدیث'' اور نسائی نے کہا'' لا باس به'' اور مرہ نے کہا ثقہ ہے۔ ابن حبان نے ثقات میں اس کا ذکر کیا ہے۔ ابراہیم بن ابی طالب کہتے ہیں۔ کہ مجھ سے محمد بن یحییٰ نے کہا کہ امام احمد بن حنبل کے بعد ابی کریب سے زیادہ احادیث کا حافظ میں نے نہیں دیکھا ۲۴۸ھ ہجری میں فوت ہوئے۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۹، صفحہ ۳۸۵)

۳: **معاویۃ بن ہشام**: معاویة بن هشام العقار الأزدی ابو الحسن الکوفی مولی بنی أسد. روی عن سفیان الثوری وعلی بن صالح و شیبان النحوی ومالک بن انس و هشام بن سعد وشریک و عمار بن زریق و المنهال بن خلیفة وغیرهم. وعنه احمد و اسحاق و ابنا ابی شیبة وزکریا بن دینار و محمود بن غیلان واحمد بن سلیمان الرهاوی والحسن بن علی بن عفان و آخرون. قلت وقال ابن شاهین فی الثقات قال عثمان بن ابی شیبة معاویة بن هشام رجل صدق ولیس بحجة وقال الساجی صدوق یهم قال احمد بن حنبل هو کثیر الخطاء. (التہذیب، جلد ۱۰، صفحہ ۲۱۸)

۴: **شیبان بن عبدالرحمٰن**: شیبان بن عبد الرحمن التمیمی مولاهم النحوی ابومعاویة البصری نزیل الکوفه ثقة صاحب کتاب یقال انه منسوب الی نحوة بطن من الازدلا الی علم النحومن السابعة مات سنة اربعین و ستین. (التقریب، صفحہ ۱۴۸) روی عن عبدالملک بن عمیروقتادة وفراس بن یحیی و یحیی بن ابی کثیر و سماک بن حرب و الاعمش و اشعث بن ابی الشعثاء و منصور بن المعتمر و هلال الوزان وغیرهم. وعنه زائدة بن قدامة و ابو حنیفة (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**تشریح** ارشاد ہے ''اللہ تعالیٰ تیری زبان کو ثابت رکھے گا اور تیرے قلب کو ہدایت کرے گا'' یعنی آپ ﷺ کی زبان مبارک سے ہمیشہ ہمیشہ نہایت ہی صحیح اور درست، غیر متزلزل اور غیر مشکوک انتہائی صاف، ستھرے اور موزوں الفاظ نکلیں گے جن کا رد نہ مل سکے گا۔ نیز آپ کا قلب مبارک ہدایت اور معرفت سے بھرپور ہوگا اس سے تو معرفت الٰہی کے چشمے جاری ہوں گے۔ اس پر نہ کسی قسم کا لالچ نہ کسی قسم کا رسوخ نہ کسی قسم کا دباؤ اثر کرے گا اور نہ ہی کسی قسم کا ڈر یا خوف اس پر اثر انداز ہوگا اس قلب مبارک پر تو صرف اور صرف خوفِ خدا چھایا ہوا ہے۔ جس کی بدولت حق و انصاف کے فیصلہ کا صدور ہوتا ہے۔

---

بقیہ حاشیہ: الفقیہ و ھما من اقرانہ ابو داؤد الطیاسی و ابو احمد الزبیری و معاویۃ بن ھشام و علی بن الجعد و آخرون. (التہذیب، جلد۴، صفحہ۳۷۳)

۵ ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲۲:۴

۶ عمرو بن حبشی: عمرو بن حُبشی الزبیدی الکوفی کو عمرو بن حریش بھی کہتے ہیں۔ حضرت علی، ابن عباس اور ابن عمر سے روایت کرتا ہے اور اس سے ابو اسحاق السبعی، عبداللہ بن مقدام وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے (ابن حجر عسقلانی تہذیب التہذیب جلد۸، صفحہ ۱۵تا۱۶)

۷ علی (المرتضیٰ ؓ): ملاحظہ کیجئے حدیث نمبر۱:۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ بِسَدِّ هٰذِهِ الْاَبْوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ

"اس حدیث شریف میں اس بات کا ذکر ہے کہ جن گھروں کے دروازے مسجد نبوی میں کھلتے ہیں ان سب کو بند کر دو صرف ایک جناب سیدنا و مولانا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے گھر کا دروازہ کھلا رہنے دو"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۳۸** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ[۱] بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ[۲] بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ[۳] عَنْ مَيْمُوْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ[۴] عَنْ زَيْدِ[۵] بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كَانَ لِنَفَرٍ مِّنْ اَصْحٰبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَبْوَابٌ شَارِعَةٌ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سُدُّوْا هٰذِهِ الْاَبْوَابَ اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ فَتَكَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ اُنَاسٌ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اُمِرْتُ بِسَدِّ هٰذِهِ الْاَبْوَابِ غَيْرَ بَابِ عَلِيٍّ فَقَالَ فِيْهِ قَائِلُكُمْ وَاللّٰهِ مَا سَدَدْتُّهٗ وَلَا فَتَحْتُهٗ وَلٰكِنْ اُمِرْتُ بِشَيْءٍ فَاتَّبَعْتُهٗ

**ترجمہ** زید بن ارقم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ بعض صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم اجمعین) کے گھروں کے دروازے مسجد نبوی میں کھلتے تھے جن سے وہ آتے جاتے تھے تو رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا سوائے (جناب)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۸

۱: محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۵

۲: محمد بن جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳

۳: عوف: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۱۵

۴: میمون ابی عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۵

۵: زید بن ارقم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲



Marfat.com

علی کے گھر کے دروازے کے باقی سب گھروں کے دروازے بند کردو۔لوگوں نے اس معاملہ میں باتیں کیں پس رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان فرمائی پھر فرمایا، امابعد مجھے حکم دیا گیا ہے کہ سوائے علی کے دروازہ کے باقی سب دروازے بند کردیئے جائیں سوتم میں سے کسی نے اس معاملہ میں کلام کی ہے اور اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کہ نہ تو میں نے ازخود انہیں بند کیا ہے اور نہ اسے کھولا ہے لیکن مجھے ایک کام کا حکم ملا ہے تو میں نے اس کو پورا کیا ہے۔

**حل لغت** اَبْوَابٌ: دروازے، اس کا واحد باب ہے۔ شَارِعَةٌ: عام راستہ، سڑک، چلتے ہوئے راستہ پر آنا جانا، اس کی جمع شَوَارِعُ ہے۔ سُدُّوْا: بند کردو۔

**تشریح** ارشاد ہے "بعض صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے گھروں کے دروازے مسجد نبوی میں کھلتے تھے جن سے وہ آتے جاتے تھے" یعنی ان کا آنا جانا انہیں دروازوں سے تھا گویا مسجدِ نبوی ان کی گذرگاہ تھی۔ ان مکانات کے دروازے مسجد نبوی کی تعمیر سے پہلے اسی طرف تھے اور اب خداوند بزرگ و برتر کے گھر کے احترام اور پاکیزگی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس گذرگاہ کو مسدود کرنا پڑا۔ ارشاد ہے "سوائے (جناب) علی کے گھر کے دروازہ کے باقی سب گھروں کے دروازے بند کردو" یعنی جن گھروں کے دروازے مسجد نبوی میں ہیں سب کے سب بند کردو، ہاں! ایک حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر کا دروازہ مسجد نبوی شریف میں کھلا رہنے دو۔ ارشاد ہے "لوگوں نے اس معاملہ میں باتیں کیں" یعنی لوگوں نے کچھ گڑبڑ کی کہ جب تمام دروازے بند کئے جا رہے ہیں تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دروازہ بھی بند کرنا چاہئے یا سب کے سب کھلے رہنے چاہئیں۔ ارشاد ہے "مجھے حکم دیا گیا کہ سوائے علی کے دروازے کے باقی سب دروازے بند کردو" یعنی مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ملا ہے میں ازخود تو یہ باقی دروازے بند کرنے کا حکم نہیں دے رہا ہوں۔ لہٰذا مجھے جو حکم ملا ہے اس کی اتباع کرو اور کسی قسم کی گڑبڑ نہ کرو اور نہ ہی اس بات پر اعتراض کرو کہ جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا دروازہ کیوں کھلا رکھا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسی طرح کا حکم ملا ہے۔

مولانا مولوی ابوالحسن صاحب "مناقب مرتضوی شرح خصائص" صفحہ ۳۰ پر لکھتے ہیں

"اور نہیں اشکال آتا اس حدیث سے اس حدیث پر کہ حضرت ﷺ نے حکم فرمایا کہ سب دروازوں کے بند کرنے کا سوائے دروازے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے، اس لئے کہ اس میں تصریح ہے اس کی کہ حکم کیا حضرت ﷺ نے ان کو دروازوں کے بند کرنے کا اپنی مرض الموت کی حالت میں اور اس میں یہ نہیں پس حمل کی جاویگی یہ حدیث حالت بیماری کے پہلے زمانے پر"



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا اَنَا اَدْخَلْتُهٗ وَ اَخْرَجْتُكُمْ بَلِ اللهُ اَدْخَلَهٗ وَ اَخْرَجَكُمْ

''اس حدیث شریف میں اس بات کا ذکر ہے کہ نہ میں نے اپنی طرف سے اس (یعنی حضرت علی) کو (یہاں پر) داخل کیا اور نہ تم کو (یہاں سے) نکالا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے (یہاں پر) داخل کیا اور تمہیں (یہاں سے) نکالا''

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۳۹** قَرَأْتُ عَلٰى مُحَمَّدِ ۱؎ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ ۲؎ عَنْ عَمْرِو ۳؎ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ ۴؎ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ۵؎ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ ۶؎ وَلَمْ يَقُلْ مَرَّةً عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ قَوْمٌ جُلُوْسٌ فَدَخَلَ عَلِيٌّ فَلَمَّا دَخَلَ خَرَجُوْا فَلَمَّا خَرَجُوْا تَلَاوَمُوْا فَقَالُوْا وَ اللهِ اِنَّمَا اَخْرَجَنَا وَ اَدْخَلَهٗ، فَرَجَعُوْا فَقَالَ وَاللهِ مَا اَنَا اَدْخَلْتُهٗ وَ اَخْرَجْتُكُمْ بَلِ اللهُ اَدْخَلَهٗ وَ اَخْرَجَكُمْ

**ترجمہ** سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں بیٹھے ہوئے

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۹

۱؎ محمد بن سلیمان: محمد بن سليمان بن حبيب الاسدی ابوجعفر العلاف الكوفی ثم المصيصی لقبه لوين. قال البلاذری سمعت ابن جرير يقول انما لقب بلوين لانه ، كان يبيع الدواب فيقول هذا الفرس له لوين هذا الفرس له قديد فلقب بلوين وقال محمد بن القاسم الازدی قال لوين لقبتنی امی لوينا وقد رغبت وقال ابن ابی حاتم عن ابيه صالح صدوق قبل له ثقة فقال صالح الحديث. (التہذیب، جلد۹، صفحہ۱۹۹)لوين بالتصغير ثقة من العاشرة مات سنة خمس اوست واربعين و قد رجاوز المائة. (التقریب، صفحہ۲۹۹ تا ۳۰۰)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

تھے اور ایک دوسری جماعت بھی بیٹھی ہوئی تھی پس (جناب) علی (المرتضٰی) تشریف لائے۔ جب (سیدنا حضرت) علی (کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم) تشریف لائے تو سب لوگ باہر چلے گئے جب وہ لوگ باہر نکلے تو آپس میں اس بات پر ملامت کرنے لگے اور انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم! حضور ﷺ نے ہمیں نکالا ہے اور علی کو داخل کیا ہے پھر وہ سب لوٹ آئے۔ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی قسم! نہ تو میں نے از خود اسے داخل کیا اور نہ ہی میں نے از خود تمہیں نکالا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے داخل کیا اور تمہیں نکالا۔

**حل لغت** تَلَاوَمُوْا: آپس میں ایک دوسرے کو ملامت کرتے، یہ لَوْمٌ سے ہے جس کے معنی ملامت کرنا ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے "جب (حضرت) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) تشریف لائے تو سب لوگ باہر نکلے" یعنی پیغمبر اسلام ﷺ نے ان سب کو باہر چلے جانے کو کہا۔ چنانچہ سب باہر چلے گئے۔ ارشاد ہے۔ "اور انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم! حضور اکرم ﷺ نے ہمیں نکالا ہے اور علی کو داخل کیا ہے" گویا علی المرتضٰی کے مقابلہ میں ہمیں حقیر جانا ہے یا از روئے مرتبہ کے کمتر سمجھا ہے یا ان کی عزت ہم لوگوں سے زیادہ کی ہے۔ ارشاد ہے "پھر وہ سب لوٹ آئے" یعنی جس وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم رخصت ہو گئے تو پھر ان سب کو بلا لیا گیا۔ ارشاد ہے "بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے داخل کیا اور تمہیں نکالا" یعنی اے لوگو! تم کو ناراض یا خفا نہیں ہونا چاہئے یہ جو کچھ ہوا ہے میں نے از خود نہیں کیا، بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایسا کیا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی عزت اور قدر و منزلت تم سے زیادہ ہو۔

"قَالَ اَبُوْعَبْدِالرَّحْمٰنِ هٰذَا اَوْلٰى بِالصَّوَابِ"

---

بقیہ حاشیہ ۲: سفیان بن عیینہ: سفیان بن عيينة بن ابى عمران ميمون الهلالى ابو محمد الكوفى ثم المكى ثقة حافظ فقيه امام حجة الا انه تغير حفظه با اخره و كان ربما دلس لكن عن الثقات من رؤس الطبقة الثامنة و كان اثبت الناس فى عمرو بن دينار مات فى رجب سنة ثمان و تسعين وله احدى و تسعون سنة. (التقریب، صفحہ ۱۲۸ تا ۱۲۹) روى عن عبدالملك بن عمير و ابى اسحاق السبيعى و زياد بن علاقة والاسود بن قيس و ابان بن تغلب واسرائيل و ابى موسى و اسمعيل بن ابى خالد عبدالله بن الاصم وعمرو بن دينار والزهرى و خلق لايحصون. وعنه الاعمش وابن جريج و شعبة و الثورى ومحمد بن عاصم الاصبهانى و طوائف كثيرون. (التہذیب، جلد ۴، صفحہ ۱۸۸، ۱۸۹)

۳: عمرو بن دینار: آپ کی کنیت ابو محمد الاثرم الجمعی ہے۔ ثقہ، ثبت اور طبقہ رابعہ سے ہے ۱۲۶ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۵۹)

۴: ابی جعفر محمد بن علی: آپ کا نام محمد بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب ہے ابو جعفر کنیت اور باقر لقب ہے۔ ثقہ ہے فاضل ہے طبقہ رابعہ سے ہے آپکا سنہ وصال ۱۱۴ تا ۱۱۸ ہجری کے درمیان ہے۔

۵: ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص: یہ ثقہ ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۰ ہجری کے بعد وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۰)

۶: ابیہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

**حدیث نمبر ۲/۴۰** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ يَحْيَى الْكُوْفِيُّ الصُّوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ ۲ وَهُوَ ابْنُ قَادِمٍ قَالَ اَنْبَأَنَا اِسْرَائِيْلُ ۳ عَنْ عَبْدِ اللهِ ۴ بْنِ شَرِيْكٍ عَنِ الْحَارِثِ ۵ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَتَيْتُ مَكَّةَ فَلَقِيْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ فَقُلْتُ هَلْ سَمِعْتَ لِعَلِيٍّ مَنْقَبَةً قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَنُوْدِيَ فِيْنَا لَيْلَةً لِيَخْرُجْ مَنْ فِي الْمَسْجِدِ اِلَّا اٰلِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ اٰلُ عَلِيٍّ فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتَاهُ عَمَّهٗ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ ! اَخْرَجْتَ اَصْحَابَكَ وَ اَعْمَامَكَ وَاَسْكَنْتَ هٰذَا الْغُلَامَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا اَنَا اَمَرْتُ بِاِخْرَاجِكُمْ وَ لَا بِاِسْكَانِ هٰذَا الْغُلَامِ اِنَّ اللهَ هُوَ اَمَرَ بِهٖ. قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ فِطْرٌ عَنْ عَبْدِاللهِ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ الرَّقِيْمِ عَنْ سَعْدٍ اَنَّ الْعَبَّاسَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَدَدْتَّ اَبْوَابَنَا اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ فَقَالَ مَا اَنَا فَتَحْتُهَا وَ لَا اَنَا سَدَدْتُّهَا وَ لٰكِنَّ اللهَ فَعَلَ ذَالِكَ

**ترجمہ** حارث بن مالک سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میں مکہ مکرمہ آیا تو سعد بن ابی وقاص سے ملا، پس میں نے کہا کہ کیا تو نے جناب علی المرتضیٰ کی کوئی منقبت سنی ہے۔ کہا ہم جناب رسول خدا ﷺ کے پاس مسجد میں موجود تھے۔ پس ہم سے ایک شخص نے رات کو آواز دی کہ سوائے آلِ رسول ﷺ اور آلِ علی کے، سب مسجد سے چلے جائیں۔ صبح ہونے پر آپ ﷺ کے چچا آئے پس عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! آپ نے تو اپنے صحابہ اور اپنے چچاؤں کو نکالا اور اس لڑکے کو رہنے دیا۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا میں نے نہ تو تمہارے نکل جانے کا اور نہ ہی اس لڑکے کے رہنے کا حکم دیا مگر اللہ تعالیٰ نے اسی طرح کا حکم دیا تھا۔ ابوعبدالرحمٰن نے فرمایا فطر نے عبداللہ بن شریک سے روایت کی وہ عبداللہ بن رقیم سے اور وہ سعد سے روایت کرتا ہے کہ جناب عباس حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ نے سارے دروازے بند کر دیئے مگر علی کا دروازہ بند نہیں کیا۔ تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا نہ تو میں نے از خود اس کا دروازہ کھولا اور نہ از خود انہیں بند کیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ کام اسی طرح کیا ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۰

۱؎ **احمد بن یحییٰ:** احمدبن يحيى بن زكريا الكوفى الصوفى الأودى ابو جعفر الكوفى العابد المشهور بالصوفى من رجال حفاظ اهل السنة كالنسائى والبخارى وغيرهما فى غير الصحاح توفى سنة ۲۶۴ھ. (التقریب، صفحہ ۱۷) روى عن شريك القاضى وابى اسامة و محمد بن بشر واسحاق السلولى وغيره. وعنه النسائى و البخارى فى (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**حل لغت** مَنْقَبَةٌ تعریف، فضیلت، اس کی جمع مَنَاقِبُ ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے ''کیا تو نے جناب علی المرتضیٰ کی کوئی منقبت سنی ہے'' یعنی پیغمبر اسلام ﷺ سے، کیا آپ نے جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی کوئی تعریف یا فضیلت سنی ہے تو مجھے ضرور بیان کرو۔ ارشاد ہے ''میں نے نہ تو تمہارے نکل جانے کا اور نہ ہی اس لڑکے کے رہنے کا حکم دیا مگر اللہ تعالیٰ نے اسی طرح کا حکم دیا تھا'' یعنی یہ بلند درجہ، یہ گرامی قدر منزلت، یہ فضیلتِ عظیمہ جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو نصیب ہوئی اور کسی دوسرے صاحب کو نہیں ملی اور یہ سب من جانب اللہ تھی۔ یہ حکم میں نے اللہ تعالیٰ کے احکام کے ماتحت دیا ہے آپ صاحبان کو اس پر کوئی کلام یا گفتگو نہیں کرنی چاہئے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جب جناب امام الاولیاء علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اپنی خاص خاص عنایتوں اور فضیلتوں سے نوازتا ہے تو تمام لوگوں کو چاہئے کہ ان مناقب کا کھلے دل سے برضا ورغبت اعتراف کریں۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن شریک معتبر نہیں اور نہ میں حرب بن مالک کو جانتا ہوں اور نہ عبداللہ بن رقیم کو کہ اس نے سعد سے روایت کی ہو۔ حضرت ﷺ نے عباس کو یہ حدیث بتائی۔

**حدیث نمبر ۳/۴۱**

**حدیث نمبر ۴/۴۲** یہ دونوں احادیث ۲/۴۰ کی مانند ہیں جو اوپر گذر چکی ہے۔

---

بقیہ حاشیہ: التاریخ و ابن ابی حاتم و البجیری و ابن ابی داؤد و ابوبکر البزار و جماعة ، و قال ابو حاتم ثقة وقال النسائی لا باس به قلت و ذکره ابن حبان فی الثقات وقال البنانی الصوفی. (التہذیب، جلد ا صفحہ ۸۸، ۸۹)

۲؎ علی بن قادم الخزاعی: علی بن قادم الخزاعی ابو الحسن الکوفی من رجال ابی داؤد و الترمذی و النسائی توفی سنة (۲۱۲ یا ۲۱۳) روی عن الاعمش و سعید بن ابی عروبة و فطر بن خلیفة وعلی بن صالح و یونس بن ابی اسحاق مسعرو شریک القاضی وغیرهم. وعنه القاسم بن زکریا بن دینار و سلمیان بن عبدالجبار و سهل بن صالح الانطاکی و یوسف بن موسی القطان والحسن بن سلام السواق وآخرون. قال ابن معین ضعیف وقال ابوحاتم محلة الصدوق وقال الاجری عن ابی داؤد قال ابو مابقی احد کان یختلف معنا الی سفیان غیره و ذکره ابن حبان فی الثقات (التہذیب، جلد ۷، صفحہ ۳۷۴)

۳؎ اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

۴؎ عبداللہ بن شریک: عبداللہ بن شریک العامری الکوفی صدوق ہے۔ یتشیع ، افراط الجوزجانی فکذبه طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (تقریب، صفحہ ۱۷۷)

۵؎ حارث بن مالک: حارث بن مالک بن قیس اللیثی ہے اور ابن البرصاء کے نام سے مشہور صحابی ہے۔ اس سے ایک حدیث روایت کی گئی ہے تاخر او اخر خلافت معاویہ (التقریب، صفحہ ۶۱)

**حدیث نمبر ۵/۴۳** اَخْبَرَنِیْ زَکَرِیَّا ۱ بْنُ یَحْیَی السَّجِسْتَانِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ ۲ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۳ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِیْ کَرِیْمَةَ الْحَرَّانِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْکِیْنُ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۵ عَنْ اَبِیْ بلج ۶ عَنْ عَمْرِو ۷ بْنِ مَیْمُوْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَبْوَابِ الْمَسْجِدِ فَسُدَّتِ الْاَبْوَابُ اِلَّا عَلِیِّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

**ترجمہ** ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور رسول کریم ﷺ نے مسجد میں ہونے والے گھروں کے دروازوں کو بند کرنے کا حکم فرمایا لہٰذا سوائے حضرت علی کے گھر کے دروازہ کے، سب دروازے بند کردیئے گئے۔

( اسناده حسن، احمد ميرين البلوشى خصائص امير المؤمنين صفحه ۶۴ )

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۲: عبداللہ بن عمر: عبداللہ بن عمر بن ابان بن صالح بن عمیر الاموی کا لقب مُشکدانہ ہے۔ قال ابو حاتم صدوق و ذکره ابن حبان فی الثقات و قال ابن حجر صدوق فيه تشيع (احمد میرین البلوشی صفحہ ۶۳)۔ اس کی وفات ۲۳۸ یا ۲۳۹ ہجری میں واقع ہوئی (تہذیب التہذیب جلد ۵، صفحہ ۳۳۳)

۳: محمد بن وہب: محمد بن وہب بن عمر بن ابی کریمہ ابوالمعافی الحرانی ہے، صدوق ہے، طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۳ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۳۲۳)

۴: مسکین بن بکیر: اس کی کنیت ابوعبدالرحمٰن الحذاٗ ہے۔ صدوق ہے۔ یخطی و کان صاحب حدیث طبقۃ التاسعۃ سے ہے ۱۹۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۳۳۵)

۵: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳

۶: ابی بلج: یہ یحییٰ بن سلیم ہے۔ ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳-۴

۷: عمرو بن میمون: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۵

۸: ابن عباس: عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف ہے۔ حضور ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بیٹا ہے۔ حضور ﷺ نے اس کے لئے دعا فرمائی تھی کہ اللہ تعالیٰ اسے فہم القرآن نصیب فرمائے۔ اللہ جل شانہ نے حضور ﷺ کی یہ دعا قبول فرمائی۔ اور ان کو کمال وسعت علم نصیب ہوا۔ اسی لئے آپ کا لقب البحر اور الحبر تھا۔ وهو احد المكثرين من صحابة و احد. مات سنة ثمان و ستين یعنی ۶۸ ہجری میں طائف میں فوت ہوئے۔ (تقریب، صفحہ ۱۷۸)

**حدیث نمبر ۶/۴۴** اَنْبَانَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیَی ۲ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَضَّاحِ ۳ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی ۴ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو ۵ بْنُ مَیْمُوْنٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ۶ سُدَّ اَبْوَابُ الْمَسْجِدِ غَیْرَ بَابِ عَلِیٍّ فَکَانَ یَدْخُلُ الْمَسْجِدَ وَھُوَ جُنُبٌ وَھُوَ طَرِیْقُهٗ وَلَیْسَ لَهٗ طَرِیْقٌ غَیْرُهٗ

**ترجمہ** ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ مسجد کی طرف کھلنے والے سب دروازے بند کر دیئے گئے سوائے حضرت علی کے دروازہ کے۔ حضرت علی بحالتِ جنابت بھی مسجد میں داخل ہوتے تھے ان کیلئے آنے جانے کا راستہ وہی تھا اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہ تھا۔

(اسنادہ حسن رجالہ رجال الشیخین سوائے یحیی بن سلیم وھو صدوق، احمد میرین البلوشی خصائص امیر المؤمنین صفحہ ۶۴)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۴

۱ محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲ یحیٰی بن حماد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۲

۳ الوضاح: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۳

۴ یحیٰی بن سلیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۴

۵ عمرو بن میمون: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۵

۶ ابن عباس: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۸



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

# ذِكۡرُ مَنۡزِلَةِ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

## "اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت پاک ﷺ کے نزدیک امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مرتبہ اور مقام بہت بلند ہے"

(اس باب میں انیس (۱۹) احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۴۵** اَنۡبَاَنَا بِشۡرُ ۱ بۡنُ هِلَالِ الۡبَصۡرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعۡفَرُ ۲ وَ هُوَ ابۡنُ سَلَيۡمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرۡبُ ۳ بۡنُ شَدَّادٍ عَنۡ قَتَادَةَ ۴ عَنۡ سَعِيۡدِ ۵ ابۡنِ الۡمُسَيَّبِ عَنۡ سَعۡدِ ۶ بۡنِ اَبِيۡ وَقَّاصٍ قَالَ لَمَّا غَزٰى رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ غَزۡوَةَ تَبُوۡكَ خَلَّفَ عَلِيًّا بِالۡمَدِيۡنَةِ فَقَالُوۡا فِيۡهِ مَلَّهٗ وَكَرِهَ صُحۡبَتَهٗ فَتَبِعَ عَلِيٌّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى لَحِقَهٗ فِي الطَّرِيۡقِ وَقَالَ يَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ خَلَّفۡتَنِيۡ بِالۡمَدِيۡنَةِ مَعَ الذَّرَارِيِّ وَ النِّسَآءِ حَتّٰى قَالُوۡا فِيۡهِ مَلَّهٗ وَكَرِهَ صُحۡبَتَهٗ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ اِنَّمَا خَلَّفۡتُكَ عَلٰى اَهۡلِيۡ اَمَا تَرۡضٰى اَنۡ تَكُوۡنَ مِنِّيۡ بِمَنۡزِلَةِ هَارُوۡنَ مِنۡ مُوۡسٰى غَيۡرَ اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعۡدِيۡ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵

۱: بشر بن ہلال: بشر بن ہلال الصواف کی کنیت ابو محمد ہے۔ ثقہ ہے طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۷ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۴۵)

۲: جعفر بن سلیمان: جعفر بن سلیمان الضبعی ہے ابو سلیمان کنیت ہے، بصری ہے، صدوق ہے، زاہد ہے، لیکن اہل تشیع سے ہے۔ من الثامنة ۱۷۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۵۶)

۳: حرب بن شداد: حرب بن شداد الیشکری کی کنیت ابو خطاب البصری ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ السابعۃ سے ہے ۱۶۱ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۶۶)

۴: قتادہ: قتادہ بن دعامۃ بن قتادہ السدوسی کی کنیت ابو الخطاب البصری ہے۔ ثقہ اور ثبت ہے وھو راس الطبقة الرابعة ۱۱۷ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۸۱)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**ترجمہ** | سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک میں جہاد کیلئے نکلے تو (حضرت) علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو مدینہ مبارکہ میں اپنا نائب بنایا۔ تو لوگوں نے کہا کہ حضور ﷺ اس سے خفا ہیں اور اس کی صحبت کو پسند نہیں فرمایا۔ پس (حضرت) علی نبی کریم ﷺ کے پیچھے نکلے یہاں تک کہ ان سے راستہ میں جا ملے۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے مجھے مدینہ منورہ میں بے کار بچوں اور عورتوں پر نائب مقرر کیا یہاں تک کہ لوگوں نے کہا کہ حضور ﷺ اس سے خفا ہیں اور اس کی صحبت کو پسند نہیں فرماتے۔ تو نبی کریم ﷺ نے انہیں فرمایا۔ اے علی! سوائے اس کے نہیں کہ میں نے تجھے اپنی اہل کیلئے نائب بنایا تھا۔ کیا تو اس بات پر خوش نہیں ہے کہ تیرا رتبہ میرے پاس ایسا ہو جیسا کہ ہارون کا رتبہ موسیٰ کے پاس تھا، ہاں صرف اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔

**حل لغت** | غَزَیٰ: غَزْوٌ سے ہے جس کے معنی ہیں لڑائی کیلئے جانا، قصد کرنا، طلب کرنا، ارادہ کرنا۔ خَلَّفَ: نائب بنایا، خلیفہ بنایا۔ مَلَّ: ملول ہوئے، خفا ہوئے۔ کَرِہَ: پسند نہیں کیا۔ ذَرَارِیُّ: کم سن، بچے، لڑکے۔ ذَرِیٌّ: ناکار، بے کار۔

**تشریح** | ارشاد ہے "جب رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک میں جہاد کیلئے نکلے" یعنی حضور انور سید دو عالم ﷺ نے انیس (١٩) جہاد فرمائے۔ وہ غزوات جن میں بذاتِ خود بنفس نفیس تشریف فرما ہوئے ان میں نو (٩) غزوات میں جنگ کی اور باقی بغیر جنگ کے فتح ہوئے اور سرایا یعنی لشکر کی ٹکڑیاں جو آنحضور ﷺ نے روانہ فرمائیں اور خود ان کے ساتھ تشریف نہیں لے گئے چھپن (٥٦) ہیں۔ ارشاد ہے "لوگوں نے کہا کہ حضور ﷺ اس سے خفا ہیں اور اس کی صحبت کو پسند نہیں فرمایا" یعنی منافقوں نے یا ان لوگوں نے جو جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھ پیغمبر اسلام ﷺ کی انتہائی محبت و شفقت کو پسند نہیں کرتے تھے یہ کہنا شروع کر دیا کہ چونکہ حضور ﷺ ان سے ناراض ہیں اور ان کو اپنے ساتھ لے جانا پسند نہیں کرتے تھے اس لئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو غزوۂ تبوک میں ساتھ نہیں لے گئے اور مدینہ

---

بقیہ حاشیہ:۵: سعید ابن المسیب: سعید بن المسیب بن حزن ابن ابی وھب بن عمرو بن عائذ ابن عمران بن مخزوم القرشی المخزومی احد العلماء الاثبات الفقھاء الکبار من کبار الثانیة اتفقوا علی ان مرسلا اصح المراسیل وقال ابن المدینی لااعلم فی التابعین اوسع علما منه مات بعد التسعین و قد ناهز الثمانین. (تہذیب التہذیب، ج۴ صفحہ ۸۴ تا ۸۸)

٦: سعد بن ابی وقاص: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ٦:٨

منورہ میں چھوڑ گئے اور اس بات کی خوب تشہیر کی۔ جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بات بڑی ناگوار گذری اور ہتھیار وغیرہ لگا کر نکل پڑے۔ اور لشکر اسلام سے جا ملے۔ ارشاد ہے "اے علی سوائے اس کے نہیں کہ میں نے تجھے اپنی اہل کیلئے نائب بنایا تھا" یعنی میرے بعد میرے گھر والوں اور میری اہل وعیال کی دیکھ بھال کرے ان کی خبر گیری کرے۔ ان کی تکالیف کو دور کرے، ان کی مشکلات کو حل کرے، ان کی ضروریات زندگی پوری کرے تا کہ ان کو کوئی گزند نہ پہنچے۔ ارشاد ہے "کیا تو اس بات پر خوش نہیں ہے کہ تیرا رتبہ میرے پاس ایسا ہو جیسا کہ ہارون کا رتبہ موسیٰ کے پاس تھا ہاں صرف اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں" یعنی ۹ ہجری میں تبوک کی جنگ لڑی گئی۔ اس غزوہ کے موقع پر جناب سیدنا و مولانا امیر المؤمنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا جانشین اور نائب مقرر فرما کر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم خود بنفس نفیس لشکر لے کر جہاد کیلئے روانہ ہو گئے۔ منافقین کا تو یہی کام ہوتا ہے کہ افتراق و انتشار پیدا کیا جائے اور بددلی اور پریشانی کا کوئی شوشہ چھوڑا جائے تا کہ مسلمانوں کی جماعت تشتت اور نفاق کا شکار ہو جائے۔ اس بدباطنی کا مظاہرہ اس وقت ان لوگوں نے یہ کیا کہ جناب شیر خدا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ذات ستودہ صفات کو مورد الزام بنایا چنانچہ اس بات کی خوب تشہیر کی اور پروپیگنڈہ کیا کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ناخوش ہیں اس لئے ان کو اپنے ساتھ اس جہاد میں لے جانا پسند نہیں فرمایا اسی لئے ان کو مدینہ منورہ میں پیچھے چھوڑ گئے ہیں اس مکروہ اور ناپاک بات کی خوب تشہیر کی گئی تا کہ جناب امیر المؤمنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی قدر و منزلت رتبہ اور عزت کو عامۃ المسلمین کی نظروں میں گھٹایا جائے۔ جناب مولائے کائنات اسد اللہ الغالب علیٰ کل غالب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بات بڑی ناگوار گذری۔ آپ کی غیرت، بہادری اور شجاعت کے جذبات کو بڑی ٹھیس پہنچی اور ہر قسم کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر مسلمانوں کے لشکر سے جا ملے اور وہاں پہنچ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں منافقین کی تمام شرارتوں کا اظہار کیا۔ سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام باتیں سن کر جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مرتبہ مقام اور درجہ کو اتنا بلند بیان فرمایا کہ کوئی دوسرا اس تک نہ پہنچ سکا، فرمایا جس طرح جناب موسیٰ علیہ السلام کوہِ طور پر خداوند قدوس کے حضور میں گئے تو اپنی ساری قوم میں قابلِ اعتبار، لائقِ یقین اور صاحبِ اعتماد و بھروسہ اگر کوئی ان کو نظر آیا تھا تو وہ ان کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام تھے ان کو اس موقع پر اپنا نائب اور خلیفہ مقرر کیا۔ تو ارشاد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہے "اے علی! کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تمہارا رتبہ میرے پاس ایسا ہو جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس تھا۔ ہاں صرف اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کسی قسم کا نبی نہیں" اسی طرح تم میرے نزدیک قابلِ اعتماد لائقِ یقین اور صاحبِ اعتماد و بھروسہ ہو، اس لئے تو میں نے تمہیں اپنا نائب مقرر کیا ہے۔ ہاں ایک فرق ہے کہ



Marfat.com

میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ میں خاتم النبیین ہوں باقی میرے نزدیک تیری قدر و منزلت رتبہ اور عزت بہت ہی اعلیٰ ارفع اور بلند ہے جو کسی اور کیلئے نہیں۔

**حدیث نمبر ۲/۴۶** اَنبَأنَا قَاسِمُ ۱ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِينَارِ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ ۳ عَنْ يَحْيَى ۴ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ ۵ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ ۶ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى

**ترجمہ** سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو فرمایا۔ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسے ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔

**حدیث نمبر ۳/۴۷** اَنْبَأَنَا زَكَرِيَّا ۱ بْنُ يَحْيٰى قَالَ اَنْبَأَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ ۲ ان الدَّرَاوَرْدِيّ ۳ عَنْ مُحَمَّدِ ۴ بْنِ صَفْوَانَ الْجُمَعِيِّ عَنْ سَعِيْدِ ۵ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ سَمِعَ سَعْدَ ۶ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا النُّبُوَّةَ

**ترجمہ** سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے (حضرت) علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶

۱: قاسم بن زکریا: قاسم بن زکریا بن دینار قرشی کی کنیت ابو محمد کوفی ہے اور بعض اوقات اس کی نسبت اپنے جد کی طرف بھی کی جاتی ہے، ثقہ ہے۔ گیارہویں طبقہ سے ہے ۲۵۰ھ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۷۸)

۲: ابو نعیم: اس کا نام فضل بن دکین کوفی ہے اور دکین کا نام عمرو بن حماد بن زہیر التیمی ہے۔ ابو نعیم کی کنیت سے مشہور ہے ثقہ اور ثبت ہے، طبقہ التاسعہ سے ہے بخاری کے کبار شیوخ سے ہے ۲۱۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ (تقریب، صفحہ ۲۷۵)

۳: عبد السلام: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱:۳

۴: یحییٰ بن سعید: یحییٰ بن سعید بن قیس الانصاری المدنی کی کنیت ابو سعید ہے۔ قاضی، ثقہ، اور ثبت ہے۔ طبقہ الخامسہ سے ہے۔ مات سنة اربع و اربعين یعنی ۱۴۴ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (تقریب، صفحہ ۳۷۶)

۵: سعید بن المسیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۵

۶: سعد بن ابی وقاص: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۷

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم میرے نزدیک (اتنا قریب ہو) جتنا کہ ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھے مگر وہ نبی تھے اور تم نبی نہیں ہو۔

**حدیث نمبر ۴۸/۴** اَخْبَرَنِیْ زَکَرِیَّا ۱؎ بْنُ یَحْیٰی قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ ۲؎ اَنَّ الدَّرَاوَرْدِیَّ ۳؎ حَدَّثَہٗ عَنْ هَاشِمٍ ۴؎ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ سَعِیْدٍ ۵؎ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ سَعْدٍ ۶؎ قَالَ لَمَّا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰی تَبُوْکَ خَرَجَ عَلِیٌّ یُشَیِّعُهٗ فَبَکٰی وَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَرَکْتَنِیْ مَعَ الْخَوَالِفِ فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا النُّبُوَّةَ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک کیلئے نکلے تو جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کو پیچھے سے جالیا۔ اور رو پڑے اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا آپ مجھے پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ چھوڑ آئے ہیں تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اے علی! آیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر نبوت کا فرق ہے۔

**حل لغت** شَیَّعَ: پیچھے ہونا، پیروی کرنا، کسی کے ساتھ رخصت کرتے وقت کچھ فاصلے تک جانا۔

---

بقیہ حاشیہ: ۲؎ ابومصعب: اس کا نام احمد بن ابی بکر بن حارث بن زرارہ بن مصعب بن عبدالرحمٰن بن عوف الزہری المدنی ہے اور ابومصعب کنیت ہے۔ فقیہ، عابد، صدوق اور طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۲ ہجری میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۱۱)

۳؎ الدراوردی: اس کا نام عبدالعزیز بن محمد بن عبید ہے۔ الدراوردی لقب ہے اور ابومحمد کنیت ہے۔ صدوق ہے، طبقۃ الثامنہ سے ہے ۱۸۶ھ یا ۱۸۷ھ میں فوت ہوا۔ (التقریب صفحہ ۲۱۶)

۴؎ محمد بن صفوان الجمحی: محمد بن صفوان الجمحی المدنی قاضی مدینہ مقبول ہے اور طبقۃ السادسۃ سے ہے۔ (التقریب، ۳۰۲) روی عن سعید ابن المسیب وهشام بن عروة و روی عنه مالک و محمد بن عمرو بن علقمه و الدراوردی و ذکره ابن حبان فی الثقات. (تہذیب التہذیب، جلد ۹ صفحہ ۲۳۲)

۵؎ سعید بن المسیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵: ۵ ۶؎ سعد بن ابی وقاص: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸: ۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۸

۱؎ زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹: ۱

۲؎ ابومصعب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۷: ۲ ۳؎ الدراوردی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال نمبر ۴۷: ۳

۴؎ ہاشم بن ہاشم: ہاشم بن ہاشم بن عتبہ بن ابی وقاص الزہری ہے المدنی ثقہ ہے، طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۴۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۶۲)

۵؎ سعید بن المسیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵: ۵ ۶؎ سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸: ۶



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ”کیا آپ مجھے پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ چھوڑ آئے ہیں“ یعنی جب آنحضور ﷺ غزوۂ تبوک کو روانہ ہوئے تو جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو اپنا نائب بنا کر مدینہ منورہ میں رہنے کا حکم فرمایا تو منافقوں نے آپ کے متعلق بدگوئی کر کے آپ کو پریشان کیا آپ کرم اللہ وجہہ الکریم ہتھیار لگا کر لشکر اسلام سے جا ملے اور حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں رو رو کر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ مجھے اپنے ساتھ جہاد پر لے جانا پسند نہیں فرماتے اس لئے مجھے پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ چھوڑ آئے ہیں۔ ارشاد ہے ” آیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر نبوت کا فرق ہے“ یعنی جو عزت، مرتبہ اور بھائی ہونے کی نسبت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نظروں میں حضرت ہارون علیہ السلام کی تھی وہی عزت، مرتبہ اور بھائی ہونے کی نسبت میری نظروں میں تمہارے لئے موجود ہے۔ مگر صرف اتنا فرق ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام نبی تھے اور اے علی تم نبی نہیں ہو اس لئے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی رسول نہیں ہو سکتا۔

صحیح رجالہ ثقات (احمد میرین البلوشی خصائص امیر المؤمنین صفحہ ۶۹)

**حدیث نمبر ۵/۴۹** اَخْبَرَنِیْ اِسْحٰقُ [1] بْنُ مُوْسٰی ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا دَاؤُدُ [2] بْنُ کَثِیْرِ الرَّقِّیُّ عَنْ مُحَمَّدِ [3] بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ سَعِیْدِ [4] بْنِ الْمُسَیِّبِ عَنْ سَعْدٍ [5] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِیٍّ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا کہ تو میرے نزدیک مرتبہ کے لحاظ سے ایسا ہے جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا مرتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔ مگر یہ کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔ یہ حدیث داؤد نے منکدر سے روایت کی ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۹

[1] اسحاق بن موسیٰ: اسحٰق بن موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ بن عبداللہ بن یزید الخطمی نیشاپور کا قاضی تھا۔ اس کی کنیت ابوموسیٰ المدنی ہے۔ ثقہ متقن، اور طبقۃ العاشرہ سے ہے ۲۴۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۰)

[2] داؤد بن کثیر: داؤد بن کثیر الرقی مجہول الحال ہے طبقۃ الثامنۃ سے ہے (التقریب، صفحہ ۹۷)

[3] محمد بن المنکدر: محمد بن المنکدر بن عبداللہ بن الہدیر التیمی المدنی ثقہ اور فاضل ہے طبقۃ الثالثہ سے ہے ۱۳۰ ہجری میں فوت ہوا (التقریب، صفحہ ۳۲۰)

[4] سعید بن المسیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۵

[5] سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶



Marfat.com

**حدیث نمبر ۶/۵۰** اَخْبَرَنِیْ صَفْوَانُ ۱ ابْنُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ۲ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزُ ۳ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنُ عَنْ مُحَمَّدُ ۴ بْنُ الْمُنْکَدِرِ قَالَ سَعِیْدُ ۵ بْنُ الْمُسَیِّبُ اَخْبَرَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ ۶ بْنُ سَعْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُ سَعْدًا ۷ وَ هُوَ یَقُوْلُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نُبُوَّةَ قَالَ سَعِیْدُ فَلَمْ اَرْضَ حَتّٰی اَتَیْتُ سَعْدًا فَقُلْتُ شَیْئٌ حَدَّثَ بِهٖ اِبْنُکَ قَالَ وَ مَا هُوَ وَ انْتَهَوْنِیْ فَقُلْتُ اَخْبَرَنَا عَلٰی هٰذَا فَقَالَ مَا هُوَ یَا ابْنَ اَخِیْ فَقُلْتُ هَلْ سَمِعْتَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِعَلِیٍّ کَذَا وَ کَذَا قَالَ نَعَمْ وَ اَشَارَ اِلٰی اُذُنَیْهِ اِلَّا فَسَکَتَا لَقَدْ سَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ کَذَالِکَ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ کو فرمایا۔ کیا تو راضی نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسے ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کسی قسم کی کوئی نبوت نہیں ہے۔ سعید بن المسیب نے کہا میں راضی نہ ہوا یہاں تک کہ میں سعد کے پاس آیا تو میں نے انہیں کہا کہ آپ کے بیٹے نے مجھے ایک حدیث سنائی ہے۔ کہا کہ وہ کیا ہے، مجھے جھڑکا، پس میں نے کہا کہ مجھے اس کی خبر دے تو انہوں نے کہا کہ اے بھتیجے! وہ کیا ہے۔ پس میں نے کہا کیا آپ نے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے کہ وہ حضرت علی علیہ السلام کے متعلق ایسا ایسا ارشاد فرماتے تھے۔ سعد نے کہا ہاں اور اپنے دونوں کانوں کی طرف اشارہ کیا کہ اگر ایسا نہ ہو تو یہ دونوں کان خاموش ہو جائیں یقیناً میں نے اسے حضور پیغمبر اسلام ﷺ سے سنا ہے وہ اسی طرح ارشاد فرماتے تھے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۰

۱: صفوان بن محمد بن عمرو: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۱

۲: احمد بن خالد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۲

۳: عبدالعزیز بن ابی سلمۃ: عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابی سلمۃ الماجشون المدنی ثقہ، فقیہ، مصنف اور طبقہ السابعۃ سے ہے ۱۶۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۵)

۴: محمد بن المنکدر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۹:۳ ۵: سعید بن المسیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۵

۶: ابراہیم بن سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۹:۵ ۷: سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''سعید بن المسیب نے کہا کہ میں راضی نہ ہوا'' یعنی میں مطمئن نہ ہوا، میری تسلی نہ ہوئی کہ آیا یہ بات اسی طرح ہے جس طرح کہ ابن سعد نے بیان کی ہے۔ ارشاد ہے ''تو انہوں نے کہا کہ اے بھتیجے وہ کیا ہے'' یعنی وہ فضیلت جو اس نے تجھ سے بیان کی ہے وہ کیا ہے؟ ارشاد ہے ''پس میں نے کہا کہ کیا آپ نے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے کہ وہ (حضرت) علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے متعلق ایسا ایسا ارشاد فرماتے تھے'' یعنی وہ پوری حدیث جو ابن سعد سے سنی تھی بیان کی۔ ارشاد ہے ''سعد نے کہا ہاں اور اپنے دونوں کانوں کی طرف اشارہ کیا'' یعنی میرے ان دونوں کانوں نے خود یہ حدیث حضور ﷺ کی زبان مبارک سے سنی ہے۔ ارشاد ہے ''اگر ایسا نہ ہو تو یہ دونوں کان خاموش ہو جائیں'' یعنی جو حدیث میرے ان دونوں کانوں نے سنی ہے اگر یہ حدیث اسی طرح نہ ہو اور اس کے خلاف ہو تو یہ دونوں کان بہرے ہو جائیں۔ گویا انتہائی تاکید فرما رہے ہیں کہ یہ حدیث اسی طرح ہے جس طرح کہ میرے بیٹے نے بیان کی ہے۔

وَ خَالَفَهٗ يُوْسُفُ الْمَاجِشُوْنُ فَرَوَاهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ وَ تَابَعَهٗ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جَدْعَانَ. اسناده حسن (احمد میرین البلوشی صفحه ۷۰)

**حدیث نمبر ۱۵/۷** اَخْبَرَنِيْ زَكَرِيَّا [1] بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الشَّوَارِبِ [2] قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ [3] بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَلِيِّ [4] بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ [5] بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَامِرِ [6] بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ [7] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى غَيْرَ اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُشَافِهَ ذٰلِكَ سَعْدًا فَاَتَيْتُهٗ فَقُلْتُ مَا حَدِيْثٌ حَدَّثَنِيْ بِهٖ عَنْكَ عَامِرٌ فَاَدْخَلَ اِصْبَعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَ قَالَ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ اِلَّا فَسَكَّتَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۱

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۲: ابن ابی الشوارب: اس کا نام محمد بن عبدالملک بن ابی الشوارب الاموی البصری ہے اور ابی الشوارب کا نام محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی عثمان ہے صدوق ہے اور طبقۃ العاشرہ کے کبار سے ہے ۲۴۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۹)

۳: حماد بن زید: حماد بن زید بن درہم الدزدی الجہضمی کی کنیت ابو اسماعیل ہے۔ ثقہ، ثبت اور فقیہ ہے۔ طبقۃ الثامنہ کے کبار سے ہے۔ ۱۷۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۸۲)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے یہ کہ رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کوفرمایا تو رتبہ میں میرے اتنے نزدیک ہے جتنا ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر یہ کہ میرے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں۔سعید بن المسیب نے کہا کہ میں نے یہ بات بہت پسند کی کہ سعد کے منہ سے اس حدیث کی تصدیق کراؤں۔تو میں ان کے پاس آیا۔میں نے کہا کہ کیا عامر نے آپ سے جو روایت کی ہے وہ حدیث ہے۔پس اس نے اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں ڈالیں اور کہا کہ میں نے خود حضور رسول کریم ﷺ سے سنا ہے ورنہ میرے کان خاموش ہو جائیں۔

**حل لغت** اُشَافِہ:روبروہو کر پوچھوں۔

**تشریح** ارشاد ہے''میں نے یہ بات بہت پسند کی کہ سعد کے منہ سے اس حدیث کی تصدیق کراؤں''یعنی ان سے بذاتِ خود یہ حدیث سنوں۔ارشاد ہے''کہ کیا عامر نے آپ سے جو روایت کی ہے وہ حدیث ہے''یعنی سعید بن المسیب جناب سعد کے پاس آئے اور ان سے کہا کہ یہ حدیث واقعی صحیح اور درست ہے؟ارشاد ہے''ورنہ میرے کان خاموش ہو جائیں''یعنی بہرے ہو جائیں کچھ نہ سن سکیں۔

وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ شُعْبَةُ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ زَيْدٍ فَلَمْ يَذْكُرْ عَامِرَ بْنَ سَعْدٍ

**حدیث نمبر ۸/۵۲** اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ ۱ بْنُ وَهْبِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْكِيْنُ ۲ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۳ عَنْ عَلِيِّ ۴ بْنِ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ ۵ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدٍ ۶ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ اَلَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى فَقَالَ اَوَّلُ مَنْ رَضِيْتُ رَضِيْتُ فَسَاَلْتُهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ بَلٰى بَلٰى

---

بقیہ حاشیہ:۴: علی بن زید:علی بن زید بن عبداللہ بن زہیر بن عبداللہ بن جدعان التیمی البصری دراصل حجازی ہے اور عام طور پر علی بن جدعان کے نام سے معروف ہے۔طبقۃ الرابعۃ سے ہے ۱۳۱ ہجری میں وفات پائی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے قبل فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۲۴۶)

۵: سعید بن المسیب:ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۵

۶: عامر بن سعد:عامر بن سعد بن ابی وقاص الزہری المدنی ثقہ ہے۔طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۴ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۱۶۰)

۷: سعد:ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۲(اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے یہ کہ رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کوفرمایا۔ آیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسے ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا تو (جناب علی نے) کہا میں سب سے پہلے راضی ہوں راضی ہوا۔ پھر میں نے یہ حدیث سننے کے بعد سعد سے پوچھی تو انہوں نے کہا کہ ہاں ہاں۔

**تشریح** ارشاد ہے "پھر میں نے اس حدیث کے سننے کے بعد سعد سے یہ حدیث پوچھی تو انہوں نے کہا ہاں ہاں" یعنی یہ حدیث بالکل صحیح اور درست ہے۔

اسنادہ صحیح، (تہذیب خصائص الامام علی از ابواسحاق الحوینی الاثری الحجازی بن محمد بن شریف مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت صفحہ ۵۶)

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَاعَلِمْتُ اَنَّ اَحَدًا تَابَعَ عَبْدَالْعَزِیْزِ الْمَاجِشُوْنَ عَلٰی رِوَایَتِهٖ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سَعِیْدٍ عَلٰی اَنَّ اِبْرَاهِیْمَ بْنَ سَعْدٍ قَدْرَوٰی هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اَبِیْهِ

**حدیث نمبر ۹/۵۳** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ بَشَّارِ الْبَصْرِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ۲ یَعْنِی ابْنَ جَعْفَرٍ غُنْدُرٌ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ۳ عَنْ سَعْدِ ۴ ابْنِ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرَاهِیْمَ ۵ بْنَ سَعْدٍ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ ۶ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لِعَلِیٍّ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَكُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ کوفرمایا کہ آیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔

---

بقیہ اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۲

۱: محمد بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۳
۲: مسکین بن بکیر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۴
۳: شعبہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳
۴: علی بن زید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۱:۴
۵: سعید بن المسیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۵
۶: سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۳

۱: محمد بن بشار البصری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۱
۲: محمد بن جعفر غندر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲
۳: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳
۴: سعد بن ابراہیم: سعد بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف الزہری کی کنیت ابواسحاق بغدادی ہے۔ ثقہ ہے واسط میں قضا کے عہدے پر فائز رہا۔ طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۱ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۱۷)
۵: ابراہیم بن سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۹:۵
۶: ابیہ (سعد بن ابی وقاص): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶



Marfat.com

**تشریح** اسنادہ صحیح یعنی اس کی سند ''صحیح'' ہے (تہذیب خصائص صفحہ ۵۶) صحیح علی شرط الشیخین (خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب تحقیق وتخریج از احمد میرین البلوشی مکتبۃ المعلا الکویت صفحہ ۷۲)

**حدیث نمبر ۱۰/۵۴** اَنبَأَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ ۱ بْنُ سَعْدِ الْبَغْدَادِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِی ۳ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۵ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ یَزِیْدَ بْنِ رُکَانَةَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ ۶ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِیْهِ ۷ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِعَلِیٍّ حِیْنَ خَلَّفَهٗ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْکَ عَلٰی اَهْلِهٖ اَلَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

**ترجمہ** سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے یہ کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰ کو فرمایا جب کہ اپنے اہل پر غزوۂ تبوک میں اپنا نائب بنایا آیا تو اس بات پر خوش نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔ مگر یہ کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔

اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین صفحہ ۷۲)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۴

۱: عبید اللہ بن سعد: عبید اللہ بن سعد بن ابراہیم بن سعد ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف الزہری ہے۔ ابو الفضل بغدادی کنیت ہے۔ اصبہان (اصفہان) کا قاضی تھا۔ ثقہ ہے، طبقۃ الحادیۃ عشرہ سے ہے ۲۶۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۲۵)

۲: عمر (بن الوہاب): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۱:۲

۳: ابی: یہ عمر کے والد عبدالوہاب بن عبدالمجید بن الصلت ثقفی ہے ابو محمد بصری کنیت ہے ثقہ ہے تغیر قبل موته بثلث سنین طبقۃ الثامنۃ سے ہے ۱۸۴ ہجری یا ۱۹۴ ہجری میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۲۲۲)

۴: ابن اسحاق: اس کا محمد بن اسحاق بن یسار ہے۔ کنیت ابوبکر ہے، عراق میں رہتا تھا۔ امام المغازی اور صدوق ہے۔ نیز مدلس اور رمی بالتشیع و القدر ہے۔ طبقۃ الخامسہ کے صغار سے ہے ۱۵۰ ہجری میں یا اس کے بعد وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۹۰)

۵: محمد بن طلحہ: محمد بن طلحۃ بن یزید بن رکانۃ المطلبی المکی ثقہ ہے۔ طبقۃ السادسۃ سے ہے ۱۱۱ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۳)

۶: ابراہیم بن سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۹:۵

۷: ابیہ (سعد بن ابی وقاص): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۱/۵۵** اَنبأنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثنّٰی قَالَ حَدَّثنَا اَبُوبَکرِ ۲ الْحَنفِیُّ قَالَ حَدَّثنَا بُکَیرُ ۳ بْنُ مِسْمَارٍ قَالَ سَمِعْتُ عَامِرَ ۴ بْنَ سَعْدٍ یَقُوْلُ قَالَ مُعٰوِیَةُ لِسَعْدِ ابْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ مَا یَمْنَعُکَ اَنْ تَسُبَّ ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ لَا اَسُبُّهٗ مَا ذَکَرْتُ ثَلٰثًا قَالَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاَنْ یَّکُوْنَ لِیْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ لَا اَسُبُّهٗ مَاذَکَرْتُ حِیْنَ نَزَلَ عَلَیْهِ الْوَحْیُ وَ اَخَذَ عَلِیًّا وَّ ابْنَیْهِ وَ فَاطِمَةَ فَاَدْخَلَهُمْ تَحْتَ ثَوْبِهٖ ثُمَّ قَالَ رَبِّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِیْ وَ اَهْلُ بَیْتِیْ وَلَا اَسُبُّهٗ مَاذَکَرْتُ حِیْنَ خَلَّفَهٗ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْکَ وَقَالَ عَلِیٌّ خَلَّفْتَنِیْ مَعَ النِّسَآءِ وَالصِّبْیَانِ فَقَالَ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نُبُوَّةَ مِنْ بَعْدِیْ وَ لَا اَسُبُّهٗ مَاذَکَرْتُ یَوْمَ خَیْبَرَ حِیْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاُعْطِیَنَّ هٰذِهِ الرَّأْیَةَ رَجُلًا یُّحِبُّهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ، وَ یُحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَیَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰی یَدَیْهِ فَتَطَاوَلْنَا فَقَالَ اَیْنَ عَلِیٌّ فَقَالُوْا اَرْمَدَ فَقَالَ ادْعُوْهُ فَدَعَوْهُ فَبَصَقَ فِیْ عَیْنَیْهِ ثُمَّ اَعْطَاهُ الرَّأْیَةَ وَ فَتَحَ اللّٰهُ عَلٰی یَدَیْهِ قَالَ فَوَ اللّٰهِ مَاذَکَرَهٗ مُعٰوِیَةُ بِحَرْفٍ حَتّٰی خَرَجَ مِنَ الْمَدِیْنَةِ ۔

**ترجمہ** عامر بن سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ معاویہ نے سعد بن ابی وقاص سے کہا (جناب امیر المومنین) علی ابن ابی طالب کو گالی دینے سے تجھے کونسی چیز روکتی ہے۔ تو کہا جب تک مجھے وہ تین باتیں یاد ہیں میں علی کو کبھی بھی برا نہیں کہہ سکتا۔ (اور وہ تین باتیں یہ ہیں) جو کہ رسول کریم ﷺ نے ان کے متعلق فرمائی ہیں۔ البتہ ان میں سے ایک چیز کا بھی حصول مجھے سرخ اونٹوں کے ملنے سے بھی زیادہ پسند ہے میں ہرگز انہیں برا نہ کہوں گا جب کہ مجھے یہ یاد ہے کہ حضور ﷺ پر وحی نازل ہوئی اور آنحضرت ﷺ نے جناب علی، ان کے دونوں فرزندوں اور جنابہ فاطمہ علیہم السلام کو لے کر اپنی چادر کے نیچے داخل فرمایا پھر دعا فرمائی اے میرے رب! یہی میرے گھر

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۵

۱۔ محمد بن المثنیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲۔ ابوبکر الحنفی: اس کا نام عبدالکبیر بن عبدالمجید بن عبیداللہ البصری ہے۔ ابوبکر الحنفی کنیت ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۷)

۳۔ بکیر بن مسمار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰:۴

۴۔ عامر بن سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰:۵



Marfat.com

والے اور گھرانے والے ہیں۔ اور ہر گز انہیں برا نہ کہوں گا جبکہ مجھے یہ یاد ہے کہ حضور ﷺ نے غزوہ تبوک میں اسے (علی کرم اللہ وجہہ کو) اپنا نائب بنایا اور حضرت علی نے عرض کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جا رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا تو راضی نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر میرے بعد کسی قسم کی نبوت نہیں اور ہر گز انہیں برا نہ کہوں گا جبکہ مجھے یہ یاد ہے کہ خیبر کے دن حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ضرور بالضرور یہ جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول ﷺ اسے دوست رکھتے ہیں اور اس کے ہاتھ پر فتح ہوگی پس ہم سب آس لگائے بیٹھے تھے۔ تو ارشاد فرمایا، علی کہاں ہے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا، اس کی آنکھیں دکھ رہی ہیں پس حکم دیا کہ اسے بلاؤ تو وہ بلائے گئے۔ تو حضور ﷺ نے ان کی دونوں آنکھوں پر لعاب دہن لگایا پھر انہیں نشان عطاء فرمایا، اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ سے فتح مرحمت فرمائی۔ راوی کہتا ہے سو قسم بخدا کہ مدینہ منورہ سے جاتے وقت تک معاویہ نے علی المرتضیٰ علیہ السلام کا قطعاً ذکر نہیں کیا۔

**تشریح** ارشاد ہے "معاویہ نے سعد بن ابی وقاص سے کہا (جناب امیر المؤمنین) علی ابن ابی طالب کو گالی دینے سے تجھے کون سی چیز روکتی ہے" یعنی کون سی ایسی بات ہے جو تجھے منع کرتی ہے کہ تو علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو گالی نہ دے۔ معلوم ہوا کہ امیر معاویہ جناب مولائے کائنات، ہر مومن کے ولی، اسد اللہ علی المرتضیٰ علیہ السلام کو برا کہلوانا اور گالیاں دلانا پسند کرتے تھے۔ ارشاد ہے "البتہ ان میں سے ایک چیز کا بھی حصول مجھے سرخ اونٹوں کے ملنے سے بھی زیادہ پسند ہے" یعنی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کی شان اقدس میں گستاخی کرنے کے عوض مجھے زر و جواہر اور بڑے سے بڑا عزت و وجاہت کا منصب دے دیا جائے تو تب بھی میں ہر گز ہر گز اس دولت یا منصبِ جلیلہ کو قبول نہیں کروں گا۔ کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ میرے پیغمبر ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کی عظیم عظیم فضیلتیں بیان کی ہیں اور بالخصوص جب کہ میں آنحضرت ﷺ سے تین باتیں تو خوب اچھی طرح جانتا ہوں اور مجھے اچھی طرح یاد ہیں جنہیں میں ہر گز ہر گز نہیں بھلا سکتا۔ ارشاد ہے "قسم بخدا کہ مدینہ منورہ سے جاتے وقت تک معاویہ نے علی کا قطعاً ذکر نہیں کیا" یعنی جب اس نے دیکھا کہ اہلِ مدینہ منورہ جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے مقام، رتبہ، عزت اور حضور ﷺ کے نزدیک جو علی کی حرمت ہے اسے جانتے ہیں اور اسے برقرار رکھے ہوئے ہیں اور یہ کسی قسم کی لالچ یا رعب وغیرہ میں آنے والے نہیں تو خود ہی خاموش ہو گئے اور جب تک مدینہ منورہ میں رہے لوگوں کو (حضرت) علی علیہ السلام کی برائی پر اکسانے سے باز رہے۔ اسنادہ صحیح، ابو اسحاق الحوینی نے اپنی کتاب تہذیب کے صفحہ ۵۸ پر لکھا کہ اس کی اسناد صحیح ہیں۔



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۲/۵۶** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۲ بْنُ (جَعْفَرٍ) عَنْ شُعْبَةَ ۳ عَنِ الْحَكَمِ ۴ عَنْ مُصْعَبِ ۵ بْنِ سَعْدٍ قَالَ خَلَّفَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيًّا فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ تُخَلِّفُنِيْ فِي النِّسَآءِ وَ الصِّبْيَانِ فَقَالَ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى غَيْرَ اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ

**ترجمہ** مصعب بن سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب علی المرتضیٰ ؓ کو رسول کریم ﷺ نے غزوۂ تبوک کے وقت مدینہ منورہ میں نائب بنایا تو انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں پر نائب بناتے ہیں۔ تو ارشاد فرمایا کیا تو راضی نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسے ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا لیکن اتنی بات ہے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی پیغمبر نہیں۔

قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ خَالَفَهٗ لَيْثٌ فَقَالَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ

اسناده صحيح على شرط الشيخين (احمد ميرين البلوشی ، صفحه ۷۵)

**حدیث نمبر ۱۳/۵۷** اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ ۱ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمَصِيْصِيُّ الْمُجَالِدِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا الْمُطَّلِبُ ۲ عَنْ لَيْثٍ ۳ عَنِ الْحَكَمِ ۴ عَنْ عَائِشَةَ ۵ بِنْتِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ ۶ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ مِنْ بَعْدِيْ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے۔ یہ کہ رسول کریم ﷺ نے غزوۂ تبوک کے موقع پر جناب علی المرتضیٰ کو ارشاد فرمایا کہ تو میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ہارون علیہ السلام کا رتبہ تھا مگر ہاں یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۶

۱ محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۵ ۲ محمد بن جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳

۳ شعبہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳ ۴ الحکم (بن عتبہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۳

۵ مصعب بن سعد: مصعب بن سعد بن ابی وقاص الزہری کی کنیت ابو زرارہ المدنی ہے۔ ثقہ۔ طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۳ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۸)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۷

۱ الحسن بن اسماعیل: حسن بن اسماعیل بن سلیمان بن مجالد کی کنیت ابو سعید المجالدی المصیصی ہے، ثقہ ہے۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''کہ تو میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ہارون علیہ السلام کا رتبہ تھا۔ مگر ہاں میرے بعد کوئی نبی نہیں'' یعنی جناب ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بارگاہ میں جو قدر و منزلت، جو بلند درجہ، جو اعتماد و بھروسہ کا مقام اور جو قرب حاصل تھا۔ اے علی المرتضیٰ وہ سب کا سب درجہ تمہیں میرے حضور میں حاصل ہے مگر صرف ایک مقام ایسا ہے جو تجھے حاصل نہیں وہ ''مقامِ نبوت'' ہے اور وہ بھی اس لئے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی آنے والا نہیں اگر نبوت کا دروازہ بند نہ ہوتا تو جس طرح جناب ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی موجودگی میں ''مقامِ نبوت'' پر فائز تھے۔ تو تمہیں بھی یہ مقام نصیب ہوتا مگر اب ایسا نہیں گویا آپ علیہ السلام صرف نبی نہ تھے باقی تمام درجات عالیہ آپ علیہ السلام کو نصیب تھے جو کسی اور کو نصیب نہ تھے۔

قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَ شُعْبَةُ اَحْفَظُ وَ لَيْثٌ ضَعِيْفٌ وَ الْحَدِيْثُ فَقَدْ رَوَاهُ عَائِشَةُ بِنْتُ سَعْدٍ.

**حدیث نمبر ۱۴/۵۸** اَخْبَرَنِىْ زَكَرِيَّا ۱ بْنُ يَحْيٰى قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ ۲ عَنِ الدَّرَاوَرْدِيِّ ۳ عَنِ الْجعيد ۴ عَنْ عَائِشَةَ ۵ عَنْ اَبِيْهَا ۶ قَالَتْ اِنَّ عَلِيًّا خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى جَآءَ ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ يَوَدُّ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَ خَلَّفَ عَلِيًّا فَقَالَ اَتُخَلِّفُنِىْ مَعَ الْخَوَالِفِ فَقَالَ لَهٗ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّىْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّآ اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِىْ

---

بقیہ حاشیہ: طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۰ھ ہجری کے بعد فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۶۸)

۲: المطلب: مطلب بن زیاد بن ابی زہیر الثقفی الکوفی صدوق ہے۔ ربما وھم۔ طبقہ الثامنۃ سے ہے ۱۸۵ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۹) امام احمد، ابن معین و ابن حبان و ابن شاہین اور العجلی نے اسے ثقہ کہا ہے۔ ابو حاتم نے کہا ''یکتب حدیثه و لا یحتج بہ'' اور ابو داؤد نے کہا میرے نزدیک یہ ثقہ ہے اور ابن سعد نے کہا ''کان ضعیفا جدا'' اور ابن عدی نے کہا کہ اس کی حدیثوں میں حسن بھی ہیں اور غریب بھی۔ میں نے اس کی کوئی منکر حدیث نہیں دیکھی اور میں امید رکھتا ہوں کہ اس کی روایت میں کوئی حرج نہیں (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین، صفحہ ۷۵)

۳: لیث: لیث بن ابی سلیم بن زنیم کے والد کا نام ایمن ہے اور اسے انس بھی کہا گیا ہے۔ صدوق ہے آخری عمر میں پریشان خاطر ہو گیا تھا جس کی وجہ سے احادیث میں تمیز نہیں کر سکتا تھا۔ پس اس نے حدیث بیان کرنا چھوڑ دیا تھا۔ طبقۃ السادسۃ سے ہے۔ ۱۴۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۸۷) امام احمد نے کہا کہ مضطرب الحدیث ہے۔ ابو حاتم نے کہا ضعیف الحدیث ہے۔ ابن معین نے کہا ''لیس حدیثه بذاک ضعیف'' وقد اخرج له مسلم مقرونا (احمد میرین البلوشی خصائص امیر المومنین، صفحہ ۷۵)

۴: الحکم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳:۴

۵: عائشہ بنت سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۵

۶: سعد (بن ابی وقاص): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶ (اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۸، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

ترجمہ | حضرت عائشہ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کی معیت میں (جناب) علی المرتضیٰ نکلے یہاں تک کہ ثنیۃ الوداع تک پہنچ گئے۔ تبوک کی جنگ میں شامل ہونا چاہتے تھے اور حضرت علی کو نائب مقرر کیا۔ تو علی المرتضیٰ نے عرض کیا آپ مجھے پیچھے رہنے والوں میں چھوڑ چلے ہیں۔ تو حضور ﷺ نے جناب علی کو فرمایا، کیا تو اس بات پر خوش نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔ مگر ہاں اتنی بات ہے کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں ہے۔

اسناده صحیح علی شرط البخاری (احمد میرین البلوشی، صفحه ٧٦)

**حدیث نمبر ۱۵/۵۹** | اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ [1] بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارِ الْكُوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ [2] قَالَ حَدَّثَنَا فِطْرٌ [3] عَنْ عَبْدِ اللهِ [4] بْنِ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ [5] بْنِ رَقِيْمِ الْكِنَانِيِّ عَنْ سَعْدِ [6] بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى

ترجمہ | سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے یہ کہ نبی کریم ﷺ نے (جناب) علی المرتضیٰ کو فرمایا کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا رتبہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا۔

رَوَاهُ اِسْرَائِيْلُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَرِيْكٍ عَنِ الْحَرَاثِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ سَعْدٍ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۸

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۹

۲: ابومصعب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴۷

۳: الدراوردی (عبدالعزیز بن محمد): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۴۸

۴: الجعید: اسے جعد بھی کہتے ہیں۔ جعد بن عبدالرحمٰن بن اوس ہے اور کبھی اپنے جد کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اور مصغر یعنی جعید بھی بولا جاتا ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ الخامسۃ سے ہے ۱۴۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۵۵)

۵: عائشہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۸ ۶: ابیھا (سعد بن ابی وقاص): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۸

اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۹

۱: قاسم بن زکریا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۴۶ ۲: ابونعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴۶

۳: فطر: فطر بن خلیفہ القرشی المخزومی ابوبکر الحناط الکوفی کا مولی ہے۔ امام احمد بن حنبل نے انہیں ثقہ اور صالح الحدیث کے القابات سے یاد کیا ہے، ابن معین بھی ثقہ کہتے ہیں، العجلی انہیں ثقہ اور حسن الحدیث کہتے ہیں و کان فیہ تشیع قلیل آپ نے ۱۵۳ یا ۱۵۵ ہجری میں انتقال کیا (تہذیب جلد ۸، صفحہ ۳۰۱)

۴: عبداللہ بن شریک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۴۰

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۶۰/۱۶۱** | اَنۡبَأَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ یَحۡیَی الۡکُوۡفِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ ۲ وَهُوَ ابۡنُ قَادِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسۡرَائِیۡلُ ۳ عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ ۴ بۡنِ شَرِیۡکٍ عَنۡ حَارِثِ ۵ بۡنِ مَالِکٍ قَالَ سَعۡدُ ۶ بۡنُ مَالِکٍ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ غَزَا عَلٰی نَاقَةِ الۡحَمۡرَآءِ وَ خَلَّفَ عَلِیًّا فَجَاءَ عَلِیٌّ حَتّٰی تَعَدَّی النَّاقَةَ فَقَالَ یَارَسُوۡلَ اللّٰهِ زَعَمَتۡ قُرَیۡشٌ اَنَّکَ اِنَّمَا خَلَّفۡتَنِیۡ اَنَّکَ اسۡتَثۡقَلۡتَنِیۡ وَ کَرِهۡتَ صُحۡبَتِیۡ وَبَکٰی فَنَادٰی رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِی النَّاسِ مَا مِنۡکُمۡ اَحَدٌ اِلَّا وَلَهٗ حَاجَةٌ بِابۡنِ اَبِیۡ طَالِبٍ اَمَا تَرۡضٰی اَنۡ تَکُوۡنَ مِنِّیۡ بِمَنۡزِلَةِ هَارُوۡنَ مِنۡ مُّوۡسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعۡدِیۡ قَالَ عَلِیٌّ رَضِیۡتُ عَنِ اللّٰهِ عَزَّوَ جَلَّ وَ عَنۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

**ترجمہ** | سعد بن مالک نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ سرخ اونٹنی پر سوار ہو کر جہاد کیلئے روانہ ہوئے اور (حضرت) علی علیہ السلام کو نائب بنایا۔ جناب علی المرتضٰی آئے اور حضور ﷺ کی اونٹنی سے بھی آگے بڑھ آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! قریش گمان کرتے ہیں کہ آپ نے مجھے اس لئے اپنے پیچھے چھوڑا کہ آپ مجھے بوجھ سمجھتے ہیں اور میرے ساتھ رہنے کو برا جانتے ہیں اور رونے لگے۔ تو رسول کریم ﷺ نے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بلند آواز سے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں کہ اس کو کوئی حاجت ابی طالب کے بیٹے کی طرف نہ ہو۔ کیا تو (اے علی) اس بات پر خوش نہیں کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہو جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ہارون علیہ السلام کا رتبہ تھا مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں، جناب علی المرتضٰی ﷺ نے فرمایا میں اللہ عزوجل اور رسول اللہ ﷺ سے راضی ہوا۔

---

بقیہ حاشیہ: ۵: عبداللہ بن رقیم: عبداللہ بن رقیم کو ابی الرقیم اور ابن الارقم الکنانی الکوفی بھی کہا جاتا ہے۔ روی عن علی و سعد و عنه عبدالله بن شریک العامری — قال البخاری فیه نظر (تہذیب جلد ۵، صفحہ ۲۱۲)

۶: سعد بن ابی وقاص: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۰

۱: احمد بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۰:۱

۲: علی بن قادم: علی بن قادم الخزاعی الکوفی ہے، صدوق ہے، شیعہ ہے، طبقۃ التاسعۃ سے ہے ۲۱۳ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب صفحہ ۲۴۸)

۳: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳ ۴: عبداللہ بن شریک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۰:۴

۵: حارث بن مالک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال نمبر ۴۰:۵ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** نَاقَةَ: اونٹنی۔ اَلْحَمْرَ آءُ: سرخ۔ تَعَدّٰی: آگے بڑھ آئے۔ زَعْمٌ: گمان کرنا، جھوٹ بات کہنا، یہ لغت اضداد سے ہے یعنی جس طرح جھوٹی بات کہنے کو کہتے ہیں اسی طرح سچی بات کہنے کو بھی۔ اِسْتَثْقَلَنِیْ: آپ نے مجھے بوجھ جانا، ثِقْلٌ یا ثَقَالَةٌ: مصدر ہے جس کے معنی بھاری ہونا کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے ''اور (حضرت) علی رضی اللہ عنہ کو نائب بنایا'' یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر فرما کر خود غزوۂ تبوک کیلئے تشریف لے گئے۔ ارشاد ہے ''(جناب) علی المرتضیٰ آئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی سے بھی آگے بڑھ آئے'' یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ سے چل کر لشکر اسلام سے آملے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کو آگے بڑھ کر روکا۔ ارشاد ہے ''رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بلند آواز سے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں کہ اس کو کوئی حاجت ابی طالب کے بیٹے کی طرف نہ ہو'' یعنی ہر ایک شخص جناب ابوتراب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا محتاج ہے جس کسی کو بھی کسی مشکل کے وقت ضرورت پڑتی ہے تو جناب امام الاولیاء اس کی حاجت برآری فرماتے ہیں اور آپ رضی اللہ عنہ ان کی ضرورتوں کو پورا فرماتے ہیں۔ ان کے مسائل حل فرماتے ہیں۔ ارشاد ہے ''جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اللہ عزوجل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے راضی ہوا'' یعنی اللہ جل جلالہ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر ارشاد پر میرا سر خم ہے اور میں اس کی اطاعت پر راضی اور خوش ہوں۔

**حدیث نمبر ۱۷/۶۱** اَخْبَرَنَا عَمْرُو ۱ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى ۲ يَعْنِي ابْنَ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى ۳ الْجُهَنِيّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ عَلِيٍّ فَقَالَ لَهَا وَقِفِيْنِيْ هَلْ عِنْدَكَ شَيْئٌ عَنْ وَّالِدِكِ مُثْبَتٌ قَالَتْ حَدَّثَتْنِيْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ

---

۶۔ سعد بن مالک: یہ سعد بن مالک دراصل سعد بن ابی وقاص ہے۔ ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۱

۱۔ عمرو بن علی: عمرو بن علی بن بحر بن کنیز نام ہے۔ ابوحفص کنیت ہے۔ الفلاس الصیر فی الباہلی البصری ہے۔ ثقہ ہے۔ حافظ ہے اور طبقۃ العاشرہ سے ہے۔ ۲۴۹ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۱)

۲۔ یحییٰ بن سعید: یحییٰ بن سعید بن فروخ التمیمی کی کنیت ابوسعید ہے۔ ثقہ متقن، حافظ اور امام ہے۔ طبقہ التاسعۃ کے کبار سے ہے۔ ۱۹۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۷۵)

۳۔ موسیٰ الجہنی: موسیٰ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن کا لقب الجہنی اور کنیت ابوسلمۃ کوفی ہے۔ ثقہ اور عابد ہے لم يصح ان القطان طعن فيه طبقة السادسۃ سے ہے ۱۴۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۱)

ترجمہ | موسیٰ الجہنی فرماتے ہیں کہ میں فاطمہ بنت علی کے پاس گیا۔ تو میں نے ان کو کہا مجھے واقف کرو کہ کیا آپ کے پاس کوئی چیز آپ کے باپ سے ثابت ہے تو انہوں نے فرمایا اسماء بنت عمیس نے مجھے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ کو فرمایا کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ (حضرت) ہارون علیہ السلام کا (حضرت) موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر ہاں میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔

اسناده صحيح، رجاله ثقاة (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین صفحہ ۷۸)

تشریح | ارشاد ہے ''تو میں نے ان کو کہا مجھے واقف کرو کہ کیا آپ کے پاس کوئی چیز آپ کے باپ سے ثابت ہے''، یعنی آپ کے والد گرامی جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور عظمت پر کوئی حکم ہے یا حدیث حضور نبی کریم ﷺ ہے یا آپ رضی اللہ عنہا کے پاس قوی دلیل کے ساتھ کوئی ثبوت موجود ہے۔ ارشاد ہے ''انہوں نے فرمایا کہ اسماء بنت عمیس نے مجھے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ کو فرمایا کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ (حضرت) ہارون علیہ السلام کا (حضرت) موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا مگر ہاں میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں''، یعنی جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی فضیلت، عظمت اور بلندیٔ شان پر یہ ارشادِ نبوی ﷺ کی ایک جامع و مانع قوی برہان اور دلیل ظاہرہ اور حجت قاہرہ ہے جو کسی کو نصیب نہیں ہے۔

**حدیث نمبر ۱۸/۶۲** | اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ [۲] بْنُ عَوْنٍ عَنْ مُوْسَى [۳] الْجُهَنِيِّ قَالَ اَدْرَكْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ عَلِيٍّ وَهِيَ ابْنَةُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً فَقُلْتُ لَهَا تَحْفَظِيْنَ عَنْ اَبِيْكِ شَيْئًا قَالَتْ لَا وَلٰكِنْ اَخْبَرَتْنِيْ اَسْمَآءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَا عَلِيُّ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ مِنْ بَعْدِيْ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۲

[۱] احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

[۲] جعفر بن عون: جعفر بن عون بن عمرو بن الحریث المخزومی صدوق ہے۔ طبقۃ التاسعۃ سے ہے ۲۰۷ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۵۶) قال ابن معین و ابن قانع ''ثقة'' وعن احمد ''رجل صالح ليس به باس'' و قال ابو حاتم ''صدوق'' (احمد میرین البلوشی خصائص امیر المؤمنین، صفحہ ۷۸)

[۳] موسیٰ الجہنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۱:۳



Marfat.com

ترجمہ | موسیٰ جہنی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں فاطمہ بنت علیؑ سے ملا جب کہ ان کی عمر شریف اسی برس تھی میں نے ان سے پوچھا کہ کیا آپ اپنے باپ سے کچھ یاد رکھتی ہیں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ نہیں مگر ہاں مجھے اسماء بنت عمیس نے خبر دی ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا، اے علی تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ ہارون (علیہ السلام) کا رتبہ موسیٰ (علیہ السلام) کے نزدیک تھا مگر ہاں میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔ اسنادہ' صحیح (احمد میرین البلوشی، صفحہ ۷۸)

**حدیث نمبر ۱۹/۶۳** | اَنبَأَنَا اَحمَدُ ۱ بنُ عُثمَانَ بنِ حَکِیم قَالَ حَدَّثنَا اَبُو نُعَیم ۲ قَالَ حَدَّثنَا حَسَنٌ ۳ هُوَ ابنُ صَالِح عَن مُوسَی ۴ الجُهَنِیُّ عَن فَاطِمَةَ ۵ بِنتِ عَلِیٍّ عَن اَسمَآءَ ۶ بِنتِ عُمَیسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِیٍّ اَنتَ مِنِّی بِمَنزِلَةِ هَارُونَ مِن مُّوسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعدِی

ترجمہ | اسماء بنت عمیس سے روایت ہے یہ کہ رسول کریم ﷺ نے (جناب) علی المرتضیٰ کو فرمایا کہ تیرا رتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسا کہ ہارون کا رتبہ موسیٰ کے نزدیک تھا۔ مگر ہاں اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اسناده صحيح، رجاله ثقات (احمد ميرين البلوشى، خصائص امير المومنين على ابن ابى طالب صفحه ۷۹)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۳

۱: احمد بن عثمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۶

۲: ابونعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶:۲

۳: حسن بن صالح: حسن بن صالح بن صالح بن حی الثوری ثقہ، فقیہ اور عابد ہے۔ رمی باالتشیع، طبقہ السابعۃ سے ہے ۱۶۸ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۷۰)

۴: موسیٰ الجہنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۱:۳

۵: فاطمہ بنت علیؑ: یہ فاطمہ بنت علیؑ بن ابی طالب ہے۔ اس کو فاطمۃ الصغریٰ بھی کہتے ہیں۔ اُم ولد کی بیٹی ہے۔ اپنے والد سے روایت کرتی ہے، کہا گیا ہے کہ اس نے باپ سے نہیں سنا بلکہ اپنے بھائی ابن الحنفیہ اور اسماء بنت عمیس سے روایت کرتی ہے اور اس سے حارث بن کعب الکوفی، حکم بن عبدالرحمٰن بن ابی نعم زر بن عروۃ بن عبیداللہ بن قشیر، عیسیٰ بن عثمان، موسیٰ الجہنی اور نافع بن ابی نعیم القاری روایت کرتے ہیں۔ ۱۱۷ ہجری میں وفات پائی۔ (تہذیب، جلد ۱۲ صفحہ ۴۴۳)

۶: اسماء بنت عمیس: الخثعمیۃ میمونہ بنت حارث کی بہن ہے۔ صحابیہ ہے اس سے روایت کرنے والوں میں اس کا بیٹا عبداللہ بن جعفر، پوتا قاسم بن محمد بن ابی بکر اور بھانجا عبداللہ بن عباس، دوسرا بھانجا عبداللہ بن شداد بن الہاد، سعید ابن مسیب، فاطمہ بنت علی، ابویزید المدنی، ابو بردہ بن ابی موسیٰ اور کئی دوسرے لوگ شامل ہیں۔ (تہذیب، جلد ۱۲، صفحہ ۳۹۸)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# بَابُ ذِکۡرِ الۡاُخُوَّۃِ

## ''حضور اکرم پیغمبر اسلام احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور جناب امیر المومنین ابوتراب امام الاولیاء سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کے بھائی ہونے کا ذکر ہے''

(اس باب میں تین احادیث شریف ہیں)

**حل لغت** | اَلۡاُخُوَّۃ: اَخٌ سے ہے جس کے معنی بھائی، دوست اور ہم نشین کے ہیں۔

**حدیث نمبر ۶۴/۱** | اَنۡبَاَنَا مُحَمَّدُ ۱ بۡنُ یَحۡیَی بۡنِ عَبۡدِ اللّٰہِ النَّیۡسَا بُوۡرِیُّ وَ اَحۡمَدُ ۲ بۡنُ عُثۡمَانَ بۡنِ حَکِیۡمٍ اَوۡدِیُّ وَ (اللَّفۡظُ) لِمُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمۡرُو ۳ بۡنُ طَلۡحَۃَ قَالَ حَدَّثَنَا اَسۡبَاطُ ۴ عَنۡ سِمَاکٍ ۵ عَنۡ عِکۡرَمَۃَ ۶ عَنِ ابۡنِ عَبَّاسٍ ۷ اَنَّ عَلِیًّا کَانَ یَقُوۡلُ فِیۡ حَیٰوۃِ رَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوۡلُ اَفَاِنۡ مَّاتَ اَوۡ قُتِلَ انۡقَلَبۡتُمۡ عَلٰی اَعۡقَابِکُمۡ وَ اللّٰہِ لَا نَنۡقَلِبُ عَلٰی اَعۡقَابِنَا بَعۡدَ اِذۡ ھَدَانَا اللّٰہُ وَ اللّٰہِ لَئِنۡ مَاتَ اَوۡ قُتِلَ وَ انۡقَلَبۡتُمۡ عَلٰی اَعۡقَابِکُمۡ لَاُ قَاتِلَنَّ عَلٰی مَا قَاتَلَ عَلَیۡہِ حَتّٰی اَمُوۡتَ اَوۡ اُقۡتَلَ وَ اللّٰہِ اِنِّیۡ لَاَخُوۡہُ وَ وَلِیُّہٗ وَ وَارِثُہٗ وَ ابۡنُ عَمِّہٖ وَ مَنۡ اَحَقُّ بِہٖ مِنِّیۡ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۴

۱: محمد بن یحییٰ: محمد بن یحییٰ بن عبداللہ بن خالد بن فارس النیسا پوری ثقہ، حافظ اور معزز ہے۔ طبقۃ الحادیۃ عشرۃ سے ہے۔ ۲۵۸ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۳)

۲: احمد بن عثمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۱

۳: عمرو بن طلحۃ: عمرو بن حماد بن طلحۃ القناد الکوفی کی کنیت ابومحمد ہے۔ اور کبھی اپنے جد کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ صدوق اور رمی بالرفض ہے۔ طبقۃ العاشرہ سے ہے ۲۲۲ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۵۹) یہ اسباط بن نصر الہمدانی، مسہر بن عبدالملک بن سلع، مندل بن علی، علی بن ہاشم بن البرید، عامر بن یسار، حماد بن ابی سلیمان، مطلب بن زیاد، جعفر بن سلیمان اور بہت سے دوسرے لوگوں سے روایت کرتا ہے۔ اور اس سے مسلم، جابر بن سمرہ کی حدیث مسح حدود الولدان روایت کرتا ہے۔ بخاری کتاب الادب میں نیز ابوداؤد اور نسائی (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**ترجمہ** ابن عباس سے روایت ہے کہ علی رضی اللہ عنہ حضور رسول کریم ﷺ کی زندگی میں فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے پس اگر پیغمبر ﷺ وصال فرمائیں یا شہید ہو جائیں تو تم اپنی ایڑیوں کے بل پھر جاؤ گے۔ اللہ کی قسم کہ ہم اپنی ایڑیوں کے بل نہیں پھریں گے اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہدایت نصیب فرمائی۔ اللہ کی قسم اگر وہ وصال پا جائیں یا شہید ہو جائیں اور تم ایڑیوں کے بل پھر جاؤ تو ضرور بالضرور میں اس چیز پر لڑوں گا جس پر حضرت رسول کریم ﷺ نے لڑائی کی یہاں تک کہ میں مر جاؤں یا شہید ہو جاؤں۔ قسم ہے اللہ کی کہ میں اس (آپ ﷺ) کا بھائی ہوں اور اس (ﷺ) کا ولی ہوں، اور اس ﷺ) کا وارث ہوں اور اس (ﷺ) کے چچا کا بیٹا ہوں اور مجھ سے زیادہ اس (ﷺ) کا کوئی اور حقدار نہیں ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے "اللہ کی قسم کہ ہم اپنی ایڑیوں کے بل نہیں پھریں گے اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہدایت نصیب فرمائی"، یعنی جبکہ اللہ جل جلالہٗ نے ہمیں دولتِ ایمان سے نوازا ہے۔ قرآن مجید اور حضور ﷺ کی سنت مبارکہ ہمارے پاس ہدایت کی روشن مشعلیں موجود ہیں تو پھر ہمارے گمراہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ارشاد ہے "تو ضرور بالضرور میں اس چیز پر لڑوں گا جس پر حضور ﷺ نے لڑائی کی یہاں تک کہ میں مر جاؤں یا شہید ہو جاؤں"، یعنی پیغمبر اسلام ﷺ نے اعلائے کلمۃ اللہ کیلئے جو جہاد کا راستہ متعین فرمایا ہے میں کافروں کے ساتھ اسی طرح جہاد کرتا رہوں گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا دین غالب ہو جائے۔ اگرچہ اس مقصد عظیم کے حصول میں میرا

---

بقیہ حاشیہ: بھی روایت کرتے ہیں۔ اور ابن ماجہ اپنی تفسیر میں بواسطہ عبداللہ بن محمد المسندی اور کئی دیگر روایت کرتے ہیں۔ ابن معین اور ابو حاتم نے کہا صدوق ہے۔ ابو داؤد نے کہا رافضی ہے۔ ذکر عثمان بشیئی فطلبه السلطان فهرب. اور مطین نے کہا ثقہ ہے۔ (تہذیب، جلد ۸ صفحہ ۲۲)

۴: اسباط: اسباط بن محمد بن عبدالرحمٰن بن خالد بن میسرہ القرشی ہے، ابو محمد کا مولیٰ ہے ۱۹۹ ہجری میں فوت ہوا (التہذیب، جلد ۱، صفحہ ۲۱۱)

۵: سماک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۵:۴

۶: عکرمۃ: عکرمہ بن عبداللہ، حضرت عبداللہ بن عباس کا غلام ہے۔ بربری الاصل ہے۔ ثقہ ہے، ثبت، عالم بالتفسیر ہے۔ ابن عمر سے اس کی تکذیب ثابت نہیں ہے اور نہ ہی اس سے بدعت ثابت ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۷ ہجری یا اس کے لگ بھگ وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۲) اس کی کنیت ابو عبداللہ المدنی ہے۔ یہ پہلے حصین بن ابی الحرا العنبری کا غلام تھا۔ جب عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی طرف سے مصر کے گورنر مقرر ہوئے۔ تو انہوں نے یہ (عکرمہ) آپ کو بخشا۔ یہ اپنے آقا (ابن عباس رضی اللہ عنہ) علی بن ابن طالب رضی اللہ عنہ، حسن بن علی رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہ، ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ اور دیگر اصحاب سے روایت کرتا ہے۔ اور اس سے ابراہیم النخعی ابو الشعشاء، جابر بن زید، شعبی، ابو اسحاق السبیعی، ابو الزبیر قتادہ، سماک بن حرب اور بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ (تہذیب، جلد ۷ صفحہ ۲۶۳)

۷: ابن عباس رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۸



Marfat.com

وصال ہو جائے یا میں شہید کر دیا جاؤں۔ ارشاد ہے ''قسم ہے اللہ کی کہ میں اس (ﷺ) کا بھائی ہوں اور اس (ﷺ) کا ولی ہوں اور اس (ﷺ) کا وارث ہوں اور اس (ﷺ) کے چچا کا بیٹا ہوں اور مجھ سے زیادہ اس (ﷺ) کا کوئی اور حقدار نہیں ہے''۔ یعنی جس وقت صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے اور مسجد کی تعمیر ہو چکی تو حضور پیغمبر اسلام ﷺ نے مہاجرین اور انصار صحابہ میں مواخاۃ کروائی۔ اس وقت آنحضرت ﷺ جناب انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے گھر پر رونق افروز تھے۔ آپ ﷺ نے انصار کو جمع فرمایا۔ اس موقع پر پینتالیس (۴۵) مہاجر موجود تھے۔ حضور ﷺ نے انصار کو ارشاد فرمایا ''یہ تمہارے بھائی ہیں'' پھر مہاجرین اور انصار سے دو دو اشخاص کو بلا کر فرماتے گئے۔ یہ اور تم بھائی بھائی ہو۔ آپ ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا اتنا اثر ہوا کہ ان ہر دو حضرات میں حقیقی بھائیوں سے زیادہ آپس میں محبت اور ایثار موجزن رہا۔ اس مواخاۃ کے رشتہ سے جو حضرات آپس میں بھائی بھائی بنے اس میں سے بعض حضرات کے یہ نام ہیں جناب سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خارجہ بن زید انصاری کے بھائی بنے۔ جناب سیدنا عمر فاروق عتبان بن مالک انصاری کے بھائی بنے اور جناب سیدنا عثمان ذی النورین اوس بن ثابت انصاری کے بھائی بنے وغیرہ وغیرہ رضی اللہ عنہم۔

صاحب ترمذی جناب ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابہ میں مواخاۃ فرمائی تو جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام روتے ہوئے تشریف لائے اور عرض کی کہ آپ نے اپنے صحابہ کے درمیان تو مواخاۃ قائم فرما دی اور کسی ایک کو میرا بھائی نہیں بنایا۔ تو جناب سیدنا و مولانا شفیعنا رسول کریم ﷺ نے فرمایا ''انت اخی فی الدنیا و الاخرۃ'' اے علی! تو دنیا اور آخرت میں میرا بھائی ہے۔

وقال هذا حديث حسن غريب

**حدیث نمبر ۲/۶۵** | اَخْبَرَنِی الْفَضْلُ ۱ بْنُ سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانَ ۲ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ ۳ عَنْ عُثْمَانَ ۴ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اَبِىْ صَادِقٍ ۵ عَنْ رَبِيْعَةَ ۶ بْنِ نَاجِدٍ اَنَّ رَجُلًا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۵

۱: فضل بن سہل: فضل بن سہل بن ابراہیم الاعرج البغدادی ہے۔ اصل میں خراسان کا رہنے والا تھا۔ صدوق ہے۔ طبقہ الحادیۃ عشرۃ سے ہے۔ ۲۲۵ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۷۵)

۲: عفان بن مسلم: عفان بن مسلم بن عبد اللہ الباہلی ہے۔ ابو عثمان کنیت ہے۔ ثقہ اور ثبت ہے۔ ابن المدائنی نے کہا کہ اگر اسے حدیث کے کسی حرف میں شک پڑ جاتا تو اسے ترک کر دیتا ربما و هم طبقہ العاشرۃ کے کبار سے ہے۔ ۲۱۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۰)

۳: ابو عوانہ (الوضاح): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۳

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

قَالَ لِعَلِيّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِمَ وَرِثْتَ ابْنَ عَمِّكَ دُوْنَ عَمِّكَ قَالَ جَمَعَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوْ قَالَ دَعٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَصَنَعَ لَهُمْ مُدًّا مِنْ طَعَامٍ قَالَ فَاَ كَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا وَ بَقِيَ الطَّعَامُ كَمَا هُوَ كَاَنَّهٗ لَمْ يُمَسَّ ثُمَّ دَعَا بِغُمَرَةٍ فَشَرِبُوْا حَتّٰى رَوَ وْاوَبَقِيَ الشَّرَابُ كَاَنَّهٗ لَمْ يُمَسَّ اَوْلَمْ يُشْرَبْ فَقَالَ يَا بَنِيْ عَبْدِالْمُطَّلِبِ اِنِّيْ بُعِثْتُ اِلَيْكُمْ خَاصَّةً وَّ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً وَ قَدْرَأَيْتُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مَا قَدْ رَأَيْتُمْ فَاَيُّكُمْ يُبَايِعُنِيْ عَلٰى اَنْ يَّكُوْنَ اَخِيْ وَصَاحِبِيْ وَ وَارِثِيْ وَ وَزِيْرِيْ فَلَمْ يَقُمْ اِلَيْهِ اَحَدٌ فَقُمْتُ اِلَيْهِ وَ كُنْتُ اَصْغَرَ الْقَوْمِ سِنًّا فَقَالَ اجْلِسْ قَالَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذَالِكَ اَقُوْمُ اِلَيْهِ فَيَقُوْلُ اجْلِسْ حَتّٰى كَانَ فِي الثَّالِثَةِ فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى يَدَيَّ ثُمَّ قَالَ اَنْتَ اَخِيْ وَ صَاحِبِيْ وَ وَزِيْرِيْ فَبِذَالِكَ وَرِثْتُ ابْنَ عَمِّيْ دُوْنَ عَمِّيْ

**ترجمہ** | ربیعہ بن ناجد سے روایت ہے کہ ایک شخص نے علی ابن ابی طالب سے کہا اے امیرالمومنین! تو اپنے چچا کے بیٹے کا کیسے وارث بنا بجائے اپنے چچا کے۔ (امیرالمومنین ؑ) نے فرمایا، اکٹھا کیا رسول اللہ ﷺ نے یا بلایا رسول اللہ ﷺ نے عبدالمطلب کی ساری اولاد کو پس ان سب کیلئے ایک مدطعام کا کھانا تیار کیا۔ فرماتے ہیں سب نے خوب شکم سیر ہو کر کھایا اور کھانا اتنا ہی باقی موجود تھا جتنا پکایا گیا تھا گویا کہ اسے چھوا تک نہیں گیا۔ پھر آنحضرت ﷺ نے پانی کا پیالا منگوایا۔ پس ساری قوم نے اسی سے پانی پیا یہاں تک کہ خوب سیراب ہو گئے اور

---

بقیہ حاشیہ: ۴ عثمان بن المغیرہ: عثمان بن المغیرہ الثقفی مولاھم ابوالمغیرہ الکوفی الأعشی ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ السادستہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۳۶)

۵ ابی صادق: اس کا نام مسلم بن یزید اور بعض کے نزدیک عبداللہ بن ناجد ہے۔ یہ اپنی کنیت ابوصادق سے معروف ہے۔ یہ ربیعہ بن ناجد، حنف بن سلیم، عبدالرحمٰن بن یزید، النخعی وغیرہ سے روایت کرتا ہے اور اس سے سلمۃ بن کھیل، عثمان بن المغیرہ اور شعیب بن الحجاب وغیرہم روایت کرتے ہیں۔ یعقوب بن شیبہ نے کہا ثقہ ہے۔ ابن حبان نے اسے اپنی ثقات میں ذکر کیا ہے۔ ابن ابی حاتم نے اسے مستقیم الحدیث کہا ہے۔ ابن سعد نے کہا وكان و رعا مسلما قليل الحديث يتكلمون فيه. (تہذیب، جلد ۱۲ صفحہ ۱۳۰)

۶ ربیعہ بن ناجد: ربیعہ بن ناجد الازدی الکوفی ہے۔ کہا گیا ہے کہ یہ ابی صادق کا بھائی ہے۔ جو اس سے روایت کرتا ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ الثانیہ سے ہے (التقریب، صفحہ ۱۰۲) یہ حضرت علی ؑ، ابن مسعود ؓ، عبادہ بن صامت ؓ سے روایت کرتا ہے اور اس سے ابی صادق روایت کرتا ہے۔ (تہذیب، جلد ۳، صفحہ ۲۶۳)

پانی اتنا ہی (موجود) تھا جتنا پہلے اس پیالا میں تھا گویا کہ اسے چھوا تک نہیں گیا یا کسی نے پیا ہی نہیں۔تو ارشاد فرمایا اے عبدالمطلب کی اولاد! تمہاری طرف خاص طور پر اور لوگوں کی طرف عام طور پر بھیجا گیا ہوں اور تم نے اس امت سے جو دیکھنا تھا تحقیق وہ دیکھا۔پس تم میں سے کون میری بیعت کرتا ہے کہ میرا بھائی، میرا اصاحب، میرا وارث اور میرا وزیر بن جائے۔کوئی ایک بھی ان کی طرف نہ اٹھا پس میں ان کی طرف آگے بڑھا حالانکہ میں ان لوگوں میں سب سے کم عمر تھا۔تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا اے علی بیٹھ جا، تین بار آپ ﷺ نے یہ کلمات فرمائے۔میں ہر بار آپ ﷺ کی دعوت پر کھڑا ہوتا تھا سو حضور ﷺ فرماتے کہ بیٹھ جا، یہاں تک کہ جب تیسری بار ہوئی تو پھر اپنا ہاتھ مبارک میرے ہاتھ پر رکھا۔پھر ارشاد فرمایا تو میرا بھائی ہے اور میرا اصاحب ہے اور میرا وزیر ہے پس اسی واسطے سے میں اپنے چچا کے بیٹے کا وارث ہوا سوائے اپنے چچا کے۔

**حل لغت** مُدّ: چوتھا صاع پیمانہ ہوتا ہے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک مُدّ دو رطل کا ہوتا ہے، تو صاع کے آٹھ رطل ہوئے، ہمارے ہاں مُدّ بقدر دس چھٹانک کے ہے۔ شَبِعُوْا: خوب شکم سیر ہو گئے، شَبْعٌ: مصدر ہے، شکم سیر ہونا، پیٹ بھرا ہونا۔ اَلْغُمَرُ: چھوٹا پیالہ غمار اور اغمار جمع ہے۔(مصباح اللغات صفحہ ۵۹۵)۔ الرِّوِیُّ: مصدر ہے جبکہ قرینہ شرب (پینا) ہو تو معنی ہے پوری سیرابی۔

**تشریح** ارشاد ہے "اے امیر المومنین! تو اپنے چچا کے بیٹے کا کیسے وارث بنا۔بجائے اپنے چچا کے" یعنی چاہئے تو یہ تھا کہ آپ اپنے اپنا چچا کے وارث بنتے مگر بجائے اس کے آپ اپنے چچا کے بیٹے یعنی حضور سرور عالم و عالمیان جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے کس طرح وارث بن گئے ہیں۔ارشاد ہے "اکٹھا کیا رسول اللہ ﷺ نے یا، بلایا رسول اللہ ﷺ نے عبدالمطلب کی ساری اولاد کو" یعنی یہ راوی کا شک ہے کہ یہ فرمایا کہ اکٹھا کیا یا یہ فرمایا کہ بلایا بہر حال معنی ایک ہی ہے کہ عبدالمطلب کی ساری اولاد کو توحید و رسالت کی دعوت دینے کیلئے ایک مقام پر بلایا۔جمع کیا اور اکٹھا کیا۔ارشاد ہے "ان سب کیلئے ایک مد طعام کا کھانا تیار کیا" یعنی تمام بنی عبدالمطلب کی دعوت صرف دس چھٹانک طعام سے فرمائی۔ارشاد ہے "اور پانی اتنا ہی باقی (موجود) تھا جتنا پہلے اس پیالہ میں تھا گویا کہ اسے چھوا تک نہیں گیا یا کسی نے پیا ہی نہیں" یعنی حضور پاک، صاحبِ لولاک صاحبِ آیات بینات و صاحبِ معجزاتِ عظیمہ جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا کتنا عظیم معجزہ بنی عبدالمطلب کیلئے ظاہر و باہر تھا کہ اتنا مختصر سا اور قلیل



Marfat.com

کھانا تمام بنی عبدالمطلب نے خوب شکم سیر ہوکر کھایا اور پانی سیراب ہوکر پیا۔اور پھر بھی بفضلہ تعالیٰ کھانا اور پانی کم نہ ہوا۔ان کیلئے آپ ﷺ کی نبوت بزرگی، شرافت اور عظمت پر یہی دلیل کافی تھی جب وہ کھانے پینے سے فارغ ہوگئے۔ ارشاد ہے ''اے عبدالمطلب کی اولاد تمہاری طرف خاص طور پر اور لوگوں کی طرف عام طور پر بھیجا گیا ہوں''یعنی تمہیں خصوصی دعوت اسلام دے رہا ہوں چونکہ تم رشتہ میں میرے انتہائی قریب ہو اور میری اس گذری ہوئی چالیس سالہ گھریلو زندگی سے خوب اچھی طرح واقف ہو کہ میں نے کسی کے ساتھ کبھی بھی ناشائستہ بات تک نہیں کی۔کسی کے ساتھ کبھی بھی جھوٹا وعدہ نہیں کیا،کسی کو کسی وقت بھی دھوکہ نہیں دیا،کسی شخص کی امانت میں خیانت نہیں کی۔ ہر ایک کے حقوق کی پاسداری کی ہے اور تم ان سب باتوں کو خوب اچھی طرح جانتے ہو اور واقف ہو کیونکہ تم لوگ میرے انتہائی قریبی رشتہ دار اور عزیز ہو۔لہٰذا میں تمہیں خصوصی طور پر توحیدِ الٰہی اور اپنی نبوت کی دعوت دیتا ہوں اسے قبول کرو اور دین اسلام کے غلبہ کا باعث بنو۔ارشاد ہے''اور تم نے اس امت سے جو دیکھنا تھا تحقیق وہ دیکھ لیا''یعنی مکہ مکرمہ کے رہنے والے بجائے دعوتِ اسلام کے قبول کرنے کے مظالم پر اتر آئے ہیں۔اور ہر قسم کی تکلیف دینے سے گریز نہیں کرتے۔ارشاد ہے''کوئی ایک بھی ان کی طرف نہ اٹھا''یعنی عبدالمطلب کی اولاد سے کسی ایک نے بھی قبولِ اسلام کیلئے حضور ﷺ کی طرف قدم نہ بڑھائے۔ ارشاد ہے''پس میں ان کی طرف آگے بڑھا حالانکہ میں ان لوگوں میں سب سے کم عمر تھا''یعنی جناب علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ میں بیعت کیلئے آگے بڑھا، باوجود اس کے کہ اس مجلس میں میں ان سب سے کم عمر تھا۔ارشاد ہے''میں ہر بار آپ ﷺ کی دعوت پر کھڑا ہوتا تھا''یعنی آپ ﷺ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے بیعت کیلئے آگے بڑھتا تھا۔ارشاد ہے''پھر اپنا ہاتھ مبارک میرے ہاتھ پر رکھا''یعنی مجھے اپنے دستِ مبارک پر بیعت فرمایا۔پھر ارشاد فرمایا''تو میرا بھائی ہے اور میرا صاحب ہے اور میرا وزیر ہے''اس حدیث میں صرف یہ تین باتیں بیان کی گئی ہیں۔مگر اسی حدیث میں جو کہ مصر کی مطبوعہ ہے۔اس میں اَنْتَ اَخِیْ ، وَصَاحِبِیْ وَ وَارِثِیْ وَ وَزِیْرِیْ کے الفاظ موجود ہیں۔ نیز''مجمع الزوائد'' جلد ۸ صفحہ ۳۰۲، ''الریاض النضرہ'' جلد ۲ صفحہ ۱۶۷، ''کنز العمال'' جلد ۶ صفحہ ۴۸ پر بھی یہی الفاظ ہیں۔ارشاد ہے ''پس اس واسطے سے میں اپنے چچا کے بیٹے کا (یعنی محمد رسول اللہ ﷺ) کا وارث ہوا سوائے اپنے چچا کے''۔



Marfat.com

**حدیث نمبر ۳/۶۶** اَخْبَرَنَا زَکَرِیَّا ۱ بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ۳ بْنُ نُمَیْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِکُ ۴ بْنُ مِغْوَلٍ عَنِ الْحَارِثِ ۵ بْنِ حَصِیْرَةَ عَنْ اَبِیْ سُلَیْمَانَ ۶ الْجُهَنِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا عَلَی الْمَنْبَرِ یَقُوْلُ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَ اَخُوْ رَسُوْلِهٖ

**ترجمہ** ابوسلیمان جہنی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں۔ میں نے (سیدنا) علی المرتضیٰ سے سنا جبکہ وہ منبر پر تشریف فرما تھے، فرماتے تھے کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اور اس کے رسول ﷺ کا بھائی ہوں۔

**تشریح** بعض دوسری کتابوں میں ان الفاظ سے زیادہ کچھ لکھے ملتے ہیں۔ مگر جس کتاب سے یہ ترجمہ ہو رہا ہے اس کتاب میں چونکہ وہ زائد الفاظ موجود نہیں اس لئے یہاں ان کا ذکر نہیں کیا گیا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۶

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۹

۲: عثمان: عثمان بن محمد بن ابراہیم بن عثمان العبسی کی کنیت ابوالحسن ہے، ثقہ، حافظ اور مشہور ہے۔ ولہ اوهام اور کہا گیا ہے کان لا یحفظ القران. طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۳۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۳۶)

۳: عبداللہ بن نمیر: یہ عبداللہ بن نمیر الہمدانی ہے۔ ابوہشام اس کی کنیت ہے۔ ثقہ ہے۔ صاحب حدیث من اهل السنة. طبقہ التاسعہ کے اکابر سے ہے۔ ۱۹۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۹۲)

۴: مالک بن مغول: مالک بن مغول کوفی کی کنیت ابوعبداللہ ہے ثقہ اور ثبت ہے۔ طبقہ السابعہ کے کبار سے ہے۔ ۱۵۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۷)

۵: الحارث بن حصیرۃ: الحارث بن حصیرۃ الازدی کی کنیت ابونعمان ہے کوفی ہے، صدوق ہے، یخطی و رمی بالرفض. طبقہ السادسہ ہے۔ (التقریب، ص ۵۹) ابن معین اور مصنف نے اسے ثقہ لکھا۔ و قدح فیه ابو حاتم و ابن عدی و العقیلی. اگر اس کے مخالف کوئی حدیث نہ ملے تو یہ حدیث انشاءاللہ حسن ہے۔ (ابواسحاق الحوینی، خصائص امام علی ؓ، صفحہ ۶۵)

۶: ابی سلیمان الجہنی: اس کا نام زید بن وہب الجہنی ہے۔ اس کی کنیت ابوسلیمان کوفی ہے۔ مخضرم ہے۔ ثقہ اور عظیم المرتبت ہے۔ لم یصب من قال فی حدیثه خلل ۸۰ اور ۹۶ ہجری کے درمیان فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۱۴)۔ ابن معین نے کہا "ثقہ ہے" ابن خراش نے کہا "ثقہ ہے" ابن سعد نے کہا "ثقہ ہے" العجلی نے کہا "ثقہ ہے" وقال یعقوب بن سفیان فی حدیثه خلل کثیر (تہذیب، صفحہ ۴۲۷)



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُ

## ''حضور سید الانبیاء ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا ذکر ہے کہ علی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں''

(اس باب میں تین احادیث شریف ہیں)

قبلہ عالم حضرت سید مہر علی شاہ صاحب چشتی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں

حُبِّ نبی ہے مہرِ علی اور مہرِ علی ہے حُبِّ نبی
لحمک لحمی جسمک جسمی فرق نہیں مابین پیا

**حدیث نمبر ۱/۶۷** اَنْبَاَنَا بِشْرُ ۱ بْنُ هِلَالٍ عَنْ جَعْفَرِ ۲ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ يَزِيْدَ ۳ الرِّشْكِ عَنْ مُطَرِّفِ ۴ بْنِ عَبْدِاللهِ عَنْ عِمْرَانَ ۵ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ

**ترجمہ** عمران بن حصین سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول کریم ﷺ نے فرمایا، یہ کہ (جناب) علی المرتضیٰ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اور وہ ہر مومن کے ولی ہیں۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۷

۱: بشر بن ہلال: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۱ ۲: جعفر بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۵:۲

۳: یزید الرشک: یزید بن ابی یزید الضبعی کی کنیت ابوالازہر ہے بصری ہے اور الرشک کے لقب سے مشہور ہے۔ ثقہ اور عابد ہے وھم من لین اور طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۳۰ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۵)

۴: مطرف بن عبداللہ: مطرف بن عبداللہ بن الشخیر العامری الحرشی ہے۔ ابوعبداللہ کنیت ہے۔ البصری ہے ثقہ، عابد اور فاضل ہے۔ طبقہ الثانیۃ سے ہے ۹۵ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۹) ۵: عمران بن حصین: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۱:۷



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے "یہ کہ (جناب) علی المرتضیٰ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اور وہ ہر ایک مومن کے ولی ہیں" یعنی حضور سید الکل، فخر رسل، امام الانبیاء ﷺ کے اس ارشاد گرامی سے جناب امیر المومنین علی المرتضیٰ علیہ السلام کے اعلیٰ مقام اور عظیم منزلت کی ایک عظیم الشان نشاندہی ہو رہی ہے گویا وجوداً، ظاہراً اور باطناً پیغمبر اسلام ﷺ اور جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم ایک ہی نور کے دو وجود ہیں

من تو شدم تو من شدی من جاں شدم تو تن شدی
تا کس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری!

اسناده صحيح ، (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ٦٦)

**حدیث نمبر ٦٨/٢** اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ ١ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ ٢ بْنُ حَبَّابٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكُ ٣ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ ٤ قَالَ حَدَّثَنِيْ حَبْشِيُّ ٥ بْنُ جُنَادَةَ السَّلُوْلِيُّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلِيٌّ مِّنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُ فَقُلْتُ لِاَبِيْ اِسْحٰقَ اَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْهُ فَقَالَ وَقَفَ عَلِيٌّ هٰهُنَا فَحَدَّثَنِيْ بِهٖ وَ رَوَاهُ اِسْرَائِيْلُ فَقَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْكَ

**ترجمہ** حبشی بن جنادہ سلولی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے جناب رسول کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ علی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ تو میں نے ابی اسحاق سے کہا کیا تو نے یہ حدیث اس سے سنی ہے تو اس نے کہا کہ جناب علی المرتضیٰ اس جگہ موجود تھے۔ تو اس نے یہ حدیث مجھے بیان کی۔ نیز اسرائیل ابی اسحاق سے اور وہ براء سے روایت کرتے ہیں۔ فرمایا کہ حضور رسول کریم ﷺ نے (جناب) علی (المرتضیٰ) رضی اللہ عنہ کو فرمایا تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ٦٨

١: احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ٦:١

٢: زید بن حباب: زید بن حباب کی کنیت ابوالحسین العکلی ہے۔ خراسان میں رہتا تھا۔ پھر کوفہ آیا۔ صدوق ہے۔ طبقۃ التاسعۃ سے ہے۔ سنہ ٢٠٣ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ١١٢)

٣: شریک (بن عبداللہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ٣:٣١ ٤: ابواسحاق (السبیعی): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ٤:٢٢

٥: حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ: حبشی بن جنادۃ السلولی صحابی ہے۔ کوفہ میں سکونت پذیر رہا۔ (التقریب، صفحہ ٦٢)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''میں نے ابی اسحاق سے کہا کیا تو نے یہ حدیث اس سے سنی ہے'' یعنی اسرائیل نے ابی اسحاق سے دریافت کیا کہ کیا یہ حدیث تو نے خود حبشی بن جنادہ السلولی سے سنی ہے۔ رَوَاہُ، الْقَاسِمُ بْنُ یَزِیْدَ الْمَخْزُوْمِیُّ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ ھُبَیْرَۃَ وَ ھَانِئٍ عَنْ عَلِیٍّ

اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین صفحہ ۸۷)

**حدیث نمبر ۳/۶۹** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمٌ [۲] وَ ھُوَ ابْنُ یَزِیْدَ الْجَرَمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ [۳] عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ [۴] عَنْ ھُبَیْرَۃَ [۵] بْنِ یریم وَ ھَانِئٍ [۶] بْنِ ھَانِیْ عَنْ عَلِیٍّ [۷] قَالَ لَمَّا صَدَرْنَا مِنْ مَکَّۃَ اِذَا بِنْتُ حَمْزَۃَ تُنَادِیْ یَاعَمِّ یَاعَمِّ فَتَنَاوَلَھَا عَلِیٌّ وَ اَخَذَھَا فَقَالَ لِفَاطِمَۃَ دُوْنَکِ ابْنَۃَ عَمِّکِ فَحَمَلَھَا فَاخْتَصَمَ فِیْھَا عَلِیٌّ وَ جَعْفَرٌ وَ زَیْدٌ فَقَالَ عَلِیٌّ اَنَا اَخَذْتُھَا وَ ھِیَ ابْنَۃُ عَمِّیْ قَالَ جَعْفَرٌ ابْنَۃُ عَمِّیْ وَ خَالَتُھَا تَحْتِیْ وَ قَالَ زَیْدٌ ابْنَۃُ اَخِیْ فَقَضٰی بِھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ لِخَالَتِھَا وَ قَالَ الْخَالَۃُ بِمَنْزِلَۃِ الْاُمِّ وَ قَالَ لِعَلِیٍّ اَنْتَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْکَ وَ قَالَ لِجَعْفَرٍ اَشْبَھْتَ خَلْقِیْ وَ خُلُقِیْ وَ قَالَ لِزَیْدٍ اَنْتَ اَخُوْنَا

**ترجمہ** حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب ہم مکہ مکرمہ سے لوٹے۔ ناگاہ حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی پکارتی تھی اے چچا اے چچا پس جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ وہاں پہنچے اور اس کو اٹھالیا تو (جناب) فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا اپنے چچا کی بیٹی کو لے پس اس (فاطمہ سلام اللہ علیہا) نے اسے اٹھالیا۔ سو جھگڑے علی، جعفر اور زید (جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام) نے فرمایا کہ اس کی پرورش میں کروں گا۔ اس لئے کہ یہ میرے چچا کی بیٹی ہے۔ (جناب) جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرے بھی چچا کی بیٹی ہے۔ اور اس کی خالہ میری بیوی ہے اور زید نے کہا کہ یہ تو میرے بھتیجی ہے۔ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی پرورش کرنے کا اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ فرمایا کہ خالہ بجائے والدہ کے ہوتی ہے۔ اور (حضرت) علی کو ارشاد فرمایا ''اے علی تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں'' اور جناب جعفر کو فرمایا کہ تو پیدائش اور خلق میں میرے مشابہ ہے اور زید کو فرمایا کہ تو ہمارا بھائی ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۹

[۱] احمد بن حرب: احمد بن حرب بن محمد بن علی بن حیان بن مازن بن الغضوبہ الطائی الموصلی ہے۔ صدوق ہے طبقہ العاشرۃ سے ہے ۲۶۳ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۲)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حل لغت** صَدَرَ :لوٹنا، رجوع کرنا، لوٹانا۔ نیل، یا نَالَ یَا نَالَةَ: پہنچنا، مراد حاصل کرنا، گالی دینا۔

**تشریح** ارشاد ہے "ناگاہ حمزہ کی بیٹی پیچھے سے پکارتی تھی" یعنی جناب حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی پیچھے سے پکارتی تھی چلا چلا کر آواز کررہی تھی۔ ارشاد ہے "پس جناب علی وہاں پہنچے اور اس کو اٹھالیا" یعنی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام نے اس صاحبزادی کی پکار پر اس کے پاس پہنچے اور اس کو سنبھال لیا۔ ارشاد ہے "سو جھگڑے علی، جعفر اور زید" یعنی اس صاحبزادی کی پرورش کرنے کے متعلق ان تینوں حضرات (علی المرتضیٰ، جناب جعفر اور حضرت زید) کے مابین جھگڑا ہوا۔ ان میں سے ہر ایک صاحب کی یہ خواہش تھی کہ اس لڑکی کی میں پرورش کروں اور ہر ایک اپنی اپنی دلیل دینے لگے۔ ارشاد ہے "کہ خالہ بجائے والدہ کے ہوتی ہے" یعنی وہ صاحبزادی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب جعفر کے حوالے کی اس لئے کہ اس لڑکی کی خالہ جناب جعفر کی بیوی تھی۔ نیز یہ بھی واضح ہوا کہ خالہ ماں کے برابر ہوا کرتی ہے۔ ارشاد ہے "اور حضرت علی کو ارشاد فرمایا اے علی تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں" یعنی یہ حدیث شریف کا ٹکڑا اس باب سے متعلق ہے۔ یعنی حضرت علی علیہ السلام کی کمال فضیلت یہ ہے۔

صحیح اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص المؤمنین صفحہ ۸۸)

---

بقیہ حاشیہ ۲: قاسم بن یزید: قاسم بن یزید الجرمی کی کنیت ابو یزید الموصلی ہے۔ ثقہ اور عابد ہے۔ طبقہ التاسعہ سے ہے ۱۹۴ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۸۰)

۳: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

۴: ابی اسحاق (السبیعی): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: ہبیرہ بن یریم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۵

۶: ہانی بن ہانی: ہانی بن ہانی الہمدانی الکوفی مستور ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۶۳)

۷: علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ كَنَفْسِيْ

## "حضور سید دو عالم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان ہے کہ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم میری جان کی طرح ہے"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حل لغت** کنفسی: میری جان کی طرح، میری ذات کی مانند۔ ک: کی مانند۔ یہ حروف تہجی میں بائیسواں حرف ہے۔ ک جارہ اور غیر جارہ ہوتا ہے تشبیہ، تعلیل، استعلاء مبادرت تاکید اور زائد بھی ہوتا ہے۔ یہاں پر تشبیہ واقع ہے جیسے زید کالاسد

**حدیث نمبر ۷۰/۱** اَنْبَأَنَا الْعَبَّاسُ ۱ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ ۲ بْنُ جَوَابٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ ۳ ابْنُ اَبِيْ اِسْحٰقَ ۴ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ زَيْدٍ ۵ بْنِ يُثَيْعٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ ۶ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَيَنْتَهِيَنَّ بَنُوْ وَكِيْعَةَ اَوْ لَاَ بْعَثَنَّ اِلَيْهِمْ رَجُلًا كَنَفْسِيْ يَتَقَدَّمُ فِيْهِمْ اَمْرِيْ فَيَقْتُلُ الْمُقَاتِلَةَ وَ يَسْبِي الذُّرِّيَّةَ فَمَارَا عَنِيْ اِلَّا وَ كَفُّ عُمَرَ فِيْ حُجْزَتِيْ مِنْ خَلْفِيْ قَالَ مَنْ تَعْنِيْ قَالَ مَا اِيَّاكَ اعنى وَ لَا صَاحِبَكَ قَالَ فَمَنْ تَعْنِيْ قَالَ خَاصِفَ النَّعْلِ قَالَ وَ عَلِيٌّ يَخْصِفُ النَّعْلَ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۰

۱: عباس بن محمد: عباس بن محمد بن حاتم الدوری کی کنیت ابوالفضل البغدادی ہے۔ اصل میں خوارزمی ہے۔ ثقہ، حافظ، طبقہ الحادیہ عشرہ سے ہے۔ ۲۷۱ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۶۶)

۲: الاحوص بن جواب الضبی: الاحوص بن جواب الضبی کی کنیت ابا الاجواب کوفی ہے، صدوق ہے ربما وھم طبقہ التاسعہ سے ہے، ۲۱۱ ہجری میں فوت ہوا (التقریب، صفحہ ۲۵)

۳: یونس بن ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۳ ۴: ابی اسحاق السبیعی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث ۲۲:۴

۵: زید بن یثیع الہمدانی الکوفی ثقہ مخضرم ہے، طبقہ الثانیہ سے ہے۔ (التقریب صفحہ ۱۱۴)



Marfat.com

**ترجمہ** ابی ذر سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ البتہ ضرور بالضرور بنو وکیع [۱] باز آجائیں یا البتہ ضرور بالضرور میں ان کی طرف ایک ایسے معزز شخص کو بھیجوں گا جو میری اپنی جان کی طرح ہے وہ میرا حکم ان لوگوں کے سامنے پیش کرے گا۔ پس لڑنے والوں کو قتل کرے گا اور ان کی اولادوں کو قید کرے گا۔ پس عمر رضی اللہ عنہ کے میری کمر پر ہاتھ رکھنے نے مجھے متوجہ کیا۔ جناب عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ کی مراد کس شخص سے ہے۔ (حضور ﷺ) نے ارشاد فرمایا نہ تو، تو اور نہ ہی تیرا ساتھی میں مراد رکھتا ہوں۔ پھر عرض کیا کہ آپ کی مراد کسی شخص سے ہے۔ ارشاد فرمایا (میری مراد) جوتا سینے والے سے ہے۔ (جناب عمر نے) فرمایا اور علی جوتا سیتے تھے۔

**حل لغت** سَبٰی ، یَسْبِیْ ، سَبْیًا: دشمن کو قید کرنا۔ رَاعِنِیْ : مجھے متوجہ کیا۔

**تشریح** ارشاد ہے "بنو وکیع باز آجائیں" یعنی بنو وکیع کفار عرب کا ایک قبیلہ تھا اور یہ مسلمانوں کو بہت پریشان اور تنگ کرتا تھا اس کے متعلق ارشاد فرمایا کہ یہ اپنی ان بے ہودہ اور آزار دہ حرکتوں سے باز آجائیں۔ ارشاد ہے "میں ان کی طرف ایک ایسے معزز شخص کو بھیجوں گا جو میری اپنی جان کی طرح ہے" یعنی رجلا کی تنوین اس مقام پر تفخیم شان کیلئے ہیں گویا یہ شخص جس کو بھیجوانے کا ارادہ ہے وہ بڑی شرافت اور عزت اور مکرمت والا ہے۔ یعنی جس طرح میری عزت وحرمت ہے اسی طرح اس کی ذات کی بھی عزت وحرمت ہے اور وہ بعینہٖ میری ذات مبارکہ کی مانند ہے۔ ارشاد ہے "میرا حکم ان لوگوں کے سامنے پیش کرے گا" یعنی بنو وکیع قبیلے کو میرا یہ حکم پہنچائے گا اور سنائے گا۔ ارشاد ہے "لڑنے والوں کو قتل کرے گا اور ان کی اولاد کو قید کرے گا" یعنی وہ ایسا بہادر، دلیر اور شجاع ہے کہ آخر دم تک لڑ کر فتح حاصل کرے گا، اور وہاں میرا حکم نافذ کر کے حکومت الٰہی قائم کرے گا اور نظام مصطفیٰ ﷺ کا علم بلند کرے گا۔ ارشاد ہے "نہ تو، تو اور نہ ہی تیرا ساتھی میں مراد رکھتا ہوں" یعنی آنحضور ﷺ اس وقت نہ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اور نہ ہی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مقرر کرنا چاہتے تھے۔ اسی لئے یہ ارشاد فرمایا۔ ارشاد ہے "میری مراد جوتا سینے والے سے ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا علی جوتا سیتے تھے" یعنی جب بھی جناب سید دو عالم ﷺ کا جوتا مبارک پھٹ جاتا یا تسمہ وغیرہ ٹوٹ جاتا۔ تو جناب امام الاولیاء سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام اس کی مرمت فرماتے۔ اسی وجہ سے آپ ﷺ جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو پیار اور محبت سے "خَاصِفُ النَّعْلِ" یعنی جوتا سینے والا فرماتے۔

بقیہ حاشیہ: [۶] ابی ذر رضی اللہ عنہ: اس کا نام جندب بن جنادہ ہے۔ ابوذر الغفاری کنیت ہے۔ مشہور صحابی ہے۔ اول اسلام لانے والوں میں سے ہے اور آخری ہجرت کرنے والا ہے۔ جنگ بدر میں شامل نہیں ہوا۔ اس کے مناقب بہت زیادہ ہیں ۳۲ ہجری میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۴۰۵)

[۱] وکیع: بعض کتابوں میں ربیعہ اور بعض میں بنو ولیعہ ہے۔ اس فقیر نے اسی کتاب سے یہ حدیث نقل کی ہے جو سامنے ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ صَفِيِّیْ وَ اَمِيْنِیْ

## ”جناب امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق حضور سرور عالم وعالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا بیان ہے کہ تو میرا مخلص ترین دوست اور میرا امانت دار ہے“

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حل لغت** صَفِیٌّ: مخلص ترین دوست۔ دوستوں میں منتخب دوست، جگری یار، صاحب لغات الحدیث تحریر کرتے ہیں ”صَفِیٌّ“ وہ چیز جو لشکر کا سردار لوٹ کے مال سے خاص اپنے لئے چن لے تقسیم غنیمت سے پہلے، اس کو صَفِیَّۃٌ بھی کہتے ہیں۔ (لغات الحدیث کتاب ”ص“ جلد ۳ صفحہ ۷۳) طیبی نے کہا ”یہ صَفِیٌّ، لینا صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جائز تھا اور کسی حاکم کو ایسا کرنا درست نہیں“۔

**حدیث نمبر ۱۷/۱** اَنْبَأَنَا زَكَرِيَّا ۱ بْنُ يُحْيٰى قَالَ اَنْبَأَنَا ابْنُ اَبِیْ عَمْرٍو ۲ وَ اَبُوْ مَرْوَانَ ۳ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ۴ عَنْ يَزِيْدَ ۵ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ ۶ بْنِ نَافِعِ بْنِ عَجِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ ۷ عَنْ عَلِيٍّ ۸ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَّا اَنْتَ يَاعَلِيُّ صَفِيِّیْ وَ اَمِيْنِیْ

**ترجمہ** (جناب) علی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اے علی! غور سے سنو کہ تو میرا مخلص ترین دوست ہے اور میرا امانت دار ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''اے علی! غور سے سنو کہ تو میرا مخلص ترین دوست ہے اور میرا امانت دار ہے''۔ یعنی اپنے منتخب، مخلص ترین اور جگری دوستوں میں سے میں نے اے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تجھے اپنی مخلصانہ دوستی کیلئے چن لیا ہے۔ اور میری جانب سے وہ امانتیں جو میرے ذمے ہیں ان کو ادا کرنے کا منصب عالی بھی تیرے ذمے ہیں۔ ان عظیم امانتوں میں سے ایک عظیم امانت کلمہ توحید کا اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو پہنچانا ہے اور قرآن عظیم جیسی نعمتِ جلیلہ کا پہنچانا ہے۔ نیز معرفتِ الٰہی کی امانت کو آپ نے پہنچانا ہے۔ جناب امیر المومنین امام الاولیاء سیدنا و مولانا و ملجانا و ماویٰ نا و مرشدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی وساطت اور وسیلہ سے تا قیام قیامت دست بدست اور سینہ بسینہ اور ارشاد بہ ارشاد حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ عظیم امانتیں امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلوب میں بعینہٖ منتقل ہوتی چلی آ رہی ہیں اور قیامت تک اولیاء کرام ان سے سیراب ہوتے رہیں گے۔ ہجرت مبارکہ کی رات کو اپنی تمام امانتیں پیغمبر اسلام رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب امام الاولیاء کرم اللہ وجہہ الکریم کے سپرد فرما کر مکہ مکرمہ سے نکلے، چنانچہ آپ کرم اللہ وجہہ الکریم نے وہ تمام امانتیں ادا فرما کر پھر ہجرت فرمائی۔

---

بقیہ حواشی: ۲: ابن ابی عمر: یہ محمد بن یحییٰ بن ابی عمر العدنی ہے، ابا عمر کنیت ہے۔ صدوق ہے اور ''المسند'' کا مصنف ہے۔ وکان لازم ابن عیینة لکن قال ابو حاتم کانت فیه غفلة طبقة العاشرہ سے ہے ۲۴۳ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۳)

۳: ابو مروان: اس کا نام محمد بن عثمان بن خالد الاموی ہے اور ابو مروان عثمانی اس کی کنیت ہے۔ المدنی ہے۔ پہلے مکہ میں سکونت پذیر تھا۔ صدوق ہے یخطی طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۱ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۰)

۴: عبدالعزیز: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۷:۲

۵: یزید بن عبداللہ: یزید بن عبداللہ بن اسامہ بن الہاد اللیثی ہے۔ ابو عبداللہ مدنی اس کی کنیت ہے۔ ثقہ ہے مکثر ہے۔ طبقہ الخامسة سے ہے۔ ۱۳۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۳)

۶: محمد بن نافع: یہ محمد بن نافع بن عجیر ہے۔ نقل البخاری عن ابن اسحاق انه قال عنه کان ثقه. (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین، صفحہ ۹۰)

۷: ابیہ: یہ نافع بن عجیرہ بن عبد یزید بن ہاشم بن عبدالمطلب المکلبی المکی ہے۔ قیل له صحبة اور ابن حبان وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ یہ تابعین سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۵)

۸: علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔ ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُؤَدِّيْ عَنِّيْ اِلَّا اَنَا اَوْ عَلِيٌّ

## ''حضور نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد گرامی کے بیان میں ہے کہ نہ پہنچائے میری طرف سے مگر میں خود یا علی''

(اس باب میں دو احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۲۷/۱** اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ ۲ وَ عَبْدُ الصَّمَدِ ۳ قَالَا حَدَّثَنَا حَدِيْثًا حَمَّادُ ۴ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ ۵ عَنْ اَنَسٍ ۶ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَرَاءَةً مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُبَلِّغَ هٰذَا عَنِّيْ اِلَّا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِيْ فَدَعَا عَلِيًّا فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

**ترجمہ** جناب انس سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے (جناب) ابوبکر (صدیق رضی اللہ عنہ) کو سورۂ براۃ دے کر بھیجا پھر ان کو بلایا پس ارشاد فرمایا کہ کسی کو یہ مناسب نہیں کہ میری طرف سے یہ سورۂ پہنچائے مگر ہاں وہ شخص جو میرے اہل بیت سے ہو۔ سو آپ ﷺ نے (جناب) علی (علیہ السلام) کو بلایا اور وہ سورہ ان کو دی۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۷

۱: محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۱ ۲: عفان (بن مسلم): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۵:۲

۳: عبد الصمد: عبد الصمد بن عبد الوارث بن سعید العنبری ہے اس کی کنیت ابو سہل بصری ہے۔ صدوق، ثبت اور طبقہ التاسعۃ سے ہے ۲۰۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۳)

۴: حماد بن سلمۃ: حماد بن سلمۃ بن دینار البصری کی کنیت ابو سلمۃ ہے، ثقہ اور عابد ہے اثبت الناس فی ثابت و تغیر حفظه باخرة۔ طبقہ الثامنۃ کے کبار سے ہے ۱۶۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۸۲)

۵: سماک بن حرب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۵:۴

۶: انس رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۶



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے "(جناب) علی (رضی اللہ عنہ) کو بلایا اور وہ سورہ ان کو دی" یعنی حضور پیغمبر اسلام ﷺ نے ۹ ہجری میں جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حج کا امیر مقرر فرمایا تھا اور جناب امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سورہ براۃ کے احکام عطا فرمائے تاکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حج کے موقع پر یہ احکام مشرکین کو یا وہ لوگ جن سے معاہدے ہیں سنا دیں اور پہنچا دیں۔ جناب امام الاولیاء علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ۱۰ ذی الحجہ ۹ ہجری کے دن جمرہ عقبہ کے نزدیک کھڑے ہو کر وہ احکام سنائے۔ عرب کے ہاں یہ قاعدہ اور دستور ہے کہ جب ان میں نقض ابرام، صلح اور عہد کے متعلق کوئی گفتگو ہوتی، تو وہی شخص یہ گفتگو کرتا جو سردار قوم ہوتا یا پھر وہ شخص جو اس سردار قوم کے قریبی رشتہ داروں میں قریب تر ہوتا تو وہ اسے گفتگو میں قبول و منظور کرتے۔ چونکہ مشرکین عرب اور مسلمانوں کے درمیان عہد تھا اور ان میں سے اکثر نے عہد شکنی کی لہٰذا جناب مولانا و مرشدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو آنحضور ﷺ نے سورۃ براۃ کے احکام عطا فرما کر مشرکینِ عرب کی طرف حج کے موقع پر مکہ مکرمہ بھیجا۔ اس موقع پر یہ حدیث بیان فرمائی۔ اس میں جناب اسد اللہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی کمال تکریم اور عزت افزائی اور پیغمبر اسلام ﷺ سے قربِ خاص ثابت ہو رہا ہے۔ جو ان کو تمام صحابہ کرام اور اہل بیت عظام میں تھا۔

اسناده صحيح، (ابو اسحاق الحوينى ، تهذيب خصائص الا مام على صفحه ٧٠)

**حدیث نمبر ۷۳/۲** اَنبَأنَا اَحمَدُ ۱ بنُ سُلَیمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا یَحییَ ۲ بنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسرَائِیلُ ۳ عَن اَبِی اِسحٰقَ ۴ عَن حَبشِیِّ ۵ بنِ جُنَادَةَ السَّلُولِیِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ مِنِّی وَ اَنَا مِنهُ وَلَا یُؤَدِّی عَنِّی اِلَّا اَنَا اَو عَلِیٌّ

**ترجمہ** حبشی بن جنادہ سلولی سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ علی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور نہ پہنچائے میری طرف سے مگر میں خود یا علی۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۳

۱: احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

۲: یحییٰ بن آدم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۶

۳: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۵

۴: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲

۵: حبشی بن جنادہ السلولی رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۶۸



Marfat.com

تشریح ارشاد ہے ''اور نہ پہنچائے میری طرف سے مگر میں خود یا علی'' یعنی علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم میرے اتنا قریب ہے کہ میرے درمیان اور اس کے درمیان کوئی فرق و امتیاز نہیں ہے لہٰذا سورہ براۃ کے احکام میری طرف سے یہی پہنچائے گا۔ چنانچہ حج کے موقع پر وہ تیس یا چالیس آیتیں آپ کرم اللہ وجہہ الکریم نے پڑھ کر سنائیں اور اعلان عام فرمایا کہ میں چار حکم تمہیں سناتا ہوں: پہلا یہ کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک کعبۃ اللہ کے پاس نہ آئے۔ دوسرا یہ کہ کوئی بھی برہنہ طواف نہ کرے۔ تیسرا یہ کہ مومن کے سوا کوئی اور جنت میں داخل نہ ہوگا چوتھا یہ کہ جس کا پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ عہد ہے وہ عہد اپنی مدت تک رہے گا اور جس کی مدت معین نہیں ہے اس کی معیاد چار ماہ تک ہے وہ پوری ہو جائے گی۔ مشرکین نے سن کر کہا ''اے علی اپنے چچا کے فرزند کو خبر دے دو کہ ہم نے عہد پس پشت پھینک دیا۔ اب ہمارے اور اس کے درمیان کوئی عہد نہیں، بجز نیزہ بازی اور تیغ زنی کے''۔

اسنادہ صحیح (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۷۰)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكْرُ تَوْجِيْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَعَ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ

## "حضور نبی کریم ﷺ کا جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو احکام دیکر بھیجنے کا ذکر ہے"

(اس باب میں چار احادیث شریف ہیں)

**حل لغت** تَوْجِيْهُ: روانہ کرنا، بھیجنا، جانا، عزت دینا۔

**حدیث نمبر ۱/۷۴** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ ۲ وَ عَبْدُ الصَّمَدِ ۳ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ ۴ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ ۵ بْنِ حَرْبٍ عَنْ اَنَسٍ ۶ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِبَرَاءَةٍ مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُبَلِّغَ هٰذَا اِلَّا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِيْ فَدَعَا عَلِيًّا فَاَعْطَاهُ اِيَّاهَا

**ترجمہ** (جناب) انس سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے (جناب) ابوبکر (صدیق رضی اللہ عنہ) کو سورۂ برأۃ دیکر بھیجا پھر انہیں بلایا۔ پس ارشاد فرمایا کہ کسی کو یہ مناسب نہیں کہ یہ سورہ پہنچائے مگر ہاں وہ شخص جو میرے اہل بیت سے ہو۔ تو آپ ﷺ نے علی المرتضیٰ علیہ السلام کو بلایا اور سورہ ان کو عطا فرمائی۔

اسناده صحيح. (اس کی تشریح حدیث ۱/۷۲ میں دیکھئے)

(ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۷۰)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۴

۱: محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۵

۲: عفان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۶۵

۳: عبدالصمد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۷۲

۴: حماد بن سلمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۷۲

۵: سماک بن حرب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۳۵ ۶: انس رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۹



Marfat.com

**حدیث نمبر ۲/۷۵** اَنْبَأَنَا الْعَبَّاسُ ۱ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُوْحٍ ۲ قُرَادُ عَنْ يُوْنُسَ ۳ بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ ۴ عَنْ زَيْدِ ۵ بْنِ يُثَيْعٍ عَنْ عَلِيٍّ ۶ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَرَآءَةً اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ ثُمَّ اَتْبَعَهُ بِعَلِيٍّ فَقَالَ لَهُ خُذْ هٰذَا الْكِتَابَ فَامْضِ بِهٖ اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ قَالَ فَلَحِقْتُهُ وَ اَخَذْتُ الْكِتٰبَ مِنْهُ قَالَ فَانْصَرَفَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهُوَ كَئِيْبٌ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اُنْزِلَ فِيَّ شَيْئٌ قَالَ لَا اِلَّا اِنِّيْ اُمِرْتُ اَنْ اُبَلِّغَهُ اَنَا اَوْ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ

**ترجمہ** (جناب) علی المرتضیٰ سے روایت ہے یہ کہ رسول کریم ﷺ نے اہلِ مکہ کی طرف (جناب) ابوبکر صدیق کو سورہ براءۃ دے کر بھیجا پھر ان کے پیچھے (جناب) علی کو بھیجا۔ سو اسے فرمایا تو اس سے یہ کتاب لے لے اور اہلِ مکہ کو پہنچا۔ (جناب) علی نے فرمایا کہ میں انہیں (جناب ابوبکر صدیق کو) ملا ان سے وہ کتاب لی، فرمایا پس ابوبکر واپس لوٹے در آنحالیکہ وہ کبیدہ خاطر تھے۔ عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کیا میرے حق میں وحی نازل ہوئی ہے۔ ارشاد فرمایا کہ نہیں مگر مجھے حکم ہوا ہے کہ وہ سورہ میں خود پہنچاؤں یا میرے اہل بیت سے کوئی شخص پہنچائے۔

**حل لغت** كَئِيْبٌ: غمگین تھے، کبیدہ خاطر تھے، كَآبٌ یا كَآبَةٌ یا كَآبَةٌ سے ہے جس کے معنی رنج، غم اور دل شکستگی کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے "وہ کبیدہ خاطر تھے" یعنی یہ بات آپ کو ناگوار گذری اور غمناک ہو کر لوٹے۔ ارشاد ہے "وہ سورہ میں خود پہنچاؤں یا میرے اہل بیت سے کوئی شخص پہنچائے" یعنی اے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تمہیں غمگین نہیں ہونا چاہئے اور نہ ہی کسی قسم کا احساس کرنا چاہئے۔ مجھے تو یہ حکم ملا ہے کہ یا تو میں خود یہ احکام پہنچاؤں یا میرے اہل بیت سے کوئی فرد ہو اور وہ یہ احکام پہنچائے لہٰذا اس حکم کے مطابق میں نے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو اپنے اہل بیت سے منتخب

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۵

۱ العباس بن محمد الدوری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۰:۱

۲ ابونوح قراد: اس کا نام عبدالرحمٰن بن عزوان الضبی ہے۔ اس کی کنیت ابونوح ہے۔ اور قراد سے معروف ہے۔ ثقہ ہے لہ افراط طبقہ التاسعۃ ہے۔ ۱۸۷ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۰۸)

۳ یونس بن ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۳

۴ ابی اسحاق السبیعی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵ زید بن یثیع: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۰:۵

۶ علی المرتضیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶



Marfat.com

کر کے روانہ کیا ہے۔ تمہارے متعلق اس میں کسی قسم کے تردد یا شک وشبہ کی بات ہرگز نہیں ہے۔

صحیح (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۷۰)

**حدیث نمبر ۳/۷۶** اَخْبَرَنِیْ زَکَرِیَّا [۱] بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ [۲] بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا اَسْبَاطٌ [۳] عَنْ فِطْرٍ [۴] عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ [۵] بْنِ شَرِیْکٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ [۶] بْنِ رَقِیْمٍ عَنْ سَعْدٍ [۷] قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَبَا بَکْرٍ بِبَرَاءَۃٍ حَتّٰی اِذَا کَانَ بِبَعْضِ الطَّرِیْقِ اَرْسَلَ عَلِیًّا فَاَخَذَھَا مِنْہُ ثُمَّ سَارَ بِھَا فَوَجَدَ اَبُوْبَکْرٍ فِیْ نَفْسِہٖ قَالَ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ لَا یُؤَدِّیْ عَنِّیْ اِلَّا اَنَا اَوْ رَجُلٌ مِّنِّیْ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کو سورہ براۃ دے کر بھیجا۔ یہاں تک کہ کچھ راہ گئے تو آنحضرت ﷺ نے جناب علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) کو بھیجا۔ (جناب) علی رضی اللہ عنہ نے (جناب) ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس (سورہ) کو لے لیا۔ پھر مکہ کی طرف لے گئے۔ (جناب) ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کو یہ بات ذرا بری محسوس ہوئی۔ راوی نے کہا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے انہیں ارشاد فرمایا۔ یہ کہ نہیں پہنچائے گا میری طرف سے یا میں خود یا میرے گھر والوں میں سے کوئی مرد۔

**تشریح** ارشاد ہے "میں خود یا میرے گھر والوں میں سے کوئی مرد" یعنی وہ مرد جناب مولانا ومرشدنا امام الاولیاء حضرت ابوتراب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تھے جنہوں نے وہ احکام من وعن عرب کے لوگوں کو پہنچائے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۶

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۹

۲: عبداللہ بن عمر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴۳

۳: اسباط: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۶۴

۴: فطر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۵۹

۵: عبداللہ بن شریک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۴۰

۶: عبداللہ بن رقیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۵۹

۷: سعد (بن ابی وقاص): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۸

**حدیث نمبر ۷۷/۴** | اَنْبَاَنَا اِسْحٰقُ ۱؎ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ رَاهَوَیْهِ قَالَ قَرَأْتُ عَلٰی اَبِیْ قُرَّةَ ۲؎ بْنِ مُوْسٰی بْنِ طَارِقٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ ۳؎ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۴؎ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَیْمٍ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ ۵؎ عَنْ جَابِرٍ ۶؎ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حِیْنَ رَجَعَ مِنْ عُمْرَةِ الْجِعِرَّانَةِ بَعَثَ اَبَابَکْرٍ عَلَی الْحَجِّ فَاَقْبَلْنَا مَعَهٗ حَتّٰی اِذَا کُنَّا بِالْعَرْجِ ثُوِّبَ بِالصُّبْحِ ثُمَّ اسْتَوٰی لِیُکَبِّرَ فَسَمِعَ الرَّغْوَةَ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَوَقَفَ عَنِ التَّکْبِیْرِ فَقَالَ هٰذَا رَغْوَةُ نَاقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَقَدْ بَدَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الْحَجِّ فَلَعَلَّهٗ اَنْ یَکُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَنُصَلِّیْ مَعَهٗ فَاِذَا عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَلَیْهَا فَقَالَ لَهٗ اَبُوْبَکْرٍ اَمِیْرٌ اَمْ رَسُوْلٌ قَالَ لَا بَلْ رَسُوْلٌ اَرْسَلَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِبَرَآءَةٍ اَقْرَأُهَا عَلَی النَّاسِ فِیْ مَوْسِمِ الْحَجِّ فَقَدِمْنَا مَکَّةَ فَلَمَّا کَانَ قَبْلَ التَّرْوِیَةِ بِیَوْمٍ قَامَ اَبُوْبَکْرٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ مَنَاسِکِهِمْ حَتّٰی اِذَا فَرَغَ قَامَ عَلِیٌّ فَقَرَأَ عَلَی النَّاسِ بَرَآءَةَ حَتّٰی خَتَمَهَا ثُمَّ خَرَجْنَا مَعَهٗ حَتّٰی اِذَا کَانَ یَوْمُ عَرَفَةَ قَامَ اَبُوْ بَکْرٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ مَنَاسِکِهِمْ حَتّٰی اِذَا فَرَغَ قَامَ عَلِیٌّ فَقَرأسورة بَرَأَةَ حَتّٰی خَتَمَهَا فَلَمَّا کَانَ یَوْمُ النَّحْرِ فَاَفَضْنَا فَلَمَّا رَجَعَ اَبُوْبَکْرٍ خَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ اِفَاضَتِهِمْ وَعَنْ نَحْرِهِمْ وَعَنْ مَنَاسِکِهِمْ فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ عَلِیٌّ فَقَرَأَ عَلَی النَّاسِ بَرَآءَةَ حَتّٰی خَتَمَهَا فَلَمَّا کَانَ یَوْمُ النَّفْرِ الْاَوَّلِ قَامَ اَبُوْبَکْرٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ کَیْفَ یَنْفِرُوْنَ وَ کَیْفَ یَرْمُوْنَ فَعَلَّمَهُمْ مَنَاسِکَهُمْ فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ فَقَرَأَ عَلِیٌّ بَرَآءَةَ حَتّٰی خَتَمَهَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۷

۱؎ اسحاق بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۹

۲؎ ابی قرہ: ابی قرۃ بن موسیٰ بن طارق الیمانی الزبیدی قاضی اور ثقہ ہے۔ یغرب ہے۔ طبقۃ التاسعۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۱)

۳؎ ابن جریج: اس کا نام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج الاموی المکی ہے۔ ثقہ ہے۔ فقیہ اور فاضل ہے، وکان یدلس و یرسل طبقۃ السادسۃ سے ہے ۱۵۰ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۹)

۴؎ عبداللہ بن عثمان: یہ عبداللہ بن عثمان بن خثیم مکی ہے اس کی کنیت ابوعثمان ہے، صدوق ہے طبقۃ الخامسۃ سے ہے ۱۳۲ھ ہجری میں فوت ہوا (التقریب، صفحہ ۱۸۱)

۵؎ ابی الزبیر: اس کا نام محمد بن مسلم بن تدرس الاسدی ہے۔ اس کی کنیت ابوالزبیر ہے۔ المکی اور صدوق ہے۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**ترجمہ** | جابر﷛ سے روایت ہے یہ کہ نبی کریم ﷺ جس وقت عمرہ جعرانہ سے پھرے۔ تو (جناب) ابوبکر (صدیق﷛) کو امیر حج مقرر فرما کر روانہ کیا سو ہم ان کی قیادت میں روانہ ہوئے یہاں تک کہ مقام عرج میں پہنچے۔ (جناب ابوبکر صدیق﷛) نے صبح کی نماز کی اذان کہی پھر کھڑے ہوئے تاکہ تکبیر (تحریمہ) کریں۔ پس پیچھے سے اونٹ کی آواز سنی پس تکبیر سے رکے تو فرمایا کہ یہ تو رسول کریم ﷺ کی اونٹنی کی آواز ہے۔ البتہ تحقیق رسول اللہ ﷺ نے حج شروع کر دیا ہے سو شاید کہ وہ رسول کریم ﷺ ہیں۔ تو ہم ان کے ساتھ نماز پڑھیں گے۔ پس جب ان پر نظر پڑی۔ تو وہ (حضرت) علی کرم اللہ وجہہ الکریم تھے (جناب) ابوبکر صدیق﷛ نے انہیں فرمایا کہ آپ امیر ہو کر آئے ہیں یا پیامبر۔ فرمایا نہیں میں پیامبر ہوں، مجھے رسول کریم ﷺ نے سورہ براۃ دے کر بھیجا ہے تاکہ ایامِ حج میں لوگوں کو سناؤں۔ پس ہم اس لئے مکہ (مکرمہ) میں آئے پس آٹھویں تاریخ سے ایک دن پہلے (جناب) ابوبکر (﷛) کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا، جس میں انہیں حج کے مناسک بیان فرمائے یہاں تک کہ فارغ ہوگئے۔ (حضرت) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کھڑے ہوئے پس لوگوں کے سامنے سورہ براۃ پڑھی یہاں تک کہ ختم کر دی۔ پھر ہم اس کے ساتھ نکلے یہاں تک کہ عرفہ کا دن ہوا۔ تو (جناب) ابوبکر (صدیق﷛) کھڑے ہوئے اور لوگوں کو خطبہ دیا جس میں مناسکِ حج بیان کئے یہاں تک کہ فارغ ہوگئے۔ تو (جناب) علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کھڑے ہوئے اور لوگوں کے سامنے سورہ براۃ پڑھی یہاں تک کہ اسے ختم کر دیا۔ جب قربانی کا دن ہوا تو ہم لوٹے۔ پس جب ابوبکر صدیق﷛ واپس لوٹے تو لوگوں سے خطاب فرمایا۔ پس ان کو عرفات سے لوٹنے اور قربانی اور حج کے احکام بیان فرمائے پس جب فارغ ہوگئے تو علی﷛ کھڑے ہوئے اور لوگوں کو سورہ براۃ تمام پڑھ کر سنائی۔ پس جب پہلا پھرنے کا دن ہوا تو (جناب) ابوبکر﷛ کھڑے ہوئے لوگوں کو خطبہ دیا پس واپس ہونے، کنکر مارنے کا طریقہ بیان کیا اور ان کو ان کے مناسک سکھائے پس جب فارغ ہوئے تو (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) اٹھے اور پوری سورۃ براۃ پڑھی۔

**حل لغت** | الرَّغْوَۃُ: اونٹ کی آواز، بڑبڑاہٹ۔ بَدَأَ: شروع کر دیا۔ اَلتَّرْوِیَۃ: آٹھویں ذی الحجہ کو کہتے ہیں

بقیہ حاشیہ۔ الا وانہ یدلس طبقۃ الرابعۃ سے ہے ۱۲۶ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۸)

۶۔ جابر: جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام الانصاری السلمی ہے اور صحابی بن صحابی ہے۔ انیس جہادوں میں شریک ہوئے ۷۰ ہجری کے بعد فوت ہوئے اور چورانوے برس کی عمر پائی۔ (التقریب، صفحہ ۵۲)



Marfat.com

جبکہ مسلمان احرام باندھ کرعرفات کی طرف نکلتے ہیں اور یہ دن اور رات مسجد خیف میں گذارتے ہیں۔ اَلنَّحْر: قربانی کا دن یعنی ذی الحج کی دسویں تاریخ۔ اَفَضْنَا :ہم واپس لوٹے۔اس کا مصدر اَفَاضَةٌ ہے جس کے معنی واپس لوٹنا کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے ''جس وقت عمرہ جعرانہ سے پھرے'' یعنی جعرانہ حدیبیہ کے نزدیک ایک جگہ کا نام ہے یہ مقام مکہ مکرمہ کے قریب حرم کی حد سے باہر ہے۔ارشاد ہے ''یہاں تک کہ مقامِ عرج میں پہنچے'' یعنی مدینہ منورہ سے کئی منزل کے فاصلہ پر فرع کے نواح میں ایک گاؤں ہے۔ارشاد ہے ''پیچھے سے اونٹ کی آواز سنی'' یعنی جس وقت ادائیگی نماز کیلئے کھڑے ہوئے تو اونٹ کے بڑبڑانے کی آواز آئی۔ارشاد ہے ''فرمایا کہ یہ تو رسول کریم ﷺ کی اونٹنی کی آواز ہے'' یعنی جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم ﷺ کی اونٹنی کی آواز کو پہچانتے تھے۔اسی لئے فرمایا کہ یہ آواز تو نبی کریم ﷺ کی اونٹنی کی ہے۔ارشاد ہے ''تو ہم ان کے ساتھ نماز پڑھیں گے'' یعنی جناب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یہ خیال ہوا کہ شاید جناب پیغمبر حضرت رسول مقبول ﷺ خود تشریف لا کر حج فرمارہے ہیں۔لہٰذا اب ہم آنجناب ﷺ کی امامت میں نماز ادا کریں گے۔ارشاد ہے ''جب ان پر نظر پڑی تو وہ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام تھے'' یعنی جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پیچھے مڑکر دیکھا تو اچانک ان کو جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ دکھائی دیئے۔سیدِ دوعالم جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نہ تھے۔ارشاد ہے ''آپ امیر ہو کر آئے ہیں یا پیامبر'' یعنی جناب رسول کریم ﷺ نے آپ کو میری جگہ امیر الحج بنا کر بھیجا ہے یا کوئی پیغام لے کر آئے ہیں۔ارشاد ہے ''فرمایا نہیں میں پیامبر ہوں'' یعنی میں امیر الحج بن کر نہیں آیا ہوں بلکہ حضور پیغمبر اسلام ﷺ کی طرف سے لوگوں کو سورۃ برأۃ کے احکام سنانے کیلئے قاصد بن کر آیا ہوں تا کہ اس موسمِ حج میں حج کے موقع پر تمام لوگوں کو وہ احکامِ الٰہی سناؤں۔ میں آنحضور ﷺ کا خصوصی پیامبر اور قاصد ہوں ، یہ منصبِ جلیلہ اور عظیمہ سوائے جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کے کسی اور کو نصیب نہ ہوا۔ارشاد ہے ''پس آٹھویں تاریخ سے ایک دن پہلے جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا'' یعنی سات ذی الحجہ کو تمام مسلمانوں کو حج کرنے کے افعال سکھائے۔ارشاد ہے ''یہاں تک کہ فارغ ہوگئے'' یعنی جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مناسک حج بتانے سے فارغ ہوگئے اور خطبہ کو ختم کیا۔ارشاد ہے ''یہاں تک کہ عرفہ کا دن ہوا تو جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور لوگوں کو خطبہ دیا'' یعنی نویں ذی الحجہ کو عرفات میں جناب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی امارت میں مکہ مکرمہ سے نکل کر پہنچے تو وہاں بھی جناب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مناسکِ حج پر خطبہ ارشاد فرمایا اور یہ حج کا دن تھا۔ارشاد ہے ''جب قربانی کا دن ہوا تو پس ہم لوٹے'' یعنی ذی الحجہ کی

دسویں تاریخ کو مزدلفہ سے واپس لوٹ کر منیٰ میں قربانی کیلئے آئے۔نویں ذی الحجہ کو حاجی صاحبان غروب آفتاب کے وقت عرفات کے میدان سے نکلتے ہیں اور مزدلفہ پہنچ کر مغرب اور عشاء کی نماز پڑھتے ہیں۔پھر وقوف مزدلفہ صبح کی نماز کے وقت ادا کر کے سورج نکلنے کے ساتھ ہی دسویں ذی الحجہ کو منیٰ پہنچ کر شیطان کو کنکریاں مار کر قربانی کرتے ہیں۔پھر سر منڈھا کر یا بال کتروا کر احرام کھول کر اپنے کپڑے پہن لیتے ہیں یہ دن یوم النحر ہے۔ارشاد ہے جب فارغ ہو گئے''یعنی خطبہ ارشاد فرما چکے، جو احکامِ حج پر مشتمل تھا۔ارشاد ہے''جب پہلا پھرنے کا دن ہوا''یعنی بارہویں کا دن ہوا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهٗ فَعَلِيٌّ وَلِيُّهٗ

## ''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان ہے کہ جس کا میں ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے''

(اس باب میں گیارہ احادیث شریف ہیں)

**تشریح** جناب اسد اللہ الغالب علی کل غالب امیر المومنین سیدنا و مولانا ابو تراب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ولایتِ حقہ ولایتِ محمدی ہے۔ تا قیامِ قیامت آپ رضی اللہ عنہ تمام اولیائے کرام رحمھم اللہ علیہم اجمعین کے امام، مقتدا اور پیشوا ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کی ولایتِ حقہ کا انکار جناب رحمت للعالمین، شفیع المذنبین، امام المتقین، امام الانبیاء والمرسلین احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولایت کاملہ وحقہ کا انکار ہے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

**حدیث نمبر ۷۸/۱** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى ۲ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ ۳ عَنْ سُلَيْمَانَ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا حَبِيْبُ ۵ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ ۶ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ لَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَ نَزَلَ غَدِيْرَ خُمٍّ اَمَرَ بِدَرَجٰتٍ فَقُمِصَ ثُمَّ قَالَ كَاَنِّيْ قَدْ دُعِيْتُ وَاِنِّيْ قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْاٰخَرِ كِتَابُ اللّٰهِ وَ عِتْرَتِيْ اَهْلُ بَيْتِيْ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِيْ فِيْهِمَا فَاِنَّهُمَا لَنْ يَّفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا الْحَوْضَ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مَوْلَائِيْ وَ اَنَا وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهٗ فَهٰذَا عَلِيٌّ وَلِيُّهٗ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُ فَقُلْتُ لِزَيْدٍ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَ فِي الدَّرَجَاتِ اَحَدٌ اِلَّا رَاٰهُ بِعَيْنَيْهِ وَ سَمِعَهٗ بِاُذُنَيْهِ (اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۸، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**ترجمہ** زید بن ارقم سے روایت ہے انہوں نے فرمایا جب حجۃ الوداع سے جناب رسول کریم ﷺ واپس ہوئے اور غدیر خم میں ٹھہرے۔ منبر کے رکھنے کا حکم فرمایا پس اس پر کپڑا ڈالا گیا پھر ارشاد فرمایا، گویا میں بلایا گیا ہوں اور یقیناً میں تم میں دو وزنی چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں ایک دوسرے سے بڑی ہے اللہ کی کتاب اور میری عترت (یعنی) میری اہل بیت۔ سو فکر کرو تم میرے بعد ان دونوں سے کیا معاملہ کرو گے پس یقیناً یہ دونوں آپس میں ہرگز جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ حوض پر پہنچیں گے۔ پھر ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ میرا مولیٰ ہے اور میں ہر مومن کا ولی ہوں پھر (حضرت) علی کا ہاتھ پکڑا سو فرمایا جس کا میں ولی ہوں اس کا یہ بھی ولی ہے۔ اے میرے اللہ! جو اس کو دوست رکھے تو بھی اس کو دوست بنا لے۔ اور جو اس کو دشمن رکھے تو بھی اس کو دشمن رکھ۔ ابی الطفیل کہتا ہے کہ میں نے زید بن ارقم کو کہا کہ کیا تو نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے خود سنی ہے۔ زید بن ارقم نے فرمایا کہ میرے اور منبر کے درمیان کوئی ایک شخص بھی نہیں تھا مگر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور ان کانوں سے سنا۔

**حل لغت** غَدِیْرٌ: تالاب، جھیل، کنڈ، چونکہ اس تالاب کا پانی فریب دیتا ہے اکثر اوقات ضرورت کے وقت خشک ہو جاتا ہے تو اس کا یہ نام پڑ گیا۔ خُمٌّ: جھاڑنا، صاف کرنا، دوھنا، بدبودار ہونا۔ خُمٌّ: گڑھا، مرغیوں کا ٹاپہ، تہہ خانہ۔ دَرَجَاتٌ: سیڑھی، منبر۔ اَلثَّقَلَیْنَ: دو بھاری چیزیں، دو نفیس چیزیں، ثِقْلٌ یا ثِقَالَۃٌ سے ہے۔ جس کے معنی بھاری ہونا ہے۔ فَانْظُرُوْا: سو فکر کرو، اس کا مصدر نَظَرٌ ہے جس کے معنی آنکھ سے دیکھنا، غور کرنا، انتظام کرنا، متوجہ ہونا وغیرہ وغیرہ کے ہیں۔ کرمانی فرماتے ہیں " نظر کا تعدیہ جب لام سے ہو تو مہربانی اور محبت کے معنی

---

بقیہ حواشی: اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۸

۱: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲: یحییٰ بن حماد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۲

۳: ابو عوانہ (الوضاح): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۳:۳

۴: سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۵: حبیب بن ابی ثابت: یہ حبیب بن ابی ثابت بن قیس ہے اور اسے ہند بن دینار الاسدی بھی کہتے ہیں۔ اس کی کنیت ابو یحییٰ کوفی ہے۔ ثقہ، فقیہ، جلیل ہے۔ و کان کثیر الارسال و التدلیس طبقہ الثالثہ سے ہے۔ ۱۱۹ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۶۳)

۶: ابی الطفیل: اس کا نام عامر بن واثلۃ بن عبداللہ بن عمرو بن جحش اللیثی ہے۔ ابو الطفیل اس کی کنیت ہے۔ اس نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو دیکھا ہے۔ یہ سیدنا ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے روایت کرتا ہے ۱۱۵ ہجری میں فوت ہوا۔ مسلم نے کہا کہ یہ صحابہ میں سے آخری صحابی ہیں جو سب سے آخر میں فوت ہوئے۔ (التقریب، صفحہ ۱۶۲)

۷: زید بن ارقم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۶



Marfat.com

ہوتے ہیں اور فِیْ کے ساتھ ہو تو غور اور فکر کے اور اِلیٰ کے ساتھ ہو تو دیکھنے کے اور بدون صلہ کے ہوا نتظار کے معنی دیتا ہے''

**تشریح** ارشاد ہے''جب حجتہ الوداع سے جناب رسول کریم ﷺ واپس ہوئے'' یعنی ہجرت کے بعد دسویں سال میں آنحضرت ﷺ نے جو حج کیا وہ ''حجِ وداع'' کہلاتا ہے پیغمبر اسلام ﷺ نے مکہ مکرمہ سے ہجرت فرمانے کے بعد ایک ہی حج ادا کیا اور وہ یہی حجِ وداع تھا۔ارشاد ہے''اور وہ غدیرِ خم میں ٹھہرے'' یعنی غدیر خم کے مقام پر ۱۰ ہجری میں حجِ وداع کر کے واپسی پر ٹھہرے۔قیام فرمایا۔یہ مقام بقول صاحب ''لغات الحدیث'' کتاب ''خ'' صفحہ ۱۴۰ ج دوم ''مدینہ اور مکہ کے درمیان ہے۔ وہاں ایک چشمہ بھی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے حجتہ الوداع میں حضرت علی علیہ السلام کی نسبت اسی مقام پر فرمایا تھا

''مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاہُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاہُ''

طیبی نے کہا ''غدیرِ خم، جحفہ سے تین میل پر ہے وہاں پر ایک گڑھا ہے اور جھاڑ بہت ہے'' اصمعی نے کہا کہ ''غدیر خم نہایت بدہوا مقام ہے۔ وہاں جو پیدا ہوا وہ جوانی کو بھی نہیں پہنچتا۔ البتہ اگر دوسرے مقام پر چلا گیا تو خیر''۔ارشاد ہے ''پس اس پر کپڑا اڈالا گیا'' یعنی منبر لا کر رکھ دیا گیا اور اس پر کپڑا ڈال کر آراستہ و پیراستہ کیا گیا۔ آنحضور ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب کوئی اہم بات امت کو پہنچانی ہوتی یا بیان کرنی ہوتی تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو جمع فرما کر منبر رکھوا کر اس پر وہ ارشادات فرماتے، مقصود پوری توجہ دلانا ہوتا، تاکہ ان پر عمل کریں اور فراموش نہ کریں۔ارشاد ہے''اور گویا میں بلایا گیا ہوں'' یعنی میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں جانے والا ہوں۔ اور میں نے اس بلانے کو قبول کر لیا ہے۔ اور یقیناً میں تم میں دو، وزنی چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں یعنی یہ دو چیزیں بہت وزنی اور بھاری ہے نیز یہ بڑی نفیس بھی ہیں۔ ارشاد ہے ''ایک دوسرے سے بڑی ہے'' یعنی اہمیت کے لحاظ سے وہ دونوں آپس میں ایک دوسرے سے اہم، وزنی اور نفیس ہیں۔ ان سے بڑا اور اہم درجہ و مقام کسی دوسری شے کا نہیں اور نہ ہی ہوسکتا ہے۔ ارشاد ہے ''اللہ کی کتاب اور میری عترت (یعنی) میری اہل بیت'' یعنی گویا قرآن مجید اور حضور نبی کریم ﷺ کی اولاد۔ جناب امیر المومنین اسد اللہ الغالب ابوتراب حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے پوچھا کہ ''مَنْ عِتْرَۃُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ'' عترت النبی ﷺ سے کون لوگ مراد ہیں؟۔ تو جواب میں ارشاد فرمایا ''اَصْحَابُ الْعَبَآءِ'' وہ لوگ جن کو آنحضرت ﷺ نے اپنی کملی میں داخل فرمایا تھا یعنی جناب فاطمہ، جناب علی، جناب حسن اور جناب حسین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔ ارشاد ہے ''سو فکر کرو تم میرے بعد ان دونوں سے

کیا معاملہ کرو گے"، یعنی ایسا نہ ہو کر تم قرآن مجید پر عمل کرنا چھوڑ دو اور میری اہلِ بیت کی نافرمانی پر اتر آؤ۔ اور ان کی تعظیم و تکریم کرنا چھوڑ دو اور درپے آزار ہو جاؤ اور جب یہ دونوں ایک جگہ حوضِ کوثر پر مجھے ملیں تو ایسا نہ ہو کہ تمہاری طرف سے انہیں کوئی شکایت ہو۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اہلِ بیت نبوی ﷺ ہمیشہ عامل بالقرآن ہوں گے اور قرآن حکیم کے احکام پر عمل کروانے میں ہر قسم کے مصائب اور مظالم کا مقابلہ نہایت ہی صبر و استقامت سے کریں گے اور کسی قیمت پر بھی قرآن حکیم کو نہ چھوڑیں گے ہر وقت سینہ سے لگائے رکھیں گے۔ ہر حکم اور ہر فیصلہ قرآن حکیم کے مطابق کریں گے ان میں قطعاً قطعاً جدائی اور علیحدگی نہ ہوگی بلکہ اتفاق اور اتحاد رہے گا۔ ارشاد ہے "اے میرے اللہ! جو اس کو دوست رکھتا ہے تو بھی اس کو دوست بنالے۔ اور جو اس کو دشمن رکھے تو بھی اس کو دشمن بنالے"، یعنی حضور اکرم ﷺ کی دعا اللہ تعالیٰ رد نہیں کرتا، اور دعا بھی اپنی اہلِ بیت کے حق میں ہو لہٰذا جو شخص بھی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام سے محبت کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے اور جو بھی ان سے مخالفت کا طریقہ یا وطیرہ اختیار کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے۔ ارشاد ہے "میں نے اپنی ان آنکھوں سے دیکھا اور ان کانوں سے سنا"، یعنی میں خود منبر کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے اپنی ان آنکھوں سے حضور ﷺ کو فرماتے دیکھا اور اپنے ان کانوں سے ارشاد فرماتے سنا ہے۔ گویا اس میں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں ہے بلکہ یقینی اور سچی حدیث ہے۔

صحیح رجالہ ثقات من رجال الشیخین (احمد میرین البوشی صفحہ ۹۶)

**حدیث نمبر ۱۷۹** | انبأنا محمّدُ ۱ بنُ العلاءِ قال حدّثنا ابو معٰویۃ ۲ قال حدّثنا الاعمش ۳ عن سعد ۴ بن عبیدۃ عن ابنِ بریدۃ ۵ عن ابیہ ۶ قال بعثنا رسولُ اللہِ صلّی اللہُ علیہِ وَ الہِ وسلّم فی سریّۃٍ وَ استعمل علینا علیّاً فلمّا رجعنا سألنا کیف رأیتم صُحبۃَ صاحبِکم فامّا انا شکوتُہٗ و لمّا شکاہُ غیری فرفعتُ رأسی و کنتُ رجلاً مُکبّاً فاذا وجہُ رسولِ اللہِ صلّی اللہُ علیہِ وَ الہِ وسلّم قد احمرّ فقال من کنتُ ولیّہٗ فعلیٌّ ولیّہٗ

**ترجمہ** | بریدہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ہمیں ایک لشکر کے ساتھ بھیجا (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کو ہم پر امیر لشکر بنایا۔ پس جب ہم جہاد سے واپس لوٹ کر آئے۔ تو ہم سے رسول اللہ ﷺ نے پوچھا، اپنے امیر کی صحبت کو تم نے کیسے پایا، سو میں نے ان کی شکایت کی اور میرے سوا کسی دوسرے نے ان کی شکایت نہیں کی۔ سو میں نے سر اُٹھایا اور میں سر نیچے رکھنے والا آدمی تھا۔ پس اچانک رسول اللہ ﷺ کا رخِ انور سرخ ہو گیا۔ پس ارشاد فرمایا، جس کا میں ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے۔ (اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۹ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**حل لغت** سَرِیَّۃٌ: وہ لشکر جو چار سو آدمیوں تک ہو، اس کی جمع سرایا ہے۔ وَاسْتَعْمَلَ: عامل بنایا، حاکم مقرر کیا، امیر بنایا۔ اس کا مصدر اِسْتِعْمَالٌ ہے۔ مُکِبًّا: سرنگوں کرنے والا، کَبٌّ سے ہے جس کے معنی سرنگوں ہونا کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے کہ ''رسول کریم ﷺ نے ہمیں ایک لشکر کے ساتھ بھیجا'' یعنی اس لشکر میں پیغمبر اسلام ﷺ خود بنفس نفیس شریک نہیں تھے۔ اس لئے اس جہاد کو ''سریہ'' کہتے ہیں اور جس میں حضور ﷺ بذات خود شریک ہوں وہ ''غزوہ'' کہلاتا ہے۔ نیز اس کو سریہ اس لئے بھی کہتے ہیں کہ لشکر میں چیدہ چیدہ اور بہادر جنگ جو افراد ہوتے ہیں۔ ارشاد ہے ''(جناب) علی (المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) کو ہم پر امیر لشکر بنایا'' یعنی آپ کرم اللہ وجہہ الکریم کی زیر قیادت تقریباً چار سو افراد کا لشکر جہاد کیلئے روانہ فرمایا۔ ارشاد ہے ''اپنے امیر کی صحبت کو تم نے کیسے پایا'' یعنی علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تمہارے ساتھ کس طرح کا برتاؤ کرتے تھے؟ ارشاد ہے ''سو میں نے سر اٹھایا اور میں سر نیچے رکھنے والا آدمی تھا'' یعنی مجھے اس بے موقع اور بے محل شکایت پر ندامت محسوس ہوئی اور جب کسی اور نے بھی کسی قسم کی شکایت نہ کی تو مجھے ایک قسم کی شرمندگی جیسی محسوس ہوئی۔ جس کا اظہار میرے اس عمل سے ہو رہا تھا۔

اسناده صحيح ، (ابو اسحاق الحويني، تهذيب خصائص الا مام علي ، صفحه ٧٣)

**حدیث نمبر ۳/۸۰** اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْمَلِكِ ۳ بْنُ اَبِی غُنْیَةَ عَنِ الْحَكَمِ ۴ عَنْ سَعِیْدِ ۵ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ۶ قَالَ حَدَّثَنِی بُرَیْدَةُ ۷ قَالَ بَعَثَنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَعَ عَلِیٍّ اِلَی الْیَمَنِ فَرَاَیْتُ

---

بقیہ حواشی: اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۹

۱: محمد بن العلاء: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۷

۲: ابومعاویۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۴

۳: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۳۲

۴: سعد بن عبیدۃ: سعد بن عبیدۃ اسلمی کی کنیت ابوحمزہ الکوفی ہے، ثقہ ہے، طبقہ الثالثہ سے ہے، یہ عمر بن ہبیرۃ کے دور میں عراق میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۱۸)

۵: ابن بریدۃ: اس کا نام عبداللہ ہے اور یہ سلیمان بن بریدۃ کا بھائی ہے۔ قال البزاز حيث روى علقمة بن مرثد و محارب و محمد بن جحادة عن ابن بريدة و هو سليمان. (التقریب، صفحہ ۴۳۴) عبداللہ بن بریدۃ بن الحصیب الاسلمی کی کنیت ابوسہل المروزی ہے۔ یہ قاضی تھا، ثقہ ہے طبقہ الثالثہ سے تعلق رکھتا ہے ۱۰۵ ہجری یا ۱۱۵ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۶۸)

۶: ابیہ: یہ عبداللہ کا والد بریدہ بن الحصیب ہے اس کی کنیت ابوسہل اسلمی ہے۔ یہ صحابی ہے۔ غزوۂ بدر سے قبل ایمان لایا تھا ۶۳ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۴۳)

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۰، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

مِنْهُ جَفْوَةً فَلَمَّا رَجَعْتُ شَكَوْتُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ اِلَيَّ وَ قَالَ يَا بُرَيْدَةُ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

**ترجمہ** بریدہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی کریم ﷺ نے (جناب) علی (المرتضٰی) کی قیادت میں یمن کی طرف بھیجا۔ میں نے ان میں آرام نہ پاتا دیکھا۔ پس جب میں واپس لوٹا تو میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں ان کی شکایت کی تو حضور ﷺ نے میری طرف سر مبارک اٹھایا اور فرمایا اے بریدہ! جس کا میں آقا ہوں، علی بھی اس کا آقا ہے۔

**حل لغت** جَفْوَةً: سخت ہونا، بے مروت ہونا، آرام نہ پانا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''مجھے نبی کریم ﷺ نے (جناب) علی (المرتضٰی) کی قیادت میں یمن کی طرف بھیجا'' یعنی حضرت نبی کریم ﷺ نے یمن کی طرف جناب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی امارت میں ایک لشکر بھیجا جسمیں جناب بریدہ بھی شامل تھے۔ ارشاد ہے ''میں نے ان میں آرام نہ پاتا دیکھا'' یعنی وہ فرمانبرداری کرنے اور اطاعت کروانے میں اور احکام منوانے میں نہایت ہی سخت تھے اور لشکر کو آرام سے بیٹھنے نہیں دیتے تھے، احکامِ الٰہی اور ضبط و نظم قائم رکھنے میں بڑے ہی سخت تھے۔ کسی کی بھی نافرمانی دیکھنے میں قطعاً مروت نہ فرماتے۔ ارشاد ہے ''میں نے حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ان کی شکایت کی'' یعنی آرام کرنے نہیں دیتے اور احکامِ الٰہی میں بڑے سخت ہیں وغیرہ وغیرہ۔ ارشاد ہے ''جس کا میں آقا ہوں علی بھی اس کا آقا ہے'' یعنی جس طرح تم نے اطاعت اور فرمانبرداری میں میرا حکم ماننا ہے اس طرح جناب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کا حکم بھی ماننا ہے اسلئے میں نے ہی اسے امیر مقرر کیا تھا لہٰذا اسکی اطاعت اور فرمانبرداری میں کسی قسم کی سستی یا کاہلی نہیں کرنی چاہئے بلکہ انتہائی مستعدی کا مظاہرہ کرنا ہے۔

صحیح رجالہ رجال الشیخین. (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۹۹)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۰

۱: محمد بن المثنیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱ ۲: ابو احمد (الزبیری): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۴:۲

۳: عبدالملک: عبدالملک بن حمید بن ابی غنیۃ الخزاعی، الکوفی ہے، ثقہ ہے۔ طبقہ السابعۃ سے ہے۔ (التقریب صفحہ ۲۱۸)

۴: الحکم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳:۴

۵: سعید بن جبیر: سعید بن جبیر الاسدی الکوفی ثقہ، ثبت، اور فقیہ ہے۔ طبقہ الثالثۃ سے ہے۔ اسے ۹۵ ہجری میں حجاج نے قتل کروایا۔ (التقریب، صفحہ ۱۲۰)

۶: ابن عباس: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۸ ۷: بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۹:۶



Marfat.com

**حدیث نمبر ۸۱/۴** | اَنبَأَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ ۱ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیمٍ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا عَبدُالمَلِکِ ۳ بْنُ اَبِیْ غُنْیَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَکَمُ ۴ عَنْ سَعِیْدِ ۵ بْنِ جُبَیرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ۶ عَنْ بُرَیْدَةَ ۷ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عَلِیٍّ اِلَی الْیَمَنِ فَرَأَیْتُ مِنْهُ جَفْوَةً فَقَدِمْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ عَلِیًّا فَتَنَقَّصْتُهٗ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَتَغَیَّرُ وَجْهُهٗ وَ قَالَ یَا بُرَیْدَةُ اَلَسْتُ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ قُلْتُ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ

**ترجمہ** | بریدہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کے ساتھ یمن کی طرف نکلا پس میں نے ان میں سختی کرنا دیکھا جس وقت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ تو (حضرت) علی علیہ السلام کا ذکر کیا اور ان کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رخِ انور متغیر ہونے لگا اور ارشاد فرمایا اے بریدہ! کیا میں مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک نہیں ہوں۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہاں! تو ارشاد فرمایا جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے۔

**تشریح** | ارشاد ہے "کیا میں مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک نہیں ہوں" یعنی دنیا اور دین کے تمام امور میں، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم ان پر نافذ اور نبی کی اطاعت واجب اور نبی کے حکم کے مقابل نفس کی خواہش واجب الترک، یا یہ معنی ہیں کہ نبی مومنین پر ان کی جانوں سے زیادہ راحت و رحمت اور لطف و کرم فرماتے ہیں اور نافع تر ہیں۔ بخاری و مسلم کی حدیث ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں ہر مومن کیلئے دنیا اور آخرت میں سب سے زیادہ اولیٰ ہوں اگر چاہو تو یہ آیت پڑھو النبی اولی بالمؤمنین من انفسهم (خزائن العرفان از مولانا نعیم الدین صاحب مرادآبادی) ارشاد ہے "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہاں" یعنی یقیناً آپ ہماری جانوں کے مالک ہیں۔

اسناده صحیح (ابو اسحق الحوینی ، تهذیب خصائص الامام علی صفحه ۷۴)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۱

۱: ابوداؤد: اس کا نام سلیمان بن الاشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد الازدی السجستانی ہے۔ ابوداؤد کنیت ہے۔ ثقہ، حافظ اور صاحب السنن صحاح ستہ ہے۔ اکابر علماء میں سے ہے۔ طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے ۲۷۵ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۳۲)

۲: ابونعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶:۲
۳: عبدالملک بن ابی غنیۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۰:۳
۴: الحکم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳:۴
۵: سعد بن جبیر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۰:۵
۶: ابن عباس: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۸
۷: بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۹:۶



Marfat.com

**حدیث نمبر ۵/۸۲** اَخبَرَنِیْ زَکَرِیَّا ۱ ابنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا نَصرُ ۲ بنُ عَلِیٍّ قَالَ اَنبأَنَا عَبْدُاللهِ ۳ بنُ دَاوٗدَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ ۴ بنِ اَیمَنَ عَنْ اَبِیْهِ ۵ اَنَّ سَعْدًا ۶ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے''

صحیح (رجال السند من رجال البخاری سوی شیخ المؤلف و هو ثقة)

**(یہ حدیث صحیح ہے۔اس کی سند کے رجال بخاری کے رجال ہیں، سوائے مؤلف کے شیخ کے اور وہ ثقہ ہے احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین صفحہ ۹۹)**

**حدیث نمبر ۶/۸۳** اَنبأَنَا قُتَیْبَةُ ۱ بنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابنُ اَبِیْ عَدِیٍّ ۲ عَنْ عَوفٍ ۳ عَنْ مَیْمُوْنِ ۴ بنِ اَبِیْ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ

**ترجمہ** میمون بن ابی عبداللہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے''۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۲

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱ ۲: نصر بن علی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲:۲

۳: عبداللہ بن داؤد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲:۳

۴: عبدالواحد بن ایمن: عبدالواحد بن ایمن المخزومی کی کنیت ابوالقاسم المکی ہے لا باس بہ طبقہ الخامسة سے ہے۔(التقریب، ص ۲۲۱)

۵: ابیہ: یہ عبدالواحد کے باپ جناب ایمن الحبشی المکی ہیں۔ثقہ اور طبقہ الرابعہ سے ہے۔(التقریب، صفحہ ۴۰)

۶: سعد بن ابی وقاص: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۳

۱: قتیبہ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰:۱

۲: ابن ابی عدی: اس کا نام محمد بن ابراہیم بن ابی عدی ہے جو کہ اپنے جد کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ثقہ اور طبقہ التاسعة سے ہے ۱۹۴ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب، صفحہ ۲۸۸)

۳: عوف: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۳ ۴: میمون بن ابی عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۴



Marfat.com

**حدیث نمبر ۷/۸۴** اَنبَأَنَا قُتَيبَةُ ا بنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابنُ اَبِيْ عَدِيٍّ ٢ عَنْ عَوفٍ ٣ عَنْ مَيمُونٍ ٤ اَبِيْ عَبدِاللهِ قَالَ قَالَ زَيدُ ٥ بنُ اَرقَمَ قَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللهَ وَ اَثنٰى عَلَيهِ ثُمَّ قَالَ اَلَستُم تَعلَمُونَ اِنِّیْ اَولٰى بِكُلِّ مُؤمِنٍ وَّ مُؤمِنَةٍ مِنْ نَفسِهٖ قَالُوا بَلٰى نَشهَدُ لَاَنتَ اَولٰى بِكُلِّ مُؤمِنٍ مِّنْ نَفسِهٖ قَالَ فَاِنِّیْ مَنْ كُنتُ مَولَاهُ فَهٰذَا مَولَاهُ وَ اَخَذَ بِيَدِ عَلِیٍّ

**ترجمہ** زید بن ارقم فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہوئے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان فرمائی پھر ارشاد فرمایا ''کیا تم نہیں جانتے ہو کہ میں ہر ایک مسلمان مرد اور مسلمان عورت کی جان سے زیادہ اس کا مالک ہوں'' صحابہ کرام نے عرض کیا ہاں! ہم گواہی دیتے ہیں کہ ضرور آپ ہر ایک مسلمان کی جان سے زیادہ مالک ہیں۔ ارشاد فرمایا ''پس یقیناً جس کا میں مولا ہوں پس اس کا یہ مولا ہے'' اور (جناب) علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) کا ہاتھ پکڑا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''ضرور آپ ہر ایک مسلمان کی جان سے زیادہ مالک ہیں'' یعنی آنحضرت ﷺ مسلمانوں کو اسی بات کا حکم فرماتے ہیں جس میں ان کی دنیا اور آخرت کی بھلائی ہو۔ ارشاد ہے ''اور جناب علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) کا ہاتھ پکڑا'' یعنی تمام لوگوں کو دکھایا کہ یہ علی رضی اللہ عنہ وہ ہیں کہ تمام مسلمانوں کے آقا ہیں۔

**حدیث نمبر ۸/۸۵** اَنبَأَنَا مُحَمَّدُ ا بنُ يَحيَى بنِ عَبدِ اللهِ النَّيسَابُورِیُّ وَ اَحمَدُ ٢ بنُ عُثمَانَ بنِ حَكِيمٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيدُ اللهِ ٣ بنُ مُوسٰى قَالَ اَنبَأَنَا هَانِئُ ٤ بنُ اَيُّوبَ عَنْ طَلحَةَ ٥ الْاِيَامِیِّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَيرُ ٦ بنُ سَعدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِيًّا وَ هُوَ يَنشُدُ فِی الرَّحبَةِ مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كُنتُ مَولَاهُ فَعَلِیٌّ مَولَاهُ فَقَامَ بِضعَةَ عَشَرَ فَشَهِدُوا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۴

ا: قتیبہ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۰

۲: ابن ابی عدی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۸۳

۳: عوف: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۱۵

۴: میمون ابی عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۵

۵: زید بن ارقم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۵، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**ترجمہ** عمیر بن سعد سے روایت ہے یہ کہ انہوں نے (جناب) علی (المرتضیٰ) سے سنا۔اسی حال میں کہ وہ مسجد کوفہ کے صحن میں پوچھتے تھے کہ کسی شخص نے حضور رسالت مآب ﷺ سے سنا ہے کہ آنحضرت ﷺ فرماتے تھے کہ ''جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے'' تو کچھ اوپر دس اشخاص کھڑے ہوئے اور گواہی دی۔

**حل لغت** یُنْشِدُ :وہ پوچھتے تھے،سوال کرتے تھے۔ اَلرَّحْبَۃَ :کوفہ کی جامع مسجد کا صحن،کوفہ میں ایک محلّہ بھی اسی نام کا ہے۔بِضْعَۃٌ: تین سے نو تک کو کہتے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے''وہ مسجد کوفہ کے صحن میں پوچھتے تھے''یعنی ایک بہت بڑے صحابہ کرام کے اجتماع میں جو کوفہ کی جامع مسجد کے صحن میں تھا یہ پوچھتے تھے۔ارشاد ہے'' کچھ اوپر دس اشخاص نے گواہی دی''یعنی دس سے زیادہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے گواہی دی کہ یہ حدیث مبارک ہم نے حضور ﷺ سے سنی ہے اور صحیح ہے۔

اسنادہ صحیح و حسن (احمد میرین البلوشی،خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب،صفحہ ۱۰۰)

**حدیث نمبر ۹/۸۶** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۳ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ ۴ قَالَ سَمِعْتُ سَعِیْدَ ۵ بْنَ وَهْبٍ قَالَ قَامَ خَمْسَةٌ اَوْ سِتَّةٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَشَهِدُوْا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ

---

بقیہ حواشی: اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۵

۱: محمد بن یحییٰ بن عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۴:۱

۲: احمد بن عثمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۱ ۳: عبیداللہ بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲

۴: ہانی بن ایوب: ہانی بن ایوب الجعفی الکوفی مقبول اور طبقہ السادسۃ سے ہے۔(التقریب،صفحہ ۳۶۲)

۵: طلحہ الایامی: طلحہ بن مصرف بن عمرو بن کعب الیامی الکوفی ثقہ، قاری اور فاضل ہے۔طبقہ الخامسۃ سے ہے۔۱۱۲ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب،صفحہ ۱۵۷)

۶: عمیر بن سعد: عمیر بن سعد الانصاری الاوسی ہے۔(التقریب،صفحہ ۲۶۵)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۶

۱: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱ ۲: محمد بن جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲

۳: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳ ۴: ابی اسحٰق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: سعید بن وہب: سعید بن وہب الہمدانی الخیوانی الکوفی ثقہ اور مخضرم ہے۔۷۵ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۱۲۶)



Marfat.com

ترجمہ | سعید بن وہب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پانچ یا چھ صحابی کھڑے ہوئے اور انہوں نے گواہی دی یہ کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''جس کا میں مولا ہوں پس علی اس کا مولا ہے''

اسنادہ صحیح. (ابواسحاق الحوینی۔تہذیب خصائص الامام صفحہ ۱۰۱)

حدیث نمبر ۱۰/۸۷ | انبأنا عليٌّ ١ بنُ محمّدِ بنِ عليٍّ قاضيُ المِصّيصةِ قالَ حدّثنا خلفٌ ٢ قالَ حدّثنا اسرائيلُ ٣ عن ابي اسحٰقَ ٤ قالَ حدّثني سعيدُ ٥ بنُ وهبٍ انّهُ قامَ مِمّا يليهِ ستّةٌ وقالَ زيدُ ٦ بنُ يُثيعَ وَ قامَ مِمّا يليني ستّةٌ فشهدُوا انّهم سمعُوا رسولَ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وَاٰلهٖ وسلّمَ يقولُ مَن كُنتُ مولاهُ فعليٌّ مولاهُ

ترجمہ | سعید بن وہب سے روایت ہے کہ میرے قریب سے چھ افراد کھڑے ہوئے اور زید بن یثیع نے فرمایا کہ میرے قریب سے چھ افراد کھڑے ہوئے، تو انہوں نے گواہی دی یہ کہ انہوں نے حضرت رسول کریم ﷺ سے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے''۔

تشریح | ارشاد ہے ''سعید بن وہب سے روایت ہے کہ میرے قریب سے چھ افراد کھڑے ہوئے'' یعنی جب حضرت علی علیہ السلام نے اس حدیث پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ؓ سے پوچھا تو میرے ساتھ والے چھ اصحاب کھڑے ہوگئے۔ ارشاد ہے ''زید بن یثیع نے فرمایا کہ میرے قریب سے چھ افراد کھڑے ہوئے'' یعنی اس اجتماع میں سے بارہ اصحاب کھڑے ہوئے۔

صحیح رجال اسنادہ، ثقات

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۱۰۲)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۷

١ علی بن محمد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۹:۱

٢ خلف (بن تمیم): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۹:۲

٣ اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

٤ ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

٥ سعید بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۶:۵

٦ زید بن یثیع: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۰:۵



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۱/۸۸** اَنبَأَنَا اَبُوْ دَاؤدَ ا قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ ٢ ابنُ اَبَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِیکٌ ٣ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسحٰقَ ٤ عَنْ زَیْدِ ٥ بْنِ یُثَیْعٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیَّ ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ عَلٰی مِنبَرِ الْکُوْفَةِ اِنِّیْ مُنْشِدُ اللهِ رَجُلًا لَا اُنْشِدُ اِلَّا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هَلْ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ یَقُوْلُ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُ فَقَامَ سِتَّةٌ مِنْ جَانِبِ الْمِنبَرِ وَ سِتَّةٌ مِنْ جَانِبِ الْمِنبَرِ الْاٰخَرِ فَشَهِدُوْا اَنَّهُمْ سَمِعُوْا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ذَالِکَ قَالَ شَرِیْکٌ فَقُلْتُ لِاَبِیْ اِسْحَاقَ هَلْ سَمِعْتَ الْبَرَآءَ بْنَ عَازِبٍ یُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ

**ترجمہ** زید بن یثیع سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی ابن ابی طالب سے سنا وہ فرماتے تھے جبکہ کوفہ میں منبر پر تشریف فرما تھے۔ یقیناً میں اس شخص کو اللہ کی قسم دیتا ہوں نہیں دیتا ہوں قسم مگر اصحاب محمد ﷺ کو کیا اس نے رسول کریم ﷺ سے غدیر خم کے دن سنا کہ آنحضرت ﷺ فرماتے تھے۔ ''جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے۔ اے میرے اللہ! جو اس کو دوست رکھے تو بھی اسے دوست رکھ، اور جو اس سے عداوت کرے تو بھی اس سے دشمنی رکھ'' پس چھ افراد منبر کی ایک طرف سے اور چھ افراد دوسری طرف سے اٹھے، پس سب نے (جو کھڑے ہوئے) اس بات کی گواہی دی کہ ہم نے یہ حدیث (شریف) جناب رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔ شریک نے کہا کہ میں نے ابی اسحاق سے پوچھا کیا تو نے براٗ بن عاذب سے خود سنا ہے کہ وہ حضور رسول کریم ﷺ سے یہ حدیث شریف بیان فرماتے تھے؟ اس نے فرمایا ہاں!۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۸

ا: ابوداؤد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۱:۱

۲: عمران بن ابان: عمران بن ابان بن عمران السلمی یا القرشی ہے۔ اس کی کنیت ابوموسیٰ ہے الطحان الواسطی ہے ضعیف ہے اور طبقہ التاسعۃ سے ہے۔ ۲۰۵ یا ۲۰۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۴)

۳: شریک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۱:۳

۴: ابواسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: زید بن یثیع: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۰:۵



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے" کیا اس نے رسول کریم ﷺ سے غدیر خم کے دن سنا کہ آنحضرت ﷺ فرماتے تھے" یعنی اے پیغمبر اسلام جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے صحابہ کیا تم میں سے کسی نے غدیر خم کے دن حضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے۔ سچ سچ خداوند بزرگ و برتر کو گواہ کر کے بتلاؤ۔ ارشاد ہے" چھ افراد منبر کی ایک طرف سے اور چھ افراد منبر کی دوسری طرف سے" یعنی منبر مبارک کے ہر دو جانب سے وہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اٹھے جنہوں نے حضور سید المرسلین ﷺ سے یہ حدیث مبارک سنی تھی۔

قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عِمْرَانُ ابْنُ اَبَانِ الْوَاسِطِيُّ لَيْسَ بِقَوِيٍّ فِي الْحَدِيْثِ

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عمران ابن ابان واسطی حدیث میں قوی نہیں ہے۔



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ بَعْدِيْ

## "اس میں حضور انور نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا ذکر ہے کہ میرے بعد ہر ایک مومن کا ولی علی ہے"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۸۹** | حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ ۲ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ ۳ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ عَنْ يَزِيْدَ ۴ الرِّشْكِ عَنْ مُطَرِّفِ ۵ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عِمْرَانَ ۶ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ جَيْشًا وَ اسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَمَضٰى فِي السَّرِيَّةِ فَاَصَابَ جَارِيَةً فَاَنْكَرُوْا عَلَيْهِ وَ تَعَاقَدَ اَرْبَعَةٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِذَا لَقِيْنَا رَسُوْلَ اللهِ فَنَشْكُوْا عَلَيْهِ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِذَا رَجَعُوْا مِنْ سَفَرٍ بَدَءُوْا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَلَّمُوْا عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفُوْا اِلٰى رِحَالِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَتِ السَّرِيَّةُ فَسَلَّمُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَامَ اَحَدُ الْاَرْبَعَةِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ صَنَعَ كَذَا وَ كَذَا فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ الثَّانِيْ فَقَالَ مِثْلَ ذَالِكَ ثُمَّ قَامَ الثَّالِثُ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ ثُمَّ قَامَ الرَّابِعُ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالُوْا فَاَقْبَلَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ الْغَضَبُ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ اِنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِيْ

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹،۱ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**ترجمہ** عمران بن حصین سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر بھیجا اور (جناب) علی ابن ابی طالب کو ان پر حاکم مقرر فرمایا۔ پس لڑائی اختتام کو پہنچائی، پس (جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے) ایک کنیز کو لے لیا۔ پس آپ کی عیب جوئی کی اور رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے چار صحابہ نے آپس میں عہد کیا کہ جب ہم حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں گے تو (جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی) شکایت کریں گے اور مسلمانوں کا یہ طریقہ تھا کہ جب سفر سے واپس لوٹتے تو سب سے پہلے رسول کریم ﷺ کی خدمتِ مبارکہ میں حاضر ہوتے سلام عرض کرتے پھر اپنے اپنے گھروں کو جاتے۔ پس جب یہ دستہ آیا تو نبی کریم ﷺ کے سلام کو حاضر ہوا پس ان چار میں سے ایک کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ علی بن ابی طالب نے یہ کیا، یہ کیا، تو رسول کریم ﷺ نے اس سے منہ (مبارک) پھیر لیا۔ پھر دوسرا کھڑا ہوا اور اس نے بھی یہی بات کہی۔ پھر تیسرا کھڑا ہوا اور اس نے بھی اس کی بات کی طرح بات کہی۔ پھر چوتھا کھڑا ہوا، سو اس نے بھی ان کی مانند بات کہی۔ تو حضرت رسول کریم ﷺ نے ان کی طرف رخ انور موڑا۔ درآنحالیکہ آنحضور ﷺ کے چہرۂ انور سے غصہ ظاہر ہو رہا تھا پھر ارشاد فرمایا تمہیں (جناب) علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق کونسی بات نے برانگیختہ کر رکھا ہے۔ یقیناً علی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور میرے (وصال) کے بعد (بھی) وہ ہر ایک مومن کا ولی ہے۔

**حل لغت** مَضٰی: یمضی و یمضو مضاع و مضوًّا: علی الامر، مداومت کرنا، جاری کرنا اور پورا کرنا۔ انکر علیہ فعلہ: عیب لگانا اور منع کرنا۔ بدأو: شروع کرتے۔ بَدْءً ا، و ابتداء، و بتداء: شروع کرنا، پہلے کرنا۔ اراد، ارادۃ: چاہنا، خواہش کرنا، راغب ہونا۔ علی الامر: برانگیختہ ہونا۔

**تشریح** ارشاد ہے "پس لڑائی اختتام کو پہنچائی"، یعنی جہاد کامیابی کے ساتھ انجام پذیر ہوا اور یہ لشکر جو آپ کرم اللہ وجہہ الکریم کی قیادت میں آیا تھا فتح مند ہوا۔ اور حضور پیغمبر اسلام ﷺ نے جو مہم آپ کرم اللہ وجہہ الکریم کو سونپی تھی آنجناب کرم اللہ وجہہ الکریم نے انتہائی حسنِ تدبیر کے ساتھ سر انجام دی اور فتح و ظفر سے ہمکنار ہوئے، ارشاد ہے "پس (جناب علی المرتضیٰ نے)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹

۱؎ احمد بن شعیب: احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار کی کنیت ابو عبد الرحمٰن النسائی ہے۔ حافظ ہے، صاحب سنن ہے ۳۰۳ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۳) بعض کتب میں احمد بن شعیب کا ذکر نہیں۔ اس کے مفصل حالات جاننے کے لئے مقدمہ کتاب ہذا کی طرف رجوع کریں۔

۲؎ قتیبۃ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۰

۳؎ جعفر بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴۵

۴؎ یزید الرشک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۶۷

۵؎ مطرف بن عبد اللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۶۷

۶؎ عمران بن حصین: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲۱

ایک کنیز کو لے لیا'' یعنی کفار پر فتح حاصل کرنے کے بعد جو اُن کی عورتیں مال غنیمت میں آئیں۔ ان میں سے ایک عورت کو بطور لونڈی کے آنجناب کرم اللہ وجہہ الکریم نے لے لیا۔ ارشاد ہے ''آپ کی عیب جوئی کی'' یعنی آپ ﷺ کے اس کام کو برا جان کر عیب جوئی کرنے لگے۔ ارشاد ہے ''پہلے رسول کریم ﷺ کی خدمتِ مبارکہ میں حاضر ہوتے، سلام کرتے پھر اپنے اپنے گھروں کو جاتے'' یعنی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا یہ معمول تھا کہ جب کسی جہاد یا کسی بھی سفر سے واپس آتے تو اپنے گھروں میں پہلے نہ جاتے بلکہ اپنے محبوب، ہادیٔ برحق پیغمبر اسلام جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے حضورِ اقدس میں حاضر ہوتے، قدم بوسی کا شرف حاصل کرتے، آداب و احترام بجا لاتے، ہدیہ و تحفہ پیش کرتے، دعا و برکت حاصل کرتے، پھر اپنے گھر بال بچوں میں تشریف لے جاتے اور آج تک یہ سلسلہ قائم ہے۔ ساداتِ کرام اور مشائخ عظام سے مخلص تعلق رکھنے والے اسی طرح کرتے ہیں اور صحابہ کرام کی اس سنت کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء۔ ارشاد ہے ''علی ابن ابی طالب نے یہ کیا، یہ کیا'' یعنی اس لونڈی کے متعلق شکایت کی۔ ارشاد ہے ''تو رسول کریم ﷺ نے اس سے منہ (مبارک) پھر لیا۔ یعنی اس شخص کی اس شکایت پر کوئی توجہ نہ فرمائی۔ اس لئے کہ یہ ایک ناجائز اور قطعاً غیر مناسب بات تھی جو کہ شرعاً و عرفاً غلط تھی۔ ارشاد ہے ''پھر چوتھا کھڑا ہوا سو اس نے بھی ان کی مانند بات کہی'' یعنی ان چاروں نے اپنے کئے ہوئے عہد و پیمان کے مطابق شکایت کر دی۔ ارشاد ہے ''پھر ارشاد فرمایا تمہیں (جناب) علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق کون سی بات نے برانگیختہ کر رکھا ہے'' یعنی حضور ﷺ نے ان چار صحابہ کی شکایت سن کر انہیں ارشاد فرمایا تمہیں کون سی بات جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی مخالفت پر اکسا رہی ہے اور برانگیختہ کر رہی ہے۔ کیا تم نے اس کے مرتبہ و مقام کو نہیں سمجھا اس کو تو میرے قرب کی وجہ سے وہ مقام و مرتبہ حاصل ہے جو مجھے تم پر ہے اور میرے وصال کے بعد بھی وہ ہی ہر ایک مومن کا ولی ہے جب وہ ولی برحق ہے تو اسے ہر قسم کا تصرف بھی حاصل ہے۔

اسنادہ صحیح

(ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی، صفحہ ۷۸)



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ وَلِيُّكُمْ مُرْتَضًى مِّنْ بَعْدِي

## ”حضور سید الانبیاء جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کا ذکر ہے کہ علی تمہارا ولی اور میرے بعد مرتضیٰ ہے“

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۹۰** حَدَّثَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَاصِلُ [۲] بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى الْكُوْفِيُّ عَنِ ابْنِ فُضَيْلٍ [۳] عَنِ الْاَجْلَحِ [۴] عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ [۵] بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ [۶] قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ مَعَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَ بَعَثَ عَلِيًّا عَلٰى جَيْشٍ اٰخَرَ وَقَالَ اِنِ الْتَقَيْتُمَا فَعَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَلَى النَّاسِ وَاِنْ تَفَرَّقْتُمَا فَكُلٌّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا عَلٰى حِدَةٍ فَلَقِيْنَا بَنِيْ زُبَيْدٍ مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ وَ ظَهَرَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَقَاتَلْنَا الْمُقَاتِلَةَ وَ سَبَيْنَا الذُّرِّيَّةَ فَاصْطَفٰى عَلِيٌّ جَارِيَةً لِّنَفْسِهٖ مِنْهُنَّ فَكَتَبَ بِذَالِكَ خَالِدُ بْنُ وَلِيْدٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَنَالَ مِنْهُ قَالَ فَدَفَعْتُ الْكِتٰبَ اِلَيْهِ وَ قُلْتُ مِنْ عَلِيٍّ فَتَغَيَّرَ وَجْهُهٗ اَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بَعَثْتَنِيْ مَعَ رَجُلٍ وَ اَلْزَمْتَنِيْ بِطَاعَتِهٖ فَبَلَّغْتُ مَا اُرْسِلْتُ بِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِيْ لَا تَقَعَنَّ يَا بُرَيْدَةُ فِيْ عَلِيٍّ فَاِنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّكُمْ بَعْدِيْ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۰

[۱] احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹: ۱

[۲] واصل بن عبدالاعلیٰ: واصل بن عبدالاعلی بن ہلال الاسدی کی کنیت ابوالقاسم یا ابوالحمد الکوفی ہے۔ ثقہ اور طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۸)

(حواشی اسماء الرجال اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**ترجمہ** | عبداللہ بن بریدہ اپنے باپ بریدہ سے روایت کرتا ہے کہ بریدہ نے کہا کہ ہمیں جناب رسول کریم ﷺ نے خالد بن ولید کی معیت میں یمن کی طرف بھیجا اور ایک دوسرے لشکر پر علی (المرتضٰی علیہ السلام) کو امیر بنا کر بھیجا اور حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اگر تم دونوں لشکر مل جاؤ تو تم سب پر علی علیہ السلام امیر ہوگا اور اگر تم الگ الگ رہے تو ہر ایک لشکر کا تم میں سے اپنا اپنا امیر ہوگا۔ پس ہم اہلِ یمن کے قبیلے بنی زبید سے بالمقابل اکٹھے ہوئے اور مسلمان مشرکین پر غالب آگئے۔ پس جو لڑنے والے تھے وہ قتل ہوئے۔ اور ان کی اولاد کو بندی بنایا ان میں سے (جناب) علی نے اپنے لئے ایک کنیز چن لی۔ تو خالد بن ولید نے یہ واقعہ نبی کریم ﷺ کو لکھا اور مجھے حکم دیا کہ میں یہ خط حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچا دوں۔ (بریدہ نے) کہا کہ میں نے وہ خط جناب رسول کریم ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ اور میں نے بھی (جناب) علی (المرتضٰی علیہ السلام) کی بدی کی۔ پس حضرت نبی کریم ﷺ کے چہرۂ اقدس پر غصہ کے آثار نمایاں ہوئے۔ پس میں نے کہا کہ یہ مقام پناہ مانگنے کا ہے۔ (اے پیغمبر ﷺ) آپ نے مجھے ایک شخص کے ساتھ بھیجا۔ اور اس کا حکم مجھ پر ضروری ٹھہرایا۔ سو جو چیز اس نے مجھے دی، میں نے وہ پہنچا دی۔ پس مجھے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا "اے بریدہ! (حضرت) علی (علیہ السلام) کی نافرمانی نہ کر یقیناً علی مجھ سے اور میں اسی سے ہوں اور وہ میرے بعد بھی تمہارا ولی ہے۔

**حل لغت** | ظَهَرَ: ظَهَرَ کا صلہ جب عَلٰی "آئے تو اس کے معنی غلبہ پانا ہیں"۔ اِصْطَفٰی: چننا، منتخب کرنا، برگزیدہ کرنا۔ جَارِیَة: باندی، کنیز۔ اَنَالَ: پہنچا دوں، اِنَالَةً: پہنچانا، نَیلٌ یانَالٌ یانَالَةٌ: پہنچنا، مراد حاصل کرنا، گالی دینا

**تشریح** | ارشاد ہے "ہمیں جناب رسول کریم ﷺ نے خالد بن ولید کی معیت میں یمن کی طرف بھیجا" یعنی یمن کی طرف ایک لشکر بھیجا جس کی امارت خالد بن ولید کو پیغمبر اسلام ﷺ نے سونپی۔ ارشاد ہے "اور ایک دوسرے لشکر پر علی المرتضٰی کو امیر بنا کر بھیجا" یعنی یمن کو فتح کرنے کیلئے مختلف سمتوں سے دو لشکر روانہ ہوئے۔ ایک کی قیادت خالد بن ولید کر رہے تھے اور دوسرے کی قیادت جناب علی المرتضٰی علیہ السلام کر رہے تھے۔ ارشاد ہے "اگر تم

---

بقیہ حواشی: ۳: ابن فضیل (محمد بن فضیل): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۷

۴: الاجلح: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۷

۵: عبداللہ بن بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۷۹

۶: ابیہ: بریدہ بن الحصیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۷۹

دونوں لشکر مل جاؤ تو تم سب پر علی علیہ السلام امیر ہوگا'' یعنی جب مختلف سمتوں سے آکر یہ دونوں لشکر ایک جگہ مل جائیں تو یہ دونوں لشکر ایک لشکر ہو جائے گا اور خالد بن ولید اپنے لشکر کی قیادت جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو سونپ دیں گے اور تمام لوگوں کی قیادت اور سرداری جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام فرمائیں گے اور پھر جہاد میں حضرت علی علیہ السلام امیر ہوں گے۔ ارشاد ہے ''اور اگر تم الگ الگ رہے تو ہر ایک لشکر کا تم میں سے اپنا اپنا امیر ہوگا'' یعنی جب تک یہ دونوں اکٹھے نہ ہو جائیں۔ ہر ایک لشکر اپنے اپنے امیر کی قیادت میں لڑتا رہے گا ایک لشکر کا امیر خالد بن ولید ہوگا اور دوسرے کا علی بن ابی طالب۔ ارشاد ہے ''پس ہم اہل یمن کے قبیلے بنو زبید سے بالمقابل اکٹھے ہوئے'' یعنی دونوں لشکر یکجا ہو گئے اور یمن کے قبیلہ بنی زبید کے مقابلہ میں جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کی قیادت میں صف آراء ہو گئے۔ ارشاد ہے ''مسلمان مشرکین پر غالب آ گئے'' یعنی مشرکوں نے شکست کھائی اور مسلمانوں کو فتح وظفر نصیب ہوئی۔ ارشاد ہے ''پس جو لڑنے والے تھے وہ قتل ہوئے'' یعنی خوب گھمسان کی لڑائی ہوئی اور ہر طاقتور جوان لڑا اور مسلمانوں نے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا۔ ارشاد ہے ''اور ان کی اولاد کو بندی بنایا'' یعنی جو باقی عورتیں اور چھوٹے بچے رہ گئے وہ مسلمانوں نے قیدی بنا لئے۔ ارشاد ہے ''ان میں سے (جناب) علی نے اپنے لئے ایک کنیز چن لی'' یعنی اس قبیلہ کی قیدی عورتوں سے ایک عورت کو علی المرتضیٰ علیہ السلام نے اپنے لئے بطورِ باندی کے لے لیا۔ ارشاد ہے ''مجھے حکم دیا کہ میں یہ خط حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچا دوں'' یعنی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے خلاف یہ شکایت سے بھرا ہوا خط پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچا دوں۔ ارشاد ہے ''پس میں نے کہا یہ مقام پناہ مانگنے کا ہے'' یعنی میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غصہ اور غضب سے پناہ مانگتا ہوں۔ گویا مجھ سے ایک بڑی غلطی ہوگئی ہے جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناراض ہو گئے ہیں۔ ارشاد ہے ''سو جو چیز اس نے مجھے دی میں نے وہ پہنچا دی'' یعنی اس خط کے پہنچانے میں، میں نے اپنے امیر کی اطاعت کی ہے۔ اگرچہ وہ صرف خط پہنچا دیتا تو اپنا فرض ادا کرتا مگر ساتھ ہی اس صاحب نے زبانی شکایت بھی کی جو کہ اسے مناسب نہیں تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو تو ان سب کا امیر مقرر فرما دیا تھا۔ جبکہ دونوں لشکر اکٹھے ہو گئے تھے اور جناب امیر علیہ السلام کی قیادت میں یہ جہاد ہوا۔ اس میں تو خالد بن ولید ایک سپاہی کی حیثیت سے شامل ہوئے نہ کہ امیر کی حیثیت سے لہٰذا ان سب پر جناب امیر کی اطاعت لازمی اور ضروری تھی نہ کہ شکایتیں اور برائیاں بیان کرتے جو کہ اطاعت امیر کے خلاف بات ہے۔ جس سے سینکڑوں فتنے اور فساد پیدا ہو سکتے ہیں، فافہم۔ ارشاد ہے ''اے بریدہ! (حضرت) علی (علیہ السلام) کی نافرمانی نہ کر۔ یقیناً علی مجھ سے ہے اور میں اس سے، اور وہ میرے بعد بھی تمہارا ولی ہے'' یعنی سبحان اللہ جناب امیر المومنین علی علیہ السلام کی عظمت وشان کتنی عظیم



Marfat.com

اوراعلیٰ ہے کہ آنجناب ﷺ کی ولایتِ حقہ تاقیامِ قیامت قائم ہے۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

اسنادہ حسن (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۷۸)

جناب عبیداللہ صاحب بسمل امرتسری[1] حدیث نقل کرتے ہیں

عَنْ عَلِیٍّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ تَمْشِیْ فِیْ طُرُقَاتِ الْمَدِيْنَةِ اِذْ مَرَرْنَا بِنَخْلٍ مِنْ نَخْلِهَا فَصَاحَتْ نَخْلَةٌ بِاُخْرٰى هٰذَا النَّبِیُّ الْمُصْطَفٰى وَ هٰذَا عَلِیُّ الْمُرْتَضٰى الخ (اخرجه الخوارزمی و ابن یوسف الکنجی فی کفایة الطالب)

(سیدنا) علی (المرتضیٰ ؑ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک دفعہ نکلا ہم مدینہ مبارکہ کے بعض راستوں میں جارہے تھے۔ اچانک ہمارا گذر ایک کھجوروں کے باغ پر ہوا تو ایک کھجور کے درخت نے دوسرے کو پکار کر کہا کہ یہ نبی مصطفیٰ ﷺ ہیں اور یہ علی المرتضیٰ ؑ ہیں (الی آخرہ الحدیث)

مندرجہ بالا باب کے عنوان میں ''مرتضیٰ'' کا ذکر آیا ہے مگر حدیث مبارکہ میں نہیں آیا۔ بیروت اور مصر وغیرہ کی چھپی ہوئی خصائص میں اس باب کے عنوان میں بھی یہ لفظ نہیں چونکہ میرے سامنے ہندوستانی چھاپہ خانہ کی کتاب ہے لہٰذا میں نے لکھ دیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

[1] (ارجح المطالب فی عدمناقب اسداللہ الغالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۳۶)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

# ذِكۡرُ قَوۡلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنۡ سَبَّ عَلِيًّا فَقَدۡ سَبَّنِیۡ

## "یہ باب آنحضرت ﷺ کے اس ارشادِ گرامی پر ہے کہ جس نے علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کو گالی دی اس نے مجھ کو گالی دی" (استغفر اللہ)

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۹۱** اَنۡبَأَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَيۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا الۡعَبَّاسُ ۲ بۡنُ مُحَمَّدِ الدَّوۡرِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیۡ يَحۡيٰی ۳ بۡنُ اَبِیۡ بُكَيۡرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسۡرَائِيۡلُ ۴ عَنۡ اَبِیۡ اِسۡحَاقَ ۵ عَنۡ اَبِیۡ عَبۡدِ اللّٰهِ ۶ الۡجَدَلِیِّ قَالَ دَخَلۡتُ عَلٰی اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهَا فَقَالَتۡ اَتَسُبُّ رَسُوۡلَ اللّٰهِ قُلۡتُ سُبۡحَانَ اللّٰهِ اَوۡ مَعَاذَ اللّٰهِ قَالَتۡ سَمِعۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوۡلُ مَنۡ سَبَّ عَلِيًّا فَقَدۡ سَبَّنِیۡ

**ترجمہ** ابو عبداللہ جدلی سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا کہ (اے ابو عبداللہ) تو جناب رسول اللہ ﷺ کو گالی دیتا ہے تو میں نے عرض کی اللہ منزہ ہے یا کہا اللہ سے پناہ مانگتا ہوں۔ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۱

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱ ۲: العباس بن محمد الدوری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۰:۱

۳: یحیٰی بن ابی بکیر: اس کا نام نسر الکرمانی ہے۔ کوفی الاصل ہے۔ بغداد میں سکونت اختیار کی۔ ثقہ ہے، طبقہ التاسعہ سے ہے۔ ۲۰۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۷۴)

۴: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۶ ۵: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲

۶: ابی عبداللہ الجدلی: اس کا نام عبد بن عبد یا عبدالرحمن بن عبد ہے۔ ثقہ ہے رمی بالتشیع، طبقہ الثالثہ کے کبار سے ہے۔ (التقریب صفحہ ۴۱۴) احمد اور معین وغیرہما نے اسے ثقہ لکھا ہے (ابو اسحاق الحوینی تہذیب خصائص الامام علی رضی اللہ عنہ، صفحہ ۷۹)

''جس شخص نے (جناب) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کو گالی دی اس نے مجھے گالی دی''۔

**تشریح** ارشاد ہے ''اللہ منزہ ہے یا کہا میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں'' یعنی یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ میں ہرگز یہ کام نہیں کرتا۔ ارشاد ہے ''جس شخص نے (جناب) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کو گالی دی اس نے مجھے گالی دی'' یعنی جناب امیر المومنین سیدنا علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم کو برا کہنا اپنے ایمان، اعمال اور اخلاق کو تباہ و برباد کرنا ہے، دنیا اور آخرت میں روسیاہ بننا ہے۔ جناب مولوی محمد ابو الحسن مصنف ''فیض الباری شرح اردو صحیح البخاری'' لکھتے ہیں ''مقتضاء اس حدیث کا یہ ہے کہ ہو برا کہنا علی کا کفر اور بعض کہتے ہیں کہ یہ محمول ہے وعید پر'' (مناقب مرتضوی، خصائص نسائی صفحہ ۵۴)

اسناده صحيح (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۷۹)

**حدیث نمبر ۲/۹۲** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى ۲ بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى الْكُوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ ۳ بْنُ عَوْنٍ عَنْ شَقِيْقِ ۴ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ ۵ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَرْفَطَةَ قَالَ رَاَيْتُ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ ذُكِرَ لِيْ اَنَّكُمْ تَسُبُّوْنَ عَلِيًّا فَقُلْتُ قَدْ فَعَلْنَا قَالَ لَعَلَّكَ سَبَبْتَهٗ قُلْتُ مَعَاذَ اللّٰهِ قَالَ لَا تَسُبَّهٗ فَلَوْ وُضِعَ الْمِنْشَارُ عَلٰى مَفْرَقِيْ عَلٰى اَنْ اَسُبَّ عَلِيًّا مَا اَسُبُّهٗ بَعْدَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ التَّرْغِيْبَ فِيْ مُوَالَاتِهٖ وَ التَّرْهِيْبَ فِيْ مُعَادَاتِهٖ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۲

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: عبد الاعلیٰ بن واصل: عبد الاعلیٰ بن واصل بن عبد الاعلیٰ الاسدی الکوفی ثقہ ہے، طبقہ العاشرہ کے کبار سے ہے۔ ۲۴۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۹۵)

۳: جعفر بن عون: جعفر بن عون بن جعفر بن عمرو بن حریث المخزومی صدوق ہے۔ طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۶ یا ۲۰۷ ہجری میں فوت ہوئے۔ (التقریب، صفحہ ۵۶)

۴: شقیق بن ابی عبد اللہ: شقیق بن ابی عبد اللہ الکوفی ہے اور آل حضرمی کا مولیٰ ہے۔ ثقہ ہے، طبقہ الخامسہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۴۷)

۵: ابی بکر بن خالد: ابی بکر بن خالد بن عرفطۃ العذری القضاعی بنی زہرہ کا حلیف ہے اور یہ جناب سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور جناب ابن الارت سے روایت کرتا ہے اور اس سے اس کا بیٹا طالوت اور شقیق بن ابی عبد اللہ روایت کرتے ہیں۔ عبد اللہ بن احمد نے کہا کہ میں نے اپنے باپ سے اس (ابوبکر بن خالد) کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا ''یروی عنه'' (تہذیب التھذیب، جلد ۱۲، صفحہ ۲۴)



Marfat.com

**ترجمہ** ابی بکر سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میں نے سعد بن مالک کو مدینہ (منورہ) میں دیکھا، تو سعد نے فرمایا کہ مجھے یہ بتایا گیا کہ تم لوگ (جناب) علی (علیہ السلام) کو برا کہتے ہو۔ پس میں نے کہا کہ ہم نے یہ کام کیا ہے۔ فرمایا کہ شاید تو نے انہیں گالی دی ہو میں نے عرض کیا کہ پناہ بخدا۔ فرمایا کہ انہیں برا بھی نہ کہو، اگر میرے سر پر آرہ بھی چلادیا جائے اس بات کے کہنے کیلئے کہ (جناب) علی (علیہ السلام) کو گالی دوں تو نہ دوں گا۔ اس لئے کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ بات سنی ہے کہ رغبت دلاتے ان کی دوستی پر، اور ڈراتے ان کی دشمنی سے۔

**حل لغت** اَلْمِنْشَارُ: آرہ، اس کی جمع مناشیر ہے، پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسہ سے علیحدہ کرتے ہیں۔ مِفْرَقٌ: مانگ، اس کی جمع مفارق ہے، چوٹی۔ مُوَالَاۃ: دوستی کرنا، مدد کرنا۔ اَلتَّرْھِیْبُ: ڈرانا، خوف دلانا۔ مُعَادَاۃ: جھگڑا کرنا، دشمنی کرنا۔

**تشریح** ارشاد ہے۔ ''مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ تم لوگ (جناب) علی کو برا کہتے ہو'' یعنی جناب سعد نے جعفر بن ابوبکر بن خالد بن عرفطہ کو کہا۔ ارشاد ہے ''رغبت دلاتے ان کی دوستی پر، اور ڈراتے ان کی دشمنی سے'' یعنی جناب سعد بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب سے میں نے حضور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ گرامی قدر ارشاد سنا ہے کہ آنحضور علی المرتضیٰ علیہ السلام کی دوستی اور محبت کا شوق دلاتے تھے اور آپ علیہ السلام کی دشمنی اور عداوت سے ڈراتے تھے۔ تو اگر مجھے آرا سے چیر بھی دیا جائے تو میں برا نہ کہوں گا اور نہ ہی گالی دوں گا، یعنی حکومت وقت مجھ پر کتنا ہی ظلم، جبر و زیادتی کرے کہ تم جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کی شان میں گستاخی کرو تو وہ سب ظلم، جبر، زیادتی حتیٰ کہ جان تک دے دوں گا مگر گستاخی نہ کروں گا۔ اس لئے کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات پر عمل کرنا ہے۔ بنوامیہ یا کسی بھی حکومت کے ایسے حکم پر عمل نہیں کرنا جو کہ میرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات کے خلاف ہو۔

اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، صفحہ ۱۱۲)

**حدیث نمبر ۳/۹۳** اَخْبَرَنِی اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ هَارُوْنُ ۲ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِیُّ الْجَبَالِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ ۳ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ حَدَّثَنَا فِطْرُ ۴ بْنُ خَلِیْفَةَ عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ ۵ --- وَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ ۱ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۲ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا فِطْرٌ ۳ عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ ۴ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ جَمَعَ عَلِیٌّ النَّاسَ فِی الرَّحْبَةِ فَقَالَ اُنْشِدُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۳

۱ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

(حواشی اسماء الرجال اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

بِاللهِ كُلَّ امْرِئٍ مَا سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ غَدِيْرِ خُمٍّ فَقَامَ
اُنَاسٌ فَشَهِدُوْا اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ غَدِيْرِ خُمٍّ اَلَسْتُمْ
تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ مَنْ كُنْتُ
مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ قَالَ اَبُو الطُّفَيْلِ خَرَجْتُ وَفِيْ
نَفْسِيْ مِنْهُ شَيْئٌ فَلَقِيْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ مَا تُنْكِرُ اَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

**ترجمہ** | ابی الطفیل عامر بن واثلہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (جناب) علی (المرتضٰی) نے ایک کھلی جگہ پر لوگوں کو جمع کیا۔ سو فرمایا میں ہر اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں اس بات کی جو اس نے غدیر خم کے دن حضرت رسول اللہ ﷺ سے سنی۔ پس کافی لوگ کھڑے ہوگئے اور انہوں نے شہادت دی کہ غدیر خم کے دن حضور رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ میں مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہوں'' اور حضور ﷺ کھڑے تھے۔ پھر (جناب) علی (علیہ السلام) کا ہاتھ پکڑا پھر فرمایا کہ جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولا ہے۔ اے اللہ! تو بھی اس شخص کو دوست رکھ جو علی سے محبت کرے اور دشمن رکھ اس کو جو کہ علی سے عداوت رکھے۔ ابوالطفیل نے کہا کہ میں نکلا اور میرے دل میں اس کے بارے میں تردد تھا۔ پس میں زید بن ارقم کو ملا۔ اور یہ تمام روئیداد اس کو کہی۔ پس (زید بن ارقم نے) کہا کیا تو اس حدیث کا انکار کرتا ہے۔ میں نے خود جناب رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے۔

**حل لغت** | اَلرَّحْبَة: کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور اس جگہ بہت لوگ آتے ہوں، مکانوں کے

---

بقیہ حاشیہ ۲: ہارون بن عبداللہ البغدادی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۴:۱

۳: مصعب بن المقدام: مصعب بن المقدام الخثعمی کی کنیت ابوعبداللہ الکوفی ہے۔ صدوق لہ اوھام طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۳ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۸) ابن معین نے کہا ثقہ ہے۔ ابوحاتم نے کہا صالح الحدیث ہے۔ ابوداؤد نے کہ لا باس بہ علی بن المدینی نے کہا ضعیف ہے۔ مسلم نے اس سے اخراج کیا ہے۔ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ؓ ابن ابی طالب، صفحہ ۱۱۳)

۴: فطر بن خلیفہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۹:۳ ۵: ابی الطفیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۸:۶

یہی حدیث درج ذیل اسماء الرجال سے بھی روایت کی گئی ہے۔

۱: ابوداؤد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۱:۱ ۲: محمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۹:۱

۳: فطر (بن خلیفہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۹:۳ ۴: ابی الطفیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۸:۶



Marfat.com

درمیان کھلی جگہ، بہت بڑا صحن۔

**تشریح** ارشاد ہے ''سو فرمایا میں ہر اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں اس بات کی جو اس نے غدیر خم کے دن رسول اللہ ﷺ سے سنی''، یعنی غدیر خم کے مقام پر حضور ﷺ نے جو فرمایا ہے میں اس شخص کو خدا کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ وہ سنی ہوئی بات اسی طرح بیان کردے۔ جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا۔ ارشاد ہے ''اور انہوں نے شہادت دی کہ غدیر خم کے دن حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا''، یعنی بہت سے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے یہ حدیث شریف بیان فرمائی۔ ارشاد ہے ''میرے دل میں اس کے بارے میں تردد تھا''، یعنی میں اس مجلس سے آ گیا۔ مگر میرے دل میں جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے متعلق شک اور تردد تھا یا اس حدیث کے متعلق مجھے تردد تھا۔ ارشاد ہے ''کیا تو اس حدیث کا انکار کرتا ہے''، یعنی نہایت ہی حیرت و استعجاب سے انہوں نے فرمایا۔

وَ اللَّفْظُ لِاَبِیْ دَاؤدَ اور ابی داؤد کے بھی یہ الفاظ ہیں اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی علیہ السلام ابن ابی طالب، صفحہ ۱۱۳)

**حدیث نمبر ۹۴/۴** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۲ زَکَرِیَّا بْنُ یَحْیَی السَّجِسْتَانِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ ۳ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ قَالَ اَنْبَأَنَا اِبْرَاهِیْمُ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ ۵ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُوْسَی ۶ بْنُ یَعْقُوْبَ عَنِ الْمُهَاجِرِ ۷ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَائِشَةَ ۸ بِنْتِ سَعْدٍ وَ عَامِرِ ۹ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ ۱۰ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ اَمَّا بَعْدُ اَیُّهَا النَّاسُ فَاِنِّیْ وَلِیُّکُمْ قَالُوْا صَدَقْتَ ثُمَّ اَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ فَرَفَعَهَا ثُمَّ قَالَ هٰذَا وَلِیِّیْ وَالْمُؤَدِّیْ عَنِّیْ وَالِ اللّٰهُمَّ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ اللّٰهُمَّ مَنْ عَادَاهُ

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۴

۱ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲ ابو عبدالرحمٰن زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۹

۳ محمد بن عبدالرحیم: محمد بن عبدالرحیم بن ابی زہیر البغدادی البزار ہے۔ اس کی کنیت ابو یحییٰ ہے۔ صاعقہ کے لقب سے مشہور ہے۔ ثقہ، حافظ اور طبقہ الحادیہ عشرہ سے ہے ۲۵۵ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۸)۔ قال فی التهذیب وروی عنه النسائی فی خصائص علی عن زکریا السجزی عنه وهو ثقة مامون من رجال البخاری. (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی علیہ السلام، صفحہ ۸۲)

۴ ابراہیم: ابراہیم بن المنذر بن المغیرہ بن عبداللہ بن خالد بن حزام الاسدی الحزامی صدوق ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۳۵ یا ۲۳۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۳) دارقطنی اور ابن الوضاح نے کہا کہ یہ ثقہ ہے۔ ابو حاتم نے کہا صدوق ہے (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے خطبہ ارشاد فرمایا، پس حمد وصلوٰۃ کے بعد فرمایا، اے لوگو! پس یقیناً میں تمہارا مالک ہوں، سب نے عرض کیا کہ آپ نے سچ فرمایا ہے، پھر آپ ﷺ نے (جناب سیدنا) علی (علیہ السلام) کا ہاتھ پکڑا اور بلند کیا۔ پھر فرمایا، یہ میرا ولی ہے اور میری طرف سے احکام پہنچانے والا ہے۔ اے میرے اللہ! جو اِس کو دوست رکھتا ہے تو اُس کو اپنا دوست بنالے اور اے میرے اللہ! جو اِس سے عداوت رکھتا ہے تو اُس سے دشمنی رکھ۔

**تشریح** ارشاد ہے ''سب نے عرض کیا کہ آپ نے سچ فرمایا ہے'' یعنی تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپ ﷺ کے اس ارشاد کی تصدیق کی۔ کہ اے حضور پاک ﷺ آپ ہمارے مالک، آقا، ولی اور سب کچھ ہیں۔ ارشاد ہے '' پھر آپ ﷺ نے (جناب) علی کا ہاتھ پکڑا اور بلند کیا'' یعنی اپنا ہاتھ مبارک اور سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کا ہاتھ اکٹھا کر کے تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بلند کر کے دکھایا۔ ارشاد ہے ''جو اس سے عداوت رکھتا ہے تو اس سے دشمنی رکھ'' یعنی حضرت امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی محبت اللہ تعالیٰ کی محبت ہے اور ان علیہ السلام کی عداوت اللہ تعالیٰ کی دشمنی کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ رضی اللہ عنہ کی محبت نصیب فرمائے اور آپ علیہ السلام کی عداوت اور دشمنی سے محفوظ رکھے۔ آمین بحرمت نبی الرؤف الرحیم

اسنادہ حسن فی الشواھدا (ابواسحاق الحوینی تہذیب خصائص علی ابن ابی طالب صفحہ ۸۲)

**حدیث نمبر ۵/۹۵** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ عُثْمَانَ الْبَصْرِيُّ اَبُوْ الْجَوْزَا قَالَ اَخْبَرَنَا ۲ ابْنُ عَثْمَةَ وَ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسَىٰ ۳ بْنُ يَعْقُوْبَ عَنِ الْمُهَاجِرِ ۴ بْنِ مِسْمَارِ الْبَصْرِيِّ عَنْ عَائِشَةَ ۵ بِنْتِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ ۶ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

بقیہ حاشیہ: نسائی نے کہا لیس بہ باس. اخرج لہ ، البخاری (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ ابن ابی طالب، صفحہ ۱۱۴)

۵: معن: معن بن عیسیٰ بن یحییٰ الاشجعی کی کنیت ابو یحییٰ المدنی ہے۔ ثقہ اور ثبت ہے۔ ابو حاتم نے کہ ھو اثبت اصحاب مالک یعنی یہ اصحاب مالک میں اثبت ہے۔ یہ طبقہ العاشرہ کے کبار میں سے ہے ۱۹۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۴۴)

۶: موسیٰ ابن یعقوب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۳

۷: مہاجر بن مسمار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۴

۸: عائشہ بنت سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۵

۹: عامر بن سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۶

۱۰: سعد (بن ابی وقاص): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۵

۱: احمد بن عثمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۱

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۵، اگلے صفحہ پر جاری ہیں)

وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِیَدِ عَلِیٍّ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰہَ تَعَالٰی وَ اَثْنٰی عَلَیْہِ قَالَ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِکُمْ مِنْ اَنْفُسِکُمْ قَالُوْا نَعَمْ صَدَقْتَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ثُمَّ اَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ فَرَفَعَھَا وَ قَالَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَھٰذَا وَلِیُّہٗ وَاِنَّ اللّٰہَ یُوَالِیْ مَنْ وَالَاہُ وَ یُعَادِیْ مَنْ عَادَاہُ

**ترجمہ** سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے (جناب) علی کا ہاتھ پکڑا پھر خطبہ ارشاد فرمایا۔ پس اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان فرمائی (پھر) ارشاد فرمایا، کیا تم نہیں جانتے ہو کہ "میں تمہاری جانوں کا مالک ہوں تم سے زیادہ" (صحابہ نے) عرض کیا کہ ہاں یارسول اللہ ﷺ آپ نے سچ فرمایا ہے۔ پھر (جناب) علی کا ہاتھ پکڑ اکر اٹھایا اور فرمایا جس کا میں ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے۔ پس بے شک اللہ تعالیٰ اس شخص کا دوست ہے جس کا علی دوست ہے اور دشمن ہے اس کا جو علی سے عداوت رکھے۔

**حدیث نمبر ۶/۹۶** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ ۱؎ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا زَکَرِیَّا ۲؎ بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ ۳؎ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ مُھَاجِرِ ۴؎ بْنِ مِسْمَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَائِشَۃُ ۵؎ بِنْتُ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ ۶؎ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِطَرِیْقِ مَکَّۃَ وَھُوَ مُتَوَجِّہٌ اِلَیْھَا فَلَمَّا بَلَغَ غَدِیْرَ خُمٍّ وَقَفَ النَّاسَ ثُمَّ رَدَّ مَنْ مَضٰی وَلَحِقَہٗ مَنْ تَخَلَّفَ فَلَمَّا اجْتَمَعَ النَّاسُ اِلَیْہِ قَالَ اَیُّھَا النَّاسُ ھَلْ بَلَّغْتُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ یَقُوْلُھَا ثُمَّ قَالَ اَیُّھَا النَّاسُ مَنْ وَّلِیُّکُمْ قَالُوْا اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ ثَلٰثًا ثُمَّ اَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ فَاَقَامَہٗ فَقَالَ مَنْ کَانَ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ وَلِیَّہٗ فَھٰذَا وَلِیُّہٗ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاہُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاہُ

---

بقیہ حاشیہ: ۲؎ ابن عثمۃ (محمد بن خالد): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸_۲

۳؎ موسیٰ بن یعقوب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۳ ۴؎ مہاجر بن مسمار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۴

۵؎ عائشہ بنت سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۵ ۶؎ سعد (ابن ابی وقاص ؓ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۶

۱؎ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱ ۲؎ زکریا بن یحیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۳؎ یعقوب بن جعفر: یعقوب بن جعفر ابن ابی کثیر الانصاری المدنی مقبول ہے۔ طبقہ التاسعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۶) روی عن موسی بن یعقوب الزمعی وعنہ، محمد بن یحیی بن ابی عمر (تہذیب التہذیب، جلد ۱۱، صفحہ ۳۸۲)

۴؎ مہاجر بن مسمار الزہری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۴ ۵؎ عائشہ بنت سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۵

۶؎ سعد (بن ابی وقاص ؓ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۶

ترجمہ | سعد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ مکہ کے راستے میں تھے اور حضور نبی کریم ﷺ مکہ مکرمہ جارہے تھے سو جب ہم غدیر خم پر پہنچے تو لوگوں کو ٹھہرالیا۔ پھر جو آگے گیا تھا اسے واپس لوٹایا اور جو پیچھے تھا وہ بھی آپ ﷺ کے پاس پہنچ گیا۔ پس جب ہم تمام لوگ آنحضرت ﷺ کے پاس جمع ہو گئے تو ارشاد فرمایا۔ اے لوگو! کیا میں نے تم کو احکام الٰہی پہنچا دیئے ہیں؟ سب نے جواب دیا بے شک۔ فرمایا، اے میرے اللہ! گواہ رہ، تین بار یہ ارشاد فرمایا۔ پھر ارشاد فرمایا، اے لوگو! تمہارا ولی کون ہے؟ سب نے تین بار عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ جانتا ہے۔ پھر (جناب) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کا ہاتھ پکڑا اور انہیں کھڑا کیا۔ پھر ارشاد فرمایا جس کا اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ ولی ہے۔ تو یہ (علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) اس کا ولی ہے۔ اے میرے اللہ! جو اس کو دوست رکھتا ہے تو اس سے محبت فرما اور جو اس سے عداوت رکھتا ہے تو اس سے دشمنی رکھ۔

تشریح | ارشاد ہے ''حضور ﷺ مکہ کے راستے میں تھے'' یعنی حضور ﷺ مکہ مکرمہ جاتے ہوئے راستہ میں ٹھہرے۔ ارشاد ہے ''سو جب غدیر خم پر پہنچے'' یعنی غدیر خم وہ مقام ہے جہاں آنحضرت ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ جس کا میں مولیٰ ہوں (دوست ہوں) علی کرم اللہ وجہہ الکریم بھی اس کا مولیٰ ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو مبارک باد دی کہ اے ابوالحسن! تم کو مبارک ہو تم میرے مولیٰ اور ہر مومن مرد اور مومنہ عورت کے مولیٰ ہوئے۔ (لغات الحدیث جلد ۴، صفحہ ۱۴۱، کتاب ''ع'') یہ مقام مکہ اور مدینہ کے درمیان جحفہ سے تین کوس پر واقع ہے۔ ارشاد ہے ''اور جو پیچھے تھا وہ بھی آپ ﷺ کے پاس پہنچ گیا'' یعنی وہ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جو اس سفر میں شریک تھے سب آگئے۔ ارشاد ہے ''اے میرے اللہ! گواہ رہ، تین بار یہ ارشاد فرمایا'' یعنی تین بار یہ کلمہ ارشاد فرمایا کہ اے میرے اللہ! تو بھی اس بات پر گواہ رہ کہ میں نے تیرے احکام بلا کم وکاست پہنچا دیئے ہیں۔ ارشاد ہے ''اللہ اور اس کا رسول ہی جانتا ہے'' یعنی اللہ جل جلالہ، اور اس کا رسول جناب محمد رسول اللہ ﷺ ہی خوب جانتے ہیں کہ مسلمانوں کا ولی کون ہے۔ یہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا طریقہ تھا کہ جب حضور ﷺ اس قسم کے ارشادات فرماتے تو باوجود جاننے کے بھی وہ معاملہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حوالے کردیتے کہ شاید وحی کے ذریعہ کچھ اور فیصلہ نہ ہو جائے اور کسی قسم کی سوء ادبی ان سے سرزد نہ ہو جائے۔

یہ انتہائے ادب واحترام کا طریقہ تھا جو کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ایسے مواقع پر اختیار فرماتے۔ ارشاد ہے ''پھر (جناب) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کا ہاتھ پکڑا اور انہیں کھڑا کیا'' یعنی تمام لوگوں کے سامنے لائے۔



Marfat.com

ارشاد ہے ''اے میرے اللہ! جو اس کو دوست رکھتا ہے تو اس سے محبت فرما۔ اور جو اس سے عداوت رکھتا ہے تو اس سے دشمنی رکھ'' حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے

کانرا کہ دوستی علی نیست کافر است

گو زاہد زمانہ و گو شیخ راہ باش



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ذِكْرُ التَّرْغِيبِ فِيْ حُبِّ عَلِيٍّ وَ ذِكْرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِمَنْ اَحَبَّهٗ وَ ذِكْرُ دُعَآئِهٖ عَلٰى مَنْ اَبْغَضَهٗ

''اس باب میں جناب سیدنا امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ ﷜ کے ساتھ محبت کرنے کی ترغیب دلائی گئی ہے اور اس شخص کیلئے جو آپ ﷜ سے محبت کرتا ہے نبی کریم ﷺ دعا فرماتے ہیں، کا ذکر ہے نیز اس شخص کیلئے جو اُن (کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم) سے دشمنی رکھتا ہے بد دعا کرنے کا بیان ہے''

(اس باب میں تین احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۹۷** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ[۱] بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ[۲] بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ رَاهْوَيْهِ قَالَ اَنْبَاَنَا النَّضْرُ[۳] بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَلِيْلِ[۴] بْنِ عَطِيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ[۵] بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ[۶] قَالَ لَمْ يَكُنْ مِنَ النَّاسِ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۷

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: اسحاق بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۳: النضر بن شمیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۲

۴: عبد الجلیل بن عطیہ: عبد الجلیل بن عطیہ القیسی کی کنیت ابو صالح البصری ہے۔ صدوق ہے۔ یہ طبقہ السابعۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۹۶) روى عن عبد الله بن بريدة و شهر بن حوشب و جعفر بن ميمون و مرحوم بن معاوية و عنه حماد بن زيد و ... بن قيس الفراء و ابو عبيدة الحداد و ابو عامر العقدي و النضر بن شميل و الطيالسي و غيرهم۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

طَالِبٍ حَتّٰی اَحْبَبْتُ رَجُلاً مِنْ قُرَيْشٍ لَا اُحِبُّهٗ اِلاَّ لِبُغْضِ عَلِيٍّ فَبَعَثَ ذَالِکَ الرَّجُلَ عَلٰی خَيْلٍ فَصَحِبْتُهٗ وَمَا صَحِبْتُهٗ اِلاَّ عَلٰی بُغْضِ عَلِيٍّ فَاَصَابَ سَبْيًا فَكَتَبَ اِلَی النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يَبْعَثَ اِلَيْهِ مَنْ يُّخَمِّسُهٗ فَبَعَثَ اِلَيْنَا عَلِيًّا وَفِي السَّبْيِ وَصِيْفَةٌ مِنْ اَفْضَلِ السَّبْيِ فَلَمَّا خَمَّسَهٗ صَارَتْ فِي الْخُمُسِ ثُمَّ خَمَّسَ فَصَارَتْ فِيْ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ خَمَّسَ فَصَارَتْ فِيْ اٰلِ عَلِيٍّ فَاَتَانَا وَ رَاْسُهٗ يَقْطُرُ فَقُلْنَا مَا هٰذَا فَقَالَ اَلَمْ تَرَوْا لُوَصِيْفَةَ صَارَتْ فِي الْخُمُسِ ثُمَّ صَارَتْ فِيْ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَارَتْ فِيْ اٰلِ عَلِيٍّ فَوَقَعْتُ عَلَيْهَا فَكَتَبَ وَ بَعَثَنِيْ مُصَدِّقًا لِكِتَابِهٖ اِلَی النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مُصَدِّقًا لِّمَا قَالَ فِيْ عَلِيٍّ فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ عَلَيْهِ صِدْقًا وَ يَقُوْلُ صَدَقَ فَاَمْسَکَ بِيَدِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ اَتُبْغِضُ عَلِيًّا فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ لَا تُبْغِضْهُ وَاِنْ كُنْتَ تُحِبُّهٗ فَازْدَدْ لَهٗ حُبًّا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَنَصِيْبُ اٰلِ عَلِيٍّ فِي الْخُمُسِ اَفْضَلُ مِنْ وَصِيْفَةٍ فَمَا كَانَ اَحَدٌ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ وَاللّٰهِ مَا كَانَ فِي الْحَدِيْثِ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ غَيْرُ اَبِيْ

**ترجمہ** | بریدہ سے روایت ہے اس نے کہا کہ (جناب) علی ابن ابی طالب (کے ساتھ بغض رکھنے والے) لوگوں میں مجھ سے زیادہ بغض رکھنے والا کوئی بھی نہیں تھا۔ یہاں تک کہ ایک قریشی کو صرف اس لئے میں دوست رکھتا تھا کہ (جناب علیہ السلام) کے ساتھ وہ بغض رکھتا تھا۔ یہ شخص ایک لشکر پر سردار بنا کر بھیجا گیا پس میں اس شخص کے ہمراہ ہوگیا۔ صرف جناب علی کی عداوت کی وجہ سے میں نے اس کی ہمراہی اختیار کی، پس کافروں کی عورتیں قیدی بنائیں۔ تو نبی کریم ﷺ کو ایک خط لکھا تا کہ وہ کوئی شخص مقرر فرمائیں جو اس مال غنیمت سے پانچواں حصہ لے

---

بقیہ حاشیہ :ابن معین نے کہا ثقہ ہے۔ ابن حبان نے اپنے ثقات میں اس کا نام ذکر کیا ہے اور کہا ہے یعتبر حدیث عند بیان السماع فی خبره اذ رواه عن الثقات و دونه ثبت. قلت و قال احمد الحاکم حدیثه لیس بالقائم. (تہذیب التہذیب، جلد۶، صفحہ۱۰۶)

۵ عبداللہ بن بریدة: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱۴:۴

۶ ابی (والد عبداللہ یعنی بریدہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱۴:۴



Marfat.com

لے تو (جناب) علی کو ہماری طرف بھیجا گیا۔ قیدی عورتوں میں سے ایک ایسی لونڈی تھی جو کہ تمام قیدی عورتوں میں بہت خوبصورت تھی۔ سو جب اس نے پانچواں حصہ نکالا تو وہ لونڈی پانچویں حصہ میں آئی، پھر اس پانچویں میں سے پانچواں حصہ نکالا تو وہ لونڈی اہلِ بیتِ نبوی ﷺ کے حصہ میں آئی، پھر اس پانچویں میں سے پانچواں حصہ نکالا تو وہ لونڈی آلِ علی (المرتضیٰ) رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئی۔ پس وہ اس حال میں ہمارے پاس آئے کہ ان کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے تھے، تو ہم نے کہا یہ کیا حال ہے۔ تو فرمایا کیا تم نے دیکھا نہیں وہ لونڈی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے پانچویں حصہ میں آئی پھر اہل بیت نبی ﷺ کے خمس میں آئی پھر آلِ علی کے خمس میں آئی تو میں نے اس سے صحبت کی۔ پس اس نے خط لکھا۔ اور مجھے اپنے خط کی تصدیق کیلئے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بھیجا اس حال میں کہ تصدیق کرنے والا تھا (جناب) علی کے اس واقعہ کی۔ پس میں نے اس پر سچ کہنا شروع کر دیا۔ اور ارشاد فرماتے اس نے سچ کہا۔ پس رسول کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور ارشاد فرمایا کہ کیا تم علی سے دشمنی رکھتے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ ہاں! سو ارشاد فرمایا کہ اس سے عداوت نہ کر اور اگر تو اس سے محبت کرتا ہے تو اس محبت کو اس کے ساتھ اور زیادہ کر۔ پس قسم ہے اس ذاتِ اقدس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ البتہ آلِ علی کا حصہ خمس میں سے افضل ہے لونڈی سے۔ حضور ﷺ کے بعد (جناب) علی (رضی اللہ عنہ) سے زیادہ مجھے کوئی بھی محبوب نہیں۔ عبداللہ بن بریدہ نے فرمایا کہ اس حدیث میں میرے اور نبی کریم ﷺ کے درمیان میرے والد کے سوا کوئی اور نہ تھا۔

**حل لغت** خَیلِ: گھوڑوں کا گروہ۔ بقول صاحب مصباح اللغات ''مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے'' کہا جاتا ہے ''اتی بخیلہ و رجلہ'' وہ اپنے سواروں اور پیادوں کے ساتھ آیا۔ سَبْیٌ: قیدی کرنا، لونڈی بنانا، غلام بنانا، لوٹنا، غارت کرنا، سَبْیٌ، سَبِیَّۃٌ اور سَبَایَا یہ سب الفاظ احادیث میں آتے ہیں، سَبِیَّۃٌ: قیدی عورت جس کو پکڑ کر لائیں، اس کی جمع سَبَایَا۔ وَصِیفَۃٌ: لونڈی، کنیز۔

**تشریح** ارشاد ہے ''ایک قریشی کو صرف اس لئے میں دوست رکھتا تھا کہ (جناب) کے ساتھ وہ بغض رکھتا تھا'' یعنی جناب سیدنا امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کی دشمنی مجھ سے زیادہ کسی دوسرے میں نہ تھی اور یہ عادتِ قبیحہ مجھ میں اتنی رچی ہوئی تھی کہ مجھے ہر اس شخص سے محبت تھی، جو آپ رضی اللہ عنہ سے عداوت رکھتا اس لئے میں اس قریشی یعنی خالد بن ولید کو دوست رکھتا تھا کیونکہ وہ جناب علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتا تھا۔ ارشاد ہے ''یہ شخص ایک لشکر پر سردار بنا کر بھیجا گیا'' یعنی حضور ﷺ نے دو لشکر بھیجے تھے۔ ایک لشکر کے امیر حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے اور دوسرے کا خالد بن ولید، اور فرمایا تھا



Marfat.com

کہ جس وقت تم دونوں یکجا ہو جاؤ تو پھر ان دونوں لشکروں کا امیر حضرت علی علیہ السلام ہوگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور فتح و نصرت جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے ہوئی۔ (دیکھو حدیث ۱/۹۰)۔ ارشاد ہے ''پس میں اس شخص کے ہمراہ ہو گیا''، یعنی جس لشکر کا امیر خالد بن ولید تھا میں اس لشکر میں شامل ہو گیا۔ ارشاد ہے ''صرف (جناب) علی کی عداوت کی وجہ سے میں نے اس کی ہمراہی اختیار کی''، یعنی خالد کے لشکر میں، میں صرف اس لئے شامل ہوا کہ وہ بھی میری طرح جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام سے عداوت رکھتا تھا۔ گویا بغض علی کی وجہ سے میں حضرت علی علیہ السلام کے لشکر میں شریک نہ ہوا۔ ارشاد ہے ''پس کافروں کی عورتیں قیدی بنائیں''، یعنی کافروں کی عورتیں فتح کے بعد قیدی بنیں اور کافی مالِ غنیمت ملا۔ ارشاد ہے ''کوئی شخص مقرر فرمائیں جو اس مالِ غنیمت سے پانچواں حصہ لے لے''، یعنی مالِ غنیمت میں سے جو پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے لے لے۔ ارشاد ہے ''وہ لونڈی پانچویں حصہ میں آئی''، یعنی جب کل مالِ غنیمت کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا تو وہ لونڈی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصہ میں آ گئی۔ ارشاد ہے ''میں نے اس سے صحبت کی''، یعنی میں نے اس صحبت کے بعد غسل کیا ہے اور میرے سر پر اس پانی کا اثر ہے۔ ارشاد ہے ''پس اس نے خط لکھا''، یعنی خالد بن ولید نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں یہ واقعہ بطور شکایت کے لکھ بھیجا۔ ارشاد ہے ''پس میں نے اس پر سچ کہنا شروع کر دیا''، یعنی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کا سارا واقعہ جو حقیقتاً گذرا تھا بیان کرنا شروع کر دیا۔ ارشاد ہے ''اور وہ ارشاد فرماتے اس نے سچ کہا''، یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے کہ (جناب) علی المرتضیٰ علیہ السلام نے سچ کہا اور جو کچھ انہوں نے کیا صحیح اور درست کیا ہے اور تمہاری شکایت بے جا اور قطعاً غلط ہے۔ ارشاد ہے ''آلِ علی کا حصہ خمس میں سے افضل ہے لونڈی سے''، یعنی اگر خمس میں لونڈی سے افضل کوئی چیز ہو تو وہ بھی ان کا حق ہے، لونڈی کیا شے ہے۔ ارشاد ہے ''حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد (جناب) علی (علیہ السلام) سے زیادہ مجھے کوئی بھی محبوب نہیں''، یعنی سرور انبیاء امام المرسلین والنبیین سرکارِ دوعالم جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس توجہ مبارکہ اور ارشاد کے بعد فوراً جناب امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کی محبت مجھ پر اتنی غالب آ گئی کہ اب میری نظروں میں سوائے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام جیسی محبت اور احترام و تعظیم کسی دوسری ہستی کیلئے نہیں۔

اسناده صحیح، رجاله ثقات

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۱۱۶)

**حدیث نمبر ۲/۹۸** اَنبَأنَا اَحمَدُ ۱ بنُ شُعَیبٍ قَالَ اَخبَرَنَا الحُسَینُ ۲ بنُ حُرَیثٍ المَروَزِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا الفَضلُ ۳ بنُ مُوسٰی عَنِ الاَعمَشِ ۴ عَن اَبِی اِسحٰقَ ۵ عَن سَعِیدِ ۶ بنِ وَهبٍ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجہَهُ الکَرِیمِ فِی الرَّحبَۃِ اُنشِدُ بِاللّٰہِ مَن سَمِعَ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَومَ غَدِیرِ خُمٍّ یَقُولُ اللّٰہُ وَلِیِّ وَ اَنَا وَلِیُّ المُؤمِنِینَ وَمَن کُنتُ وَلِیُّہٗ فَھٰذَا وَلِیُّہٗ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَن وَالَاہُ وَ عَادِ مَن عَادَاہُ وَا نصُر مَن نَصَرَہٗ (قَالَ سَعِیدٌ فَقَامَ) اِلٰی جَنبِیَ سِتَّۃٌ وَ قَالَ زَیدُ بنُ یُثَیعٍ قَامَ عِندِی سِتَّۃٌ قَالَ۔ عَمرُو بنُ مُرَّۃَ وَ سَاقَ الحَدِیثَ ذِیْ مرہ اَحِبَّ مَن اَحَبَّہٗ وَ اَبغِض مَن اَبغَضَہٗ

**ترجمہ** سعید بن وہب سے روایت ہے۔اس نے کہا کہ (جناب) علی (المرتضٰی) علیہ السلام نے ایک صحن میں فرمایا، میں ہر اس شخص کو قسم دیتا ہوں جس نے "غدیر خم" کے دن رسول اللہ ﷺ سے سنا ہو کہ حضور ﷺ فرماتے تھے کہ اللہ میرا ولی ہے اور میں مومنوں کا ولی ہوں اور جس کا میں ولی ہوں یہ اس کا ولی ہے، اے میرے اللہ! اس شخص سے محبت رکھ جو علی سے محبت کرے اور دشمنی رکھ اس شخص سے جو علی سے عداوت رکھے اور اس شخص کی مدد فرما جو علی کی مدد کرے سعید نے کہا کہ چھ آدمی میرے پہلو سے کھڑے ہوئے اور زید بن یثیع نے کہا کہ میرے قریب سے چھ آدمی کھڑے ہوئے۔عمرو بن مرہ نے کہا دوست رکھ اس شخص کو جو اسے دوست رکھے اور دشمن رکھ اس کو جو اسے دشمن رکھے۔

**تشریح** ارشاد ہے "جناب علی المرتضٰی علیہ السلام نے ایک صحن میں فرمایا" یعنی ایک کھلی جگہ پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جمع کیا اور فرمایا۔ارشاد ہے "جس کا میں ولی ہوں یہ اس کا ولی ہے" یعنی میں جسکا ولی ہوں علی المرتضٰی علیہ السلام اس کا ولی ہے۔ارشاد ہے "زید بن یثیع نے کہا کہ میرے قریب سے چھ آدمی کھڑے ہوئے" یعنی گویا ان سب افراد نے شہادت دی کہ حضور ﷺ نے یقیناً یہ ارشاد فرمایا ہے اور ہم نے یہ حدیث خود حضور سید الانبیاء ﷺ سے سنی ہے۔

و ساق الحدیث رواہ اسرائیل عن ابی اسحاق عن عمرو – اسنادہ صحیح (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۸۵)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۸

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲: الحسین بن حریث: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳۰ ۳: الفضل بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۰

۴: الاعمش: اس کا نام سلیمان بن مہران الاسدی الکاہلی کی کنیت ابو محمد الکوفی ہے اور لقب اعمش ہے۔ثقہ، حافظ اور عارف بالقرآۃ اور متقی ہے۔ ولکنہ یدلس، منہ الخامسۃ ۱۴۷ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب، صفحہ ۱۳۶)

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)

**حدیث نمبر۹۹/۳** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَلِیُّ ۲ بْنُ مَحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفُ ۳ بْنُ تَمِیْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ ۵ عَنْ عَمْرٍو ۶ ذِیْ مُرٍّ قَالَ شَهِدْتُ عَلِیًّا فِی الرَّحْبَةِ یُنْشِدُ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَیُّکُمْ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ مَا قَالَ فَقَامَ اُنَاسٌ فَشَهِدُوْا (اَنَّهُمْ سَمِعُوْا) رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُ وَ اَحِبَّ مَنْ اَحَبَّهٗ وَ اَبْغِضْ مَنْ اَبْغَضَهٗ وَ انْصُرْ مَنْ نَصَرَهٗ

**ترجمہ** عمرو سے روایت ہے وہ فرماتے ہے کہ میں (جناب) علی کے ساتھ ایک کھلی جگہ میں موجود تھا کہ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو قسم دیتے تھے کہ تم میں سے کسی نے وہ ارشاد حضور ﷺ کا سنا ہے جو انہوں نے غدیر خم کے دن فرمایا تھا۔تو بہت سے حضرات کھڑے ہوگئے اور شہادت دی کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے--جس کا میں مولا ہوں تو علی بھی اس کا مولا ہے، اے میرے اللہ! جو اسے دوست رکھتا ہے تو بھی اسے دوست رکھ اور جو اسے دشمن رکھتا ہے تو بھی اسے دشمن رکھ۔اور محبوب رکھ اس شخص کو جو اس کو محبوب رکھے اور جو اس سے عداوت رکھے تو اس سے عداوت رکھ اور مدد فرما اس شخص کی جو اس کی مدد کرے۔

**تشریح** ارشاد ہے "تم میں سے کسی نے وہ ارشاد حضور ﷺ کا سنا ہے جو انہوں نے غدیر خم کے دن فرمایا تھا" یعنی پیغمبر اسلام ﷺ نے غدیر خم کے دن میرے متعلق جو ارشاد فرمایا تھا صحابہ کرام، حضور ﷺ کا وہ ارشاد بیان کریں۔

---

بقیہ حاشیہ: ۵: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲۲:۴

۶: سعید بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۸۶:۵

اسماء الرجال حدیث نمبر۹۹

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۸۹:۱

۲: علی بن محمد بن علی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲۹:۱ ۳: خلف بن تمیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲۹:۲

۴: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲۶:۳ ۵: ابواسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲۲:۴

۶: عمرو بن ذی مر: عمرو ذومر الہمد انی الکوفی ہے (روی) عن علی وغیرہ و عنه ابو اسحاق السبیعی وحدہ بخاری نے لایصر ف اور ابن عدی نے کہا ھو فی جملہ مشائخ ، ابی اسحاق المجھولین الذین لا یحدیث عنھم غیرہ میں کہتا ہوں کہ بخاری نے کہا فیه نظر مسلم اور ابو حاتم نے کہا لم یرو عنه غیر ، ابی اسحاق اور ابن حبان نے کہا فی حدیثه منا کیر اور العجلی نے کہا، کوفی ہے۔تابعی اور ثقہ ہے۔(تہذیب التہذیب، جلد۸، صفحہ۱۲۰)



Marfat.com

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكۡرُ الۡفَرۡقِ بَيۡنَ الۡمُؤۡمِنِ وَ الۡمُنَافِقِ

## ''اس باب میں مومن اور منافق کے درمیان فرق کرنے کا بیان ہے''

(اس باب میں تین احادیث شریف ہیں)

**تشریح** جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کی محبت مومن ہونے کی علامت ہے۔ اور آپ علیہ السلام کی عداوت منافق ہونے کی نشانی ہے۔

**حدیث نمبر ۱۰۰/۱** اَنۡبَأَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَيۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا اَبُوۡ كُرَيۡبٍ ۲ مُحَمَّدُ بۡنُ الۡعَلَاءِ الۡكُوۡفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ مُعٰوِيَةَ ۳ عَنِ الۡاَعۡمَشِ ۴ عَنۡ عَدِيِّ ۵ بۡنِ ثَابِتٍ عَنۡ زِرِّ ۶ بۡنِ حُبَيۡشٍ عَنۡ عَلِيٍّ ۷ رَضِيَ اللهُ عَنۡهُ قَالَ وَ اللهِ الَّذِيۡ فَلَقَ الۡحَبَّةَ وَ بَرَأَ النَّسَمَةَ اِنَّهٗ لَعَهِدَ اِلَيَّ النَّبِيُّ الۡاُمِّيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُحِبُّنِيۡ اِلَّا مُؤۡمِنٌ وَّ لَا يُبۡغِضُنِيۡ اِلَّا مُنَافِقٌ

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ قسم ہے اللہ تعالیٰ کی جس نے دانہ چیرا اور جان پیدا کی۔ بے شک شان یہ ہے کہ حضرت نبی امی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے بارے میں وصیت فرمائی۔ مجھ سے محبت نہیں کرے گا مگر مومن اور مجھ سے بغض نہیں رکھے گا مگر منافق۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۰

۱۔ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲۔ ابوکریب (محمد بن العلاء): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۷:۲

۳۔ ابومعاویہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۴:۲

۴۔ الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۸:۴

۵۔ عدی بن ثابت: عدی بن ثابت الانصاری الکوفی ثقہ ہے، رمی بالتشیع، طبقہ الرابعہ سے ہے، ۱۱۶ ہجری میں فوت ہوا (التقریب، صفحہ ۲۳۷)

۶۔ زر بن حبیش: زر بن حبیش بن حباشۃ الاسدی الکوفی کی کنیت ابومریم ہے۔ ثقہ ہے۔ جلیل اور مخضرم ہے ۸۱ ہجری اور ۸۳ ہجری کے درمیان فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۰۶)

۷۔ علی المرتضیٰ علیہ السلام: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶



Marfat.com

**حل لغت** فَلَقَ: چیرا، پھاڑا۔ حبۃ: دانہ۔ بَرَأَ: پیدا کرنا۔ اَلنَّسَمَۃَ: جاندار، نَسَمَۃٌ: نفس، روح۔ عَھِدَ: الی فلان، وصیت کرنا اور شرط لگانا اور جب عَھِدَ کا صلہ اِلَیۡہِ فِیۡ کَذَا آئے تو اس کے معنی وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانے کے ہوتے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے ''قسم ہے اللہ تعالیٰ کی جس نے دانہ چیرا اور جان پیدا کی'' یعنی جناب امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ ؓ اکثر اسی طرح کی قسم کھاتے تھے جس سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرتِ تامہ وکاملہ کا اظہار ہو اور جلالت وعظمت شان ظاہر ہو۔ ارشاد ہے ''حضرت نبی امی ﷺ نے میرے بارے میں وصیت فرمائی'' یعنی میرے متعلق یہ وصیت ارشاد فرمائی، اور ایک حدیث شریف میں ہے عَھِدَ اِلَیَّ النَّبِیُّ الۡاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مجھ کو جناب نبی امی ﷺ نے وصیت فرمائی۔ ارشاد ہے ''مجھ سے محبت نہیں کرے گا مگر مومن'' یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ ؓ سے محبت کرنے والا مومن ہی ہوگا۔ ارشاد ہے ''اور مجھ سے بغض نہیں رکھے گا مگر منافق'' یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ ؓ سے بغض کرنے والا منافق ہی ہوگا۔ گویا مومن اور منافق کی نشانی محبتِ علی ؓ اور بغض علی ؓ ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے حبیب پاک جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے طفیل جناب امام الاولیاء سیدنا علی المرتضیٰ ؓ کی محبت نصیب فرمائے، اسی پر قائم رکھے۔ آمین ثم آمین!۔

مترجم خصائص، مولانا مولوی محمد ابوالحسن فرماتے ہیں

> ''مومنِ کامل مجھ سے محبت مشروع مطابقہ واقعہ کے رکھے گا بغیر زیادتی اور نقصان کے، تاکہ خارجی نکل جاویں، پس جس نے دوست رکھا حضرت علی کو اور بغض رکھا شیخین (رضی اللہ عنہما) سے مثلاً نہ تو دوستی رکھی اس نے دوستی مشروع۔ پس محبت علی ؓ کی علامت ایمان کی ہے۔ اور عداوت ان کی نشانی نفاق کی'' (مناقب مرتضوی ترجمہ خصائص نسائی صفحہ ۶۰)

صاحب ''لغات الحدیث'' (جلد اول کتاب ''ح'' صفحہ ۷) پر تحریر فرماتے ہیں ''حُبُّ عَلِیٍّ حَسَنَۃٌ لَا یَضُرُّ مَعَھَا سَیِّئَۃٌ'' ''حضرت علی سے محبت رکھنا ایسی نیکی ہے جس کے ہوتے ہوئے کوئی گناہ ضرر نہ کرے گا'' اس حدیث کا تتمہ یہ ہے کہ بُغۡضُ عَلِیٍّ سَیِّئَۃٌ لَا تَنۡفَعُ مَعَھَا حَسَنَۃٌ یعنی حضرت علی ؓ سے بغض رکھنا ایسا گناہ ہے جس کے ہوتے ہوئے کوئی نیکی کام نہ آئے گی۔ ''مجمع البحرین'' میں ہے کہ حدیث فریقین میں مشہور ہے حالانکہ اہل سنت کی کتابوں میں مجھ کو یہ حدیث اس لفظ سے میں نہیں ملی البتہ اس کے معنی صحیح ہیں۔ کیونکہ دوسری حدیث میں ہے لَا یُحِبُّ عَلِیًّا مُنَافِقٌ وَّ لَا یَبۡغِضُہٗ مُؤۡمِنٌ یعنی حضرت علی سے منافق محبت نہیں کرے گا اور مومن ان سے بغض



Marfat.com

نہیں رکھے گا۔اور ایک روایت میں ہے مَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَ مَنْ اَبْغَضَ عَلِیًّا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ یعنی جس نے علی سے محبت رکھی اس نے مجھ سے محبت رکھی اور جس نے علی سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔ (اور ظاہر ہے پیغمبر اسلام ﷺ سے بغض رکھنے والا کافر ہے۔اس کی کوئی نیکی اس کے کام نہ آئے گی)۔ یہ حدیث شریف مسلم نے بھی بیان کی ہے۔

اسنادہ صحیح (ابو اسحاق الحوینی،تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۸۷)

**حدیث نمبر ۲/۱۰۱** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَاصِلُ ۲ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی بْنِ وَاصِلِ الْکُوْفِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ ۳ عَنِ الْاَعْمَشِ ۴ عَنْ عَدِیٍّ ۵ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زِرٍّ ۶ بْنِ حُبَیْشٍ عَنْ عَلِیٍّ ۷ قَالَ عَهِدَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ لَا یُحِبُّنِیْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَ لَا یُبْغِضُنِیْ اِلَّا مُنَافِقٌ

**ترجمہ** زر بن حبیش سے روایت ہے کہ جناب علی المرتضیٰ (کرم اللہ وجہہ الکریم) نے فرمایا۔تحقیق شان یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے وصیت فرمائی ہے کہ مومن ہی مجھ سے محبت کرے گا اور مجھ سے وہی بغض رکھے گا جو منافق ہے۔

**حدیث نمبر ۳/۱۰۲** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا یُوْسُفُ ۲ بْنُ عِیْسٰی قَالَ اَنْبَأَنَا الْفَضْلُ ۳ بْنُ مُوْسٰی قَالَ اَنْبَأَنَا الْاَعْمَشُ ۴ عَنْ عَدِیٍّ ۵ عَنْ زِرٍّ ۶ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ اِنَّهٗ لَعَهِدَ النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ اَنَّهٗ لَا یُحِبُّکَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا یُبْغِضُکَ اِلَّا مُنَافِقٌ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۱

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: واصل بن عبد الاعلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۰:۲

۳: وکیع: وکیع بن الجراح بن ملیح الرواسی کی کنیت ابو سفیان الکوفی ہے۔ثقہ،حافظ اور عابد ہے۔طبقہ التاسعہ کے کبار سے ہے۔ ۱۹۶ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۳۶۹)

۴: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۸:۴

۵: عدی بن ثابت: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۰:۵

۶: زر بن حبیش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۰:۶

۷: علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۲،اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

ترجمہ | زر بن حبیش سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب علی المرتضیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نبی امی ﷺ نے البتہ مجھ سے عہد کیا۔ یہ کہ (اے علی) تجھ سے محبت نہ کرے گا سوائے مومن کے اور (اے علی) تجھ سے بغض نہ رکھے گا، مگر منافق۔

تشریح | ارشاد ہے ''تجھ سے محبت نہ کرے گا سوائے مومن کے'' یعنی جو کامل مومن ہوگا وہ تجھ سے ضرور محبت رکھے گا۔ ارشاد ہے ''اور تجھ سے بغض نہ رکھے گا مگر منافق'' یعنی جو پکا منافق ہوگا وہ ضرور تجھ سے نفاق رکھے گا۔ مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب تحریر فرماتے ہیں

''اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت علی ﷺ سے دوستی رکھنی ایمان کی نشانی ہے اور ان سے عداوت نفاق کی نشانی ہے''۔ (مناقب مرتضوی اور ترجمہ خصائص نسائی، صفحہ ۶۱)

اسنادہ صحیح (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام ﷺ، صفحہ ۸۷)

---

بقیہ حواشی حدیث نمبر ۱۰۲

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: یوسف بن عیسیٰ: یوسف بن عیسیٰ بن دینار الزہری کی کنیت ابو یعقوب المروزی ہے۔ ثقہ اور فاضل ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۴۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۸)

۳: فضل بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۰:۲

۴: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹۸۔۴

۵: عدی بن ثابت: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۰:۵

۶: زر (بن حبیش): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۰:۶



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذِكْرُ ضَرْبِ الْمَثَلِ الَّذِیْ ضَرَبَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ

## ”آنحضرت رسول کریم ﷺ کا جناب سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کیلئے مثال بیان کرنے کا ذکر ہے“

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۱۰۳** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ ۲ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى ۳ بْنُ مَعِيْنٍ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ ۴ الْاَبَارِ عَنِ الْحَكَمِ ۵ بْنِ عَبْدِالْمَلِكِ عَنِ الْحَارِثِ ۶ بْنِ حَصِيْرَةَ عَنْ اَبِیْ صَادِقٍ ۷ عَنْ رَبِيْعَةَ ۸ بْنِ نَاجِدٍ عَنْ عَلِيٍّ ۹ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ فِيْكَ مَثَلٌ مِنْ عِيْسٰى (عليه السلام) اَبْغَضَتْهُ الْيَهُوْدُ حَتّٰى اتَّهَمُوْا اُمَّهٗ وَ اَحَبَّتْهُ النَّصَارٰى حَتّٰى اَنْزَلُوْهُ بِالْمَنْزِلَةِ الَّتِیْ لَيْسَ لَهٗ

**ترجمہ** علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ اے علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تجھے ایک مشابہت ہے۔ یہودیوں نے ان سے یہاں تک عداوت کی کہ ان کی والدہ پر بہتان لگایا۔ اور نصاریٰ (عیسائیوں) نے ان کے ساتھ اتنی زیادہ محبت کی کہ ان کیلئے جو مرتبہ ہرگز نہ تھا وہ انہیں دے دیا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۳

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۲۰ ۲: ابوجعفر محمد بن عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۳: یحییٰ بن معین: یحییٰ بن معین بن عون الغطعانی کی کنیت ابوزکریا البغدادی ہے۔ ثقہ اور حافظ ہے۔ جرح اور تعدیل کا مشہور امام ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۳۳ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۷۹)

۴: ابوجعفر الابار: اس کا نام عمر بن عبدالرحمان ہے۔ (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۸۸)۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**حل لغت** | اِتَّهَمُوْا: اتہام لگایا، بہتان باندھا۔

**تشریح** | ارشاد ہے ''اے علی (المرتضیٰ ﷺ) عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تجھے ایک مشابہت ہے'' یعنی اے علی المرتضیٰ! تیری ذات میں ہو بہو ایک ایسی بات موجود ہے جو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ذاتِ گرامی میں پائی جاتی تھی۔ ارشاد ہے ''یہودیوں نے ان سے یہاں تک عداوت کی کہ ان کی والدہ پر بہتان لگایا'' یعنی جناب عیسیٰ علیہ السلام کی دشمنی اور عداوت میں اس حد تک بڑھ گئے کہ ان کی پاک اور معصومہ والدہ ماجدہ جنابہ بی بی مریم علیہا السلام پر زناکاری کی تہمت لگا دی۔ ارشاد ہے ''کہ جو مرتبہ ان کیلئے ہرگز نہ تھا وہ انہیں دے دیا'' یعنی شدتِ محبت میں صاحبِ الوہیت بنا بیٹھے یا ابنُ اللہ ہونے کا اقرار کر لیا۔ گویا اے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم یہودی جس طرح عیسیٰ علیہ السلام کا انکار کر کے گمراہ ہو گئے۔ اسی طرح ایک گروہ آپ کی عظمت، شان، ولایت، عدالت اور کمالات کا انکار کر کے گمراہ ہو جائے گا اور جس طرح عیسائیوں نے شدتِ محبت میں عیسیٰ علیہ السلام کو ابنُ اللہ قرار دیا، یا صاحبِ الوہیت کہہ دیا حالانکہ ان کا یہ مرتبہ ہرگز نہ تھا۔ اسی طرح ایک گروہ آپ کی محبت میں آپ کو بھی صاحبِ الوہیت بنا دے گا۔ آپ کرم اللہ وجہہ الکریم میں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں یہ مشابہت پائی جاتی ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ خوارج نے آپ ﷺ پر اتہامات کی بوچھاڑ کر دی اور راہِ مستقیم سے بھٹک کر گمراہ ہو گئے۔ نصیریوں نے آپ ﷺ کی ذات والا تبار میں اللہ پاک کے حلول کو تسلیم کر لیا اور راہِ مستقیم سے بھٹک کر گمراہ ہو گئے۔ الحمد للہ کہ اہلِ سنت و جماعت کو آپ کرم اللہ وجہہ الکریم کی صحیح مشروع محبت مرحمت فرمائی اور یہ طریقہ مستقیم پر قائم و دائم ہے۔ یہ نہ افراط میں مبتلا ہیں نہ تفریط میں بلکہ راہِ اعتدال پر گامزن ہے۔ مولوی محمد ابوالحسن صاحب تحریر فرماتے ہیں

> ''اس سے معلوم ہوا کہ محبت اسی قدر محمود ہے کہ حد سے نہ گذرے اور موافق شرع کے ہو اور جو محبت کہ حد سے زیادہ ہو گمراہی کی طرف کھینچ لے جاتی ہے۔ پس ہر ایمان دار کو چاہئے کہ میانہ روی اختیار کرے اور افراط و تفریط سے بچے'' (مناقب مرتضوی ترجمہ خصائص شریف، صفحہ ۶۱)

---

بقیہ حاشیہ: عمر بن عبدالرحمن بن قیس الابار الکوفی صدوق ہے۔ و کان یحفظ و قد عمی طبقہ الثامنہ کے صغار سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۵۵)

۵: الحکم بن عبدالملک: الحکم بن عبدالملک القرشی البصری کوفی ضعیف ہے۔ طبقہ السابعۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۸۰)

۶: حارث بن حصیرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۶:۵

۷: ابی صادق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۵:۵

۸: ربیعہ بن ناجد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۵:۶

۹: علی (المرتضیٰ ﷺ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ذِكْرُ مَنْزِلَةِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَ قُرْبِهٖ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلُزُوْقِهٖ وَحُبِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَهٗ

"اس باب میں حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے مرتبہ اور نبی کریم ﷺ کے ساتھ جو قربِ خاص تھا اور آپ ﷺ کا جو انتہائی قریبی ملاپ تھا، نیز نبی کریم ﷺ کی جو آپ علیہ السلام کے ساتھ خصوصی محبت تھی، اس کا بیان ہے"

(اس باب میں دس احادیث شریف ہیں)

**حل لغت** | لَزُوقٌ: مل جانا، یک جان ہونا۔ صاحب "مصباح اللغات" نے صفحہ ۷۶۳ پر لکھا ہے "اللزوق و لازوق، زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے"۔

**حدیث نمبر ۱۰۴/۱** | اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ ۲ بْنُ مَسْعُوْدِ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ ۳ عَنْ شُعْبَةَ ۴ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ ۵ عَنِ الْعَلَاءِ ۶ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۴

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: اسماعیل بن مسعود: اسماعیل بن مسعود الجحدری البصری کی کنیت ابومسعود ہے، ثقہ ہے، طبقہ العاشرہ سے ہے، ۲۴۸ھ میں فوت ہوا (التقریب ص ۳۵)

۳: خالد: خالد بن حارث بن عبید بن سلیم الجھیمی کی کنیت ابوعثمان البصری ہے۔ ثقہ، ثبت اور طبقہ الثامنہ سے ہے۔ ۱۸۶ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۸۷)

۴: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳  ۵: ابی اسحٰق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۶: العلاء: العلاء بن عرار الخارفی الکوفی ہے اور اسحاق بن منصور، ابن معین سے روایت کرتا ہے کہ یہ ثقہ ہے۔ (تہذیب التہذیب، صفحہ ۱۸۹)



Marfat.com

ابْنَ عُمَرَ عَنْ عُثْمَانَ قَالَ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَتَابَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَصَابَ ذَنْبًا فَقَتَلُوْهُ وَ سَأَلُوْهُ عَنْ عَلِيٍّ فَقَالَ لَا تَسْأَلْ عَنْهُ اَلَا تَرَىٰ قُرْبَ مَنْزِلِهٖ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

**ترجمہ** | علاء سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے جناب عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا، ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ ان اصحاب میں سے تھے جنہوں نے منہ پھیرا اس دن جبکہ دو گروہ متقابل ہوئے تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی۔ پھر ان سے ایک لغزش ہوئی تو لوگوں نے انہیں شہید کر دیا اور اس شخص نے ان سے جناب علی رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا اس کے متعلق نہ پوچھ۔ کیا تو ان کا مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرب میں نہیں دیکھتا۔

**تشریح** | ارشاد ہے ''اس دن جبکہ دو گروہ متقابل ہوئے''، یعنی مسلمان اور کافر اُحد کے دن جب آمنے سامنے ہوئے۔

**حدیث نمبر ۲/۱۰۵** | اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ [۱] بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ هِلَالُ [۲] بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ [۳] قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ [۴] عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ [۵] عَنِ الْعَلَاءِ [۶] بْنِ عرار قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رضی اللہ عنہ فَقُلْتُ اَلَا تُحَدِّثُنِیْ عَنْ عَلِيٍّ وَ عُثْمَانَ قَالَ اَمَّا عَلِيٌّ فَهٰذَا بَيْتُهٗ مِنْ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا اُحَدِّثُكَ عَنْهُ بِغَيْرِهٖ وَ اَمَّا عُثْمَانَ فَاِنَّهٗ اَذْنَبَ ذَنْبًا عَظِيْمًا يَوْمَ اُحُدٍ فَعَفَى اللّٰهُ وَ اَذْنَبَ فِيْكُمْ ذَنْبًا صَغِيْرًا فَقَتَلْتُمُوْهُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲: ہلال بن العلاء: ہلال بن العلاء بن ہلال بن عمر الباہلی کی کنیت ابو عمر الرقی ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے۔ محرم ۲۸۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۶۶)

۳: حسین: حسین بن عیاس بن حازم اسلمی کی کنیت ابوبکر الباجدائی ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے سنہ ۲۰۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۴۷)

۴: زہیر: زہیر بن معاویہ بن حدیج کی کنیت ابوخیثمۃ الجعفی الکوفی ہے ثقہ ہے۔ ثبت الا ان سماعہ ان ابی اسحاق بآخرہ۔ طبقہ السابعہ سے ہے ۱۷۲ ہجری یا ۱۷۳ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۰۹)

۵: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲ ۶: العلاء بن عرار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۰۴



Marfat.com

**ترجمہ** | علاء بن عرار سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمرؓ سے پوچھا۔ پس میں نے عرض کیا آپ مجھے (حضرت) علیؓ اور (حضرت) عثمانؓ کے بارے میں کچھ بیان نہیں کریں گے؟۔ فرمایا خبردار رہ! (کیا تو نہیں جانتا) کہ یہ (حضرت) علیؓ کا گھر ہے جو کہ رسول اللہ ﷺ کے گھر سے ملا ہوا ہے اس کے علاوہ اس کے متعلق میں تجھے اور کیا بیان کر سکتا ہوں۔ اور خبردار رہ! (کیا تو نہیں جانتا) کہ حضرت عثمان (ذی النورینؓ) سے اُحد کے دن ایک بڑی لغزش ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ لغزش معاف فرمادی اور تم میں ان سے ایک بہت ہی ہلکی سی لغزش واقع ہوئی تو تم نے اسے شہید کر دیا۔

**تشریح** | ارشاد ہے "اس کے علاوہ اس کے متعلق میں تجھے اور کیا بیان سکتا ہوں" یعنی اس سے زیادہ کمال قرب، کمال فضیلت اور کمال حضور خاص اور کمال محبت اور کیا ہو سکتی ہے کہ جناب سید الانبیاء ﷺ نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کے مکان مبارک کو اپنے گھر میں ملا لیا تھا، یہی ان کی فضیلت پر کافی دلیل ہے۔ ارشاد ہے "اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ لغزش معاف فرمادی" یعنی اس پر کوئی باز پرس یا مؤاخذہ نہیں فرمایا بلکہ عفو فرمایا۔

**حدیث نمبر ۳/۱۰۶** | اَنبَأَنَا اَحمَدُ ۱ بنُ شُعَیبٍ قَالَ اَخبَرَنَا اَحمَدُ ۲ بنُ سُلَیمَانَ الرَّهَاوِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَیدُ اللهِ ۳ قَالَ اَنبَاَنَا اِسرَائِیلُ ۴ عَن اَبِی اِسحَاقَ ۵ عَنِ العَلَاءِ ۶ بنِ عَرَارٍ قَالَ سَأَلتُ بنَ عُمَرَ رَضِیَ اللهُ عَنهُمَا وَهُوَ فِی مَسجِدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَن عَلِیٍّ وَّ عُثمَانَ فَقَالَ اَمَّا عَلِیٌّ فَلَا تَسأَلنِی عَنهُ وَ انظُر اِلٰی قُربِ مَنزِلَةٍ مِّنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا فِی المَسجِدِ بَیتٌ غَیرَ بَیتِهٖ وَ اَمَّا عُثمَانُ فَاِنَّهٗ اَذنَبَ ذَنبًا عَظِیمًا تَوَلّٰی یَومَ التَقَی الجَمعَانِ فَعَفَی اللهُ عَنهُ وَ غَفَرَ لَکُم وَ اَذنَبَ فِیکُم ذَنبًا دُونَ ذٰلِکَ فَقَتَلتُمُوهُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۶

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: احمد بن سلیمان الرہاوی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

۳: عبید اللہ (بن موسیٰ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲

۴: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

۵: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۶: العلاء بن عرار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۴:۶



Marfat.com

**ترجمہ** علاء بن عرار سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا۔ اس وقت جبکہ وہ رسول کریم ﷺ کی مسجد شریف میں تشریف فرما تھے (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) اور (حضرت) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے متعلق۔ فرمایا، یاد رکھ (کیونکہ تو نہیں جانتا) کہ علی رضی اللہ عنہ جو ہیں انکے متعلق مجھ سے نہ پوچھ اور دیکھ حضور نبی کریم ﷺ کے نزدیک ان کے مرتبہ کو، مسجد نبوی میں سوائے ان کے گھر کے کسی اور کا گھر نہیں۔ اور یہ کہ جو (حضرت) عثمان رضی اللہ عنہ ہیں سو یہ کہ ان سے ایک بڑی لغزش ہوئی کہ انہوں نے منہ پھیرا اس دن جب کہ دو گروہ مقابل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا اور مغفرت فرما دی اور تم میں نہایت ہی ہلکی لغزش ان سے ہوئی تو تم نے ان کو شہید کر ڈالا۔

**تشریح** ارشاد ہے "کہ مسجد نبوی میں سوائے ان کے گھر کے کسی اور کا گھر نہیں" یعنی سوائے حضرت علی علیہ السلام کے گھر کے دروازہ کے اور کسی صاحب رضی اللہ عنہ کے گھر کا دروازہ مسجد کی طرف رکھنے کی اجازت نہیں۔ ترمذی شریف میں ایک حدیث ہے جس کے راوی ابن عباس رضی اللہ عنہما ہیں۔ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ اِلاَّ بَابَ عَلِیٍّ (وقال ھذا حدیث غریب) وہ فرماتے ہیں "کہ رسول کریم ﷺ نے تمام دروازوں کے بند کرنے کا حکم فرمایا (جو مسجد نبوی میں کھلتے تھے)۔ سوائے جناب علی رضی اللہ عنہ کے گھر کے دروازے کے"

اسنادہ صحیح (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص امام علی صفحہ ۹۰)

**حدیث نمبر ۱۰۷/۴** اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِیْلُ ۲ بْنُ یَعْقُوْبَ بْنِ اِسْمٰعِیْلَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ مُوْسٰی ۳ وَھُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَی بْنِ اَعْیَنَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ ۴ عَنْ عَطَاءٍ ۵ عَنْ سَعْدِ ۶ بْنِ عُبَیْدَۃَ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی ابْنِ عُمَرَ فَسَاَلَہٗ عَنْ عَلِیٍّ فَقَالَ لَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۷

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: اسماعیل بن یعقوب: اسماعیل بن یعقوب بن اسماعیل بن صبیح الصبحی کی کنیت ابو محمد الحارثی ہے، ثقہ ہے اور طبقہ الحادیۃ عشرۃ سے ہے، ۲۸۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۵)

۳: ابن موسیٰ: اس کا نام محمد بن موسیٰ بن اعین الجذری ہے اور ابو یحییٰ الحرانی کنیت ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ العاشرہ کے کبار سے ہے ۲۲۳ ہجری میں فوت ہوئے۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۰)

بقیہ حاشیہ: ۴: ابی: یہ موسیٰ بن اعین الجذری ہے۔ ابو سعید اس کی کنیت ہے، ثقہ، عابد اور طبقہ الثامنۃ سے ہے ۱۷۵ ہجری یا ۱۷۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۴۹)

۵: عطاء: عطاء بن السائب الثقفی الکوفی کی کنیت ابو محمد ہے اور اسے ابو سائب الثقفی الکوفی بھی کہتے ہیں، صدوق ہے۔ (حاشیہ جاری ہے)



Marfat.com

تَسْئَلُنِیْ عَنْ عَلِیٍّ وَ لٰکِنِ انْظُرْ اِلٰی بَیْتِهٖ مِنْ بُیُوْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ فَاِنِّیْ اُبْغِضُهٗ قَالَ اَبْغَضَکَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ

ترجمہ | سعد بن عبیدہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ابن عمر کے پاس ایک شخص آیا۔ سو اس نے (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کے بارے میں سوال کیا تو فرمایا (جناب) علی علیہ السلام کے متعلق مجھ سے نہ پوچھ مگر ہاں اس کے گھر کی طرف دیکھ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھروں میں شامل ہے۔ اس شخص نے کہا کہ میں ان سے عداوت رکھتا ہوں۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا اللہ عزوجل تمہیں دشمن رکھے گا۔

تشریح | ارشاد ہے "اللہ عزوجل تمہیں دشمن رکھے گا" یعنی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کی عداوت اور دشمنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی عداوت اور دشمنی ہے۔ خواجہ حافظ شیرازی فرماتے ہیں

کانرا کہ دوستی علی نیست کافر است
گو زاہد زمانہ و گو شیخ راہ باش

اسنادہ صحیح (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی صفحہ ۹۰)

اسنادہ حسن و الحدیث صحیح (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین صفحہ ۱۲۴)

حدیث نمبر ۵/۱۰۸ | اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ هِلَالُ ۲ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَیْنُ ۳ بْنُ عَیَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ ۵ قَالَ سَئَلَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ (قُثَم) بْنَ عَبَّاسٍ مِنْ اَیْنَ وَرِثَ عَلِیٌّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهٗ کَانَ اَوَّلَنَا بِهٖ لُحُوْقًا وَ اَشَدَّنَا بِهٖ لُزُوْمًا

---

بقیہ حاشیہ: اختلط طبقۃ الخامسۃ سے ہے ۱۳۷ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۳۹)

۶: سعد بن عبیدۃ: سعد بن عبیدۃ السلمی کی کنیت ابوحمزہ الکوفی ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ عمرو بن ہبیرۃ کے دور حکومت میں عراق میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۱۸)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۸

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: ہلال بن العلاء: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۵:۲

۳: حسین بن عیاش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۵:۳

۴: زہیر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۵:۴

۵: ابواسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴



Marfat.com

**ترجمہ** | ابی اسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ابوعبدالرحمان بن خالد نے ابن عباس سے پوچھا (جناب) علی (المرتضی علیہ السلام) کس وجہ سے رسول ﷺ کے وارث ہوئے۔ فرمایا یقیناً وہ ہم میں سے حضور ﷺ کے ساتھ سب سے پہلے ملنے والے تھے۔ اور ہم میں حضور ﷺ کے ساتھ انتہائی طور پر ہروقت ساتھ رہنے والے تھے۔

**حل لغت** | لُحُوْقٌ: لَحِقَ سے ہے جس کے معنی پالینا، مل جانا، پہنچ جانا، لازم ہونا، واجب الاداہونے کے ہیں لُزُوْمٌ یا لَزْمٌ یا لِزَامٌ یا لِزَامَةٌ یا لُزْمَانٌ: ہمیشہ رہنا، قائم رہنا، واجب ہونا، لئے رہنا، پیدا ہونا، حاصل ہونا۔

**تشریح** | ارشاد ہے "ابوعبدالرحمٰن بن خالد نے ابن عباس سے پوچھا" یعنی قثم بن عباس سے پوچھا۔ ارشاد ہے "(جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کس وجہ سے رسول کریم ﷺ کے وارث ہوئے" یعنی کس وجہ سے سیدنا علی المرتضی علیہ السلام حضور ﷺ کے ترکہ کے وارث ہیں۔ ارشاد ہے "انتہائی طور پر ہروقت ساتھ رہنے والے تھے" یعنی اپنے خاندان میں سب سے پہلے حضور ﷺ کے ساتھی اور ہروقت ہر آن اور ہر لمحہ حضور ﷺ کے ساتھ رہنے والے تھے۔ اسی لئے وہ ان کے وارث ٹھہرے۔

**حدیث نمبر ۶/۱۰۹** | اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا هِلَالُ ۲ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ ۳ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللهِ ۴ عَنْ زَیْدٍ ۵ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ ۶ عَنْ خَالِدِ ۷ بْنِ قُثَمٍ اَنَّهٗ قِیْلَ لَهٗ مَا لِعَلِیٍّ وَرِثَ جَدَّکَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دُوْنَ جَدِّکَ وَهُوَ عَمُّهٗ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا کَانَ اَوَّلَنَا بِهٖ لُحُوْقًا وَ اَشَدَّنَا بِهٖ لُزُوْقًا

---

اسماءالرجال حدیث نمبر ۱۰۹

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱ ۲: ہلال بن العلاء: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۵:۲

۳: ابی: اس کا نام علاء بن ہلال بن عمر بن ہلال بن ابی عطیہ الباہلی ہے اور اس کی کنیت ابومحمد الرقی ہے روی عن ابیه و عبید الله بن عمر الرقی وغیرهم وعنه ابنه هلال و محمد بن جبلة الرافعی و ابراهیم بن یعقوب وغیرهم حاتم نے کہا منکر الحدیث اور ضعیف الحدیث ہے نسائی نے کہا هلال بن العلاء روی عن ابیه غیر حدیث منکر فلا ادری منه اتی او من ابیه ۲۱۵ ہجری میں وفات پائی۔

۴: عبیداللہ: عبیداللہ بن عمرو بن ابی الولید الرقی کی کنیت ابووہب الاسدی ہے ثقہ ہے۔ فقیہ ہے۔ ربما وهم. طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۸۰ ہجری میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۲۲۶)

۵: زید (بن ابی انیسہ): زید بن ابی انیسہ الجذری کی کنیت ابواُسامہ ہے۔ اصل کوفہ کا باشندہ تھا پھر الرہا میں آباد ہو گیا، ثقہ ہے لہ افراد طبقہ السادستہ سے ہے ۱۲۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۱۲)

۶: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

(حدیث شریف کے اسماء الرجال اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**ترجمہ** | خالد بن قثم سے روایت ہے یہ کہ اسے کسی شخص نے کہا کیا وجہ ہے کہ (حضرت) علی (المرتضیٰ ؓ) رسول اللہ ﷺ کے وارث ٹھہرائے گئے اور تیرے دادا وارث نہ ہوئے حالانکہ وہ حضور ﷺ کے چچا تھے۔ فرمایا یقیناً وہ ہم میں حضور ﷺ کے ساتھ سب سے پہلے ملنے والے تھے۔ اور ہم میں حضور ﷺ کے انتہائی طور پر ساتھ رہنے والے تھے۔

**تشریح** | ارشاد ہے "تیرے دادا وارث نہ ہوئے حالانکہ وہ حضور ﷺ کے چچا تھے" یعنی خالد بن قثم جناب سیدنا عباس ؓ کے پوتے تھے جس سے یہ سوال کیا گیا۔

**حدیث نمبر ۱۱۰/۷** | اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدَۃُ ۲ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ اَنْبَأَنَا عَمْرُو ۳ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ اَنْبَأَنَا یُوْنُسُ ۴ بْنُ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْعَیْزَارِ ۵ بْنِ حُرَیْثٍ عَنِ النُّعْمَانِ ۶ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ اسْتَأْذَنَ اَبُوْبَکْرٍ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَۃَ عَالِیًا وَھِیَ تَقُوْلُ وَ اللّٰهِ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عَلِیًّا اَحَبُّ اِلَیْکَ مِنْ اَبِیْ فَاَھْوٰی اِلَیْھَا اَبُوْبَکْرٍ لِیَلْطِمَھَا وَقَالَ یَا بِنْتَ فُلَانَۃَ اُرَاکِ تَرْفَعِیْنَ صَوْتَکِ عَلٰی رَسُوْلِ

---

بقیہ حاشیہ: ۷: خالد بن قثم: یہ خالد بن قثم بن عباس بن عبدالمطلب الہاشمی ہے۔ روی حدیثه ابو اسحاق السبیعی و اختلف علیه فیه فضیل عن ابی اسحاق عن خالد بن قثم بن العباس من این ورث علی النبی صلی اللّٰه علیه واله وسلم الحدیث اخرجه النسائی فی الخصائص علی الوجهین. (تہذیب، جلد ۳، صفحہ ۱۱۲)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۰

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲: عبدۃ بن عبدالرحیم المروزی: عبدۃ بن عبدالرحیم بن حسان المروزی کی کنیت ابوسعید ہے۔ دمشق میں آ کر آباد ہو گیا تھا۔ صدوق ہے، طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۲۳) نسائی اور مسلمۃ نے کہا "ثقہ" ہے اور ابن حبان نے اسے اپنی ثقات میں ذکر کیا ہے۔ ابو حاتم نے کہا "صدوق" اور عبداللہ بن احمد سے روایت ہے کہ "شیخ صالح" ہے (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ؓ ابن ابی طالب صفحہ ۱۲۶)

۳: عمرو بن محمد: عمرو بن محمد العنقزی کی کنیت ابوسعید الکوفی ہے۔ ثقہ ہے، طبقہ التاسعہ سے ہے اور ۱۹۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۲)

۴: یونس بن ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۲

۵: العیزار بن الحریث: عیزار بن حریث العبدی الکوفی ثقہ ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۱۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۷۰)

۶: نعمان بن بشیر: نعمان بن بشیر بن سعد بن ثعلبہ الانصاری الخزرجی اور اس کا باپ صحابی ہیں، شام میں سکونت اختیار کی پھر کوفہ کا حاکم مقرر رہا۔ اور ۶۵ ہجری میں حمص میں قتل کیا گیا۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۸)



Marfat.com

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَامْسَكَهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَ خَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ مُغْضَبًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ كَيْفَ رَأَيْتِنِيْ اَبْعَدْتُكِ مِنَ الرَّجُلِ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ اَبُوْبَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ وَ قَدِ اصْطَلَحَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَ عَائِشَةُ فَقَالَ اَدْخِلَانِيْ فِي السِّلْمِ كَمَا اَدْخَلْتُمَانِيْ فِي الْحَرْبِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلْنَا

**ترجمہ** نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ (جناب) ابوبکر (صدیق ؓ) نے نبی کریم ﷺ سے اجازت طلب کی۔ پس (ام المومنین) عائشہ (صدیقہ رضی اللہ عنہا) کی آواز سنی (جوکہ) اونچی (آرہی) تھی۔ وہ کہہ رہی تھیں اللہ کی قسم ہے کہ میں خوب جانتی ہوں کہ آپ ﷺ کو میرے باپ سے زیادہ علی سے محبت ہے۔ تو (جناب) ابوبکر (صدیق ؓ) نے انہیں طمانچہ مارنا چاہا۔ اے فلاں کی بیٹی! میں دیکھ رہا ہوں کہ تیری آواز رسول اللہ ﷺ پر اونچی ہورہی ہے، سو رسول اللہ ﷺ نے اس کو منع کیا اور (جناب) ابوبکر (صدیق ؓ) غصہ کے عالم میں وہاں سے نکل آئے۔ تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے عائشہ (رضی اللہ عنہا) تو نے مجھے دیکھا کہ میں نے تجھے اس شخص سے کس طرح بچا لیا۔ اس کے بعد (جناب) ابوبکر (صدیق ؓ) نے آنے کیلئے اجازت طلب کی۔ جبکہ حضرت رسول کریم ﷺ اور ام المومنین (حضرت) عائشہ (صدیقہ رضی اللہ عنہا) دونوں متفق ہوگئے تھے تو (جناب) ابوبکر ؓ نے عرض کیا کہ مجھے بھی اس صلح میں شامل کرلیں جس طرح کہ تم دونوں نے مجھے لڑائی میں شامل کرلیا تھا۔ تو رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، ہم نے ایسا ہی کرلیا ہے۔

**حل لغت** ھَوَاءٌ: قصد کرنا، ارادہ کرنا۔ لَطْمٌ: طمانچہ مارنا، تھپڑ مارنا، ہتھیلی سے مارنا۔ اِصْطِلَاحٌ: کسی جماعت خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کرلینا، باہم صلح کرنا۔ اَدْخِلَا: تثنیہ ہے بمعنی آپ دونوں مجھے داخل کرلیں، شامل کرلیں۔

**تشریح** ارشاد ہے "نبی کریم ﷺ سے اجازت طلب کی" یعنی حجرہ مبارکہ میں اندر آنے کیلئے اجازت چاہی۔ ارشاد ہے "آپ ﷺ کو میرے باپ سے زیادہ علی سے محبت ہے" یعنی جناب سیدہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا اپنے والد گرامی کے متعلق اس قسم کے خیالاتِ مبارکہ کا اظہار کمال درجے کی محبتِ پدری پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ ہر ایک فرد کو اپنے ماں باپ کی عزت اور حرمت ہر ایک سے زیادہ عزیز ہوتی ہے۔ نیز ام المومنین نہایت ہی اچھی طرح جانتی تھیں کہ جس شخص کے ساتھ سرورِ کونین ﷺ سب سے زیادہ محبت فرمائیں گے وہ انتہائی



Marfat.com

رشک و عنایت اور عزت و مکرمت کا حامل ہوگا اور آخرت میں بھی سرخرو، کامگار، فائز المرام اور مقام بلند پر فائز ہوگا۔ لہٰذا ان کی یہ قلبی خواہش نہایت ہی صحیح اور درست تھی کہ میرے والد کے ساتھ جناب سید المرسلین احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفی ﷺ سب سے زیادہ محبت فرمائیں۔ چونکہ ام المومنین رضی اللہ عنہا جناب پیغمبر اسلام ﷺ کی حرم محترم ہیں لہٰذا اس نسبتِ عالیہ کی وجہ سے اس اصرار کو سوئے ادب نہیں کہا جا سکتا۔ فافہم، ارشاد ہے ''تو جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں طمانچہ مارنا چاہا'' یعنی ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو تھپڑ مارنے کا قصد کیا۔ ارشاد ہے ''سو رسول اللہ ﷺ نے اس کو منع کیا'' یعنی جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ کو روک دیا۔ ارشاد ہے ''اور جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ غصہ کے عالم میں وہاں سے نکل آئے'' یعنی سبحان اللہ! جناب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ادبِ نبوی ملحوظ خاطر رکھا کہ وہ اپنی صاحبزادی پر غصہ فرما رہے ہیں کہ حضور ﷺ کے مزاجِ اقدس کے مطابق گفتگو کرو۔ ان کی آواز پر آواز اونچی نہ کرو۔ ارشاد ہے ''میں نے تجھے اس شخص سے کس طرح بچا لیا'' یعنی جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غیض و غضب سے بچا لیا۔ ارشاد ہے ''کہ مجھے بھی اس صلح میں شامل کریں'' یعنی یہ انتہائی پیار اور محبت کا فقرہ ہے جس کے ایک ایک لفظ سے محبت کی خوشبو آ رہی ہے۔ ارشاد ہے ''ہم نے ایسا ہی کر لیا ہے'' یعنی اس صلح اور اتفاق میں آپ بھی شامل ہیں۔

اسنادہ صحیح (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۱۲۶)

**حدیث نمبر ۱۱۱/۸** اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ [۱] بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ [۲] بْنُ آدَمَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْمَصِیْصِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ غُنِیَةَ [۳] عَنْ اَبِیْ [۴] عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ [۵] عَنْ جُمَیْعٍ [۶] وَ هُوَ ابْنُ عُمَیْرٍ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اُمِّیْ عَلٰی عَائِشَةَ وَ اَنَا غُلَامٌ فَذَکَرْتُ لَهَا عَلِیًّا فَقَالَتْ مَا رَاَیْتُ رَجُلًا کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ مِنْهُ وَ لَا اِمْرَاَةً اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ مِنْ اِمْرَاَتِهٖ

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۱

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن آدم: محمد بن آدم بن سلیمان المصیصی الجہنی صدوق ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے۔ سن ۲۵۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، ص ۲۸۹) نسائی نے کہا ثقہ ہے۔ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب صفحہ ۱۲۷)

۳: ابن ابی غنیۃ: اس کا نام عبد الملک بن حمید ابن ابی غنیۃ الخزاعی الکوفی کا اصل وطن اصفہان تھا، ثقہ ہے اور طبقہ السادستہ سے ہے (التقریب صفحہ ۲۱۸)

۴: ابیہ: یہ عبد الملک کا باپ حمید بن ابی غنیۃ اصفہانی ہے۔ یہ صدوق ہے اور طبقہ السابعۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۸۴)

۵: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۶: جمیع: جمیع بن عمیر التیمی کی کنیت ابو الاسود الکوفی ہے۔ صدوق ہے یخطی و یتشیع طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۵۷)



Marfat.com

ترجمہ | جمیع بن عمیر سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ عائشہ (صدیقہ رضی اللہ عنہا) کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس وقت میں لڑکا تھا۔ تو میں نے ان کے سامنے (جناب) علی (المرتضیٰ ؓ) کا ذکر کیا۔ تو انہوں نے فرمایا (جناب) علی (ؑ) سے زیادہ محبوب حضور رسول کریم ﷺ کے نزدیک کسی اور شخص کو میں نے نہیں دیکھا۔ اور (جنابہ) بی بی (صاحبہ رضی اللہ عنہا) سے زیادہ محبوبہ حضور ﷺ کے نزدیک کسی دوسری عورت کو نہیں دیکھا۔

تشریح | ارشاد ہے ''اور (جنابہ) بی بی (صاحبہ رضی اللہ عنہا) سے زیادہ محبوبہ حضور ﷺ کے نزدیک کسی دوسری عورت کو نہیں دیکھا'' یعنی جناب سیدۃ النساء جگر گوشہ رسول خدا حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے زیادہ محبوب کوئی دوسری عورت نہ تھی۔

**حدیث نمبر ۹/۱۱۲** | اَنۡبَأَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَیۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا عَمۡرُو ۲ بۡنُ عَلِیِّ الۡبَصۡرِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیۡ عَبۡدُالۡعَزِیۡزِ ۳ بۡنُ الۡخَطَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۴ بۡنُ اِسۡمٰعِیۡلَ ابۡنِ رَجَاءِ الزُّبَیۡدِیُّ عَنۡ اَبِیۡ اِسۡحَاقَ ۵ الشَّیۡبَانِیِّ عَنۡ جُمَیۡعِ ۶ بۡنِ عُمَیۡرٍ قَالَ دَخَلۡتُ مَعَ اُمِّیۡ عَلٰی عَآئِشَةَ (فَسَمِعَهَا مَا تَسۡأَلُهَا) مِنۡ وَّرَآءِ الۡحِجَابِ عَنۡ عَلِیٍّ فَقَالَتۡ سَأَلۡتِنِیۡ عَنۡ رَجُلٍ مَا اَعۡلَمُ اَحَدًا کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنۡهُ وَلَا اَحَبَّ اِلَیۡهِ مِنۡ اِمۡرَأَتِهٖ

ترجمہ | جمیع بن عمیر سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ (ام المومنین) عائشہ (صدیقہ رضی اللہ عنہا) کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پردے کے پیچھے سے میں نے وہ بات سنی جو میری والدہ نے ان سے

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۲

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: عمرو بن علی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۲

۳: عبدالعزیز بن الخطاب: عبدالعزیز بن الخطاب کوفی کی کنیت ابوالحسن ہے۔ بصرے میں زندگی بسر کی، صدوق ہے اور طبقہ العاشرہ کے کبار سے ہے ۲۲۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۴)

۴: محمد بن اسمٰعیل: محمد بن اسمٰعیل بن رجاء الزبیدی الکوفی صدوق ہے اور شیعہ ہے۔ طبقہ الثامنہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۹۰)

۵: ابی اسحاق الشیبانی: اس کا نام سلیمان بن ابی سلیمان الشیبانی ہے اور ابواسحاق کنیت ہے۔ یہ کوفی ہے۔ ثقہ ہے اور طبقہ الخامسہ سے ہے۔ مات فی حدود الاربعین (التقریب، صفحہ ۱۳۴)

۶: جمیع بن عمیر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۱۱



Marfat.com

(حضرت) علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کے متعلق پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ تو نے ایسے شخص کے متعلق پوچھا ہے۔ میں کسی ایک شخص کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک اس شخص سے محبوب تر نہیں جانتی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک اُن کی بیوی سے کوئی عورت محبوب تر نہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے "اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک اُن کی بیوی سے کوئی عورت محبوب تر نہیں"، یعنی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ ارشاد گرامی جناب سیدنا امیر المومنین علی المرتضیٰ علیہ السلام اور ان کی زوجہ محترمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کمال محبت ثابت کر رہا ہے۔

اسناده صحيح (ابواسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی رضی اللہ عنہ، صفحہ ۹۴)

**حدیث نمبر ۱۱۳/۱۰** اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ زَکَرِیَّا ۲ بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ ۳ بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَاذَانُ ۴ عَنْ جَعْفَرِ الْاَحْمَرِ ۵ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ۶ بْنِ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ ۷ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی اَبِیْ فَسَأَلَهٗ اَیُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ کَانَ اَحَبَّ النَّاسِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ النِّسَآءِ فَاطِمَةُ وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِیٌّ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۳

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: زکریا بن یحیٰی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۳: ابراہیم بن سعید: ابراہیم بن سعید الجوہری کی کنیت ابواسحاق الطبری ہے، ثقہ اور حافظ ہے۔ تکلم فیه بلا حجة ۲۵۰ہجری میں فوت ہوا، طبقہ العاشرہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۰)

۴: شاذان: اس کا نام اسود بن عامر شامی کنیت ابا عبدالرحمٰن اور لقب شاذان ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ التاسعة سے ہے۔ ۲۰۸ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب صفحہ ۳۶)

۵: جعفر الاحمر: جعفر بن زیاد الاحمر الکوفی ہے صدوق ہے۔ شیعہ ہے۔ طبقہ السابعة سے ہے ۱۶۷ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، ص ۵۵) ابن معین نے کہا ثقہ ہے۔ اور احمد نے اسے صالح الحدیث کہا ہے۔ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ ابن ابی طالب، صفحہ ۱۲۹)

۶: عبداللہ بن عطاء: عبداللہ بن عطاء الطائفی دراصل کوفہ کا باشندہ ہے۔ صدوق ہے یخطی ویدلس طبقہ السادسة سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۸۲) ابن معین اور ترمذی نے کہا ثقہ ہے۔ ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے اور احمد نے کہا صالح الحدیث ہے۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۵، صفحہ ۳۲۲)

۷: ابن بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۹:۵

ترجمہ | ابن بریدہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میرے باپ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے اس سے پوچھا حضور ﷺ کے نزدیک لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب کون تھا؟ تو اس نے فرمایا کہ حضور ﷺ کے نزدیک عورتوں میں سب سے زیادہ محبوب فاطمہ (رضی اللہ عنہا) تھیں اور مردوں میں علی (المرتضیٰ) رضی اللہ عنہ تھے۔

تشریح | مولانا مولوی محمد ابوالحسن اس حدیث کے فائدہ میں لکھتے ہیں

''اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت ﷺ کے نزدیک سب مردوں سے پیارے علی رضی اللہ عنہ تھے اور عورتوں میں بہت پیاری فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا تھیں۔ پس اس حدیث سے عمدہ فضیلت ثابت ہوئی'' (مناقب مرتضوی، صفحہ ۶۵)



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذِكْرُ مَنْزِلَةِ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ مَسَآءً بَيْتَهٗ وَ سُكُوْنِهٖ

## ”جناب سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے اس مرتبہ کا بیان ہے کہ آنجناب علیہ السلام حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر مبارک رات کو تشریف لاتے اور آرام پاتے“

(اس باب میں آٹھ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱۱۴/۱** اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ ۲ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۳ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُوْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ ۴ قَالَ حَدَّثَنِیْ زَیْدٌ ۵ عَنِ الْحَارِثِ ۶ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ ۷ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۸ بْنِ نجی اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِیًّا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱ ۔ ۲: محمد بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۳

۳: محمد بن سلمۃ: محمد بن سلمۃ بن عبداللہ الباہلی ثقہ ہے۔ الحرانی ہے۔ طبقہ الحادیہ عشرہ سے ہے۔ ۱۹۱ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۹۹)

۴: ابوعبدالرحیم: اس کا نام خالد بن ابی یزید بن سماک بن رستم الاموی ہے کنیت ابوعبدالرحیم الحرانی ہے ثقہ ہے، طبقہ السادستہ سے ہے۔ ۱۴۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۹۱)

۵: زید (بن ابی انیسہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۹:۵

۶: الحارث: الحارث بن یزید العکلی التیمی ہے۔ روی عن ابی زرعة ، ابن عمرو و الشعبی و ابراهیم النخعی و عبدالله بن یحیی الحضرمی و عمارة بن القعقاع وهو من اقرانه و عنه عمارة بن القعقاع ایضا. و عبد الله و ابن عجلان و مغیرة و مقسم الضبی و غیرهم. ابن معین نے کہا ثقہ ہے اور ابن حبان نے اسے اپنی ثقات میں ذکر کیا ہے۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۲ صفحہ ۱۶۳)

۷: ابی زرعہ بن عمرو: ابی زرعہ بن عمرو بن جریر بن عبداللہ البجلی الکوفی کا نام ہرم، عمرو، عبداللہ، عبدالرحمٰن یا جریر ہے۔ یہ ثقہ ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۴۰۶)

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

يَقُوْلُ كُنْتُ اَدْخُلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلَّ لَيْلَةٍ فَاِنْ كَانَ يُصَلِّيْ سَبَّحَ فَدَخَلْتُ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ يُصَلِّيْ اَذِنَ لِيْ فَدَخَلْتُ

ترجمہ: عبداللہ بن نجی سے روایت ہے یہ کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے (جناب) علی (المرتضیٰ ﷺ) سے سنا وہ فرماتے تھے کہ میں ہر رات کو حضور ﷺ کی خدمت میں آیا کرتا تھا۔ سو اگر آنحضور ﷺ نماز پڑھ رہے ہوتے تو سبحان اللہ فرمادیتے تو میں مکان میں داخل ہوجاتا۔ اور اگر نماز میں نہ ہوتے تو مجھے اجازت فرمادیتے تو میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا۔

تشریح: اسناده حسن۔ اس کے اسناد حسن ہیں۔ (البلوشی، صفحہ ۱۲۹)

**حدیث نمبر ۲/۱۱۵** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ زَكَرِيَّا ۲ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۳ بْنُ عُبَيْدٍ وَ اَبُوْ كَامِلٍ ۴ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ ۵ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ ۶ بْنُ الْقَعْقَاعِ عَنِ الْحٰرِثِ ۷ الْعُكْلِيِّ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ ۸ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۹

---

بقیہ حاشیہ: ۸: عبداللہ بن نجی: عبداللہ بن نجی بن سلمۃ الحضرمی الکوفی کی کنیت ابولقیمان ہے۔ صدوق ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۹۲) روى عن ابيه و كان على مطهرة على و عمار و حذيفه و الحسين بن على و غيرهم و عنه ابو زرعة بن عمرو بن جرير و الحارث العكلى و شرجيل بن مدرك و جابر الجعفى۔ بخاری اور ابواحمد بن عدی نے کہا "فیه نظر" نسائی نے کہا ثقہ ہے۔ دارقطنی نے کہا کہ "ليس بقوى فى الحديث" اور ابن حبان نے اس کا ذکر ثقاۃ میں کیا ہے اور کہا کہ یہ علی ﷺ سے روایت کرتا ہے اور اپنے باپ سے بھی اور وہ بھی علی ﷺ سے روایت کرتا ہے۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۶ صفحہ ۵۵)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۳: محمد بن عبید: محمد بن عبید بن حساب العنبری البصری ثقہ ہے۔ اور طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۳۸ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۰)

۴: ابوکامل: اس کا نام فضیل بن حسین بن طلحہ الجحدری اور کنیت ابوکامل ہے۔ ثقہ، حافظ اور طبقہ العاشرہ سے ہے۔ اور یہ اپنے چچا کامل بن طلحہ سے اوثق ہے۔ ۲۳۷ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۷۶)

۵: عبدالواحد بن زیاد: عبدالواحد بن زیاد العبدی البصری ثقہ ہے۔ طبقہ الثامنہ سے ہے ۱۷۶ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۲۱)

۶: عمارۃ بن القعقاع: عمارۃ بن القعقاع بن شبرمۃ الضبی الکوفی ثقہ ہے۔ ارسل عن ابن مسعود طبقہ السادسۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۵۱)

۷: الحارث العکلی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴:۶

۸: ابی زرعہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴۔۷

۹: عبداللہ بن نجی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴:۸



Marfat.com

بْنِ نَجِيٍّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ لِيْ سَاعَةٌ مِنَ السَّحَرِ اَدْخُلُ فِيهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاِنْ كَانَ فِيْ صَلٰوتِهٖ سَبَّحَ وَ كَانَ اِذْنُهٗ لِيْ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْ صَلٰوتِهٖ اَذِنَ لِيْ

**ترجمہ** عبداللہ بن نجی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) نے فرمایا، میرے لئے صبح ایک وقت مقرر تھا جس میں کہ میں رسول کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتا سو اگر نماز پڑھ رہے ہوتے تو سبحان اللہ فرما دیتے اور یہی میرے لئے اجازت تھی اور اگر نماز نہ پڑھ رہے ہوتے تو مجھے اجازت مرحمت فرما دیتے۔

**تشریح** اسنادہ حسن، سوائے عبداللہ بن نجی کے کہ جو صدوق ہے، باقی سب رجال ثقہ ہیں۔ (احمد میرین البلوشی، صفحہ ۱۳۰)

**حدیث نمبر ۳/۱۱۶** اَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ ۲ بْنُ قُدَامَةَ الْمَصِيصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ ۳ عَنِ الْمُغِيْرَةِ ۴ عَنِ الْحَارِثِ ۵ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ ۶ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ۷ بْنُ نَجِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَتْ لِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَاعَةٌ مِنَ السَّحَرِ اٰتِيْهِ فِيهَا وَ اِذَا اَتَيْتُهٗ اِسْتَأْذَنْتُ وَاِنْ وَجَدْتُهٗ يُصَلِّيْ سَبَّحَ وَاِنْ وَجَدْتُهٗ فَارِغًا اَذِنَ لِيْ

**ترجمہ** (حضرت) علی (علیہ السلام) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ہاں سحر کے وقت میرے لئے ایک ساعت مقرر تھی۔ اس وقت میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ جب میں حاضر ہوتا تو اجازت طلب کرتا۔ اور اگر میں انہیں نماز میں پاتا تو وہ سبحان اللہ فرماتے۔ اور اگر میں انہیں نماز سے فارغ پاتا تو مجھے اجازت مرحمت فرماتے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۶

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن قدامۃ: محمد بن قدامۃ بن اعین الہاشمی المصیصی ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے اور ۲۵۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۶)

۳: جریر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۱۹

۴: المغیرہ: المغیرہ بن مقسم الضبی کی کنیت ابو ہاشم الکوفی ہے الاعمیٰ، ثقہ اور متقن ہے الا انہ کان یدلس و لاسیما عن ابراھیم۔ طبقہ السادسۃ سے ہے اور ۱۳۶ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۴۵)

۵: الحارث: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۱۴

۶: ابی زرعہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷:۱۱۴

۷: عبداللہ بن نجی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۱۱۴



Marfat.com

**تشریح** اسناده حسن، رجاله ثقات

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۱۳۲)

**حدیث نمبر ۱۱۷/۴** اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ ۲ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مُحَمَّدِ الْكُوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَيَّاشٍ ۳ عَنِ الْمُغِيْرَةِ ۴ عَنِ الْحَارِثِ ۵ الْعَكْلِيِّ عَنِ ابْنِ نَجِيٍّ ۶ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ كَانَ لِيْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَدْخَلَانِ مَدْخَلٌ بِاللَّيْلِ وَ مَدْخَلٌ بِالنَّهَارِ فَكُنْتُ اِذَا دَخَلْتُ بِاللَّيْلِ تَنَحْنَحَ لِيْ

**ترجمہ** ابن نجی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ علی (المرتضی) رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کے حضور میں میرے حاضر ہونے کے دو وقت تھے۔ ایک وقت رات کو حاضر ہونے کا تھا اور ایک وقت دن کو حاضر ہونے کا تھا۔ سو جب میں رات کو حاضر ہوتا تو آنحضرت ﷺ میرے لئے گلا صاف فرماتے یعنی کھنکھارتے۔ قال ابو عبدالرحمن خالفه شرجيل بن مدرك في اسناده ووافقه على قوله تنخ

**حدیث نمبر ۱۱۸/۵** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ ۲ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ۳ قَالَ حَدَّثَنِيْ شُرَحْبِيْلُ ۴ يَعْنِيْ بْنَ مُدْرِكٍ الْجُعْفِيَّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۵ بْنُ نُجَيٍّ الْحَضْرَمِيُّ عَنْ اَبِيْهِ ۶ وَ كَانَ صَاحِبَ مِطْهَرَةِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۷

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن عبید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱

۳: ابن عیاش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۵:۳

۴: المغیرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۶:۴

۵: الحارث: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴:۶

۶: ابن نجی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴:۸

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۸

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: قاسم بن زکریا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶:۱

۳: ابواسامة: اس کا نام حماد بن اسامہ القرشی الکوفی ہے اور یہ اپنی کنیت ابواسامہ سے مشہور ہے ثقہ ہے، ثبت ہے۔ ربما دلس و كان باخره يحدث من كتب غيره طبقہ التاسعۃ کے کبار سے ہے ۲۰۱ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۸۱)

۴: شرحبیل: شرحبیل بن مدرک الجعفی الکوفی ثقہ ہے اور طبقہ الخامسۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۴۴)

۵: عبداللہ بن نجی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴:۸

۶: ابیہ: یہ عبداللہ کا باپ نجی الحضرمی الکوفی ہے۔ یہ مقبول ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۶)

كَانَتْ لِيْ مَنْزِلَةٌ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ لِاَحَدٍ مِّنَ الْخَلَائِقِ فَكُنْتُ اٰتِيْهٖ كُلَّ سَحَرٍ فَاَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللهِ فَاِنْ تَنَحْنَحَ اِنْصَرَفْتُ اِلٰى اَهْلِيْ وَاِلَّا دَخَلْتُ عَلَيْهِ

**ترجمہ** | عبداللہ بن نجی سے روایت ہے اور وہ (جناب) علی (المرتضٰی ﷺ) کا لوٹا اٹھانے والا تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ (جناب) علی (المرتضٰی ﷺ) نے ارشاد فرمایا، جناب رسول کریم ﷺ کے حضور میں میرا ایک ایسا مرتبہ تھا جو مخلوق میں کسی دوسرے کیلئے نہ تھا۔ تو میں ہر سحر کو آنحضرت ﷺ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوتا سو عرض کرتا السلام علیک یا نبی اللہ پس اگر گلا صاف فرماتے تو میں اپنے گھر واپس چلا جاتا اور اگر گلا صاف نہ فرماتے تو میں اندر چلا جاتا۔

**حل لغت** | مِطْهَرَةٍ: لوٹا، طہارت کا برتن، کوزہ۔

**تشریح** | ارشاد ہے ”سو عرض کرتا السلام علیک یا نبی اللہ!“ یعنی اندر آنے کی اجازت چاہتا۔ ارشاد ہے ”اگر گلا صاف فرماتے تو میں اپنے گھر واپس چلا جاتا“ یعنی میں سمجھ جاتا کہ آنحضرت ﷺ مصروف ہیں تو میں واپس ہو جاتا۔ ارشاد ہے ”اور اگر گلا صاف نہ فرماتے تو میں اندر چلا جاتا“ یعنی سید الکونین ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو جاتا۔ مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب تحریر فرماتے ہیں

”یہ مرتبہ حضرت علی ﷺ کے سوا اور کسی کو حاصل نہ تھا اس لئے کہ وہ بہت قریب ہیں حضرت ﷺ کے گھر سے اور اخوۃ اور مصاحبت رکھتے تھے بہ سبب نسبتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے“ (مناقبِ مرتضوی، صفحہ ۶۷)

**حدیث نمبر ۱۱۹/۶** | اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ [۲] بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْمُسَاوِرِ [۳] قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ [۴] عَنْ عَبْدِ اللهِ [۵] بْنِ عَمْرِو بْنِ هِنْدِ الجملی عَنْ عَلِيٍّ [۶]

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۹

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱ ۲: محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۱

۳: ابوالمساور: اسکا نام فضل بن مساور ہے اور ابوالمساور البصری اس کی کنیت ہے ختن ابی عوانہ صدوق ہے ربما وھم طبقہ التاسعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۷۶)

۴: عوف (ابن ابی جمیلہ): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۳

۵: عبداللہ بن عمرو: یہ عبداللہ بن عمرو بن ہند الجملی الکوفی ہے۔ ترمذی نے اسے حسن کہا ہے۔ ابن حبان نے ثقات (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

قَالَ عَلِیٌّ كُنْتُ اِذَا سَئَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَعْطَانِیْ وَ اِذَا سَكَتُّ ابْتَدَأَنِیْ

**ترجمہ** | علی (المرتضیٰ ؓ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں جس وقت میں رسول کریم ﷺ سے کوئی چیز مانگتا تھا تو مجھے عطا فرماتے تھے اور جب میں خاموش رہتا تو مجھے بن مانگے عطا فرماتے۔

**حدیث نمبر ۱۲۰/۷** | اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۲ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعٰوِيَةَ ۳ قَالَ حَدَّثَنِی الْاَعْمَشُ ۴ عَنْ عَمْرِو ۵ بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ ۶ عَنْ عَلِیٍّ ۷ قَالَ كُنْتُ اِذَا سَئَلْتُ اُعْطِيْتُ وَ اِذَا سَكَتُّ ابْتُدِيْتُ

**ترجمہ** | (جناب) علی (المرتضیٰ ؓ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب میں کچھ مانگتا تھا تو مرحمت فرماتے تھے اور جب میں خاموش رہتا تو مجھے بن مانگے مرحمت فرماتے۔

**تشریح** | ارشاد ہے "جب میں کچھ مانگتا تھا تو مرحمت فرماتے تھے" یعنی جس وقت بھی میں جو کچھ حضور ﷺ سے طلب کرتا تو آنحضرت ﷺ مرحمت فرماتے۔

**حدیث نمبر ۱۲۱/۸** | اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ ۲ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ ۳ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَرْبٍ ۵ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ ۶ وَ رَجُلٍ اٰخَرَ عَنْ زَاذَانَ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ كُنْتُ وَ اللهِ اِذَا سَئَلْتُ اُعْطِيْتُ وَ اِذَا سَكَتُّ ابْتُدِيْتُ

---

بقیہ حاشیہ: میں ذکر کیا ہے۔ حافظ ابن حجر نے کہا صدوق ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ ؓ سے اس کی سماعت ثابت نہیں ہے۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۵، صفحہ ۳۴۰)۔ بحوالہ احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ؓ بن ابی طالب، صفحہ ۱۳۴

۶: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۰

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن المثنیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۳: ابو معاویہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۴:۲

۴: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۵: عمرو بن مرة: عمرو بن مرة بن عبداللہ بن طارق الجمل المرادی ابوعبداللہ الکوفی الاعمیٰ ثقہ ہے۔ عابد ہے، کان لا یدلس ورمی بالارجاء طبقہ الخامسہ سے ہے ۱۱۸ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۲)

۶: ابی البختری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۶

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۱ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

ترجمہ | زاذان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ (جناب) علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) نے ارشاد فرمایا مجھے خداوند تعالیٰ کی قسم! جب میں (حضور ﷺ) سے مانگتا تو آپ ﷺ عنایت فرماتے اور جب میں خاموش رہتا تو بن مانگے عطا ہوتا۔

قال ابو عبد الرحمن ابن جریج لم یسمع من ابی حرب

تشریح | "اس اثر کے اسناد صحیح ہیں، اس کے رجال ثقات ہیں۔ ابن جریج کا سماع ابی حرب سے واضح ہے لہٰذا اس پر تدلیس کی تہمت ہے، وہ رفع ہوگئی۔ حافظ نے نسائی کی روایت سے التہذیب، ج ۱۲ صفحہ ۷۰ پر جو یہ نقل کیا ہے۔ کہ میں نہیں جانتا کہ ابن جریج نے ابی حرب سے سماع کیا ہے تو یہ قول حافظ رحمہ اللہ کا تشدد پر مبنی ہے۔ حالانکہ ابن جریج امام ہے، ثقہ ہے۔ سوائے تدلیس کے اس میں کوئی عیب نہیں بتایا گیا اور جب تدلیس سماع کے ساتھ واضح ہو جائے تو پھر قبول کی جاتی ہے۔ اور تحقیق میرے سامنے جو خصائص کے تین نسخے ہیں ان میں ابی حرب سے سماع واضح ہے اور اسی طرح "زوائد فضائل الصحابہ" نے القطیعی نے روایت نقل کی ہے۔ پس کسی بھی تردد کی گنجائش نہیں ہے کہ ابی حرب سے سماع ثابت نہ ہو"

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین صفحہ ۱۳۴)

---

بقیہ حواشی: اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۱

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: یوسف بن سعید: یوسف بن سعید بن المسلم المصیصی ثقہ، حافظ اور طبقہ الحادیہ عشرۃ سے ہے، ۲۷۱ھ یا اس سے قبل فوت ہوا (التقریب، صفحہ ۳۸۸)

۳: حجاج: حجاج بن محمد المصیصی الاعور کی کنیت ابو محمد ہے ترمذ کا باشندہ تھا۔ بغداد میں آیا پھر المصیصہ میں سکونت اختیار کی۔ ثقہ اور ثبت ہے لیکن اختلط فی اخر عمرہ لما قدم بغداد قبل موتہ طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۶ ہجری میں بغداد میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۶۵)

۴: ابن جریج: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷۷:۳

۵: ابو حرب: ابو حرب بن ابی الاسود الدیلی البصری ثقہ ہے۔ اس کا نام محجن یا عطا بتایا جاتا ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۸ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۴۰۱) ابن حبان نے کہا یہ ثقہ ہے عبد البر نے بھی اسے ثقہ کہا ہے اور مسلم نے اس سے روایت کی ہے۔ (ابو اسحاق الحوینی، تہذیب خصائص الامام علی رضی اللہ عنہ، صفحہ ۹۸)

۶: ابی الاسود: یہ ظالم بن عمرو بن سفیان ہے اور عمرو بن ظالم بھی کہا گیا ہے۔ اس کی کنیت ابو الاسود الدیلی ہے اور ابو الاسود الدولی بھی بتائی جاتی ہے، البصری ہے ثقہ، فاضل اور مخضرم ہے۔ ۶۹ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۹۳)

۷: زاذان: یہ ابو عمر الکندی البزار ہے اور اس کی کنیت ابا عبد اللہ بھی ہے۔ صدوق ہے اور یرسل ہے اس میں شیعیت پائی جاتی ہے۔ طبقہ الثانیہ سے ہے ۸۲ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۰۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ صُعُوْدِهٖ عَلٰى مَنْكِبَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ نُهُوْضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

"اس باب میں (جناب) امیر المومنین علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ وکرم اللہ وجہہ الکریم) کی اس فضیلت کا بیان ہے کہ آپ (رضی اللہ عنہ) آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھوں پر چڑھے اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو اٹھا کر کھڑے ہوئے"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حل لغت** | خَصَّ: خاص کرنا، فضیلت دینا۔

**حدیث نمبر ۱۲۲/۱** | اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ [۲] بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَسْبَاطٌ [۳] عَنْ نُعَيْمِ [۴] بْنِ حَكِيْمِ الْمَدَائِنِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْيَمَ [۵] قَالَ قَالَ عَلِيٌّ اِنْطَلَقْتُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۲

[۱] احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

[۲] احمد بن حرب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۹:۱

[۳] اسباط: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۴:۴

[۴] نعیم بن حکیم: نعیم بن حکیم المدائنی صدوق ہے۔ لہ اوھام طبقہ السادسہ سے ہے ۱۴۸ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۹) ابن معین نے کہا ثقہ ہے اور اسی سے ایک روایت میں آیا ہے کہ ضعیف ہے۔ نسائی نے کہا "لیس بالقوی" اور ازدی سے روایت ہے "احادیثہ مناکیر واطلق الذہبی القول بتوثیقہ" (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب، صفحہ ۱۳۵)

[۵] ابومریم: اس کا نام قیس ثقفی المدائنی ہے۔ یہ مجہول ہے اور طبقہ الثانیہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۴۲۶)



Marfat.com

مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتَيْنَا الْكَعْبَةَ فَصَعِدَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْكِبِيْ فَنَهَضْتُ بِهٖ فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللهِ ضُعْفِيْ قَالَ لِيْ اِجْلِسْ فَجَلَسْتُ فَنَزَلَ نَبِيُّ اللهِ وَجَلَسَ لِيْ وَ قَالَ اصْعَدْ عَلٰى مَنْكِبِيْ فَصَعِدْتُ عَلٰى مَنْكِبِهٖ. فَنَهَضَ بِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ قَالَ عَلِيٌّ علیہ السلام لَيُخَيَّلُ اِلَيَّ اَنِّيْ لَوْشِئْتُ لَنِلْتُ اُفُقَ السَّمَاۤءِ فَصَعِدْتُّ عَلَى الْكَعْبَةِ وَ عَلَيْهَا تِمْثَالٌ مِنْ صُفْرٍ اَوْ نُحَاسٍ فَجَعَلْتُ اُعَالِجُهٗ لِاُزِيْلَهٗ بِيَمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ وَّ قُدَّامٍ اَوْ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ حَتّٰى اِذَا اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ قَالَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اقْذِفْهُ فَقَذَفْتُ بِهٖ فَتَكَسَّرَ كَمَا تَنْكَسِرُ الْقَوَارِيْرُ ثُمَّ نَزَلْتُ فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَسْتَبِقُ حَتّٰى تَوَارَيْنَا بِالْبُيُوْتِ خَشْيَةَ اَنْ نَلْقٰى اَحَدًا مِنَ النَّاسِ وَاللهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ

**ترجمہ** | ابو مریم نے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلا یہاں تک کہ ہم کعبہ پہنچ گئے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے کندھوں پر چڑھے پس میں انہیں (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اٹھا کر کھڑا ہوا سو جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے کمزور پایا تو مجھے ارشاد فرمایا، بیٹھ۔ پس میں بیٹھ گیا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اترے اور میرے لئے بیٹھ گئے اور ارشاد فرمایا کہ میرے کندھوں پر سوار ہو جا۔ پس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھوں پر چڑھا پھر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اٹھا کر کھڑے ہوئے۔ اور جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا البتہ مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ اگر میں چاہوں تو آسمان کے کنارے تک پہنچ جاؤں۔ پس میں کعبہ پر چڑھا اس میں پیتل یا تانبے کی تصاویر تھیں پس میں ان کو اٹھانے لگا تاکہ میں ان کو دائیں، بائیں، آگے یا سامنے اور پیچھے سے ہٹادوں۔ یہاں تک کہ جب میں نے ان سب پر قابو پا لیا۔ تو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا ان کو پھینک دے۔ پس میں نے انہیں پھینک دیا پس اس طرح ٹوٹ گئے جس طرح کہ شیشے ٹوٹ جاتے ہیں۔ پھر میں اترا، پھر میں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں سے جلدی جلدی چلے یہاں تک کہ گھروں میں پہنچ گئے۔ یہ فکر کرتے ہوئے کہ مبادا کوئی ایک شخص ہمیں مل نہ جائے اور اللہ بہتر جانتا ہے۔

**حل لغت** | صَعِدَ، یاصُعُوْدٌ: چڑھنا، نَهَضَ یانُهُوْضٌ: کھڑا ہونا، سیدھا ہونا، اٹھنا، جلدی کرنا وغیرہ۔ تِمْثَالٌ: تصاویر۔ صُفْرٌ: پیتل۔ نُحَاسٌ: تانبا، آگ، وہ دھواں جس میں شعلہ نہ ہو، طبیعت۔ قَذْفٌ: قے کرنا پھینک مارنا، تہمت لگانا، وغیرہ وغیرہ۔ كَسْرٌ: توڑنا۔ قَوَارِيْرُ: شیشہ۔

**تشریح** ارشاد ہے ''پس رسول کریم ﷺ میرے کندھوں پر چڑھے''یعنی کعبہ کے اندر داخل ہو کر حضرت رسول کریم ﷺ جناب سیدنا علی علیہ السلام کے کندھوں پر سوار ہوئے۔ ارشاد ہے ''پس میں انہیں (ﷺ) اٹھا کر کھڑا ہوا'' یعنی جناب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کو کندھوں پر اٹھا لیا۔ ارشاد ہے ''تو نبی کریم ﷺ اترے''یعنی میرے کندھوں پر سے اترے۔ ارشاد ہے ''اور میرے لئے بیٹھے''یعنی اپنے کندھوں مبارکہ پر مجھے اٹھانے کیلئے بیٹھ گئے۔ ارشاد ہے ''اس میں پیتل یا تانبے کی تصاویر تھیں''یعنی کعبہ میں دیواروں پر پیتل یا تانبے کی بنے ہوئے بت لٹکے ہوئے تھے۔ ارشاد ہے ''تاکہ ہیں ان کو دائیں، بائیں آگے یا سامنے اور پیچھے سے ہٹادوں''یعنی کعبہ کے اندر چاروں طرف سے ان بتوں یا تصویروں کو میں ہٹانے لگا۔ ارشاد ہے ''پھر میں اترا''یعنی پیغمبر اسلام ﷺ کے کندھوں سے نیچے اتر آیا۔ مولانا مولوی محمد ابوالحسن مترجم صحیح البخاری اس حدیث کی تشریح میں تحریر کرتے ہیں

> ''اس حدیث سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی کہ ان کے سوا کسی کو حاصل نہیں کہ حضرت ﷺ کے مونڈھوں پر چڑھے اور آسمان کے پاس پہنچ گئے''۔(مناقب مرتضوی صفحہ ۶۹)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِکۡرُ مَاخُصَّ بِہٖ دُوۡنَ الۡاَوَّلِیۡنَ وَ الۡاٰخِرِیۡنَ مِنۡ فَاطِمَۃَ بِنۡتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَ بَضۡعَۃٍ مِنۡہُ وَ سَیِّدَۃِ نِسَآءِ اَھۡلِ الۡجَنَّۃِ اِلَّا مَرۡیَمَ بِنۡتَ عِمۡرَانَ

''اس باب میں اس بات کا ذکر ہے کہ جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کو تمام پہلے اور پچھلے لوگوں میں جنابہ سیدہ فاطمۃ الزہرا بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے خاص طور پر منتخب کیا گیا ہے اور جنابہ سیدہ طاہرہ رضی اللہ عنہا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجود پاک کا ایک ٹکڑا ہیں نیز سوائے مریم بنت عمران کے جنت کی تمام عورتوں کی سردار جنابہ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا ہیں''

(اس باب میں چار احادیث شریف ہیں)

**تشریح** صاحب خصائص نے اگرچہ عنوان باب میں ''سوائے مریم بنت عمران'' کا ذکر کیا ہے۔ مگر اس باب کی تمام احادیث میں ان الفاظ کا کہیں بھی ذکر نہیں البتہ اس سے اگلے باب میں جس کا عنوان ہی یہ ہے کہ ''سوائے مریم بنت عمران کے جنابہ سیدہ طاہرہ فاطمہ بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت میں تمام عورتوں کی سردار ہیں'' قائم کیا ہے۔ شاید یہاں کاتب کی زیادتی ہو۔ واللہ اعلم



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱/۱۲۳** اَنبَأَنَا اَحمَدُ ۱ بنُ شُعَیبٍ قَالَ اَخبَرَنَا الحُسَینُ ۲ بنُ حُرَیثٍ قَالَ اَنبَأَنَا الفَضلُ ۳ بنُ مُوسٰی عَنِ الحُسَینِ ۴ بنِ وَاقِدٍ عَن عَبدِ اللّٰہِ ۵ بنِ بُرَیدَۃَ عَن اَبِیہِ ۶ قَالَ خَطَبَ اَبُوبَکرٍ وَ عُمَرُ فَاطِمَۃَ عَلَیہَا السَّلَامُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّہَا صَغِیرَۃٌ فَخَطَبَہَا عَلِیٌّ عَلَیہِ السَّلَام فَزَوَّجَہَا مِنہُ

**ترجمہ** بریدہ سے روایت ہے کہ (جناب) ابوبکر (صدیق ؓ) اور (جناب) عمر (فاروق ؓ) نے (جنابہ سیدہ طاہرہ) فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کی نسبت کیلئے پیغام بھیجا۔ تو رسول کریم ﷺ نے (جواباً) ارشاد فرمایا کہ وہ چھوٹی ہیں۔ پھر (جناب) علی (المرتضیٰ) علیہ السلام نے نسبت کیلئے پیغام بھیجا پس ان کا نکاح ان سے کر دیا۔

**حل لغت** خَطَبَ: شادی کا پیغام بھیجنا، تقریر کرنا، خطبہ سنانا۔

**تشریح** ارشاد ہے "تو رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ وہ چھوٹی ہیں" یعنی ان کی عمر چھوٹی ہے اور تم صاحبان کی عمر ان کے مقابلہ میں بہت بڑی ہے۔ مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب مناقب مرتضوی صفحہ ۶۹ پر تحریر فرماتے ہیں "یعنی اور تمہاری عمر بڑی ہے پس یہ میل ٹھیک نہیں" ارشاد ہے "علی (المرتضیٰ) علیہ السلام نے نسبت کیلئے پیغام بھیجا" یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ ؓ نے اپنے نکاح کیلئے پیغام بھیجا۔ ارشاد ہے "پس ان کا نکاح ان سے کر دیا گیا" یعنی حضور سرور عالم و عالمیان ﷺ نے جنابہ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا نکاح جناب سیدنا علی المرتضیٰ ؓ سے کر دیا۔

اسنادہ صحیح، رجال ثقاۃ، جیسے کہ پہلے حدیث میں گذر چکا ہے۔ عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والد سے سماع کیا ہے۔ (البلوشی صفحہ ۱۳۷)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۳

۱ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲ الحسین بن حریث: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳۰

۳ الفضل بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۰

۴ الحسین بن واقد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۳۰

۵ عبداللہ بن بریدہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۴

۶ ابیہ (بریدہ بن الحصیب): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۴



Marfat.com

**حدیث نمبر۲/۱۲۴** اَنبَأَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ ۱ اِسْمٰعِیْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ ۲ بْنُ وَرْدَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَیُّوْبُ ۳ السختیانی عَنْ اَبِیْ بُرَیْدَةَ ۴ (اَبِیْ یَزِیْدَ الْمَدَنِیِّ) عَنْ اَسْمَاءَ ۵ بِنْتِ عُمَیْسٍ قَالَتْ کُنْتُ فِیْ زِفَافِ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ الْبَابَ فَفَتَحَتْ لَهٗ اُمُّ اَیْمَنَ یُقَالُ کَانَ فِیْ لِسَانِهَا لُثْغَةٌ فَقَالَ ادْعِیْ اَخِیْ قَالَتْ هُوَ اَخُوْکَ وَ تُنْکِحُهٗ قَالَ نَعَمْ یَا اُمَّ اَیْمَنَ وَسَمِعْنَ النِّسَآءُ صَوْتَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَحَیَّیْنَ قَالَ اَخْبَأُ فَاخْتَبَأْتُ اَنَا فِیْ نَاحِیَةٍ قَالَتْ فَجَآءَ عَلِیٌّ علیہ السلام فَدَعَا لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ نَضَحَ عَلَیْهِ بِالْمَآءِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوْا لِیْ فَاطِمَةَ فَجَآءَتْ عَلَیْهَا السَّلَامُ وَ عَلَیْهَا خِرْقَةٌ مِّنَ الْحَیَآءِ فَقَالَ لَهَا قَدْ اَنْکَحْتُکِ اَحَبَّ اَهْلِ بَیْتِیْ اِلَیَّ وَ دَعَا لَهَا وَ نَضَحَ عَلَیْهَا مِنَ الْمَآءِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَاٰی سَوَادًا فَقَالَ مَنْ هٰذَا قَالَتْ قُلْتُ اَسْمَآءُ قَالَ بِنْتُ عُمَیْسٍ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ کُنْتِ فِیْ زِفَافِ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تُکْرِمِیْنَهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَتْ فَدَعَا لِیْ

**ترجمہ** اسماء بن عمیس سے روایت ہے کہ میں فاطمہ بنت رسول ﷺ کے نکاح میں موجود تھی۔تو حضور ﷺ صبح کے وقت ہمارے پاس تشریف لائے۔پس جناب رسول کریم ﷺ نے دروازہ کھٹکھٹایا۔تو ام ایمن نے ان کیلئے دروازہ کھولا،کہا جاتا ہے کہ ان کی زبان میں ہکلا پن تھا۔تو رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرے بھائی کو بلا۔

اسماء الرجال حدیث نمبر۱۲۴

۱: ابومسعود اسماعیل بن مسعود: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱۰۴:۲

۲: حاتم بن وردان: حاتم بن وردان بن مروان السعدی کی کنیت ابوصالح البصری ہے۔ثقہ ہے اور طبقہ الثامنہ سے ہے ۱۸۴ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب،صفحہ۵۹)

۳: ایوب السختیانی: ایوب بن ابی تمیمہ کیسان السختیانی کی کنیت ابوبکر البصری ہے۔ثقہ،ثبت،حجت اور پانچ اکابر فقہا العباد میں سے ایک ہے۔طبقہ الخامسہ سے ہے ۱۳۱ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب،صفحہ۴۱)

۴: ابویزید المدنی: ابویزید المدنی مقبول اور طبقہ الرابعہ سے ہے۔(التقریب،صفحہ۴۳۳) ابن معین نے کہا ثقہ ہے اور الذہبی نے بھی اسے ثقہ کہا ہے اور ابوحاتم نے کہا شیخ ، یکتب حدیثہ ، اخرج له البخاری (تہذیب التہذیب،جلد۱۲،صفحہ۲۸۰)

۵: اسماء بن عمیس: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۶:۶۳



Marfat.com

انہوں نے عرض کیا کہ وہ آپ کا بھائی ہے اور اس کے ساتھ آپ اپنی بیٹی کا نکاح کر رہے ہیں۔ فرمایا اے ام ایمن ہاں اور عورتوں نے نبی کریم ﷺ کی آواز سنی پس وہ چھپ گئیں۔ ارشاد فرمایا تو بھی چھپ جا سو میں بھی ایک کونے میں چھپ گئی۔ پھر (حضرت) علی علیہ السلام آئے تو حضور نبی کریم ﷺ نے ان کیلئے دعا فرمائی اور ان پر پانی چھڑکا اور پھر فرمایا کہ (سیدہ) فاطمہ کو میرے پاس بلاؤ پس وہ (علیہا السلام) آئیں اور حیاء کی وجہ سے وہ کپڑا لئے ہوئے تھیں۔ تو اسے فرمایا کہ میں نے اہلِ بیت میں سے جو مجھے سب سے زیادہ محبوب تھا تیرا نکاح اس کے ساتھ کر دیا ہے اور ان کیلئے دعا کی اور ان پر بھی پانی چھڑکا۔ پس رسول کریم ﷺ باہر تشریف لائے پس ایک وجود دیکھا۔ تو ارشاد فرمایا یہ کون ہے؟ کہا کہ میں نے عرض کیا کہ اسماء ہے۔ فرمایا عمیس کی بیٹی۔ میں نے کہا ہاں۔ ارشاد فرمایا کہ کیا تو رسول اللہ ﷺ کی بیٹی فاطمہ (سلام اللہ علیہا) کے نکاح کی تقریب میں شامل ہوئی ہے تاکہ ان کی تعظیم کرے۔ میں نے عرض کیا کہ ہاں جناب فرماتی ہیں کہ پس میرے لئے دعا فرمائی۔

**حل لغت** زِفَاف: ہدیہ بھیجنا، دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا، نکاح کی رات۔ لَثَغَةٌ: ہکلا پن، تو تلا پن رک رک کر بولنا، جو ہم مخرج الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا نہ کر سکے، اس کو لَثَغٌ کہتے ہیں۔ خَبَأَ: ڈھانپنا، چھپانا۔ اِخْتِبَاءٌ: چھپانا۔ سَوَادَ: وجود، سیاہی۔

**تشریح** ارشاد ہے ''میں فاطمہ بنت رسول ﷺ کے نکاح میں موجود تھی'' یعنی حضور ﷺ نے جس رات جنابہ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا نکاح کیا اس وقت میں وہاں تھی۔ ارشاد ہے ''تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ میرے بھائی کو بلا'' یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کو اپنا بھائی فرمایا تو انہوں نے تعجب سے عرض کیا۔ ارشاد ہے ''اہل بیت میں سے جو مجھے سب سے زیادہ محبوب تھا تیرا نکاح اس کے ساتھ کر دیا ہے'' یعنی اہل بیت میں سے بھی جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے ساتھ آپ ﷺ کی محبت بہت زیادہ تھی۔ ارشاد ہے ''پس ایک وجود دیکھا'' یعنی رسول کریم ﷺ نے ایک وجود دیکھا۔ ارشاد ہے ''فاطمہ (سلام اللہ علیہا) کے نکاح کی تقریب میں شامل ہوئی ہے تاکہ ان کی تعظیم کرے'' یعنی سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے اکرام کیلئے تو آئی ہے۔ ارشاد ہے ''پس میرے لئے دعا فرمائی'' یعنی سرورِ عالم و عالمیان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اسماء بنت عمیس کے اس تقریب میں شمولیت کرنے اور اہل بیت کے اکرام و تعظیم کرنے پر بہت خوش ہوئے اور دعا سے سرفراز فرمایا۔

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ (اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ) خَالَفَهٗ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ عُرْوَةَ فَرَوَاهُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۲۵/۳** اَنۡبَاَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَیۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنِیۡ زَکَرِیَّا ۲ بۡنُ یَحۡیٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۳ بۡنُ صَدۡرَانَ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَیۡلُ ۴ بۡنُ خَلَّادِ الۡعَبۡدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۵ بۡنُ سَوَاءٍ عَنۡ سَعِیۡدِ ۶ بۡنِ اَبِیۡ عَرُوۡبَةَ عَنۡ اَبِیۡ اَیُّوۡبَ ۷ السخستیانی عَنۡ عِکۡرَمَةَ ۸ عَنِ ابۡنِ عَبَّاسٍ ۹ قَالَ لَمَّا زَوَّجَ رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ مِنۡ عَلِیٍّ کَانَ فِیۡمَا اَهۡدٰی سَرِیۡرٌ مَشۡرُوۡطٌ وَ وِسَادَةٌ مِنۡ اَدَمٍ حَشۡوُهَا لِیۡفٌ وَ قِرۡبَةٌ فَقَالَ وَجَآءُوۡا بِبَطۡحَآءِ الرَّمۡلِ فَبَسَطُوۡهُ فِی الۡبَیۡتِ وَ قَالَ لِعَلِیٍّ اِذَا اَتَیۡتَهَا بِهَا فَلَا تَقۡرَبۡهَا حَتّٰی اٰتِیَکَ فَجَآءَ رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَدَقَّ الۡبَابَ فَخَرَجَتۡ اِلَیۡهِ اُمُّ اَیۡمَنَ فَقَالَ لَهَا ثَمَّ اَخِیۡ قَالَتۡ وَ کَیۡفَ یَکُوۡنُ اَخُوۡکَ وَ قَدۡ زَوَّجۡتَهٗ ابۡنَتَکَ قَالَ فَاِنَّهٗ اَخِیۡ قَالَ ثُمَّ اَقۡبَلَ عَلَی الۡبَابِ وَ رَاٰی سَوَادًا فَقَالَ مَنۡ هٰذَا؟ فَقَالَتۡ اَسۡمَاءُ ابۡنَتَ عُمَیۡسٍ فَاَقۡبَلَ عَلَیۡهَا فَقَالَ لَهَا جِئۡتِ تُکۡرِمِیۡنَ ابۡنَةَ رَسُوۡلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَتۡ نَعَمۡ فَدَعَا لَهَا خَیۡرًا ثُمَّ قَالَ دَخَلَ رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَ کَانَ الۡیَهُوۡدُ یَاۡخُذُوۡنَ الرَّجُلَ مِنۡ امۡرَاَتِهٖ اِذَا دَخَلَ بِهَا قَالَ فَدَعٰی رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِتَوۡرٍ مِنۡ مَآءٍ فَتَفَلَ فِیۡهِ وَعَوَّذَ فِیۡهِ ثُمَّ دَعَا عَلِیًّا فَرَشَّ مِنۡ ذَالِکَ الۡمَآءِ عَلٰی وَجۡهِهٖ وَ صَدۡرِهٖ وَ ذِرَاعَیۡهِ ثُمَّ دَعَا فَاطِمَةَ فَاَقۡبَلَتۡ تَعۡثِرُ فِیۡ ثَوۡبِهَا حَیَآءً مِنۡ رَّسُوۡلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَفَعَلَ بِهَا مِثۡلَ ذَالِکَ ثُمَّ قَالَ لَهَا یَا ابۡنَتِیۡ وَ اللهِ مَا اَرَدۡتُّ اَنۡ اُزَوِّجَکِ اِلَّا خَیۡرَ اَهۡلِیۡ ثُمَّ قَامَ فَخَرَجَ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۱

۳: محمد بن صدران: محمد بن ابراہیم بن صدران الازدی السلمی کی کنیت ابوجعفر البصری ہے۔ یہ المؤذن ہے اور اس کی نسبت اپنے دادا یعنی صدران کی طرف کی جاتی ہے صدوق ہے اور طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۳ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۸۸)

۴: سہیل بن خلاد العبدی: سہیل بن خلاد العبدی البصری مقبول اور طبقہ العاشرہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۳۹)

۵: محمد بن سواء: محمد بن سواء السدوسی العنبری کی کنیت ابوالخطاب البصری ہے یہ صدوق ہے اور رمی بالقدر ہے۔ طبقہ التاسعہ سے ہے ۱۸۷ ہجری یا ۱۸۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۰) ابن حبان اور ابن شاہین نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

ترجمہ | ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب (سیدہ) فاطمہ (رضی اللہ عنہا) کی شادی رسول کریم ﷺ نے (جناب) علی (المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) سے کی۔ جہیز میں آپ ﷺ نے ایک بُنی ہوئی چارپائی، ایک چمڑے کی توشک جو کہ کھجور کی کھال سے بھری ہوئی تھی اور ایک مشکیزہ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو دیا۔ پس ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میدان سے لوگ ریت لائے پس اسے گھر میں بچھا دیا اور (جناب) علی (رضی اللہ عنہ) کو فرمایا۔ جب تک میں نہ آجاؤں تو اس کے نزدیک نہ جانا۔ پس رسول کریم ﷺ تشریف لائے دروازہ کھٹکھٹایا تو اُمِ ایمن باہر آئیں۔ تو ارشاد فرمایا میرا بھائی اس جگہ ہے؟۔ ام ایمن نے عرض کیا کہ وہ آپ کا بھائی کیسے بن سکتا ہے جبکہ آپ نے اپنی بیٹی کا نکاح اس سے کر دیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا پس یقیناً وہ میرا بھائی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر رسول کریم ﷺ دروازے کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور ایک وجود دیکھا تو ارشاد فرمایا یہ کون ہے؟ تو اُمِ ایمن نے عرض کیا کہ اسماء بنت عمیس ہے۔ پس حضرت ﷺ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے فرمایا کیا تو خدا کے رسول ﷺ کی بیٹی کی تعظیم کیلئے آئی ہے اس نے عرض کیا کہ ہاں۔ تو آنحضرت ﷺ نے اس کیلئے دعا فرمائی پھر حضور ﷺ گھر میں تشریف لائے۔ فرمایا کہ یہود عورتوں کے قریب جانے سے منع کرتے تھے۔ راوی فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے پانی کا پیالہ منگوایا۔ پھر آپ ﷺ نے اس میں لعاب مبارک ڈالی اور اس پر اعوذ پڑھا پھر (جناب) علی المرتضیٰ علیہ السلام کو بلایا۔ پس ان کے چہرہ پر، ان کے سینہ پر اور ان کے بازوؤں پر اس پانی کو چھڑکا۔ پھر (جنابہ) سیدہ فاطمۃ الزہرا (رضی اللہ عنہا) کو بلایا پس وہ آئیں درآنحالیکہ حضور ﷺ سے حیاء کرتیں، اپنی چادر میں گرتی پڑتیں تو ان کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا۔ پھر اسے ارشاد فرمایا اے میری پیاری بیٹی! اللہ تعالیٰ کی قسم! میں نے اپنی اہل بیت سے جو بہت بہتر تھا اس کے ساتھ تیری شادی کی۔ پھر آپ اٹھے اور گھر سے تشریف لے گئے۔

**حل لغت** | اَهْدٰی: جہیز۔ سَرِیْرٌ: چارپائی۔ مَشْرُوطٌ: بُنی ہوئی۔ وَسَادَۃٌ: توشک، گدیلا۔ اَدَمٌ: چمڑہ۔ حَشْوٌ: بھرنا۔ لِیْفٌ: کھجور کے درخت کی کھال۔ قِرْبَۃٌ: مشکیزہ۔ اَلرَّمَلُ: ریت۔ تَوْرٌ: چھوٹا پیالہ یا پتیل، یا پتھر کا لوٹا جس سے پانی پیتے ہیں۔ تَفَلَ: تھوتھو کرنا، جس میں کچھ تھوک بھی نکلے۔ رَشَّ: چھڑکا۔ تَعْثُرُ: گر رہی تھی۔

بقیہ حاشیہ:۔ الذہبی نے کہا احد الثقاۃ المعروفین اخرجہ له الشیخان (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۱۳۹)

۶ سعید بن ابی عروبۃ: سعید بن ابی عروبۃ مہران الیشکری ثقہ، حافظ اور کثیر التصانیف ہے مگر اس میں تدلیس بہت پائی جاتی ہے و اختلط طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۵۶ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۲۴)

۷ ایوب سختیانی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۴:۲

۸ عکرمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۴:۶ ۹ ابن عباس رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۴:۷



Marfat.com

عَثْرٌ یاعَثِیْرٌ یاعِثَارٌ: پھسل جانا، گر پڑنا، ٹھوکر کھا کے گرنا، ہلاک ہونا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو دیا'' یعنی حسبِ توفیق لڑکی کو جہیز دینا سنت رسول کریم ﷺ ہے۔ اس سے سنت رسول ﷺ کو نہ ماننے والا ہی انکار کرے گا۔ آج کل بعض لوگ جہیز دینے کی مخالفت کررہے ہیں حالانکہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی صاحبزادی کو بنفس نفیس حسبِ توفیق اور حسبِ ضرورت جہیز دیا۔ ہاں خواہ مخواہ دکھاوے کیلئے اُدھار قرض لے کر اپنے آپ کو زیر بار اور تباہ نہ کرے بلکہ سنتِ نبوی ﷺ کی اتباع کرے۔ ارشاد ہے ''پس یقیناً وہ میرا بھائی ہے'' یعنی یہ فقرہ قابلِ توجہ ہے کہ ''یقیناً وہ میرا بھائی ہے'' اس سے کتنی محبت کا اظہار ہو رہا ہے، کتنے پیار کی بارش ہو رہی ہے، کتنا زیادہ اعتماد اور بھروسہ کا ثبوت مل رہا ہے۔ ارشاد ہے ''آنحضرت ﷺ نے اس کیلئے دعا فرمائی'' یعنی حضور ﷺ اسماء بنت عمیس کے اس تقریب سعید کے موقع پر آنے سے بہت خوش ہوئے۔ ثابت ہوا کہ نکاح کی تقریب میں شمولیت باعثِ برکت ہے۔ ارشاد ہے ''یہود عورتوں کے قریب جانے سے منع کرتے تھے'' یعنی یہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ارشاد ہے ''پھر آپ ﷺ نے اس میں لعاب مبارک ڈالی اور اعوذ پڑھا'' یعنی اس پانی کے پیالہ میں حضور نبی کریم ﷺ نے اپنی تھوک مبارک ڈالی اور اعوذ پڑھ کر دم کیا۔ ارشاد ہے ''تو ان کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا'' یعنی وہ پانی جس طرح جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے اعضاء پر چھڑکا اسی طرح جنابہ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اعضاء پر بھی چھڑکا۔ مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب شارح خصائص نسائی صفحہ ۲۷ پر تحریر فرماتے ہیں

> ''اس حدیث شریف سے حضرت علی علیہ السلام کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی کہ حضرت ﷺ نے اپنی بیٹی اس کو نکاح کر دی اور اس کو سب اہلِ بیت میں سے بہتر فرمایا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اپنی بیٹی کو جہیز دینا سنت ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ نکاح کے وقت دلہن کی تعظیم کیلئے عورتوں کا جمع ہونا درست ہے''۔

**حدیث نمبر ۱۲۶/۴** اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عِمْرَانُ ۲ بْنُ بَکَّارِ ابْنِ رَاشِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ۳ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۵ بْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ اَبِیْهِ ۶ اَنَّ مُعٰوِیَةَ ذَکَرَ عَلِیَّ ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَ اللّٰهِ لَاَنْ یَّکُوْنَ (لِیْ اِحْدٰی مِنْ) خِصَالِهِ الثَّلٰثِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ یَّکُوْنَ لِیْ مَاطَلَعَتْ عَلَیْهِ الشَّمْسُ لَاَنْ

(اسماء الرجال اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

يَكُوْنَ لِيْ مَا قَالَهُ (فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لِيْ مَاطَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ لَاَنْ يَكُوْنَ لِيْ مَا قَالَهُ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلاً يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ كَرَّارٌ لَيْسَ بِفَرَّارٍ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لِيْ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ لَاَنْ اَكُوْنَ صِهْرَهُ عَلٰى ابْنَتِهِ وَلِيْ مِنَ الْوَلَدِ مِنْهَا مَالَهُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لِيْ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ

**ترجمہ** ابن نجیح سے روایت ہے کہ معاویہ نے علی ؑ کا ذکر کیا تو سعد بن ابی وقاص نے کہا۔ اللہ کی قسم! مجھے اس (علی المرتضیٰ ؑ) کی تین خصلتوں میں سے ایک خصلت کا حصول دنیا کی، ہر اس چیز سے زیادہ پسندیدہ ہے جس پر سورج چڑھتا ہے۔ یہ کہ ہو میرے لئے وہ بات جو حضور ﷺ نے اس کیلئے ارشاد فرمائی ہے۔ (غزوہ تبوک میں) کہ جو مرتبہ (جناب) موسیٰ (علیہ السلام) کے نزدیک (جناب) ہارون (علیہ السلام) کا تھا وہ تیرا میرا نزدیک ہو، کیا تو اس پر راضی نہیں مگر ہاں ایک بات یاد رکھ کہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں۔ دنیا اور اس میں جو کچھ ہے مجھے اس سے یہ خصلت زیادہ پسند ہے۔ البتہ میرے لئے ہو وہ جو آنحضرت ﷺ نے فرمائی کہ میں ضرور بالضرور یہ جھنڈا اس شخص کو عطا کروں گا۔ جو خدا اور اس کے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح فرمائے

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۶

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: عمران بن بکار: عمران بن بکار بن راشد الکلاعی البراد الحمصی مؤذن، ثقہ اور طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے ۲۷۱ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۴)

۳: احمد بن خالد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۲

۴: محمد (بن اسحاق): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۴:۴

۵: عبداللہ بن ابی نجیح: عبداللہ بن ابی نجیح یسار المکی کی کنیت، ابو یسار الثقفی ہے۔ یہ ثقہ اور رمی بالقدر ہے ربما دلس طبقہ السادسۃ سے ہے۔ ۱۳۱ھ ہجری میں وفات پائی (التقریب، ص ۱۹۱) روی عن ابیہ عطاء و مجاهد و جماعة وعنه شعبة ابو اسحاق، محمد بن مسلم، سفیانان، ورقه، ابراهیم بن نافع وغیرهم۔ احمد نے کہا کہ ابن ابی نجیح ثقہ ہے اور اس کا باپ اللہ کے نیک بندوں میں سے ہے۔ ابن معین، ابوزرعۃ اور نسائی نے کہا ثقہ ہے، احمد بن حنبل سے روایت ہے کہ ابن نجیح کے سب اصحاب قدریہ تھے۔ العجلی المکی نے کہا ثقہ ہے کہا جاتا ہے کان یرمی القدر افسده عمرو بن عبید ۱۳۱ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۶ صفحہ ۵۴)

۶: ابیہ: اس کا نام یسار مکی ہے۔ یہ عبداللہ بن نجیح کا باپ ہے۔ اس کی کنیت ابی نجیح ہے اور یہ اپنی کنیت سے مشہور ہے۔ ثقہ ہے طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۹ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۶)

گا۔ بار بار حملہ کرنے والا ہے، بھاگنے والا نہیں، دنیا اور اس میں جو کچھ ہے مجھے اس سے یہ خصلت پسند ہے البتہ کہ میں داماد ہوں حضور ﷺ کا آپ ﷺ کی دختر مبارکہ پر اور اس سے میرے لئے اولاد ہو جیسا کہ (جناب) علی (المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم) کیلئے ہے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے مجھے یہ خصلت محبوب تر ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے "معاویہ نے علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا" مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب اپنی شرح صفحہ ۲۷ پر تحریر فرماتے ہیں کہ "یعنی اس کو برا کہا" ارشاد ہے "کہ مجھ پر سورج چڑھے" یعنی جناب امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ میں جو تین خصلتیں ہیں اگر ان میں سے مجھے ایک خصلت بھی حاصل ہو جائے تو میں اس ایک خصلت کے حاصل کرنے پر دنیا اور جو کچھ اس دنیا میں ہے سب کچھ دے کر وہ ایک خصلت حاصل کرنا نہایت ہی پسند کروں گا۔ ارشاد ہے "جو مرتبہ جناب موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک جناب ہارون علیہ السلام کا تھا وہ تیرا میرے نزدیک ہو، کیا تو اس پر راضی نہیں" یعنی یہ بات حضور ﷺ نے علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حق میں غزوۂ تبوک کے موقع پر فرما کر انتہائے شرف سے نوازا۔ تو سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں تمام کائنات کی بجائے اس ایک شرف سے نوازا جانا زیادہ پسند کرتا ہوں۔ ارشاد ہے "میں کل ضرور بالضرور یہ جھنڈا اس شخص کو عطا کروں گا جو خدا اور اسکے رسول ﷺ کو دوست رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح فرمائے گا، بار بار حملہ کرنے والا ہے بھاگنے والا نہیں۔ دنیا اور زمین میں جو کچھ ہے مجھے اس سے یہ خصلت پسند ہے" یعنی آنحضرت ﷺ نے فتح خیبر کے وقت جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ان تین اعزازات سے سرفراز فرمایا جو کسی دوسرے صحابی رضی اللہ عنہ کو حاصل نہیں۔ جناب سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمام کائنات میں جو کچھ بھی ہے مجھے اس سے زیادہ حضور نبی کریم ﷺ کی طرف سے ان اعزازات سے نوازا جانا پسند ہے۔ ارشاد ہے "البتہ کہ میں داماد ہوں ﷺ کا آپ ﷺ کی دختر مبارکہ پر، اور اس سے میرے لئے اولاد ہو جیسا کہ جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کیلئے ہے" یعنی یہ بات ناممکن ہے کہ ایسا ہو لہٰذا یہ فضیلت اور عزت افزائی سوائے جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے کسی اور کو حاصل نہیں۔ تو ثابت ہو گیا کہ اس مرتبہ عالی کے مالک کو اور جو قربِ خاص اس بزرگ خاص و مقربِ رسول ﷺ کو حاصل ہے کے باوجود ان کو کسی بھی وجہ سے برا کہنا اچھا نہیں۔ اسی لئے جناب سعد بن ابی وقاص نے امیر شام جناب معاویہ بن ابی سفیان کو امیر المومنین سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی وہ شرافتیں، عزتیں اور عظمتیں یاد دلائیں جو کہ انہیں حضرت سرور کون ومکان، امام الانبیاء، سید الرسل حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی جناب پاک سے عطا ہوئیں تھیں اور ذکر فرمایا وہ بھی صرف تین مبارک خصلتوں کا ورنہ آپ رضی اللہ عنہ کی مبارک زندگی کا ایک ایک لمحہ جناب پیغمبر اسلام ﷺ کی زندگی مبارک کا مظہر اتم ہے۔



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمَأْثُوْرَةِ بِاَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ

''اس باب میں ان احادیث کا ذکر ہے جس میں یہ ارشاد ہے کہ سوائے مریم بنت عمران کے فاطمہ بنت محمد ﷺ جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں''

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۱۲۷** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ[۱] بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ[۲] قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ[۳] بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ[۴] عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَرِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَجَآءَتْ فَاطِمَةُ فَاَكَبَّتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَارَّهَا فَبَكَتْ ثُمَّ اَكَبَّتْ عَلَيْهِ فَسَارَّهَا فَضَحِكَتْ فَلَمَّا تُوُفِّیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَأَلْتُهَا فَقَالَتْ لَمَّا اَكْبَبْتُ عَلَيْهِ اَوَّلًا اَخْبَرَنِیْ اَنَّهٗ سَيَمُوْتُ مِنْ وَجَعِهٖ فَبَكَيْتُ ثُمَّ اَكْبَبْتُ عَلَيْهِ اُخْرٰى فَاَخْبَرَنِیْ اَنِّیْ اَسْرَعُ بِهٖ لُحُوْقًا وَّ اَنِّیْ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ فَرَفَعْتُ رَأْسِیْ فَضَحِكْتُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۷

۱۔ محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۵

۲۔ عبدالوہاب: عبدالوہاب بن عبدالمجید بن الصلت الثقفی کی کنیت ابو محمد البصری ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ الثامنہ سے ہے۔ تغیر قبل موته بثلث سنين ۱۹۴ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۲۲)

۳۔ محمد بن عمرو: محمد بن عمرو بن حزم الانصاری کی کنیت ابو عبدالملک المدنی ہے اس کا حضور ﷺ کو دیکھنا ثابت ہے۔ (حاشیہ جاری ہے)

**ترجمہ** ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ بیمار ہوئے۔تو (سیدہ طاہرہ) فاطمہ (الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا) آئیں، حضور ﷺ پر سرنگوں ہوگئیں۔پس رسول کریم ﷺ نے ان کے ساتھ کچھ سرگوشی فرمائی پس (سیدہ طاہرہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) روئیں پھر آپ (رضی اللہ عنہا) جھکیں پھر حضرت ﷺ نے ان سے کچھ سرگوشی فرمائی تو جنابہ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہنس پڑیں۔پس جب آنحضرت ﷺ کا وصال شریف ہوا تو میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ جب میں پہلی مرتبہ ان سے لپٹی تو انہوں نے مجھے بتایا کہ عنقریب میں اس بیماری سے وصال پا جاؤں گا تو میں روئی۔پھر دوبارہ جب میں ان پر جھکی تو مجھے حضور ﷺ نے بتایا کہ تو ہی مجھ کو اوّل ملے گی اور یہ کہ تو جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہے سوائے مریم بنت عمران کے تو میں نے اپنا سر اٹھایا پس میں ہنسی۔

**حل لغت** اَکَبَّ عَلَیْہِ: کسی کو بچانے کیلئے اس پر چھا جانا، کَبَّ: جھک جانا، سرنگوں ہونا۔تَسَارٌّ: باہم سرگوشی کرنا، ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''حضور ﷺ پر سرنگوں ہوگئیں'' یعنی سرورِ عالم و عالمیان ﷺ لیٹے ہوئے تھے اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرطِ محبت سے آپ ﷺ سے جھک کر لپٹ گئیں۔ارشاد ہے ''پس رسول کریم ﷺ نے انکے ساتھ سرگوشی کی'' یعنی سیدۃ النساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کان میں کچھ بات کہی۔ارشاد ہے ''پس سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا

---

بقیہ حاشیہ: لیکن سماع صحابہ کرام سے ہے آپ ﷺ سے نہیں ۶۳ھ ہجری میں یوم الحرہ کے دن قتل ہوا۔(التقریب، صفحہ ۳۰۳)

۴: ابی سلمۃ: اس کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن عوف الزہری المدنی ہے۔اور ابوسلمہ کنیت ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام اسماعیل بن عبد الرحمٰن ہے یہ ثقہ، مکثر اور طبقہ الثالثہ سے ہے ۹۴ھ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب، صفحہ ۴۰۹)

۵: عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: جناب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہے۔التیمیہ ہے، ام المؤمنین ہے۔ام عبداللہ کنیت ہے، الفقیہہ ہے ام رومان بنت عامر بن عویمر اس کی والدہ ماجدہ ہے۔حضور ﷺ سے کثرت سے روایت کرتی ہے۔یہ اپنے باپ (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) عمر رضی اللہ عنہ، حمزہ بن عمرو الاسلمی، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، جدامتہ بنت وہب الاسدیہ اور سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا سے روایت کرتی ہے اور اس سے اس کی بہن ام کلثوم بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ، رضاعی بھائی عوف بن الحارث بن طفیل دونوں بھتیجے قاسم، عبداللہ، بھتیجیاں حفصہ و اسماء بنت عبدالرحمٰن، اس کا بھائی کا پوتا عبداللہ بن عتیق محمد بن عبدالرحمان ابوبکر وغیرہم روایت کرتے ہیں۔عطاء ابن ابی رباح نے کہا ''کانت عائشہ افقہ الناس و اعلم الناس واحسن الناس رأی فی العامۃ'' اور زہری نے کہ نبی کریم ﷺ کی تمام ازواج مطہرات کے علم کو اگر جمع کیا جائے تو عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علم کے برابر ہے اور اگر تمام عورتوں کے علم کو جمع کیا جائے تو البتہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا علم ان سے افضل ہے۔رمضان شریف ۵۸ھ ہجری میں وفات پائی۔(تہذیب التہذیب، جلد ۱۲، صفحہ ۴۳۳)



Marfat.com

رضی اللہ عنہا روئیں'' یعنی اس بات کے سنتے ہی آپ رضی اللہ عنہا پر گریہ طاری ہو گیا اور آپ خوب روئیں۔ارشاد ہے''پھر آپ جھکیں'' یعنی حضور ﷺ سے لپٹ گئیں۔ارشاد ہے''تو میں نے ان سے پوچھا'' یعنی ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ یہ کیا سرگوشی تھی۔حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ کیا گفتگو ہوئی تھی۔ارشاد ہے''تو ہی مجھ کو اول ملے گی'' یعنی میرے اہلِ بیت میں سے تو ہی مجھ کو سب سے پہلے اور جلدی ملے گی گویا آپ کا وصال میرے بعد جلد ہو گا اور تو مجھ سے ملاقات کرے گی۔اس حدیث سے حضور ﷺ کا علمِ غیب ثابت ہو رہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کو اپنے وصال شریف کا علم ہے اور نیز یہ بھی علم ہے کہ سب سے پہلے اپنے خاندان میں سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہو گا اور جنت جو کہ غائب ہے اس میں سیدۃ النساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سب عورتوں کی سردار ہوں گی سوائے مریم بنت عمران کے۔گویا تین غائب باتوں کی اپنی اُمت کو خبر ارشاد فرمائی

قیاس کن زِ گلستانِ من بہار مرا

سندہ حسن (العوینی صفحہ ۱۰۳) سندہ حسن و الحدیث صحیح (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین صفحہ ۱۴۱)

**حدیث نمبر ۲/۱۲۸** اَخْبَرَنَا هِلَالُ [1] بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ [2] بْنُ خَالِدٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُوْسَی [3] بْنُ یَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنِیْ هَاشِمُ [4] بْنُ هَاشِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ [5] بْنِ وَهْبٍ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ [6] رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَعٰی فَاطِمَةَ فَنَاجَاهَا فَبَکَتْ ثُمَّ جَذَبَهَا فَضَحِکَتْ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا فَلَمَّا تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَاَلْتُهَا عَنْ بُکَآئِهَا وَ ضِحْکِهَا فَقَالَتْ اَخْبَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ یَمُوْتُ فَبَکَیْتُ ثُمَّ اَخْبَرَنِیْ اَنِّیْ سَیِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةَ بَعْدَ مَرْیَمَ بْنَتَ عِمْرَانَ فَضَحِکْتُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۸

۱: ہلال بن بشر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۱ ۲: محمد بن خالد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۲

۳: موسیٰ بن یعقوب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۳ ۴: ہاشم بن ہاشم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۸:۴

۵: عبداللہ بن وہب: عبداللہ بن وہب بن زمعہ بن الاسود بن المطلب الاسدی الاصغر ثقہ ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے (التقریب، صفحہ ۱۹۳)

۶: ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: آپ کا نام ہند بن ابی امیہ حذیفہ ہے، نبی کریم ﷺ کی زوجہ ہے، بہت صحابہ سے روایت کرتی ہے اور بہت سے صحابہ کرام و تابعین ان سے روایت کرتے ہیں، ابن حبان نے کہا ۶۱ھ کے آخر میں حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر ملنے کے بعد وصال فرمایا (تہذیب التہذیب، جلد ۱۲ صفحہ ۴۵۵) ملخصاً



Marfat.com

**ترجمہ** عبداللہ بن وہب سے روایت ہے کہ ان کو اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ آنحضرت ﷺ نے (جنابہ) فاطمہ (الزہرا رضی اللہ عنہا) کو بلا بھیجا پس سرگوشی کی اس سے سو وہ روئیں۔ پھر اسے اپنی طرف کھینچا تو وہ ہنس پڑیں۔ پس ام المومنین اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ جس وقت رسول اللہ ﷺ نے وصال فرمایا تو میں نے ان سے رونے اور ہنسنے کے بارے میں پوچھا۔ پس انہوں نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے بتایا کہ وہ وصال فرما رہے ہیں تو میں روئی۔ پھر مجھے بتایا کہ جنت کی سب عورتوں کی میں سردار ہوں مریم بنت عمران کے سوا۔ تو میں ہنس پڑی۔

**حل لغت** نَجْوٌ اور نَجْوَیٰ: سرگوشی کرنا، کان میں بات کہنا۔ جَذْبٌ: کھینچنا، گذرنا، چوس لینا، دودھ چھڑانا، دودھ کم ہونا۔

**تشریح** ارشاد ہے "پس سرگوشی کی اس سے سو وہ روئیں" یعنی حضرت ﷺ نے جنابہ سیدہ فاطمہ علیہا السلام سے پوشیدہ کان میں بات فرمائی تو سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا رو پڑیں۔ ارشاد ہے "پھر اسے اپنی طرف کھینچا تو وہ ہنس پڑیں" یعنی جناب رسول کریم ﷺ نے سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو اپنی طرف کھینچ کر خفیہ بات فرمائی تو سیدہ سلام اللہ علیہا وہ بات سن کر ہنس پڑیں۔ ارشاد ہے "تو میں نے ان سے رونے اور ہنسنے کے بارے میں پوچھا" یعنی اے سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ روئیں کیوں اور ہنسیں کیوں؟ اس حدیث مبارک سے ثابت ہوا کہ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا دنیا کی تمام عورتوں سے افضل ہیں سوائے مریم بنت عمران کے۔ مگر دوسری احادیث میں مریم بنت عمران کا بھی استثناء نہیں ہے جیسے مولانا مولوی محمد ابوالحسن صاحب نے اپنی شرح میں لکھا ہے

> "اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ کو دنیا کی سب عورتوں پر فضیلت ہے سوائے مریم بنت عمران علیہا السلام کے۔ لیکن عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں مریم علیہا السلام کا بھی استثناء نہیں۔ سو احتمال ہے کہ آنحضرت ﷺ کو بتدریج اطلاع ہوئی ہے۔ اور پر فضیلت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ وحی کے تو آخر میں عموم فضل ان کا تمام عالم کی عورتوں پر ثابت ہوا" (مناقب مرتضوی، صفحہ ۷۴)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث اس کتاب کی حدیث نمبر ۱۳۲ پر ملاحظہ فرمائیں



Marfat.com

**حدیث نمبر ۳/۱۲۹** حَدَّثَنَا اِسۡحَاقُ ۱ بۡنُ اِبۡرَاهِيۡمَ قَالَ اَنۡبَأَنَا جَرِيۡرٌ ۲ عَنۡ يَزِيۡدَ ۳ عَنۡ عَبۡدِالرَّحۡمَانِ ۴ بۡنِ اَبِيۡ نُعۡمٍ عَنۡ اَبِيۡ سَعِيۡدٍ ۵ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الۡحَسَنُ وَ الۡحُسَيۡنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهۡلِ الۡجَنَّةِ وَ فَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اَهۡلِ الۡجَنَّةِ اِلَّامَا كَانَ مِنۡ فَضۡلِ مَرۡيَمَ بِنۡتَ عِمۡرَانَ

**ترجمہ** ابی سعید سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ (جناب) حسن (علیہ السلام) اور (جناب) حسین (علیہ السلام) دونوں جنت کے تمام نوجوانوں کے سردار ہیں اور (سیدہ) فاطمۃ (الزہرا رضی اللہ عنہا) جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں سوائے مریم بنت عمران کے۔

**حدیث نمبر ۴/۱۳۰** اَنۡبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بۡنُ مَنۡصُوۡرِ الطُّوۡسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّبَيۡرِيُّ ۲ مُحَمَّدُ بۡنُ عَبۡدِاللّٰهِ قَالَ اَخۡبَرَنِيۡ اَبُوۡ جَعۡفَرٍ ۳ وَ اِسۡمُهٗ مُحَمَّدُ بۡنُ مَرۡوَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ حَازِمٍ ۴ عَنۡ اَبِيۡ هُرَيۡرَةَ ۵ قَالَ اَبۡطَأَ عَلَيۡنَا رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوۡمًا صَدۡرَ النَّهَارِ فَلَمَّا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹

۱۔ اسحاق بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۹

۲۔ جریر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۱۹

۳۔ یزید: یزید ابی زیاد الہاشمی الکوفی ضعیف ہے کبر فتغیر صار یتلقن شیعہ تھا اور طبقہ الخامسۃ سے ہے ۱۳۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۲)

۴۔ عبدالرحمن بن ابی نعیم: اس کا نام عبدالرحمن بن ابی نعیم البجلی ہے اور ابوالحکم الکوفی کنیت ہے۔ عابد صدوق اور طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۰۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۱)

۵۔ ابی سعید: اس کا نام سعد بن مالک بن سنان بن عبید الانصاری اور ابوسعید الخدری کنیت ہے یہ اور اس کا باپ دونوں حضور ﷺ کے صحابی تھے۔ احد کے وقت یہ چھوٹا تھا باقی تمام جہادوں میں شریک ہوا۔ کثیر الروایت ہے۔ مدینہ منورہ میں ۶۳ یا ۶۵ ھ میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۱۱۹)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۰

۱۔ محمد بن منصور: محمد بن منصور بن داؤد الطوسی ہے۔ بغداد میں رہائش پذیر رہا۔ ابوجعفر اس کی کنیت ہے۔ عابد اور ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ کے صغار سے ہے۔ ۲۵۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۰)

۲۔ محمد بن عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۲۴

۳۔ ابوجعفر: اس کا نام محمد بن مروان الذہلی ہے اور ابوجعفر کنیت ہے، کوفی ہے، مقبول ہے طبقہ السابعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۸)

۴۔ ابوحازم: اس کا نام سلیمان الاشجعی اور ابوحازم کوفی کنیت ہے، ثقہ ہے، طبقہ الثالثہ سے ہے، ۱۰۰ھ کے اوائل میں وفات پائی۔ (التقریب ص ۱۳۰)

۵۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۷



Marfat.com

كَانَ الْعِشَآءُ قَالَ لَهٗ قَائِلُنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شَقَّ عَلَيْنَا قَالَ اِنَّ مَلَكًا مِّنَ السَّمَآءِ لَمْ يَكُنْ رَاٰنِيْ فَاسْتَأْذَنَ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى فِيْ زِيَارَتِيْ فَاَخْبَرَنِيْ وَ بَشَّرَنِيْ اَنَّ فَاطِمَةَ ابْنَتِيْ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اُمَّتِيْ وَ اَنَّ حَسَنًا وَ حُسَيْنًا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

**ترجمہ** ابی ہریرہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول کریم ﷺ نے ایک دن صبح کوتشریف لانے میں دیر فرمائی۔سو جب عشاء ہوئی تو ہم سے کسی صاحب نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ﷺ (آپ ﷺ کا دیر سے تشریف لانا) ہم پر بہت ہی شاق گذرا۔ارشادفرمایا کہ آسمان کے ایک فرشتہ نے مجھے نہیں دیکھا تھا تو اس نے میری زیارت کرنے کیلئے اللہ تبارک وتعالیٰ سے اجازت چاہی۔تو اس نے مجھے خبر دی اور بشارت دی یہ کہ میری بیٹی (سیدہ) فاطمۃ (الزہراء سلام اللہ علیہا) میری امت کی تمام عورتوں کی سردار ہے۔اور بے شک (جناب) حسن اور (جناب) حسین (علیہما السلام) دونوں نوجوانان جنت کے سردار ہیں۔

**حل لغت** بَطَأَ: دیرکرنا۔شَقَّ: سخت ہونا، گراں ہونا، شاق ہونا، تکلیف میں ڈالنا، دشوار ہونا۔

**تشریح** ارشاد ہے ”ہم پر بہت ہی شاق گذرا“ یعنی آج جو ہم آپ ﷺ کی زیارت سے محروم رہے۔تو یہ فراق جو آپ ﷺ کے دیر سے تشریف لانے کی وجہ سے ہوا ہم پر بہت گراں اور شاق تھا۔آپ ﷺ کا تشریف فرمانہ ہونا ہم پر ایک دشوار امر تھا اور ہم سب آتشِ فراق میں جلتے رہے۔ارشاد ہے ”اس نے میری زیارت کیلئے اللہ تبارک وتعالیٰ سے اجازت چاہی“ یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرشتے کو اپنے پیارے محبوب ﷺ کی زیارت کرنے کیلئے اجازت مرحمت فرمائی۔اور وہ آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔

اسنادہ حسن، شواھدہ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۱۴۳)

**حدیث نمبر ۵/۱۳۱** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ ۲ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ۳ عَنْ فِرَاسٍ ۴ عَنِ الشَّعْبِيِّ ۵ عَنْ مَسْرُوْقٍ ۶ عَنْ عَائِشَةَ ۷ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ كَاَنَّ مِشْيَتَهَا مِشْيَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ ثُمَّ اَجْلَسَهَا عَنْ يَمِيْنِهٖ اَوْ عَنْ شِمَالِهٖ ثُمَّ اَسَرَّ اِلَيْهَا حَدِيْثًا فَبَكَتْ فَقُلْتُ لَهَا اسْتَضْحَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِحَدِيْثِهٖ وَ تَبْكِيْنَ ثُمَّ اَنَّهٗ اَسَرَّ اِلَيْهَا

(اسماء الرجال اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

حَدِيْثًا فَضَحِكْتُ فَقُلْتُ مَارَأَيْتُ مِثْلَ الْيَوْمِ فَرَحًا اَقْرَبَ مِنْ حُزْنٍ فَسَأَلْتُهَا عَمَّا قَالَ فَقَالَتْ مَا كُنْتُ لِاُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا قُبِضَ سَأَلْتُهَا فَقَالَتْ اِنَّهٗ اَسَرَّ اِلَيَّ اَوَّلًا فَقَالَ اِنَّ جِبْرَئِيْلَ كَانَ يُعَارِضُنِيْ بِالْقُرْاٰنِ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً وَاِنَّهٗ قَدْعَارَضَنِيْ بِهِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَمَا اُرَانِيْ اِلَّا وَقَدْ حَضَرَتْ اَجَلِيْ وَاِنَّكِ اَوَّلُ اَهْلِ بَيْتِيْ لِحَاقًا بِيْ وَنِعْمَ السَّلَفُ اَنَا لَكِ قَالَتْ فَبَكَيْتُ لِذَالِكَ ثُمَّ قَالَ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ سَيِّدَةَ نِسَآءِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوْ نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ فَضَحِكْتُ

**ترجمہ** ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ (سیدہ) فاطمۃ (الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا) آئیں ان کی رفتار جناب رسول کریم ﷺ کی رفتار کی طرح تھی۔ تو جناب رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اے میری بیٹی مرحبا! پھر آنحضرت ﷺ نے اس کو اپنے دائیں یا بائیں بٹھایا۔ پھر آنحضرت ﷺ نے ان سے سرگوشی فرمائی تو (سیدہ) روئیں۔ تو میں نے ان سے کہا کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے آپ کو اپنی بات سے ہنسانا چاہا اور تو رو دی۔ پھر ان کے ساتھ حضرت ﷺ نے سرگوشی فرمائی تو آپ (سلام اللہ علیہا) ہنس دیں۔ تو میں نے کہا میں نے آج کے دن کی خوشی، نزدیک غم کے نہیں دیکھی۔ سو میں نے ان سے دریافت کیا کہ آنحضرت ﷺ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۱

۱: احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

۲: فضل بن دکین (ابونعیم): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴۶

۳: زکریا: اس کا پورا نام زکریا بن ابی زائدہ خالد ہے اور اسے ہبیرۃ بن میمون بن فیروز بھی کہا گیا ہے الہمدانی الوادعی ہے۔ اس کی کنیت ابویحیٰ الکوفی ہے ثقہ وکان یدلس اپنی آخری عمر میں ابی اسحاق سے سماع کیا ہے۔ طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۴۷ھ ہجری یا ۱۴۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۰۷)

۴: فراس: فراس بن یحیٰ الہمدانی الخارفی ہے۔ ابویحیٰ الکوفی کنیت ہے۔ المکتب ہے۔ صدوق ہے ربما وھم طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۲۹ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۴۲۷)

۵: الشعبی: اس کا نام عامر بن شراحیل الشعبی ہے۔ ابوعمرو کنیت ہے۔ ثقہ ہے۔ مشہور ہے۔ فقیہہ، فاضل اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔ مکحول نے کہا اس سے زیادہ فقیہہ میں نے نہیں دیکھا ۱۰۳ھ ہجری کے لگ بھگ وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۶۱)

۶: مسروق: مسروق بن الاجدع بن مالک الہمدانی الوادعی ہے ابوعائشہ الکوفی اس کی کنیت ہے۔ ثقہ، فقیہہ، عابد اور مخضرم ہے طبقہ الثانیہ سے ہے ۶۳ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۴)

۷: عائشہ رضی اللہ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۲۷



Marfat.com

نے آپ کو کیا فرمایا تھا۔ تو (سیدہ نے) فرمایا میں حضور ﷺ کے اس راز کو اس وقت تک افشا نہ کروں گی جب تک کہ آپ ﷺ کا وصال نہ ہو جائے۔ تو میں نے ان سے پوچھا پس انہوں نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے جو پہلی بار مجھ سے سرگوشی فرمائی تھی، یہ تھی کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا یقیناً ہر سال جبرئیل میرے ساتھ ایک بار دور کرتا تھا۔ اور بے شک اس نے اس سال دو بار میرے ساتھ قرآن مجید کا دور کیا ہے اور میں سمجھ رہا ہوں کہ میرے وصال کا وقت قریب ہے اور بے شک میرے اہل بیت سے تو مجھ کو سب سے پہلے ملے گی۔ اور میں تیرا اچھا پیشوا ہوں۔ فرمایا اس بات نے مجھے رلا دیا۔ پھر ارشاد فرمایا کیا تو اس بات سے راضی نہیں کہ تو اس اُمت کی تمام عورتوں کی سردار ہو یا یہ فرمایا کہ تمام مؤمن عورتوں کی سردار ہو، پس میں ہنس دی۔

**حل لغت** مِشْيَة: وضع، چلن، رفتار۔ مَرْحَبًا: "مجمع البحرین" میں ہے کہ مَرْحَبًا ایک انس اور محبت کا کلمہ ہے جو آنے والے سے کہتے ہیں تاکہ وہ خوش ہو اور مزید خیر سگالی کے جذبات پیدا ہوں۔ فَرِحَ: خوش ہونا، اترانا۔ حُزْن: رنج، صدمہ، غم۔

**تشریح** ارشاد ہے "ان کی رفتار جناب رسول کریم ﷺ کی رفتار کی طرح تھی" یعنی جنابہ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی چال اپنے والد گرامی منزلت حضرت رسول کریم ﷺ کی چال کے ہو بہو تھی۔ ارشاد ہے "میں نے آج کے دن کی خوشی، نزدیک غم کے نہیں دیکھی" یعنی خوشی کا غم کے فوراً بعد پیدا ہونا میں نے اس طرح کبھی نہیں دیکھا کہ یا تو آپ رو رہی تھیں اور پھر فوراً ہی آپ ہنس رہی ہیں۔ ارشاد ہے "تو میں نے ان سے پوچھا" یعنی حضور نبی کریم ﷺ کے وصال فرمانے کے بعد میں نے ان سے کہا کہ اب تو وہ سرگوشی جو حضور ﷺ نے کی تھی بتا دیجئے۔ ارشاد ہے "تو اس اُمت کی تمام عورتوں کی سردار ہو یا یہ فرمایا کہ تمام مؤمن عورتوں کی سردار ہو" یعنی یہ راوی کا شک ہے کہ یہ فرمایا کہ "هذا الامة" یا "نسآء المؤمنين"

اسناده صحيح ، رجاله ثقاة (البلوشی صفحہ ۱۴۴)

**حدیث نمبر ۶/۱۳۲** اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ الْبَحْرَانِيُّ[۱] قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ دَاوُدَ[۲] قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ[۳] عَنْ فِرَاسٍ[۴] عَنِ الشَّعْبِيِّ[۵] عَنْ مَسْرُوْقٍ[۶] قَالَ اَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ[۷]

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۲

۱: محمد بن معمر: محمد بن معمر بن ربعی القیسی البصری البحرانی صدوق اور طبقۃ الحادیہ کے کبار سے ہے۔ ۲۵۰ھ میں وفات پائی (التقریب، ص ۳۱۹)

۲: ابوداؤد: اس کا نام سلیمان بن داؤد بن الجارود ہے۔ ابوداؤد الطیالسی کنیت ہے۔ البصری ہے۔ ثقہ اور حافظ ہے۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

فَقَالَتْ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جَمِيْعًا مَا يُغَادِرُ مِنَّا وَاحِدَةٌ فَجَآءَتْ
فَاطِمَةُ تَمْشِيْ وَلَا وَاللهِ اِنْ تَخْفٰى مِشْيَتُهَا مِنْ مِشْيَةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ
حَتّٰى انْتَهَتْ اِلَيْهِ فَقَالَ لَهَا مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ فَاَقْعَدَهَا عَنْ يَمِيْنِهٖ اَوْ عَنْ يَسَارِهٖ ثُمَّ سَارَّهَا
بِشَيْءٍ فَبَكَتْ بُكَآءً شَدِيْدًا ثُمَّ سَارَّهَا بِشَيْءٍ فَضَحِكَتْ فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُلْتُ لَهَا مَا خَصَّكِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْنِنَا بِالسِّرَارِ
وَاَنْتِ تَبْكِيْنَ اَخْبِرِيْنِيْ مَا قَالَ لَكِ قَالَتْ مَا كُنْتُ لِاُفْشِيَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ
وَسَلَّمَ سِرَّهٗ فَلَمَّا تُوُفِّيَ قُلْتُ لَهَا اَسْئَلُكِ بِالَّذِيْ لِيْ عَلَيْكِ مِنَ الْحَقِّ مَا سَارَّكِ بِهٖ
رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اَمَّا الْاٰنَ فَنَعَمْ سَارَّنِي الْمَرَّةَ الْاُوْلٰى فَقَالَ اِنَّ
جِبْرِيْلَ كَانَ يُعَارِضُنِيْ بِالْقُرْاٰنِ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرَّةً وَاِنَّهٗ عَارَضَنِيْ بِهِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَلَا اُرَى
الْاَجَلَ اِلَّا قَدِ اقْتَرَبَ فَاتَّقِي اللهَ تَعَالٰى وَاصْبِرِيْ فَبَكَيْتُ ثُمَّ قَالَ لِيْ يَا فَاطِمَةُ اَمَا تَرْضَيْنَ
اَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةَ نِسَآءِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَسَيِّدَةَ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ فَضَحِكْتُ

ترجمہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ہم سب جناب رسول کریم ﷺ کے پاس جمع تھیں۔ ہم میں سے کوئی باقی نہیں تھی پس (سیدہ) فاطمۃ (الزہرا سلام اللہ علیہا) تشریف لائیں۔ اللہ جل جلالہ کی قسم! کہ (سیدہ) فاطمۃ (الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کی رفتار حضرت سیدنا ومولانا جناب رسول کریم ﷺ کی ہو بہو رفتار تھی۔ یہاں تک کہ حضور ﷺ کے بہت قریب پہنچ گئیں۔ پس فرمایا اے میری بیٹی مرحبا، پھر جناب حضرت

---

[illegible] قال ابراهيم بن سعيد الجوهري اخطأ في نصف حديث و قال امام برهان الدين ابي الوفاء ابراهيم قلت هذا قاله ابراهيم على سبيل المبالغة ولو اخطأ في سبع هذا المقدار لكثر (الكاشف محوله بالا جلد ا صفحه ۲۵۱) طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۲ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۳۳)

۳ ابوعوانہ (الوضاح): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۳

۴ فراس: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۳۱

۵ الشعبی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۳۱

۶ مسروق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۳۱

۷ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۲۷



Marfat.com

رسول کریم ﷺ نے ان کو اپنے دائیں طرف یا بائیں طرف بٹھایا، پھر ان سے کچھ سرگوشی فرمائی، پس آپ (سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا) بہت ہی زیادہ روئیں پھر ان سے کچھ سرگوشی فرمائی پس آپ ہنسیں۔ سو جب جناب رسول کریم ﷺ اٹھے، تو میں نے (سیدہ سے) کہا کہ وہ کون سی بات تھی جو حضرت رسول کریم ﷺ نے خاص تجھ سے فرمائی؟ ہم سب کے درمیان سے تیرے ساتھ سرگوشی کی اور تو روئی مجھے ضرور بتا دے کہ تجھے حضور ﷺ نے کیا فرمایا۔ تو سیدہ (سلام اللہ تعالیٰ علیہا) نے فرمایا کہ میں حضرت رسول کریم ﷺ کی اس سرگوشی کو بیان کرنے والی نہیں ہوں۔ پس جب جناب رسول کریم ﷺ کا وصال ہوا۔ تو میں نے (سیدہ سلام اللہ تعالیٰ علیہا سے) کہا کہ میرا تجھ پر حق ہے اس لئے میں تجھ سے (یہ بات) پوچھتی ہوں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے تیرے ساتھ کیا سرگوشی فرمائی تھی؟ تو (سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے فرمایا ہاں اب سن پہلی بار جو میرے ساتھ سرگوشی فرمائی (تو وہ یہ تھی) ارشاد فرمایا بے شک جبرئیل علیہ السلام ہر سال قرآن کا دورہ میرے ساتھ ایک بار کرتا تھا مگر اس سال اس نے دو بار کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرا وصال قریب ہے، تو اللہ سے ڈر اور صبر کر۔ تو میں روئی، پھر مجھے جناب رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ اے فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کیا تو یہ پسند نہیں کرتی کہ تو میری امت کی تمام عورتوں اور تمام عالمین کی عورتوں کی سردار ہو، پس میں ہنسی۔

**حل لغت** | غَدَرٌ: پیچھے رہ جانا، آسمان کا پانی پینا، تاریک ہونا۔

**تشریح** | ارشاد ہے ''ہم سب جناب رسول کریم ﷺ کے پاس جمع تھیں'' یعنی تمام (امہات المومنین) ازواج مطہرات حضور سرورِ عالم و عالمیان ﷺ کے حضور میں موجود تھیں۔ ارشاد ہے ''ہم میں سے کوئی بھی باقی نہیں تھی'' یعنی کوئی زوجہ محترمہ باقی نہیں تھی جو موجود نہ ہو۔ ارشاد ہے ''کہ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رفتار حضرت سیدنا و مولانا جناب رسول کریم ﷺ کی ہو بہو رفتار تھی'' یعنی دونوں حضرت گرامی مرتبت ایک ہی طرح چلتے تھے۔ ارشاد ہے ''پس ان سے کچھ سرگوشی فرمائی'' یعنی حضور ﷺ نے سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آہستہ سے کچھ فرمایا۔ ارشاد ہے ''سو جب حضرت رسول کریم ﷺ اٹھے'' یعنی وہاں سے اٹھ کر تشریف لے گئے۔ ارشاد ہے ''تو میری اُمت کی تمام عورتوں کی سردار ہو اور تمام عالمین کی عورتوں کی سردار ہو'' یعنی سیدۃ النساء جنابہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا تمام مسلمان عورتوں کی جو کہ حضور پاک ﷺ کی اُمت میں ہیں سردار ہے اور عالمین (جہانیوں) کی عورتوں کی بھی سردار ہیں۔ یہ فضیلت کسی اور کو حاصل نہیں ہے۔ اب اس حدیث سے مریم بنت عمران کا استثناء بھی ختم ہو گیا۔ اسنادہ صحیح (البلوشی صفحہ ۱۴۵)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكْرُ الاَخْبَارِ الْمَأْثُوْرَةِ بِاَنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

''اس باب میں ان احادیث کا ذکر ہے جس میں یہ ارشاد ہے کہ (سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا) حضرت سرور کونین جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے وجود مبارک کا ایک ٹکڑا ہے''

(اس باب میں پانچ احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۱۳۳** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ [۱] بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ [۲] بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ [۳] عَنْ اَبِيْ مُلَيْكَةَ [۴] عَنِ الْمِسْوَرِ [۵] بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ اِنَّ بَنِيْ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اسْتَأْذَنُوْنِيْ اَنْ يُنْكِحُوْا اِبْنَتَهُمْ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ فَلَا اٰذَنُ ثُمَّ لَا اٰذَنُ اِلَّا رَأَىٰ اَنْ يُرِيْدُ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَنْ يُفَارِقَ ابْنَتِيْ وَ اَنْ يَنْكِحَ ابْنَتَهُمْ قَالَ هِيَ بَضْعَةٌ مِنِّيْ يُرِيْبُنِيْ مَا اَرَابَهَا وَيُؤْذِيْنِيْ مَا اٰذٰى هَا وَمَنْ اٰذٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَدْ هَبَطَ عَمَلُهٗ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳

۱ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲ قتیبۃ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰:۱

۳ اللیث: لیث بن سعد بن عبدالرحمٰن الفہمی کی کنیت ابوالحارث ہے، ثقہ، ثبت، فقیہہ امام اور مشہور ہے۔ طبقہ السابعۃ سے ہے۔ ۱۷۵ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۸۷)

۴ ابن ابی ملیکہ: اس کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ ہے۔ ابی ملیکہ کا نام زہیر بن عبداللہ بن جدعان ہے۔ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**ترجمہ** مسور بن مخرمہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول کریم ﷺ سے سنا ہے۔ درآنحالیکہ آپ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے۔ ارشاد فرماتے ہیں کہ بے شک بنی ہشام بن مغیرہ مجھ سے اجازت مانگتی ہے کہ اپنی بیٹی کا نکاح علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے کردے۔ پس میں قطعاً اجازت نہیں دیتا، پھر میں قطعاً اجازت نہیں دیتا مگر سوائے اس صورت کے کہ ابن ابی طالب میری بیٹی کو طلاق دے دے اور ان کی بیٹی سے نکاح کر لے۔ ارشاد فرمایا کہ وہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے۔ جو چیز اس کو قلق میں ڈالتی ہے وہ مجھے بھی قلق میں ڈالتی ہے اور جو چیز اسے دکھ پہنچاتی ہے وہ چیز مجھے بھی دکھ پہنچاتی ہے اور جس شخص نے حضرت رسول کریم ﷺ کو دکھ پہنچایا تو یقیناً اس کے کئے کرائے عمل ضائع ہو گئے۔

**حل لغت** بَضْعَةٌ: گوشت کا ایک ٹکڑا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''آپ ﷺ منبر پر تشریف فرماتے تھے'' یعنی وعظ و نصیحت فرما رہے تھے۔ ارشاد ہے ''بنی ہشام بن مغیرہ مجھ سے اجازت مانگتی ہے کہ اپنی بیٹی کا نکاح علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے کرے'' یعنی یہ ابو جہل کی بیوی تھی اور اپنی لڑکی کا جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے نکاح کرنا چاہتی تھی جبکہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شادی سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہو چکی تھی۔ ارشاد ہے ''وہ میرے گوشت کا ایک ٹکڑا ہے'' یعنی میرے وجود کا ہی ایک حصہ ہے اور ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے مضغة منی۔ ارشاد ہے ''جو چیز اس کو قلق میں ڈالتی ہے وہ مجھے بھی قلق میں ڈالتی ہے'' یعنی جو چیز سیدہ سلام اللہ تعالیٰ علیہا کو بری معلوم ہوتی ہے اور جس سے وہ رنجیدہ ہوتی ہے وہ چیز مجھے بھی بری معلوم ہوتی ہے اور میری بھی رنجیدگی کا باعث ہے۔ ارشاد ہے ''جس شخص نے حضرت رسول کریم ﷺ کو دکھ پہنچایا تو یقیناً اسکے کئے کرائے عمل ضائع ہو گئے'' یعنی دو فعل ایسے ہیں کہ ایک مسلمان کے تمام اعمالِ حسنہ کو حرفِ غلط کی طرح مٹا دیتے ہیں اور وہ شعور بھی نہیں رکھتا ایک تو پیغمبر اسلام ﷺ کی بے ادبی کرنا اور دوسرا ان کو ایذا پہنچانا۔

اسنادہ، صحیح، علی شرط الشیخین (البلوشی، صفحہ ۱۴۶)

---

بقیہ حاشیہ: عبداللہ بن زبیر کا قاضی اور مؤذن تھا۔ روی عن العبادلة الاربعة. عبداللہ بن جعفر بن ابی اطالب، عبداللہ بن سائب المخزومی و المسور بن مخرمہ وغیرھم. وروی عنہ ابنہ یحیی و اللیث و جماعة. ابوزرعہ اور ابو حاتم نے کہا ثقہ ہے۔ ۱۱۷ ہجری یا ۱۱۸ ہجری میں وفات پائی۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۵ صفحہ ۳۰۶)

۵ المسور بن مخرمۃ: مسور بن مخرمہ بن نوفل بن اہیب بن عبد مناف بن زہرہ الزہری کی کنیت ابو عبدالرحمٰن ہے۔ یہ باپ بیٹا دونوں صحابی تھے۔ ۶۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۷)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۲/۱۳۴** اَنبَأنَا اَحمَدُ ۱ بنُ سُلَیمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا یَحیَی ۲ بنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشرُ ۳ بنُ السَّرِیِّ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیثُ ۴ بنُ سَعدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابنُ اَبِی مُلَیکَةَ ۵ قَالَ سَمِعتُ المِسوَرَ ۶ بنَ مَخرَمَةَ یَقُولُ سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِمَکَّةَ یَخطُبُ اِنَّ بَنِی هِشَامِ استَأذَنُونِی اَن یُّنکِحُوا ابنَتَهُم عَلِیًّا وَاِنِّی لَا اٰذَنُ ثُمَّ لَا اٰذَنُ اِلَّا اَن یُّرِیدَ ابنُ اَبِی طَالِبٍ اَن یُّفَارِقَ ابنَتِی وَ اَن یَّنکِحَ ابنَتَهُم ثُمَّ قَالَ اِنَّ فَاطِمَةَ بَضعَةٌ اَو قَالَ بَضعَةٌ مِّنِّی یُؤذِینِی مَا اٰذٰهَا وَیُرِیبُنِی مَا اَرَابَهَا وَمَا کَانَ لَهٗ اَن یَّجمَعَ بَینَ بِنتِ عَدُوِّ اللّٰہِ وَ بَینَ بِنتِ رَسُولِ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ)

**ترجمہ** ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے مسور بن مخرمہ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول کریم ﷺ سے سنا کہ مکہ مکرمہ میں آپ ﷺ نے خطبہ میں فرمایا کہ بیشک بنی ہشام مجھ سے اجازت مانگتی ہے کہ اپنی لڑکی کا نکاح (حضرت) علی علیہ السلام سے کردیں اور یقیناً قطعاً میں اجازت نہیں دیتا۔ پھر یقیناً میں اجازت نہیں دیتا سوائے اس صورت کے کہ ابن ابی طالب میری لڑکی کو طلاق دے دے اور اس کو نکاح کرے۔ پھر فرمایا کہ فاطمہ (رضی اللہ عنہا) گوشت کا ٹکڑا ہے یا فرمایا کہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے جو اسے دکھ دیتا ہے وہ مجھے دکھ دیتا ہے اور جو اسے قلق پہنچاتا ہے وہ مجھے قلق پہنچاتا ہے اور (حضرت علی علیہ السلام) کو یہ مناسب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے دشمن کی لڑکی کو (جناب) رسول اللہ ﷺ کی لڑکی کے ساتھ رکھے۔

**تشریح** ارشاد ہے "فاطمہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے" یعنی میرے وجود کا ایک حصہ ہے۔

اسناده صحیح رجاله ثقاة (البلوشی صفحہ ۱۴۷)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۴

۱: احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱ ۲: یحییٰ بن آدم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۵:۲

۳: بشر بن السری: بشر بن السری کی کنیت ابو عمر ہے۔ اور (کثرت وعظ کی وجہ سے اسے) الافوہ بھی کہتے ہیں۔ یہ بصری ہے۔ مکہ میں رہائش پذیر رہا۔ واعظ، ثقہ اور متقن ہے۔ اس پر جہمی فرقے کا طعن لگایا گیا تھا۔ جس پر اس نے توبہ کی۔ طبقہ التاسعہ سے ہے۔ ۱۹۶ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۴۴)

۴: لیث بن سعد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳:۳

۵: ابن ابی ملیکہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳:۴ ۶: المسور بن مخرمہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳:۵



Marfat.com

**حدیث نمبر ۳/۱۳۵** | اَنبَأَنَا اَحمَدُ ۱ بنُ شُعَیبٍ قَالَ حَدَّثَنَا الحَارِثُ ۲ بنُ مِسکِینٍ قِرَأَۃً عَلَیہِ وَاَنَا اَسمَعُ عَن سُفیَانَ ۳ عَن عَمرٍو ۴ عَنِ ابنِ اَبِی مُلَیکَۃَ ۵ عَنِ المِسوَرِ ۶ بنِ مَخرَمَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فَاطِمَۃَ بَضعَۃٌ مِنِّی مَن اَغضَبَھَا اَغضَبَنِی

**ترجمہ** | مسور بن مخرمہ سے روایت ہے یہ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، یقیناً (سیدہ) فاطمۃ (الزہرا رضی اللہ عنہا) میرے گوشت کا ٹکڑا ہے۔ جس نے اسے غضبناک کیا اس نے مجھے غصے میں ڈالا۔

**تشریح** | اسناده صحيح، رجاله ثقات (البلوشی، صفحہ ۱۴۷)

**حدیث نمبر ۴/۱۳۶** | اَنبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشرُ ۲ بنُ شُعَیبٍ عَن اَبِیہِ ۳ عَنِ الزُّھرِیِّ ۴ قَالَ اَخبَرَنِی عَلِیُّ بنُ الحُسَینِ ۵ اَنَّ المِسوَرَ ۶ بنَ مَخرَمَۃَ اَخبَرَہٗ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فَاطِمَۃَ بَضعَۃٌ اَو بَضعَۃٌ مِنِّی

**ترجمہ** | یہ کہ مسور بن مخرمہ نے اسے خبر دی یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک فاطمہ گوشت کا ٹکڑا ہے یا یہ فرمایا کہ فاطمہ میرے گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔

**تشریح** | اسناده صحيح، رجاله ثقاة (البلوشی، صفحہ ۱۴۷)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: الحارث بن مسکین: حارث بن مسکین بن محمد بن یوسف کی کنیت ابوعمر المصری ہے۔ ثقہ اور فقیہہ ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۵۵ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۶۱)

۳: سفیان: سفیان بن عیینہ بن ابی عمران میمون الہلالی کی کنیت ابومحمد الکوفی ثم المکی ہے۔ ثقہ، حافظ، فقیہہ، امام اور حجۃ ہے۔ الا انہ تغیر حفظہ باخرہ و کان ربما دلس لکن عن الثقات من روس الطبقۃ الثامنۃ و کان اثبت الناس فی عمرو بن دینار ۱۹۸ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۲۸)

۴: عمرو: یہ عمرو بن دینار المکی ہے۔ ابومحمد کنیت ہے ثقہ، ثبت اور طبقہ الرابعۃ سے ہے ۱۲۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۵۹)

۵: ابن ابی ملیکہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳:۴ ۶: المسور بن مخرمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳:۵

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۶

۱: محمد بن خالد: محمد بن خالد خلی الکلاعی کی کنیت ابوالحسین الحمصی ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے (التقریب، صفحہ ۲۹۵)

۲: بشر بن شعیب: بشر بن شعیب بن حمزہ بن ابی حمزہ بن دینار القرشی کی کنیت ابوقاسم الحمصی ہے۔ ثقہ اور طبقہ العاشرہ (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۵/۱۳۷** اَخبَرَنِیْ عَبْدُ اللهِ ۱ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمِّیْ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ ۳ عَنِ الْوَلِیْدِ ۴ بْنِ کَثِیْرٍ عَنْ مُحَمَّدٍ ۵ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ ۶ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَلِیَّ ۷ ابْنَ الْحُسَیْنِ حَدَّثَهٗ اَنَّ الْمِسْوَرَ ۸ بْنَ مَخْرَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ عَلٰی مِنْبَرِهٖ هٰذَا وَاَنَا یَوْمَئِذٍ مُحْتَلِمٌ فَقَالَ اِنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِّنِّیْ

---

بقیہ حاشیہ: کے اکابرین سے ہے ۲۱۳ھ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب، صفحہ ۴۴)

۳: ابیہ: یہ شعیب بن ابی حمزہ الاموی القرشی ہے۔اور بشر کا والد ہے۔ابو البشر الحمصی اس کی کنیت ہے عابد اور ثقہ ہے۔ابن معین نے کہا، من اثبت الناس فی الزھری. طبقہ السابعہ سے ہے ۱۶۲ھ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب، صفحہ ۱۴۶)

۴: الزہری: اس کا نام محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن شہاب بن عبد اللہ بن الحارث بن زہرہ کلاب القرشی الزہری ہے۔اس کی کنیت ابو بکر ہے بہت بڑا فقیہہ اور حافظ ہے۔ اس کا تقوی اور بزرگی متفقہ ہے۔ طبقہ الرابعہ کے اکابرین سے ہے ۱۲۵ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۸)

۵: علی بن حسین رضی اللہ عنہ: علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کا لقب زین العابدین ہے۔ثقہ، ثبت، عابد، فقیہہ، فاضل اور مشہور ہے۔ابن عیینہ نے زہری سے روایت کی ہے کہ ''ما رایت قرشیا افضل منه'' میں نے اس سے افضل قریش میں کوئی نہیں دیکھا۔طبقہ الثالثہ سے ہے ۹۳ھ ہجری میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۲۴۵)۔آپ کی کنیت ابو الحسین ہے۔ابو محمد اور ابو عبد اللہ المدنی بھی آپ کو کہا جاتا ہے۔روی عن ابیه و عمه الحسن و ارسل عن جده علی بن ابی طالب اور روایت کرتے ہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ، المسور بن مخرمہ، ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، صفیہ بنت حیی رضی اللہ تعالیٰ عنہا، ام سلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وغیرہم سے اور آپ سے روایت کرتے ہیں آپ کی اولاد سے محمد، زید، عبد اللہ اور عمر اور روایت کرتے ہیں۔ابو سلمۃ بن عبد الرحمٰن۔ الزہری وغیرہم ابن سعد نے طبقہ الثانیہ میں اہل مدینہ کے تابعین میں آپ کا ذکر کیا ہے۔آپ کی والدہ ام ولد ہے۔اور آپ ثقہ، مامون، کثیر الحدیث، عالیاً، رفیقاً اور از روئے ورع بلند مرتبہ ہیں۔آپ کربلا میں اپنے باپ علیہ اسلام کی شہادت کے وقت موجود تھے۔ بیمار تھے، پس بچ گئے۔ابن وہب جناب مالک سے روایت کرتے ہیں ''لم یکن فی اهل بیت رسول الله صلی الله علیه واله وسلم مثل علی بن حسین'' یعنی اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں، میں نے علی رضی اللہ عنہ بن حسین رضی اللہ عنہ کی مانند کوئی نہیں دیکھا اور مصعب الزبیری امام مالک سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ مرتے دم تک علی رضی اللہ عنہ بن حسین رضی اللہ عنہ دن اور رات میں ایک ہزار رکعت پڑھتے تھے اور اس لئے کثرت عبادت کی وجہ سے آپ کا لقب، زین العابدین پڑ گیا۔(تہذیب التہذیب، جلد ۷ صفحہ ۳۰۴ یا ۳۰۷ ملخصاً)

۶: المسور بن مخرمہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۳۳

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۷

۱: عبد اللہ بن سعد بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۵۴

(بقیہ حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**ترجمہ** مسور بن مخرمہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول کریم ﷺ سے سنا ہے (جبکہ) وہ منبر پر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اور میں اس وقت سن بلوغ کو پہنچ چکا تھا۔ تو فرمایا یقیناً (جنابہ سیدہ) فاطمۃ (الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میرے گوشت کا ٹکڑا ہے۔

**تشریح** مسلم شریف کی شرح میں ہے کہ ایذا دینا حضور نبی کریم ﷺ کو بہر حال اور ہر وجہ سے حرام ہے۔ اگرچہ ایذا اس چیز سے پیدا ہو کہ اصل اس کی مباح ہو اور یہ آپ ﷺ کے خواص سے ہے۔

صحیح، اسناده ثقاة (البلوشی، صفحہ ۱۴۸)

---

بقیہ حواشی: ۲: عمی: یہ یعقوب بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم عبدالرحمٰن بن عوف الزہری ہے۔ اور یہ عبداللہ کا چچا ہے اس کی کنیت ابو یوسف المدنی ہے۔ بغداد میں رہائش پذیر تھا۔ ثقہ ہے فاضل ہے۔ طبقہ التاسعہ کے صغار سے ہے ۲۰۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۶)

۳: ابی: یہ ابراہیم بن عبدالرحمان بن عوف الزہری ہے۔ کہا گیا ہے کہ اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا بھی ہے اور ان سے سماع بھی کیا ہے۔ یعقوب بن شیبہ نے اسے اثبت کہا ہے ۱۹۶ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۱)

۴: ولید بن کثیر: ولید بن کثیر المخزومی کی کنیت ابو محمد المدنی ہے کوفہ میں سکونت اختیار کی۔ روی عن سعید بن ابی هند و سعید المعثر، عمر و بن حلحلة وغيرهم وروى عن ابراهيم بن سعد و عيسى بن يونس و ابن عيينة وغيرهم ابراہیم بن سعد نے کہا ثقہ ہے اور المغازی بہت جانتا تھا۔ ابن عیینہ نے کہا صدوق ہے ۱۵۱ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۱۱ صفحہ ۱۴۸)

۵: محمد بن عمرو بن حلحلة: محمد بن عمرو بن حلحلة الدیلی المدنی ثقہ ہے۔ طبقہ السادسۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۳)

۶: ابن شہاب (الزہری): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۶: ۴

۷: علی بن حسین رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۶: ۵

۸: المسور بن مخرمة: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۳: ۵



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

# ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ عَلِيُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مِّنَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ ابْنَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ رَيْحَانَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَ سَيِّدَیْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ وَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

"ان ابواب میں اس چیز کا ذکر ہے کہ جناب علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم، حسن علیہ السلام اور حسین علیہ السلام کے ساتھ مختص کئے گئے ہیں۔ یہ دونوں بیٹے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور دونوں پھول ہیں دنیا کے نیز سوائے عیسیٰ علیہ السلام بن مریم اور یحییٰ بن زکریا علیہ السلام کے تمام نوجوانان جنت کے سردار ہیں"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۱۳۸** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ [1] بْنُ بَكَّارٍ الْحَرَّانِيّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ [2] بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ [3] عَنْ يَزِيْدَ [4] بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ مُحَمَّدِ [5] بْنِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ [6] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَّا اَنْتَ يَا عَلِيُّ فَخَتَنِيْ وَ اَبُوْ

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۸

[1] احمد بن بکار: احمد بن بکار بن ابی میمونہ کی کنیت ابوعبدالرحمان الحرانی ہے۔ صدوق ہے، حافظ اور طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۴۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۱)

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)

وَلَدَیَّ وَ اَنْتَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْکَ

**ترجمہ** | اسامہ بن زید سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا اے علی! تو میرا داماد ہے اور میرے دونوں بیٹوں کا باپ ہے اور تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں۔

---

بقیہ حواشی: ۲: محمد بن سلمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴: ۳

۳: ابن اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۴: ۴

۴: یزید بن عبداللہ: یزید بن عبداللہ بن قسیط بن اسامہ اللیثی کی کنیت ابوعبداللہ المدنی ہے۔ الاعرج ہے۔ ثقہ ہے اور طبقہ الرابعہ سے ہے۔ ۱۲۲ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۳)

۵: محمد بن اسامہ: محمد بن اسامہ بن زید بن حارثہ المدنی ثقہ ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ ۹۰ ہجری کے بعد وفات پائی۔ (التقریب، ص ۲۸۹)

۶: ابیہ: یہ محمد کا والد اسامہ بن زید بن حارثہ بن شراحیل الکلبی ہے ابومحمد اور ابوزید اس کی کنیت ہے۔ مشہور صحابی ہے ۵۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۶)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِکۡرُ قَوۡلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ الۡحَسَنُ وَالۡحُسَیۡنُ ابۡنَایَ

## ''اس باب میں اس ارشاد کا بیان ہے کہ حسن اور حسین علیہما السلام دونوں میرے بیٹے ہیں''

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۱۳۹** اَخۡبَرَنِیۡ الۡقَاسِمُ [۱] بۡنُ زَکَرِیَّا بۡنِ دِیۡنَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ [۲] بۡنُ مَخۡلَدٍ قَالَ حَدَّثَنِیۡ مُوۡسٰی [۳] ھُوَا بۡنُ یَعۡقُوۡبَ الزَّمۡعِیُّ عَنۡ عَبۡدِ اللّٰہِ [۴] بۡنِ اَبِیۡ بَکۡرِ بۡنِ زَیۡدِ بۡنِ الۡمُھَاجِرِ قَالَ اَخۡبَرَنِیۡ مُسۡلِمُ [۵] بۡنُ اَبِیۡ سَھۡلِ النَّبَّالُ قَالَ اَخۡبَرَنِیۡ الۡحَسَنُ [۶] بۡنُ اُسَامَۃَ بۡنِ زَیۡدٍ عَنۡ اُسَامَۃَ [۷] بۡنُ زَیۡدِ بۡنِ حَارِثَۃَ طَرَقۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَیۡلَۃً لِبَعۡضِ الۡحَاجَۃِ فَخَرَجَ وَھُوَ مُشۡتَمِلٌ عَلٰی شَیۡئٍ لَا اَدۡرِیۡ مَاھُوَ فَلَمَّا فَرَغۡتُ مِنۡ حَاجَتِیۡ قُلۡتُ مَا ھٰذَا الَّذِیۡ اَنۡتَ مُشۡتَمِلٌ عَلَیۡہِ فَکَشَفَ فَاِذَا الۡحَسَنُ وَ الۡحُسَیۡنُ عَلٰی وَ رِکَیۡہِ فَقَالَ ھٰذَانِ اِبۡنَایَ وَ ابۡنَا ابۡنَتِیۡ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعۡلَمُ اَنِّیۡ اُحِبُّھُمَا فَاَحِبَّھُمَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۹

۱: قاسم بن زکریا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶:۱

۲: خالد بن مخلد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۵:۲

۳: موسیٰ بن یعقوب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸:۳

۴: عبداللہ بن ابی بکر: عبداللہ بن ابی بکر بن زید المہاجر مجہول ہے اور طبقہ السادستہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۶۹)

۵: مسلم بن ابی سہل النبال: مسلم بن ابی سہل النبال کو محمد بھی کہا جاتا ہے، مقبول ہے۔ طبقہ السادستہ سے ہے۔ (التقریب صفحہ ۳۳۵)

۶: حسن بن اسامہ: حسن بن اسامہ بن زید الکلبی المدنی مقبول ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے (التقریب، صفحہ ۶۸)

۷: اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۸:۶



Marfat.com

**ترجمہ** اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ میں کسی کام کیلئے حضور ﷺ کی خدمت بابرکت میں رات کے وقت حاضر ہوا پس آنحضرت ﷺ باہر تشریف لائے درآنحالیکہ آنجناب ﷺ کسی چیز کو لپیٹے ہوئے تھے۔ میں نہیں جانتا کہ وہ کیا تھی۔ پس جب میں اپنے کام سے فارغ ہو گیا۔ میں نے عرض کیا یہ کیا ہے جو آپ ﷺ لپیٹے ہوئے ہیں۔ پس حضور ﷺ نے اس چادر کو ہٹایا، پس اچانک آپ ﷺ کے کولہوں پر حسن اور حسین (علیہما السلام) تھے۔ تو ارشاد فرمایا کہ دونوں میرے بیٹے ہیں، میرے بیٹی کے بیٹے ہیں اے میرے اللہ! بے شک تو جانتا ہے کہ میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں سو تو بھی ان دونوں سے محبت فرما۔

**حل لغت** طَرَقَ: رات کو آنا۔ وَرَکَ: کولہو، سرین۔

**تشریح** ارشاد ہے "پس اچانک آپ ﷺ کے کولہوں پر حسن اور حسین علیہما السلام تھے" یعنی جب آپ ﷺ نے چادر کو ہٹایا تو امامین کریمین علیہما السلام اس میں چھپے ہوئے تھے۔



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِکۡرُ الۡمَأۡثُوۡرِ فِی الۡحَسَنِ وَ الۡحُسَیۡنِ سَیِّدَا شَبَابِ اَھۡلِ الۡجَنَّةِ

## ”اس باب میں ان احادیث کا ذکر ہے جس میں فرمایا کہ جناب حسن اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نوجوانان جنت کے سردار ہیں“

(اس باب میں تین احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱۴۰/۱** اَنۡبَأَنَا عَمۡرُو ۱ بۡنُ مَنۡصُوۡرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ نُعَیۡمٍ ۲ قَالَ حَدَّثَنَا یَزِیۡدُ ۳ بۡنُ مردانیة عَنۡ عَبۡدِ الرَّحۡمٰنِ ۴ بۡنِ اَبِیۡ نُعَیۡمٍ عَنۡ اَبِیۡ سَعِیۡدٍ ۵ الۡخُدۡرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ الۡحَسَنُ وَ الۡحُسَیۡنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَھۡلِ الۡجَنَّةِ

**ترجمہ** ابی سعید خدری سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ (جناب امام) حسن علیہ السلام اور (جناب امام) حسین علیہ السلام نوجوانانِ بہشت کے سردار ہیں۔

**تشریح** اسناده حسن و الحدیث صحیح لطرقه (البلوشی، صفحہ ۱۵۰)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۰

۱۔ عمرو بن منصور النسائی: عمرو بن منصور النسائی کی کنیت ابوسعید ہے۔ ثقہ، ثبت اور طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۳)

۲۔ ابی نعیم (فضل بن دکین): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶:۲

۳۔ یزید بن مردانیہ: یزید بن مردانیہ الکوفی اصلاً اصفہانی ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ الخامسۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۵) وکیع، ابن معین اور العجلی نے کہا ثقہ ہے۔ ابوحاتم نے کہا ” لا باس به “ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام صفحہ ۱۵۰)۔

۴۔ عبدالرحمٰن بن ابونعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۴

۵۔ ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۴۱/۲** اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ الْحَرْبِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ۲ عَنْ يَزِيْدَ ۳ عَنْ عَبْدِالرَّحْمَانِ ۴ بْنِ اَبِىْ نُعَيْمٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ ۵ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ حَسَنًا وَّ حُسَيْنًا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مَا اسْتَثْنٰى مِنْ ذَالِكَ

**ترجمہ** ابی سعید خدری نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا بے شک حسن اور حسین (علیہما السلام) نوجوانانِ جنت کے سردار ہیں۔ حضور ﷺ نے کسی مرد کا استثناء نہیں فرمایا۔

**حدیث نمبر ۱۴۲/۳** اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ ۱ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَ مُحَمَّدُ ۲ بْنُ اٰدَمَ عَنْ مَرْوَانَ ۳ عَنِ الْحَكَمِ ۴ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَ هُوَ ابْنُ نُعَيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ ۵ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ ۶ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا ابْنَيِ الْخَالَةِ عِيْسٰى وَ يَحْيٰى بْنَ زَكَرِيَّا

**ترجمہ** ابی سعید خدری سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ حسن اور حسین (علیہما السلام) دونوں اہلِ جنت کے سردار ہیں۔ سوائے خالہ کے دو بیٹوں عیسیٰ اور یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۱

۱: احمد بن حرب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۹: ۱

۲: ابن فضیل (محمد بن فضیل): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷: ۲ ۳: یزید بن مردانیہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۰: ۳

۴: عبدالرحمٰن بن ابی نعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹: ۴ ۵: ابی سعید الخدری ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹: ۵

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۲

۱: یعقوب بن ابراہیم: یعقوب بن ابراہیم بن کثیر بن افلح العبدی کی کنیت ابو یوسف الدورقی ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۵۲ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۶)

۲: محمد بن آدم: (محمد بن آدم بن سلیمان) ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۱: ۲

۳: مروان: مروان بن معاویہ بن الحارث بن اسماء الغزاری کی کنیت ابو عبداللہ کوفی ہے۔ ثقہ اور حافظ ہے۔ وکان یدلس اسماء الشیوخ طبقہ الثامنہ سے ہے ۱۹۳ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۳۳)

۴: الحکم بن عبدالرحمٰن: الحکم بن عبدالرحمٰن بن ابی نعیم الکوفی البجلی صدوق اور صحیح الحفظ ہے۔ طبقہ السابعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۸۰)

۵: ابیہ (عبدالرحمٰن بن ابی نعیم): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹: ۴

۶: ابی سعید الخدری ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹: ۵



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ رَيْحَانَتَيَّ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

## ”اس باب میں حضور ﷺ کے اس ارشاد مبارک کا ذکر ہے کہ اس امت میں سے جناب حسن اور حسین (علیہما السلام) دونوں میرے پھول ہیں“

(اس باب میں دو احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۱۴۳** | اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ ۲ عَنْ اَشْعَثَ ۳ عَنِ الْحَسَنِ ۴ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ يَعْنِي اَنَسَ ۵ بْنَ مَالِكٍ قَالَ دَخَلْتُ اَوْرُبَمَا دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ يَنْقَلِبَانِ عَلٰى بَطْنِهٖ قَالَ وَ يَقُوْلُ هُمَا رَيْحَانَتَيَّ مِنْ هٰذِهِ لْاُمَّةِ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۳

۱: محمد بن عبد الاعلیٰ: محمد بن عبد الاعلیٰ الصعانی القیسی کی کنیت ابو عبد اللہ البصری ہے۔ ابو زرعہ اور ابو حاتم نے کہا ثقہ ہے۔ ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے ۲۴۵ ہجری میں وفات پائی۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۹، صفحہ ۲۸۹)

۲: خالد (بن حارث): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۴:۳

۳: اشعث: اشعث بن عبد الملک الحمرانی کی کنیت ابا ہانی ہے، ثقہ، فقیہہ اور طبقہ السادستہ سے ہے، ۱۴۲ھ میں فوت ہوئے۔ (التقریب، صفحہ ۳۷)

۴: الحسن: یہ حسن بن ابی الحسن البصری ہے اور اس کے باپ کا نام یسار ہے۔ ثقہ، فقیہہ، فاضل اور مشہور ہے۔ وکان یرسل کثیرا و یدلس البزار نے کہا کان یروی عن جماعة لم یسمع یقول حدثنا و خطبنا یعنی قومه الذین حدثوا و خطبوا بالبصرة اور طبقہ الثالثہ کے اکابرین سے ہے ۱۱۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۶۹)

۵: انس بن مالک ؓ۔ ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۹:۶



Marfat.com

**ترجمہ** انس بن مالک فرماتے ہیں کہ میں حضور رسول کریم ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا یا اکثر اوقات جب میں آنحضرت ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتا تو (جناب امام) حسن اور (جناب امام) حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں آپ ﷺ کے شکم مبارک پر کھیلتے تھے۔ راوی نے کہا کہ حضرت ﷺ فرماتے تھے، اس امت میں میرے یہ دو پھول ہیں۔

**حل لغت** رَیْحَانٌ: رحمت، روزی، راحت، آرام، چین، آسائش اور اولاد کو بھی رَیْحَانٌ کہتے ہیں کیونکہ ان سے دل کو راحت اور آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہوتی ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے "اس اُمت میں میرے یہ دو پھول ہیں" یعنی میں ان کو چومتا اور دل کو خوش کرتا ہوں ان سے مجھے راحت حاصل ہوتی ہے۔

**حدیث نمبر ۲/۱۴۴** اَنْبَأَنَا اِبْرَاهِيْمُ ۱ بْنُ يَعْقُوْبَ الْجَوْزَجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ ۲ بْنُ جَرِيْرٍ اَنَّ اَبَاهُ ۳ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ ۴ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِيْ يَعْقُوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نُعْيمٍ ۵ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ يُسْأَلُهُ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ يَكُوْنُ فِيْ ثَوْبِهٖ وَ يُصَلِّيْ فِيْهِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ مِمَّنْ اَنْتَ قَالَ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ قَالَ مَنْ يُعْذِرُنِيْ مِنْ هٰذَا يَسْاَلُنِيْ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ وَ قَدْ قَتَلُوا ابْنَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ هُمَا رَيْحَانَتَيَّ مِنَ الدُّنْيَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۴

۱: ابراہیم بن یعقوب: ابراہیم بن یعقوب بن اسحاق الجوزجانی ثقہ اور حافظ ہے رمی بالنصب طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے۔ ۲۵۹ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۴)

۲: وہب بن جریر: وہب بن جریر بن حازم بن زید کی کنیت ابوعبداللہ الازدی البصری ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ التاسعہ سے ہے۔ ۲۰۶ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۷۲)

۳: اباہ: یہ جریر بن حازم بن زید بن عبداللہ الازدی ہے جس کی کنیت ابوالنضر البصری ہے۔ ثقہ ہے۔ لیکن جب یہ قتادہ سے روایت کرتا ہے تو اس کی حدیث میں ضعف پایا جاتا ہے جب حفظ سے بیان کرے تو وہم پیدا ہوتا ہے طبقہ السادسہ سے ہے۔ بعد ما اختلط لکن لم یحدث فی حال اختلاطه (لیکن جب ذہن میں کمزوری پیدا ہوئی تو اُس کے بعد حدیث بیان نہیں کرتا تھا) ۱۷۰ ہجری میں فوت ہو۔ (التقریب، صفحہ ۵۴)

۴: محمد بن عبداللہ: محمد بن عبداللہ بن ابی یعقوب التیمی البصری ہے اور اپنے جد کی طرف نسبت کرتا ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ السادستہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۶)

۵: ابن ابی نعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹: ۴



Marfat.com

**ترجمہ** ابن ابی نعیم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا کہ ایک شخص ان کے پاس آیا۔ اس نے جس کپڑے پر مچھر کا خون لگا ہوا اس میں نماز پڑھنے کا حکم پوچھا۔ تو ابن عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا تو کہاں سے آیا ہے۔ اس نے کہا کہ میں عراقی ہوں۔ فرمایا کہ مجھے اس مسئلہ میں معذور رکھیے کہ وہ مجھ سے مچھر کے خون کے متعلق دریافت کرتا ہے۔ حالانکہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹا قتل کیا ہے اور میں نے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حسن اور حسین (علیہما السلام) یہ دونوں اس دنیا کے میرے دو پھول ہیں۔

**حل لغت** اَلْبَعُوْضُ: مچھر۔

**تشریح** ارشاد ہے ''اس نے جس کپڑے پر مچھر کا خون لگا ہوا اس میں نماز پڑھنے کا حکم پوچھا'' یعنی کیا ایسے کپڑے میں نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ ارشاد ہے ''تو کہاں سے آیا ہے'' یعنی کن لوگوں سے ہے۔ ارشاد ہے ''میں عراقی ہوں'' یعنی ملک عراق کا رہنے والا ہوں۔ ارشاد ہے کہ ''حسن اور حسین (علیہما السلام) یہ دونوں اس دنیا کے میرے پھول ہیں'' یعنی یہ دونوں میری خوشبو ہیں، میں ان سے محظوظ ہوتا ہوں یا دنیا میں میری روزی ہیں، میرا چین ہیں، میری راحت ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جناب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا ''اُوْصِیْکَ بِرَیْحَانَتَیَّ خَیْرًا فِی الدُّنْیَا قَبْلَ اَنْ تَنْهَدِرَ رُکْنَاکَ'' ''اے علی! میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ تم میرے ان دونوں پھولوں سے اچھی طرح دنیا میں پیش آؤ۔ اس سے پہلے کہ تیرے دونوں ستون گر جائیں'' جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا تو جناب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک ستون آپ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ اور پھر جب جنابہ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا تو فرمایا کہ یہ دوسرا ستون تھا۔

صحیح رجال اسنادہ رجال الشخین الا ابراھیم بن یعقوب جوزجانی وھو ثقہ

(احمد میرین البلوشی، صفحہ ۱۵۵)

**نوٹ** بعض کتابوں میں اس باب کا عنوان ''ھذہ الامۃ'' کی بجائے ''ھذہ الدنیا'' کے الفاظ سے آیا ہے اور یہ دونوں الفاظ مبارکہ احادیث مذکور بالا موجود ہیں۔ اس فقیر کے زیر نظر جو کتاب ہے اس میں چونکہ ''ھذہ الامۃ'' کے الفاظ ہیں لہٰذا باب کا عنوان انہی الفاظ میں نقل کیا گیا ہے۔



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ اَنْتَ اَعَزُّ عَلَيَّ مِنْ فَاطِمَةَ وَ فَاطِمَةُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْكَ

"اب باب میں اس حدیث شریف کا ذکر ہے کہ جس میں ارشاد ہے کہ اے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تو عزیز ہے میرے نزدیک فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اور فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مجھے تجھ سے محبوب تر ہے"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۱۴۵** اَخْبَرَنِیْ زَكَرِيَّا ابْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نُجَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَجُلٍ قَالَ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا عَلَى الْمِنْبَرِ بِالْكُوْفَةِ يَقُوْلُ خَطَبْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ فَزَوَّجَنِیْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَا اَحَبُّ اِلَيْكَ اَمْ هِیَ فَقَالَ هِیَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْكَ وَ اَنْتَ اَعَزُّ اِلَيَّ مِنْهَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۵

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۲

۲: ابن ابی عمر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۷۱

۳: سفیان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۱۳۵

۴: ابن ابی نجیح: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۲۶

۵: ابیہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۲۶



Marfat.com

ترجمہ | ایک صاحب سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے جناب علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے سنا جب کہ وہ کوفہ میں منبر پر فرمارہے تھے۔ میں نے جنابہ فاطمہ علیہا السلام کے نکاح کا پیغام جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا نکاح مجھ سے کردیا۔ تو میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا آپ کے نزدیک میں محبوب ہوں یا فاطمۃ (الزہرا رضی اللہ عنہا)؟ تو ارشاد فرمایا وہ تجھ سے محبوب ہے اور تو مجھ کو اس سے عزیز تر ہے۔



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ مَا سَأَلْتُ لِنَفْسِي شَيْئًا اِلَّا وَ قَدْ سَأَلْتُ لَكَ

## ''اس باب میں نبی کریم ﷺ کے حضرت علی المرتضٰی کے حق میں ان ارشادات کا بیان ہے کہ جو کچھ میں اپنے لئے مانگتا ہوں وہی تیرے لئے مانگتا ہوں''

(اس باب میں دو احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۱۴۶** اَنْبَأَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى ۱ بْنُ وَاصِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ ۲ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ ۳ بْنُ اَبِيْ اَسْوَدَ عَنْ يَزِيْدَ ۴ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ۵ بْنِ اَبِيْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ جَدِّهٖ ۶ عَنْ عَلِيٍّ ۷ قَالَ مَرِضْتُ فَعَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۶

۱: عبدالاعلیٰ بن واصل بن عبدالاعلیٰ: عبدالاعلیٰ بن واصل بن عبدالاعلیٰ الاسدی، الکوفی ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ کے اکابرین سے ہے۔ ۲۴۷ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۹۵)

۲: علی بن ثابت: علی بن ثابت الدھان العطار الکوفی صدوق ہے۔ طبقہ العاشرہ کے اکابرین سے ہے۔ ۲۱۹ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۴)

۳: منصور بن ابی اسود: منصور بن ابی اسود اللیثی الکوفی کے والد کا نام حازم ہے۔ یہ صدوق ہے اور رمی بالتشیع ہے۔ طبقہ الثامنہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۴۷)

۴: یزید بن ابی زیاد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۳

۵: سلیمان بن ابی عبداللہ: سلیمان بن ابی عبداللہ بن الحارث الہاشمی مجہول الحال ہے۔ اور طبقہ السابعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۳۴)

۶: جدہ: یہ سلیمان کا دادا الحارث بن نوفل بن الحارث ابن عبدالمطلب الہاشمی المکی ہے۔ صحابی ہے، بصرہ میں رہائش رکھتا تھا۔ حضرت عثمان ؓ کی خلافت کے آخر میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۶۱)

۷: علی المرتضٰی ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶



Marfat.com

وَسَلَّمَ فَدَخَلَ عَلِیَّ وَ اَنَا مُضْطَجِعٌ فَاتَّکَی اِلَی جَنْبِیْ ثُمَّ سَجَّانِیْ بِثَوْبِہٖ فَلَمَّا رَاٰی قَدْ هَدَیْتُ قَامَ اِلَی الْمَسْجِدِ یُصَلِّیْ فَلَمَّا قَضٰی صَلٰوتَہٗ جَآءَ فَرَفَعَ الثَّوْبَ عَنِّیْ وَقَالَ قُمْ یَا عَلِیُّ (فَقَدْ بَرَأْتَ فَقُمْتُ کَاَنْ) لَّمْ اَشْتَکِ شَیْئًا قَبْلَ ذَالِکَ فَقَالَ مَا سَئَلْتُ رَبِّیْ شَیْئًا فِی صَلَاتِیْ اِلاَّ اَعْطَانِیْ وَمَا سَئَلْتُ لِنَفْسِیْ شَیْئًا اِلاَّ قَدْ سَئَلْتُہٗ لَکَ

**ترجمہ** جناب علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں بیمار ہوا تو حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے اور اندر آ گئے درآنحالیکہ میں لیٹا ہوا تھا۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے پہلو سے تکیہ لگایا پھر اپنے کپڑے کے ساتھ مجھے ڈھانپ دیا پس جب دیکھا کہ مجھے سکون آیا تو مسجد کو تشریف لے گئے تاکہ نماز پڑھیں۔ جب نماز ادا کر چکے تشریف لائے پھر مجھ پر سے (وہ) کپڑا اٹھایا اور ارشاد فرمایا، اے علی! اٹھ کھڑا ہو، میں کھڑا ہوا۔ اس حال میں کہ تندرست تھا گویا مجھے کوئی بیماری اس سے پیشتر تھی ہی نہیں۔ پس ارشاد فرمایا میں نے جب بھی اپنے رب تعالیٰ سے نماز میں کوئی چیز مانگی تو اس (جل جلالہ) نے مجھے عطا فرمائی اور (اے علی کرم اللہ وجہہ الکریم) میں نے اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں مانگی مگر وہ چیز میں نے تیرے لئے بھی مانگی۔

**حل لغت** ضَجْعٌ: زمین پر پہلو لگانا، ڈوبنے کے قریب ہونا۔ تَسْجِیَۃٌ: ڈھانپنا۔ ھَدَأَ، یھدأ، ھدأ و ھدوی: سکون ہونا، آرام پانا۔

**تشریح** ارشاد ہے "پھر اپنے کپڑے کے ساتھ مجھے ڈھانپ دیا" یعنی اپنی چادر مبارک مجھے اوڑھا دی جس سے آپ رضی اللہ عنہ کو آرام آ گیا۔ ارشاد ہے "(اے علی کرم اللہ وجہہ الکریم) میں نے اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں مانگی مگر وہ چیز میں نے تیرے لئے بھی مانگی" یعنی یہ کتنی عظیم فضیلت اور بزرگی ہے کہ جو چیز پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ سے طلب فرماتے وہی شے جناب سیدنا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کیلئے بھی طلب فرماتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جناب علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کے ساتھ انتہائی محبت کا اظہار ہو رہا ہے۔

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ خَالَفَہٗ جَعْفَرٌ الْاَحْمَرُ فَقَالَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ الْحَرْبِ عَنْ عَلِیٍّ

**حدیث نمبر ۲/۱۴۷** اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ ۱ بْنُ زَکَرِیَّا بْنِ دِیْنَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیٌّ ۲ بْنُ قَادِمٍ عَنْ جَعْفَرٍ ۳ الْاَحْمَرِ عَنْ یَزِیْدَ ۴ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ۵ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قَالَ لِیْ عَلِیٌّ

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۷، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

قَالَ وَجَعْتُ وَجَعًا شَدِيْدًا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَنَا مَنِيْ فِيْ مَكَانِهٖ وَقَامَ يُصَلِّيْ وَ اَلْقٰى عَلَيَّ طَرَفَ ثَوْبِهٖ ثُمَّ قَالَ قُمْ يَا عَلِيُّ فَقَدْ بَرِئْتَ لَابَاْسَ عَلَيْكَ وَمَا دَعَوْتُ اللّٰهَ لِنَفْسِيْ شَيْئًا اِلَّا دَعَوْتُ لَكَ بِمِثْلِهٖ وَ مَا دَعَوْتُ شَيْئًا اِلَّا قَدِ اسْتُجِيْبَتْ لِيْ اَوْ قَالَ اُعْطِيْتُ اِلَّا اَنَّهٗ قِيْلَ لِيْ لَانَبِيَّ بَعْدَكَ

**ترجمہ** عبداللہ بن حارث سے روایت ہے اس نے کہا کہ مجھے جناب علی (المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) نے فرمایا۔ میں بہت ہی بیمار ہو گیا تو میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ تو آنخضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنی جگہ سلا دیا۔ آنخضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھنے لگے اور مجھ پر اپنی چادر مبارک کا ایک کنارہ ڈال دیا۔ پھر ارشاد فرمایا اے علی اٹھ، تجھ سے بیماری چلی گئی اب تجھے کوئی (بیماری) کا ڈر نہیں اور میں اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں مانگتا ہوں مگر اسی طرح کی چیز تیرے لئے بھی مانگتا ہوں اور میں نے (اللہ تعالیٰ سے) کوئی دعا نہیں مانگی، مگر وہ دعا میرے لئے قبول ہوئی یا فرمایا مجھے وہ شے (اللہ تعالیٰ نے) عطا فرمائی مگر یہ کہ مجھے کہا گیا کہ تیرے بعد کوئی نبی نہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے "مگر یہ کہ مجھے کہا گیا کہ تیرے بعد کوئی نبی نہیں" یعنی چونکہ میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں ہے لہٰذا اے علی کرم اللہ وجہہ الکریم میں تیرے لئے یہ دعا نہیں کر سکتا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۷

۱: قاسم بن زکریا بن دینار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶: ۱

۲: علی بن قادم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۰: ۲

۳: جعفر الاحمر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۳: ۵

۴: یزید بن ابی زیاد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹: ۳

۵: عبداللہ بن حارث: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۵: ۷



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ مَا خَصَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ

## ''اس باب میں ان ارشادات کا ذکر ہے جو کہ صرف علی کرم اللہ وجہہ الکریم کیلئے ہی فرمائے''

(اس باب میں دو احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱۴۸/۱** اَنبَأَنَا اَحْمَدُ ا بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمُ ۲ وَ هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا لِيْ سُفْيَانُ ۳ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ ۴ عَنْ نَاجِيَةَ ۵ بْنِ كَعْبِ الْاَسَدِيِّ عَنْ عَلِيٍّ ۶ اَنَّهُ اَتَى رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عَمَّكَ الشَّيْخَ الضَّالَّ قَدْمَاتَ فَمَنْ يُّوَارِيْهِ قَالَ اذْهَبْ فَوَارِ اِيَاكَ وَ لَا تُحَدِّثَنَّ حَدِيْثًا حَتّٰى تَأْتِيَنِيْ قَالَ فَفَعَلْتُ ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَغْتَسِلَ وَ دَعَا لِيْ بِدَعْوَاتٍ مَا يَسُرُّنِيْ مَا عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ بِشَيْئٍ مِنْهُنَّ

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام سے روایت ہے یہ کہ وہ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں وارفتہ آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بزرگ چچا انتقال فرما گئے ہیں۔ سو ان کو کون دفنائے؟ ارشاد فرمایا اے علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) تو خود جا اور اسے دفن کر، جب تک تو میرے پاس واپس نہ آجائے کوئی بات نہ کر۔ جناب علی المرتضیٰ (کرم اللہ وجہہ الکریم) نے فرمایا کہ جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم فرمایا تھا میں نے کیا پھر میں حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ پھر مجھے حکم فرمایا کہ جا نہا لے اور میرے لئے دعا فرمائی ایسی دعائیں فرمائیں کہ زمین کی تمام نعمتوں کے مقابلہ میں وہ دعائیں مجھے بھلی لگتی ہیں۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۸

۱۔ احمد بن حرب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۹:۱

۲۔ قاسم بن یزید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۹:۲

۳۔ سفیان: یہ سفیان بن سعید بن مسروق الثوری ہے۔ اس کی کنیت ابو عبداللہ کوفی ہے۔ ثقہ، حافظ، فقیہہ، عابد، امام (حاشیہ اگلے صفحہ پر جاری ہے)

**تشریح** ارشاد ہے ''آنجناب ﷺ کے بزرگ چچا انتقال فرما گئے ہیں'' یعنی میرے والد محترم جناب ابوطالب کا انتقال ہو گیا ہے۔ ارشاد ہے ''جب تک تو میرے پاس واپس نہ آجائے کوئی بات نہ کر'' یعنی بس تو نے اور کوئی دوسرا کام نہیں کرنا ہے اور نہ ہی کسی اور کی طرف متوجہ ہونا ہے سوائے اس بات کے کہ اپنے والد محترم کو دفن کر کے میرے پاس واپس آنا ہے۔ ایک روایت میں ہے ''جب ابوطالب ؑ فوت ہوئے تو اس کی اطلاع دینے کیلئے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ کی محبت میں وارفتہ آپ کے بزرگ چچا انتقال کر گئے ہیں۔ تو حضور ﷺ رونے لگے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے اور اس پر رحم فرمائے، جاؤ اور اس کو غسل دو اور تکفین و تدفین کا بندوبست کرو اور جب فارغ ہو جاؤ تو سب سے پہلے ہمیں آ کر ملو۔ جب فارغ ہو کر واپس آئے تو رسول اللہ ﷺ نے آپ کو فرمایا پہلے جا کر غسل کرو پھر ایسی دعائیں دیں جو بقول سیدنا علی المرتضیٰ ؑ ان کیلئے دنیا اور مافیہا سے بہتر تھیں''۔ ''سیرت حلبیہ''، ''تاریخ الخمیس'' اور ''مدارج النبوۃ'' سے ثابت ہوتا ہے کہ پیغمبر اسلام ﷺ نے جناب ابوطالب کے جنازہ میں بھی شرکت فرمائی۔

چنانچہ ''سیرت حلبیہ'' ۴۷/۲ میں ہے

''وَ اَمَّا رُوِیَ عَنْہُ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَارَضَ جَنَازَۃَ عَمِّہٖ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ صَلَتْکَ رَحِمٌ وَ جُزِیْتَ خَیْرًا یَا عَمِّ''

مگر روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے چچا ابوطالب کے جنازہ کے ہمراہ تشریف لے گئے اور فرمایا اے چچا آپ نے حق صلہ رحمی ادا کر دیا، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔

''تاریخ الخمیس'' ۳۶/۱ مؤلفہ حسین بن محمد بن حسین دیار بکری لکھتے ہیں

''قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَارَضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ جَنَازَۃَ اَبِیْ طَالِبٍ وَ قَالَ صَلَتْکَ رَحِمٌ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا یَاعَمِّ''

یعنی ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جناب ابوطالب کے جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے اور فرمایا آپ نے صلہ رحمی کی، اے چچا جان! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے''۔

---

بقیہ حاشیہ: اور حجۃ ہے۔ طبقہ السابعۃ کا رئیس ہے۔ وکان ربما دلس ۔ ۱۶۱ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۲۸)

۴: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵: ناجیۃ بن کعب الاسدی۔ ناجیہ بن کعب الاسدی ثقہ ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ ایضا و وھم من خلطہ بالاول. (التقریب، صفحہ ۳۵۵)

۶: علی المرتضیٰ ؑ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱



Marfat.com

حضرت شیخ الہند شاہ عبدالحق صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ''مدارج النبوۃ'' شریف جلد ۲ صفحہ ۶۹ میں تحریر فرماتے ہیں

''و نیز آوردہ کہ سیدِ عالم ﷺ ہمراہ جنازۂ ابوطالب میرفت ومی گفت اے عمِ من صلہ رحم بجا آوردی و درحق تقصیر نہ کردی، خدائے تعالیٰ ترا جزائے خیر دہاد''

یعنی روایات میں آتا ہے کہ سیدِ عالم ﷺ حضرت ابوطالب کے جنازہ کے ساتھ تشریف لے جا رہے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ اے میرے چچا! آپ صلہ رحمی بجالائے اور میرے حق میں آپ نے کوئی کمی یا غلطی نہیں کی اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اور حضور ﷺ نے آپ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی کہ اس وقت نماز جنازہ مشروع نہیں تھی۔ صاحبِ ''سیرت حلبیہ'' ۱/۴۰ پر لکھتے ہیں

''وَفِیْ کَلَامِ بَعْضِهِمْ صَلَاةُ الْجَنَازَةِ فُرِضَتْ فِی السَّنَةِ الْأُوْلٰی مِنَ الْهِجْرَةِ وَاِنَّهٗ مَاتَ قَبْلَ خَدِیْجَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَیْ بِثَلَاثَةِ اَیَّامٍ وَ دُفِنَ بِالْحَجُوْنِ وَ لَمْ تَكُنِ الصَّلٰوةُ عَلَی الْجَنَازَةِ شُرِعَتْ''

یعنی بعض کے کلام میں ہے کہ نماز جنازہ ہجرت کے پہلے سال فرض ہوئی اور ابوطالب حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے تین یوم پہلے فوت ہوئے اور حجون میں دفن ہوئے اور نماز جنازہ (اس وقت) مشروع نہیں تھی۔ ارشاد ہے ''کہ زمین کی تمام نعمتوں کے مقابلہ میں وہ دعائیں مجھے بھلی لگتی ہیں'' یعنی تمام جہان کی سب نعمتیں ایک طرف، اور میرے لئے حضور پاک ﷺ کی وہ دعائیں جو مجھے دی ہیں اس کے مقابلہ میں وہ سب نعمتیں ہیچ ہیں۔ اور دنیا کی وہ تمام نعمتیں میری نظر میں کوئی وقعت اور قیمت نہیں رکھتیں، اور دنیا اور مافیہا سے وہ مبارک دعائیں بہتر ہیں۔

**حدیث نمبر ۲/۱۴۹** اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ[۱] بْنُ الْمُثَنّٰی عَنْ اَبِیْ دَاوُدَ[۲] قَالَ اَخْبَرَنِیْ شُعْبَةُ[۳] قَالَ اَخْبَرَنِیْ فُضَیْلُ[۴] اَبُوْ مُعَاذٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ[۵] عَنْ عَلِیٍّ[۶] قَالَ لَمَّا رَجَعْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِیْ کَلِمَةً مَا اُحِبُّ بِهَا الدُّنْیَا

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب میں نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں لوٹ کر آیا تو آپ ﷺ نے مجھے ایک بات ارشاد فرمائی۔ اس بات کے مقابلہ میں میں دنیا کو پسند نہیں کرتا۔

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۹، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے کہ ''اس بات کے مقابلہ میں میں دنیا کو پسند نہیں کرتا''یعنی جس وقت میں اپنے والد محترم کو دفن کر کے واپس سید عالمین ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آنجناب ﷺ نے مجھے ایک ایسی بات ارشاد فرمائی کہ اس کے مقابلہ میں دنیا کی سب نعمتیں میری نظر میں ہیچ ہیں اور مجھے قطعاً دنیا سے محبت نہیں رہی۔ یعنی اپنے والد گرامی مرتبت کی اس آخری خدمت (تدفین) کے بعد آپ ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ ؓ کو ایسی گراں قدر، عظیم الشان اور جلیل القدر دعا دی جسے امام الاولیاء سیدنا علی المرتضیٰ ؓ اپنے لئے سرمایہ افتخار سمجھتے تھے اور اس دعائے نبویہ ﷺ کے سامنے دنیا اور اس کی تمام نعمتیں پر کاہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتیں اور حضور ﷺ کی دعا بارگاہ الٰہی میں مقبول ہے اس سے امام الاولیاء ؓ کے عظیم الشان مقام و منصب پر روشنی پڑتی ہے اور اس سے آنجناب ؓ کی دنیا سے بے رغبتی کا بھی پتہ چلتا ہے۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۹

۱: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲: ابی داؤد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۲:۲

۳: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳

۴: فضیل: یہ فضیل بن میسرہ ہے۔ ابو معاذ اس کی کنیت ہے۔ البصری ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ السادسۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۷۷)

۵: الشعبی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۱:۵

۶: علی المرتضیٰ ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ مِنْ صَرْفِ اِذَى الْحَرِّ وَ الْبَرْدِ

''اس باب میں جناب سیدنا امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی اس خاص خصوصیت کا ذکر ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کا وجود مبارک گرمی اور سردی کی ایذا سے محفوظ تھا''

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱۵۰/۱** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۱؎ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ ۲؎ بْنُ مَخْلَدِ الثَّقَفِيُّ عَنْ اَيُّوْبَ ۳؎ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَ هُوَ جَدِّيْ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ۴؎ الصَّايِغِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ ۵؎ الْهَمَدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۶؎ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى اَنَّ عَلِيًّا خَرَجَ عَلَيْنَا فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَ عَلَيْهِ ثِيَابُ الشِّتَآءِ وَ خَرَجَ عَلَيْنَا فِي الشِّتَآءِ وَ عَلَيْهِ ثِيَابُ الصَّيْفِ ثُمَّ دَعَا بِمَآءٍ فَشَرِبَ ثُمَّ مَسَحَ الْعَرَقَ عَنْ جَبْهَتِهٖ فَلَمَّا رَجَعَ اِلٰى اَبِيْهِ قَالَ يَا اَبَتِ اَرَاَيْتَ مَا صَنَعَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ خَرَجَ عَلَيْنَا فِي الشِّتَآءِ وَ عَلَيْهِ ثِيَابُ الصَّيْفِ وَ خَرَجَ عَلَيْنَا فِي الصَّيْفِ وَ عَلَيْهِ ثِيَابُ الشِّتَآءِ قَالَ اَبُوْ لَيْلٰى هَلْ تَطِيْبُ وَ اَخَذَ بِيَدِ ابْنِهٖ عَبْدِالرَّحْمٰنِ فَاَتٰى عَلِيًّا فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ بَعَثَ اِلَيَّ وَ اَنَا اَرْمَدُ شَدِيْدَ الرَّمَدِ فَبَزَقَ فِيْ عَيْنَيَّ ثُمَّ قَالَ افْتَحْ عَيْنَيْكَ فَفَتَحْتُهُمَا فَمَا اشْتَكَيْتُهُمَا حَتَّى السَّاعَةِ وَ دَعَالِيْ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ فَمَا وَجَدْتُّ حَرًّا وَّلَا بَرْدًا حَتّٰى يَوْمِيْ هٰذَا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۰

۱؎ محمد بن یحییٰ: محمد بن یحییٰ بن ایوب بن ابراہیم الثقفی کی کنیت ابو یحییٰ المروزی ہے۔ القصری ہے المعلم، ثقہ اور حافظ ہے طبقہ العاشرہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۳)

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**ترجمہ** ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ بے شک جناب علی المرتضیٰ (علیہ السلام) بہت ہی سخت گرمی میں ہم پر تشریف لائے اس حال میں کہ آپ علیہ السلام سردی کے کپڑے پہنے ہوئے تھے، اور سردی میں ہم پر تشریف لائے اس حال میں کہ آپ علیہ السلام گرمی کے کپڑے پہنے ہوئے تھے پھر پانی مانگا، پھر اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھا۔ پس جب عبدالرحمن اپنے والد کیطرف واپس لوٹ کر آیا تو اس نے کہا کہ اے ابا جان آپ بتایئے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے یہ کیا کیا ہے کہ سردی میں ہم پر تشریف لائے درآنحالیکہ گرمی کا لباس پہنے ہوئے تھے اور گرمی میں ہم پر تشریف لائے درآنحالیکہ سردی کا لباس پہنے ہوئے تھے۔ ابو لیلیٰ نے کہا کہ تو دل لگی کرتا ہے اور اپنے بیٹے عبدالرحمن کا ہاتھ پکڑ کر جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے پاس لے آیا، تو جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام نے اسے فرمایا، یہ کہ جناب حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی شخص کو میرے پاس بھیجا (یعنی مجھے بلایا) اور اس وقت میری آنکھیں بہت ہی سخت دکھ رہی تھیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن میری آنکھوں پر لگایا پھر ارشاد فرمایا اپنی آنکھیں کھول دے۔ پس میں نے آنکھیں کھولیں تو اس وقت مجھے آنکھوں کی تکلیف نہیں ہوئی اور میرے لئے دعا فرمائی۔ سو فرمایا اے میرے اللہ! اس (علی علیہ السلام) کو گرمی کی حرارت اور سردی کی ٹھنڈک سے محفوظ رکھ۔ پس اس کے بعد آج تک نہ تو مجھے گرمی لگتی ہے اور نہ سردی۔

**حل لغت** حَرٌّ: گرمی۔ ثِیَابٌ: کپڑے۔ اَلشِّتَآءُ: سردی۔ اَلرَّمَدِ: آنکھ دکھنا، آشوب چشم والا۔
بَزَقَ: تھوکنا، لعاب دہن لگانا۔

**تشریح** ارشاد ہے "آپ علیہ السلام نے سردی کے کپڑے پہنے ہوئے تھے" یعنی انتہائی گرمی میں بہت ہی گرم لباس زیب تن فرمائے ہوئے تھے۔ ارشاد ہے "آپ علیہ السلام گرمی کے کپڑے پہنے ہوئے تھے" یعنی سردی میں نہایت ہلکے پھلکے کپڑے پہنے ہوئے تھے" ارشاد ہے "اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھا" یعنی انتہائی سردی میں آپ علیہ السلام کی پیشانی مبارک سے پسینہ نچڑ رہا تھا۔ ارشاد ہے "اپنے بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کے پاس لے آیا" یعنی وہ سارا واقعہ جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کے متعلق جو اس کے بیٹے نے کہا تھا آپ علیہ السلام کی خدمت میں عرض کر دیا۔ ارشاد ہے "میری آنکھیں بہت ہی سخت دکھ رہی تھیں" یعنی یہ جنگِ خیبر کا واقعہ ہے۔ جس کی تفصیل گذشتہ صفحات میں پیش

بقیہ حواشی ۲: ہاشم بن مخلد الثقفی: ہاشم بن مخلد بن ابراہیم الثقفی المروزی ہے، الہز ار ہے، صدوق ہے اور طبقہ الثامنہ سے ہے۔ (التقریب صفحہ ۳۶۲)
۳: ایوب بن ابراہیم: ایوب بن ابراہیم الثقفی کی کنیت ابو یحییٰ ہے اور عبدویہ لقب ہے صدوق ہے طبقہ العاشرہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۴۰)
۴: ابراہیم الصائغ: ابراہیم بن میمون الصائغ المروزی ہے، صدوق ہے، طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۳۱ ہجری میں قتل ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۴)
۵: ابی اسحاق (السبیعی): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴
۶: عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳:۶



Marfat.com

کی جا چکی ہے۔ ارشاد ہے ''مجھے آنکھوں کی تکلیف نہیں ہوئی''یعنی آپ ﷺ کے لعابِ دہن کی بدولت مجھے ایسی شفاء ہوئی کہ ایک تو فوراً آرام ہو گیا اور دوسرا پھر آنکھوں کا درد ہی نہیں ہوا۔ ارشاد ہے ''اس کے بعد آج تک نہ تو مجھے گرمی لگتی ہے اور نہ سردی''یعنی حضور ﷺ کی دعا کی برکت ہے کہ نہ تو مجھے گرمی ستاتی ہے اور نہ لگتی ہے اور نہ ہی سردی۔ یہ خصوصیت کسی اور کیلئے نہیں جو کہ جناب امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کی ہے۔



Marfat.com

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ط

# ذِکْرُ مَا خُفِّفَ بِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

## ”اس باب میں اس بات کا ذکر ہے کہ جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے طفیل اس اُمت پر تخفیف کی گئی“

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱۵۱/۱** اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ ۱ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمُ ۲ الْجَرْمِیُّ عَنْ سُفْیَانَ ۳ عَنْ عُثْمَانَ ۴ وَهُوَ ابْنُ الْمُغِیْرَةِ عَنْ سَالِمٍ ۵ عَنْ عَلِیِّ ۶ ابْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَلِیٍّ ۷ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰكُمْ صَدَقَةً قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ مُرْهُمْ اَنْ یَّتَصَدَّقُوْا قَالَ بِكَمْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ بِدِیْنَارٍ قَالَ لَا یُطِیْقُوْنَ قَالَ فَنِصْفُ دِیْنَارٍ قَالَ لَا یُطِیْقُوْنَ قَالَ فَبِكَمْ قَالَ بِشَعِیْرَةٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّكَ لَزَهِیْدٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰكُمْ صَدَقٰتٍ وَ كَانَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ یَقُوْلُ بِیْ خُفِّفَ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۱

۱: محمد بن عبداللہ بن عمار: محمد بن عبداللہ بن عمار الخزاعی کی کنیت ابوجعفر ہے۔ آپ موصل میں رہائش پذیر رہے۔ ثقہ، حافظ اور طبقہ العاشرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ۲۴۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۵)

۲: قاسم الجرمی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۹:۲

۳: سفیان (الثوری): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۷:۳

۴: عثمان بن مغیرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۵:۴

۵: سالم: سالم بن ابی الجعد رافع الغطفانی الاشجعی الکوفی ہے۔ ثقہ ہے وکان یرسل کثیرا طبقۃ الثالثۃ سے ہے۔ ۹۷ ہجری یا ۹۸ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۱۴)

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

ترجمہ جناب علی المرتضیٰ ﷺ سے روایت ہے کہ جس وقت یہ آیۂ کریمہ اُتری "اے ایمان والو! جب تم حضرت رسول اللہ ﷺ سے کوئی بات آہستہ کرنا چاہو تو اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دے لو" آنحضرت ﷺ نے (جناب) علی (المرتضیٰ ﷺ) کو فرمایا کہ ان کو امر کرو کہ صدقہ دیں۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کس قدر؟ ارشاد فرمایا کہ ایک دینار۔ عرض کیا کہ جناب! اس کی طاقت نہیں رکھتے۔ ارشاد فرمایا کہ آدھا دینار۔ عرض کیا کہ جناب اس کی بھی طاقت نہیں رکھتے۔ ارشاد فرمایا پھر کس قدر۔ عرض کیا جناب! ایک جو بھر سونا۔ جناب حضرت رسول کریم رحمت للعالمین ﷺ نے انہیں ارشاد فرمایا، بے شک تو بہت بے رغبتی کرنے والا ہے، تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم اتارا "کیا تم اس سے ڈرے کہ تم اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دو" اور جناب علی المرتضیٰ ﷺ فرماتے تھے کہ میری طفیل اس امت پر یہ تخفیف کی گئی ہے۔

حل لغت | اَلزَّهِيْدُ : کم، حقیر، تنگ خو، آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔

تشریح | ارشاد ہے "ان کو امر کرو کہ صدقہ دیں" یعنی جب سرگوشی کرنا چاہیں تو اس سے پہلے کچھ نہ کچھ ضرور صدقہ خیرات کریں۔ ارشاد ہے "یا رسول اللہ ﷺ کس قدر؟" یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ ﷺ نے دریافت کیا کہ صدقہ کی مقدار کتنی ہو۔ ارشاد ہے "ایک جو بھر سونا" یعنی معاف فرما دیجئے کیونکہ ایک جو بھر سونا بہت ہی کم مقدار ہے جو کہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ ارشاد ہے "تو بہت بے رغبتی کرنے والا ہے" یعنی اے علی المرتضیٰ ﷺ تجھ پر تو آخرت کی محبت اتنی غالب ہے کہ تو اس دنیا کی ہوس اور مال و دولت کے حصول سے قطعاً منہ موڑ چکا ہے اور بے رغبت ہے۔ ارشاد ہے "کیا تم اس سے ڈرے کہ تم اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقے دو" یعنی تم اپنی ناداری اور مفلسی کی وجہ سے ڈر گئے کہ اب تمہیں پیغمبر اسلام ﷺ کے حضور میں باریابی کا موقع نہ ملے گا اور اپنے مسائل حضرت رسول کریم ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں پوشیدہ طور پر بیان کرنے کا وقت نہ ملے گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم موقوف فرما دیا۔ ارشاد ہے "اور جناب علی المرتضیٰ ﷺ فرماتے تھے کہ میری طفیل اس اُمت پر یہ تخفیف کی گئی ہے" یعنی حضور انور ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں میری بار بار گذارش کرنے سے یہ حکم موقوف ہوا۔ صاحب "روح المعانی" اپنی تفسیر کی جلد ۲۸ صفحہ ۲۸ مطبوعہ ایران، اس آیۂ کریمہ کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں

بقیہ حواشی: ٦: علی بن علقمہ: علی بن علقمہ الانماری الکوفی مقبول ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۷) یہ حضرت علی ﷺ اور ابن مسعود ﷺ سے روایت کرتا ہے اور اس سے سالم بن ابی الجعد روایت کرتا ہے۔ امام بخاری نے کہا "فیہ نظر" ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ عقیلی اور ابن جارود نے اسے تبعا للبخاری علی العادۃ ضعفاء میں ذکر کیا ہے۔ (تہذیب التہذیب، جلد ۷ صفحہ ۳۶۵)

٧: علی المرتضیٰ ﷺ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:٦

''اَخْرَجَ الْحَاكِمُ وَ صَحَّحَهُ ابْنُ الْمُنْذِرِ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَ غَيْرُ هُمْ عنه كرم الله وجهه انه قال ان فی كتاب الله لايه ما عمل بها احد قبلی و لا يعمل بها احد بعدی اية النجوی يا ايها الذين امنوا اذا نا جيتم الرسول كان عندی دينار فبعته بعشرة دراهم فكنت كلمانا جيت النبی صلى الله عليه واله وسلم قدمت بين يدی نجوا ی درهما ثم نسخت فلم يعمل بها احد فنزلت ااشفقتم الاية''

یعنی ابن المنذ راور عبد بن حمید وغیر ہم نے جناب علی المرتضی ﷺ سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ایک ایسی آیہ کریمہ ہے (کہ اس کے نازل ہونے پر) مجھ سے پہلے کسی نے عمل نہیں کیا اور نہ ہی میرے بعد اس پر کوئی عمل کرے گا۔ وہ آیہ کریمہ آیت ''النجویٰ'' ہے۔ یعنی اے ایمان والو! جب تم حضرت رسول اللہ ﷺ سے کوئی بات آہستہ عرض کرنا چاہو--الخ۔ جب یہ آیت اتری تو اس وقت میرے پاس ایک دینار تھا میں نے اسے تڑوایا تو دس درہم ملے۔ پھر ایک ایک سرگوشی پر ایک ایک درہم صدقہ کیا۔ تو یہ آیہ کریمہ ڈرے تم--الخ، اتری تو یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ گویا میرے بعد کسی نے بھی اس آیت پر عمل نہیں کیا'' (اخرج الحاکم و صححه) اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کے طفیل اس عزت سے جناب سیدنا علی المرتضی ﷺ کو ہی سرفراز فرمایا کہ قرآن حکیم کی اس آیہ مبارکہ پر کسی اور صحابی کو عمل کرنے کا موقع نصیب نہیں ہوا۔ ابن مردویہ، جناب عبداللہ بن عمر ﷺ سے تخریج فرماتے ہیں کہ ابن عمر ﷺ فرماتے ہیں کہ جناب علی المرتضیٰ (ﷺ) میں تین باتیں ایسی تھیں کہ اگر ان میں سے ایک بھی مجھے حاصل ہوتی تو مجھے سرخ پشم والے اونٹ سے بھی زیادہ محبوب ہوتی۔ ''تزويجه فاطمة واعطا الرأية و اية النجوی '' جناب سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا سے ان کا نکاح ہونا، اور (خیبر کے موقع پر) ان کو علم دیا جانا اور آیتِ نجویٰ کے ساتھ ان کا عمل کرنا''



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ اَشْقَى النَّاسِ

## "اس باب میں اس ارشادِ گرامی کا ذکر ہے کہ
## آیا میں تمہیں سب سے زیادہ بد بخت شخص کے متعلق نہ بتاؤں"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**تشریح** یعنی وہ آدمی سب سے بڑھ کر بد بخت آدمی ہے جو کہ سیدنا امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کو شہید کرے گا۔

**حدیث نمبر ۱/۱۵۲** اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ ۱ بْنُ وَهْبِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَمَاکٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۲ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ ۳ عَنْ یَزِیْدَ ۴ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خُثَیْمٍ عَنْ مُحَمَّدِ ۵ بْنِ کَعْبٍ الْقُرْظِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ ۶ بْنِ خُثَیْمٍ عَنْ عَمَّارِ ۷ بْنِ یَاسِرٍ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ کُنْتُ اَنَا وَعَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَفِیْقَیْنِ فِیْ غَزْوَةٍ فَلَمَّا نَزَلَهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ اَقَامَ بِهَا رَاَیْنَا اُنَاسًا مِنْ بَنِیْ مُدْلَجٍ یَعْمَلُوْنَ فِیْ عَیْنٍ لَّهُمْ اَوْفِیْ نَخْلٍ لَّهُمْ فَقَالَ لِیْ عَلِیٌّ یَا اَبَا یَقْظَانَ هَلْ لَّکَ اَنْ تَاْتِیَ هٰؤُلَاءِ فَتَنْظُرَ کَیْفَ یَعْمَلُوْنَ قَالَ قُلْتُ اِنْ شِئْتَ فَجِئْنَاهُمْ فَنَظَرْنَا اِلٰی عَمَلِهِمْ سَاعَةً ثُمَّ غَشِیَنَا النَّوْمُ فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَ عَلِیٌّ حتی اضْطَجَعْنَا فِیْ ظِلِّ سُوْرٍ مِنَ النَّخْلَةِ فِیْ دَقْعَاتٍ مِنَ التُّرَابِ فَنِمْنَا فَوَاللهِ مَا انْتَبَهْنَا اِلَّا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یُحَرِّکُنَا بِرِجْلِهٖ فَقَدْ تَرَّبْنَا مِنْ تِلْکَ الدَّقْعَاتِ الَّتِیْ نِمْنَا عَلَیْهَا فَیَوْمَئِذٍ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ یَا اَبَا تُرَابٍ لَمَّا یَرٰی مِمَّا عَلَیْهِ مِنَ التُّرَابِ ثُمَّ قَالَ اَلَا اُحَدِّثُکُمْ بِاَشْقَی النَّاسِ قُلْنَا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اُحَیْمِرُ ثَمُوْدَ الَّذِیْ عَقَرَ النَّاقَةَ وَ الَّذِیْ یَضْرِبُکَ یَا عَلِیُّ عَلٰی هٰذِهٖ وَ وَضَعَ یَدَهٗ عَلٰی صَرْبَةٍ حَتّٰی تَبُلَّ مِنْهَا هٰذِهٖ وَ اَخَذَ بِلِحْیَتِهٖ

**ترجمہ** عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں اور علی ابن ابی طالب ایک جہاد میں ہم سفر تھے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مقام پر اُترے اور ٹھہرے (وہاں پر) ہم نے بنی مدلج کے لوگوں کو دیکھا۔ وہ اپنی نہر یا کھجوروں

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۲، ۱، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)

(کے باغ) میں کام کر رہے تھے۔تو (جناب) علی المرتضیٰ (رضی اللہ عنہ) نے مجھے فرمایا کہ اے ابا یقظان، کیا تیری مرضی ہے کہ ان لوگوں کے پاس جا کر تو دیکھے کہ یہ کس طرح کھیتی باڑی کرتے ہیں؟ تو میں نے کہا اگر آپ کی خواہش ہے تو ہم جا کر ان کے کھیتی باڑی کرنے کو دیکھیں۔پس ہم نے کچھ دیر ان کی کارکردگی کو دیکھا۔پھر ہم پر نیند کا غلبہ ہوا، تو میں اور علی المرتضیٰ (علیہ السلام) وہاں سے چلے یہاں تک کہ ہم مٹی کے ڈھیلوں میں لیٹ گئے جو کہ کھجور کی دیوار کے سائے میں پڑے ہوئے تھے، پس ہم دونوں سو گئے۔پس قسم ہے اللہ تعالیٰ کی! کہ حضور رسول کریم ﷺ کے سوا کسی نے ہم دونوں کو نہیں جگایا۔ہمیں حضور ﷺ اپنے پاؤں مبارک سے حرکت دے رہے تھے۔(جس کی وجہ سے ہم نیند سے بیدار ہو گئے) پس تحقیق ان ڈھیلوں سے جن پر ہم سوئے ہوئے تھے ہمارا تمام جسم مٹی سے اٹ گیا تھا۔تو اس دن حضرت رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ (علیہ السلام) کو فرمایا اے مٹی کے باپ! جب ان پر مٹی ملاحظہ فرمائی۔تو ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں بدبخت انسانوں میں سب سے زیادہ بدبخت کی خبر نہ دوں؟ ہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ضرور بتایئے۔فرمایا قوم ثمود کا سرخ وہ شخص جس نے اونٹنی کی کھچیں کاٹ دی تھیں اور وہ شخص علی (علیہ السلام) جو کہ تمہیں اس مقام پر مارے گا، اور مارنے کے مقام پر ہاتھ رکھا یہاں تک کہ تر بتر ہو گی اس کے مارنے سے اور آپ کی ڈاڑھی مبارک پکڑی۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۲

۱: محمد بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۳

۲: محمد بن سلمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۴:۳

۳: ابن اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۴:۴

۴: یزید بن محمد: یزید بن محمد بن خثیم مقبول ہے۔طبقہ السادسہ سے ہے (التقریب، صفحہ ۳۸۴) یہ محمد بن کعب القرظی سے روایت کرتا ہے اور وہ محمد بن خثیم سے روایت کرتا ہے وہ عمار سے روایت کرتا ہے اور اس (یزید) سے محمد بن اسحاق روایت کرتا ہے عثمان دارمی نے ابن معین سے روایت کی ہے ''لیس به باس'' بخاری نے کہا ''لا یعرف سماع بعضهم من بعض'' ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے (تہذیب التہذیب، ج ۱۱ ص ۳۵۷)

۵: محمد بن کعب القرظی: محمد بن کعب بن سلیم بن اسد القرظی المدنی ہے ابو حمزہ اس کی کنیت ہے۔پہلے کوفہ میں رہتا تھا پھر مدینہ آیا ثقہ، عالم اور طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۲۰ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب، صفحہ ۳۱۶)

۶: محمد بن خثیم: اس کی کنیت ابو یزید المحاربی ہے۔مقبول ہے ولد علی عهد النبی صلی اللہ علیه و اله و سلم طبقہ الثانیہ سے ہے۔(التقریب، صفحہ ۲۹۶)

۷: عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ: عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بن عامر بن مالک العنسی ہے ابو الیقظان کنیت ہے۔بنی مخزوم کا مولیٰ ہے، صحابی جلیل ہے، مشہور ہے السابقین الاولین سے ہے، بدری ہے حضرت علی المرتضیٰ (علیہ السلام) کے ہمراہ رہا اور ۳۷ ہجری میں صفین میں شہید ہوا۔(التقریب، صفحہ ۲۵۰)



Marfat.com

**حل لغت** | غَشْیٌ، اور غُشْیٌ اور غَشَیَانٌ: بے ہوش ہونا، غالب ہونا غشی کا۔ اِضْطَجَعْنَا: ہم لیٹ گئے۔ ظِلٌّ: سایہ۔ سُوْرٌ: دیوار۔ دَقْعَات: ڈھیلے، خاک نشین ہونا۔ نَوْمٌ: سونا، نیند کرنا۔ تَرَّبْنَا: ہم خاک آلود ہو گئے، مٹی سے اَٹ گئے۔

**تشریح** | ارشاد ہے "ہم نے بنی مدلج کے لوگوں کو دیکھا" یعنی حضور نبی کریم ﷺ نے جس مقام پر نزول اجلال فرمایا وہ بنی مدلج قبیلہ کے دیہات تھے۔ ارشاد ہے "وہ اپنی نہر یا کھجوروں (کے باغ) میں کام کر رہے تھے" یعنی اپنے باغات کو پانی دے رہے تھے یا باغات میں زمینداری میں مصروف تھے، اپنے کام کاج کر رہے تھے۔ ارشاد ہے "اے ابا یقظان" یعنی ابا یقظان جناب عمار بن یاسر ؓ کی کنیت ہے۔ ارشاد ہے "حضرت رسول کریم ﷺ نے جناب علی المرتضیٰ (کرم اللہ وجہہ الکریم) کو فرمایا اے مٹی کے باپ" یعنی حضور ﷺ کے اس ارشادِ گرامی کی وجہ سے آپ ؓ کی کنیت "ابوتراب" مشہور ہوگئی۔ ارشاد ہے "قوم ثمود کا سرخ وہ شخص جس نے اونٹنی کی کھچیں کاٹ دی تھیں" یعنی بدبخت انسانوں میں قوم ثمود کا وہ سرخ بدبخت انسان تھا جس نے جناب صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کھچیں کاٹ دی تھیں۔ ارشاد ہے "یہاں تک کہ تربتر ہوگی اس کے مارنے سے اور آپ کی ڈاڑھی مبارک پکڑی" یعنی جناب سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو مخاطب کر ارشاد فرمایا اے علی کرم اللہ وجہہ الکریم وہ شخص انتہائی بدبخت ہے، جو تجھے مارے گا اور تیری ڈاڑھی خون سے تربتر ہو جائے گی اور مارنے کا مقام اپنے دست مبارک سے بتایا۔ اس ارشاد گرامی سے دو امور روزِ روشن کی طرح ثابت ہو رہے ہیں۔ ایک تو حضور سرورِ عالم و عالمیان ﷺ کا غیب کی خبر دینا، اور ایسی غیب کی خبر دینا جو کہ تقریباً تیس یا پینتیس سال بعد وقوع پذیر ہو رہی ہے اور دوسرا جناب سیدنا امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادت۔ کتنا بدبخت ترین تھا وہ شخص جس نے جناب امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو شہید کیا۔

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِکۡرُ اَحۡدَثِ النَّاسِ عَھۡدًا بِرَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

## "اس باب میں اس بات کا ذکر ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے اخیر وقت میں کس شخص نے بات چیت کی"

(اس باب میں دو احادیث شریف ہیں)

**تشریح** یعنی آنحضرت ﷺ کے وصال فرمانے سے پہلے کون صاحب تھے جن سے حضور ﷺ نے گفتگو فرمائی تھی۔

**حدیث نمبر ۱/۱۵۳** اَنۡبَأَنَا اَبُو الۡحَسَنِ [۱] عَلِیُّ بۡنُ حَجۡرِ الۡمَرۡوَزِیُّ قَالَ اَنۡبَأَنَا جَرِیۡرٌ [۲] عَنِ الۡمُغِیۡرَۃِ [۳] عَنۡ اُمِّ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اُمِّ سَلَمَۃَ [۴] رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا قَالَتۡ اِنَّ اَحۡدَثَ النَّاسِ عَھۡدًا بِرَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ

**ترجمہ** اُمُّ المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ بے شک آنحضور ﷺ نے آخری وقت جس سے گفتگو فرمائی وہ (جناب) علی (المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) تھے۔

**تشریح** ارشاد ہے "وہ (جناب) علی (المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) تھے" یعنی یہ شرافت اور عزت افزائی بھی جناب سیدنا علی

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۳

۱۔ ابوالحسن بن علی بن حجر: علی بن حجر بن ایاس السعدی المروزی نے بغداد میں قیام کیا۔ پھر مرو چلا گیا۔ ثقہ، حافظ اور طبقہ التاسعہ کے صغار سے ہے ۲۴۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۴)

۲۔ جریر (بن الحمید): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۱۹

۳۔ المغیرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۱۶

۴۔ ام المؤمنین ام سلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۲۸



Marfat.com

المرتضٰی ﷺ کو ہی نصیب ہوئی کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء والمرسلین جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے رفیق اعلیٰ سے وصال فرمانے کے وقت آخری گفتگو آپ ﷺ نے ہی فرمائی۔

**حدیث نمبر ۲/۱۵۴** | اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ ١ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ ٢ عَنِ الْمُغِيْرَةِ ٣ عَنْ اُمِّ مُوْسٰی ۴ قَالَتْ قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ ۵ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا وَالَّذِیْ يَحْلِفُ بِهٖ اُمُّ سَلَمَةَ اَنَّ اَقْرَبَ النَّاسِ عَهْدًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ قَالَتْ لَمَّا كَانَ غُدْوَةِ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَكَانَ اُرٰی فِیْ حَاجَةٍ اَظُنُّهٗ بَعَثَهٗ فَجَعَلَ يَقُوْلُ جَآءَ عَلِیٌّ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَجَآءَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ فَلَمَّا جَآءَ عَرَفْنَا اَنَّ لَهٗ اِلَيْهِ حَاجَةً فَخَرَجْنَا مِنَ الْبَيْتِ وَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ فِیْ بَيْتِ عَآئِشَةَ فَكُنْتُ فِیْ اٰخِرِ مِنْ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ ثُمَّ جَلَسْتُ اَدْنَاهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ الْبَابِ فَاَكَبَّ عَلِیٌّ فَكَانَ اٰخِرُ النَّاسِ بِهٖ عَهْدًا فَجَعَلَ يُسَارُّهٗ وَ يُنَاجِيْهِ

**ترجمہ** | ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ قسم ہے اس ذات کی جس کی اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قسم کھائی کہ حضور رسول کریم ﷺ کے وصال کے وقت جس نے آپ ﷺ سے گفتگو فرمائی وہ علی المرتضٰی (ﷺ) تھے۔ فرماتی ہیں کہ جب وہ صبح ہوئی کہ جس میں حضرت رسول کریم ﷺ نے وصال فرمایا تو آنحضرت ﷺ نے کسی کو جناب علی المرتضٰی (ﷺ) کی طرف بھیجا اور وہ مصروف نظر آئے اور میں خیال کرتی ہوں کہ حضور ﷺ نے ان کو

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۴

١: محمد قدامہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۱۱۶

۲: جریر (بن عبدالحمید): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۱۹

۳: المغیرہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۱۶

۴: ام موسیٰ: اس کا نام فاختہ ہے۔ اور حبیبہ بھی کہا گیا یہ سریہ علی ﷺ ہے۔ مقبول ہے اور طبقۃ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۴۷۷) العجلی نے کہا ''کوفیة تابعیة، ثقة'' دارقطنی نے کہا ''حدثیهم مستقیم یخرج حدیثها اعتبارا'' ذہبی نے کہا ''تفرد عنها مغیرة بن مقسم'' (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المؤمنین علی بن ابی طالب ﷺ، صفحہ ۱۶۵)

۵: ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۲۸



Marfat.com

کسی کام کیلئے بھیجا تھا۔تو تین بار آنجناب ﷺ نے دریافت فرمایا کہ علی آیا ہے؟ پس سورج نکلنے سے پہلے علی (المرتضیٰ علیہ السلام) آئے۔جب وہ آئے تو ہم سمجھ گئے کہ حضور ﷺ کا ان سے کوئی کام ہے لہٰذا ہم سب گھر سے باہر چلے گئے اور ہم اس دن حضور ﷺ کی خدمت میں اُم المومنین عائشہ (صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے گھر میں تھیں۔تو میں آخری تھی جو اس وقت اس گھر سے باہر آنے والی تھی۔پھر میں سب سے نزدیک دروازہ کے قریب بیٹھی۔پس علی المرتضیٰ (علیہ السلام) آنحضور ﷺ پر جھکے۔پس حضور ﷺ کے ساتھ تمام لوگوں سے آخری گفتگو کرنے والے آپ ﷺ ہی تھے۔تو آپ نے ان سے خفیہ بات چیت کی اور سرگوشی کی۔

**تشریح** ارشاد ہے''پس حضور ﷺ کے ساتھ تمام لوگوں سے آخری گفتگو کرنے والے آپ ﷺ ہی تھے''یعنی ابوالطفیل فرماتے ہیں کہ''شوریٰ کے دن میں دروازہ پر تھا پس لوگوں میں شور برپا ہوا۔میں نے جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جناب ابوبکر ﷺ سے بیعت کی۔حالانکہ واللہ! امر خلافت میں میں ان سے اولیٰ اور احق تھا۔پس میں نے سنا اور تسلیم کیا کہ مبادا لوگ کافر نہ ہو جائیں۔کیا تم میں کوئی ایسا ہے جو سب کے بعد جناب رسول اللہ ﷺ سے جدا ہوا ہو۔جس وقت کہ اس نے حضرت ﷺ کو قبر میں رکھا ہو سوائے میرے۔

''اخرجه العقیلی''



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ تُقَاتِلُ عَلٰى تَاوِيْلِ الْقُرْاٰنِ كَمَا قَاتَلْتُ عَلٰى تَنْزِيْلِهٖ

"اس باب میں حضور نبی کریم ﷺ کے جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق اس ارشادگرامی کا ذکر ہے کہ تو قرآن کی تاویل پر جہاد کرے گا جس طرح کہ میں قرآن کے اترنے پر لڑا"

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱۵۵/۱** اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ ۲ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَ مُحَمَّدُ ۳ بْنُ قُدَامَةَ وَاللَّفْظُ لَهٗ عَنْ جَرِيْرٍ ۴ عَنِ الْاَعْمَشِ ۵ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ ۶ بْنِ رِجَآءٍ عَنْ اَبِيْهِ ۷ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ ۸ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا نَنْتَظِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ اِلَيْنَا قَدِ انْقَطَعَ شِسْعِ نَعْلِهٖ فَرَمٰى بِهَا اِلٰى عَلِيٍّ فَقَالَ اِنَّ مِنْكُمْ مَنْ يُّقَاتِلُ عَلٰى تَاوِيْلِ الْقُرْاٰنِ كَمَا قَاتَلْتُ عَلٰى تَنْزِيْلِهٖ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا فَقَالَ لَا فَقَالَ عُمَرُ اَنَا فَقَالَ لَا وَلٰكِنْ خَاصِفُ النَّعْلِ

**ترجمہ** ابوسعید خدری سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت رسول اللہ ﷺ کا بیٹھے ہوئے انتظار کر رہے تھے کہ آنحضرت ﷺ ہم پر تشریف لے آئے، تحقیق (اس وقت) آپ ﷺ کے جوتا (مبارکہ) کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا۔ پس وہ جوتا (جناب) علی (المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) کی طرف پھینک دیا۔ پس ارشاد فرمایا بے شک تم میں وہ شخص ہے جو قرآن کی تاویل پر لڑے گا جس طرح میں قرآن کے اترنے پر لڑا۔ (اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۵، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

تو (جناب) ابوبکر (صدیق ﷛) نے عرض کیا کہ کیا وہ میں ہوں؟ تو فرمایا کہ نہیں۔ پھر (جناب) عمر (فاروق ﷛) نے عرض کیا کہ وہ میں ہوں۔ تو فرمایا نہیں، اور لیکن وہ جوتا ٹانکنے والا ہے۔

**حل لغت** شِسْعًا: جوتا کا تسمہ ٹوٹ جانا۔ رَمٰی: پھینک دیا، رَمْیٌ پھینکنا، مصدر ہے۔ تَاْوِیْلٌ: جب بلا دلیل تاویل کی جائے تو تحریف ہے اور کبھی تاویل ایک بات کی حقیقت ظاہر کرنے کو بھی کہتے ہیں اور کبھی تاویل تفسیر کو بھی کہتے ہیں۔ خَصْفٌ: سینا، ٹانکنا، جمانا۔

**تشریح** ارشاد ہے "وہ جوتا (جناب) علی (المرتضٰی) کی طرف پھینک دیا" یعنی تا کہ آپ ﷛ اس کو ٹانک دیں اور بنا کر درست کر دیں۔ آنحضور ﷺ کے جوتا (مبارکہ) کی مرمت آپ ﷛ ہی فرمایا کرتے تھے۔ اسی لئے آپ ؑ کا لقب ہی "خاصف النعل" تھا یعنی نبی کریم ﷺ کا جوتا ٹانکنے والا۔ ارشاد ہے "جو قرآن کی تاویل پر لڑے گا" یعنی تاویل کے کئی معنی ہیں۔ یہاں اور مشہور یہ ہے کہ تاویل کہتے ہیں ظاہری معنی کو چھوڑ کر کسی دلیل کی وجہ سے دوسرے معنی اختیار کرنے کو، اگر وہ دلیل نہ ہوتی تو ظاہری معنی کو ضرور لیا جاتا۔ اور بلا دلیل جو تاویل کی جائے وہ تاویل نہیں "تحریف" ہے اور یہاں پر حدیث شریف میں جو لفظ "تاویل" آیا ہے اور اس سے مراد تحریف ہے۔ اس لئے حضرت امیر المومنین سیدنا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم ان لوگوں سے لڑے جو تحریف کرتے تھے۔ جناب سیدنا امیر المومنین علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ارشاد ہے "ما من اية الا و علمتني تاويلها" قرآن کریم کی کوئی آیت ایسی نہیں جس کی تفسیر آنحضرت ﷺ نے مجھ کو نہ سکھلائی ہو۔

اسنادہ حسن (البلوشی صفحہ نمبر ۱۶۶)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: اسحاق بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹:۱

۳: محمد بن قدامہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۶:۲

۴: جریر (بن عبد الحمید): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹:۲

۵: اعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۶: اسماعیل بن رجاء: اسماعیل بن رجاء ربیعہ الزبیدی کی کنیت ابو اسحاق الکوفی ہے۔ ثقہ ہے، تکلم فیه الازدی بلا حجة (الازدی نے بلا حجۃ اس میں گفتگو کی ہے) طبقہ الخامسہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۳)

۷: ابیہ: یہ رجاء بن ربیعہ الزبیدی ہے اس کی کنیت ابو اسماعیل الکوفی ہے۔ صدوق ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۰۲)

۸: ابی سعید الخدری ﷛: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

اس حدیث مبارک سے روزِ روشن کی طرح واضح ہوتا ہے کہ آنے والے واقعات جو کہ علمِ غیب سے تعلق رکھتے ہیں حضور ﷺ کے سامنے اس طرح عیاں تھے جیسے ہتھیلی پر رائی کا دانہ اور بقول ابن کثیر

''وَهٰذَا الْحَدِيْثُ عَلَمٌ مِنْ اَعْلَامِ النَّبُوَّةِ، وَ فِيْهِ مَنْقَبَةٌ عَظِيْمَةٌ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ اَرْضَاهُ حَيْثُ اَخْبَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقِتَالِ عَلِيٍّ لِلْخَوَارِجِ قَبْلَ وُقُوْعِهٖ''

یعنی یہ حدیث مبارکہ حضور ﷺ کی عظیم المرتبت نبوت کی عظیم نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے اور اس حدیث میں جناب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کی عظیم قدر و منزلت اور تعریف پائی جاتی ہے جیسا کہ خوارج کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام کے جہاد کرنے کی خبر دی گئی جبکہ ابھی یہ واقعہ وقوع پذیر نہیں ہوا تھا۔ (البلوشی صفحہ نمبر ۱۶۷)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

# اَلتَّرۡغِيۡبُ فِيۡ نَصۡرَةِ عَلِيٍّ

## ''اس باب میں جناب سیدنا امیر المومنین حضرت علی المرتضٰی علیہ السلام کی مدد کیلئے رغبت دلانے کا بیان ہے''

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۱۵۶** اَنۡبَاَنَا يُوۡسُفُ ۱ بۡنُ عِيۡسٰى قَالَ اَنۡبَاَنَا الۡفَضۡلُ ۲ بۡنُ مُوۡسٰى قَالَ حَدَّثَنَا الۡاَعۡمَشُ ۳ عَنۡ اَبِيۡ اِسۡحٰقَ ۴ عَنۡ سَعِيۡدِ ۵ بۡنِ وَهۡبٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنۡهُ فِي الرَّحۡبَةِ اَنۡشُدُ بِاللّٰهِ مَنۡ سَمِعَ رَسُوۡلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوۡمَ غَدِيۡرِ خُمٍّ اَللّٰهُ وَلِيِّيۡ وَ اَنَا وَلِيُّ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَ مَنۡ كُنۡتُ وَلِيَّهٗ فَهٰذَا وَلِيُّهٗ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنۡ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنۡ عَادَاهُ وَ انۡصُرۡ مَنۡ نَصَرَهٗ وَ اخۡذُلۡ مَنۡ خَذَلَهٗ قَالَ سَعِيۡدٌ فَقَامَ اِلٰى جَنۡبِيۡ سِتَّةٌ وَ قَالَ حَارِثَةُ بۡنُ مُضَرِّبٍ قَامَ مِنۡ عِنۡدِيۡ سِتَّةٌ وَ قَالَ زَيۡدُ بۡنُ يُثَيۡعٍ قَامَ عِنۡدِيۡ سِتَّةٌ وَ قَالَ عَمۡرُو ذِيۡ مُرِّيۡ اُحِبُّ مَنۡ اَحَبَّهٗ وَ اُبۡغِضُ مَنۡ اَبۡغَضَهٗ

**ترجمہ** سعید بن وہب سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب علی المرتضٰی علیہ السلام نے ایک کھلی جگہ پر ارشاد فرمایا۔ میں اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں اس شخص کو جس نے غدیر خم کے دن حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا، اللہ تعالیٰ میرا ولی ہے اور میں مومنوں کا ولی ہوں اور جس کا میں ولی ہوں تو یہ بھی اس کا ولی ہے، اے میرے اللہ! تو اس کو دوست رکھ جو اسے دوست رکھے اور اس سے دشمنی رکھ، جو اسے دشمن سمجھے اور اس کی مدد فرما، جو اس کی مدد کرے اور اس کو رسوا کر، جو اسے رسوا کرے۔ سعید نے فرمایا کہ میرے پہلو ہی سے چھ افراد کھڑے ہوئے۔ اور حارثہ بن مضرب نے فرمایا کہ میرے قریب سے بھی چھ افراد اٹھے اور زید بن یثیع نے کہا کہ میرے قریب سے چھ آدمی اٹھے اور عمرو ذی مری نے کہا کہ ''میں اس شخص سے محبت کرتا ہوں جو اس سے محبت کرے اور اس شخص کو دشمن سمجھتا ہوں جو اس کو دشمن سمجھے''

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱/۱۵۶ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**حل لغت** رَحْبَۃ: کوفہ کے ایک محلّہ کا نام ہے، کشادہ میدان۔ نَشْدٌ یانِشْدَۃٌ یانِشْدَانٌ: ڈھونڈھنا، پہنچوانا، پہچاننا، قسم دینا، یا اللہ کا نام یاد دِلا کر کوئی بات پوچھنا وغیرہ۔

**تشریح** ارشاد ہے ''میرے پہلو ہی سے چھ آدمی کھڑے ہوئے'' یعنی میرے قریب ہی سے چھ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اس حدیث کی شہادت دی کہ یہ اسی طرح ہے جس طرح آپ فرمار ہے ہیں۔ ارشاد ہے ''میں اس شخص سے محبت کرتا ہوں جو اس سے محبت کرے اور اس شخص کو دشمن سمجھتا ہوں جو اس کو دشمن سمجھے'' یعنی اس موقع پر عمرو ذی مری نے حضرت رسول کریم ﷺ کا یہ ارشاد گرامی بھی بیان فرمایا جو آپ نے جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حق میں ارشاد فرمایا تھا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۶

۱۔ یوسف بن عیسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۲:۲

۲۔ الفضل بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۰:۳

۳۔ اعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۴۔ ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۵۔ سعید بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۶:۵



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَمَّارٍ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

## ''اس باب میں حضرت نبی کریم ﷺ کے جناب عمار کیلئے اس ارشاد کا ذکر ہے کہ تجھ کو باغی گروہ قتل کرے گا''

(اس باب میں نو احادیث شریف ہیں)

**حدیث نمبر ۱/۱۵۷** اَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ۱ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدُرٌ ۲ عَنْ شُعْبَةَ ۳ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدً ۴ الْحَذَّاءَ يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيْدِ ۵ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ عَنْ اُمِّهٖ ۶ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ ۷ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمَّارٍ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ وَخَالَفَهٗ اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ وَ خَالِدٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمَّارٍ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

**ترجمہ** اُمّ المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے یہ کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا (جناب) عمار رضی اللہ عنہ کو کہ (اے عمار رضی اللہ عنہ) تجھے باغی گروہ شہید کرے گا۔ اور (غندر کی) ابوداؤد نے مخالفت کی۔ اور کہا حدیث بیان کی ہم سے شعبہ نے اس نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ایوب اور خالد نے وہ حسن سے روایت کرتے ہیں وہ اپنی ماں سے اور وہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتی ہیں یہ کہ ''رسول کریم ﷺ نے عمار رضی اللہ عنہ کو فرمایا تجھے ایک باغی گروہ شہید کرے گا''

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۷

۱: عبداللہ بن محمد: عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمن بن المسور بن مخرمہ الزہری البصری صدوق ہے۔ طبقہ العاشرہ کے صغار سے ہے۔ ۲۵۶ھ ہجری میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۱۸۸) نسائی نے کہا ثقہ ہے، دارقطنی نے کہا ''من الثقاۃ قلیل الخطاء'' (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ، صفحہ ۱۶۸) ۲: غندر (محمد بن جعفر): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳ (حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے "(اے عمارؓ) تجھے باغی گروہ شہید کرے گا"، یعنی مسلمانوں میں سے ہی ایک گروہ ایسا پیدا ہوگا جو اپنے امیر المومنین سے بغاوت کرے گا اس سے لڑے گا اور تو اس وقت امیر المومنین کے ساتھ ہو کر اس باغی گروہ پر جہاد میں شامل ہوگا۔ اور پھر ان باغیوں کے ہاتھوں سے شہید ہوگا، چنانچہ ایسے ہی ہوا۔ قال ابو عبد الرحمن و قد رواہ ابن عون عن الحسن. صحیح علی شرط مسلم (البلوشی صفحہ نمبر ۱۶۸)

**حدیث نمبر ۲/۱۵۸** اَنبَأَنَا حُمَیْدُ ۱ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ یَزِیْدَ ۲ وَهُوَ ابْنُ زُرَیعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ۳ عَنِ الْحَسَنِ ۴ عَنْ اُمِّهٖ ۵ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ ۶ قَالَتْ لَمَّا کَانَ یَوْمُ الْخَنْدَقِ وَهُوَ یُعْطِیْهِمُ اللَّبِنَ وَقَدِ اغْبَرَّ شَعْرَةُ صَدْرِهٖ قَالَتْ فَوَ اللّٰهِ مَا نَسِیْتُ وَهُوَ یَقُوْلُ

اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْخَیْرَ خَیْرُ الْاٰخِرَةِ — فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَ الْمُهَاجِرَةَ

قَالَتْ وَجَآءَ عَمَّارٌ فَقَالَ ابْنُ سُمَیَّةَ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِیَةُ

---

بقیہ حواشی: ۳: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳

۴: خالد الحذاء: یہ خالد بن مہران البصری ہے، اس کی کنیت ابو المنازل اور لقب الحذاء ہے، ثقہ یرسل اور طبقہ الخامسہ سے ہے ۱۴۲ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۹۰)

۵: سعید ابن ابی الحسن: سعید بن ابی الحسن البصری ہے، ثقہ ہے، یہ حسن بصری کا بھائی ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے، ۱۰۰ھ میں وفات پائی (التقریب صفحہ ۱۲۰)

۶: امہ: یہ سعید اور حسن بصری کی والدہ ماجدہ ہے۔ اس کا نام خیرہ ہے اور یہ حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی آزاد کردہ ہے مقبول ہے اور طبقہ الثانیہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۴۶۸) ابن حبان نے اس کا ذکر ثقات میں کیا ہے وقد احتج بها مسلم و هذا یعنی توثیقا لها منه (البلوشی، صفحہ ۱۶۸)

۷: ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۲۸

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۸

۱: حمید بن مسعدۃ: حمید بن مسعدۃ بن المبارک السامی الباہلی البصری صدوق ہے طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۴ ہجری میں وفات پائی (التقریب، صفحہ ۸۵) نسائی نے کہا ثقہ ہے ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالبؓ، صفحہ ۱۷۰)

۲: یزید بن زریع: یزید بن زریع البصری کی کنیت ابو معاویہ ہے۔ ثقہ، ثبت اور طبقہ الثامنہ سے ہے ۱۸۲ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۲)

۳: ابن عون: عبداللہ بن عون بن ارطبان کی کنیت ابو عون البصری ہے۔ ثقہ، ثبت اور فاضل ہے۔ من اقران ایوب فی العلم و العمل والسن طبقہ السادسہ سے ہے ۱۵۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۸۴)

۴: الحسن: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۱۴۳

۵: امہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۵۷ ۶: ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۲۸



Marfat.com

ترجمہ | ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جنگِ خندق کا دن ہوا اور پیغمبر اسلام ﷺ ان کو اینٹیں دیتے تھے اور حضرت رسول کریم ﷺ کے سینۂ اقدس کے بال گرد آلود ہو گئے تھے۔ فرماتی ہیں اللہ تعالیٰ کی قسم کہ مجھے نہیں بھولا اور آپ ﷺ ارشاد فرماتے تھے۔ اے میرے اللہ! بہتری تو آخرت کی ہی بہتری ہے لہٰذا انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرما۔ فرماتی ہیں اور عمار رضی اللہ عنہ آئے تو ارشاد فرمایا سمیہ کے بیٹے (عمار رضی اللہ عنہ) کو باغی گروہ شہید کرے گا۔

تشریح | ارشاد ہے "پیغمبر اسلام ﷺ ان کو اینٹیں دیتے تھے" یعنی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو حضور ﷺ اینٹیں دیتے تھے۔

اسناده صحيح، على شرط مسلم، رجاله ثقاة (البلوشی صفحہ ۱۷۰)

**حدیث نمبر ۳/۱۵۹** | اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ۲ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ ۳ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ۴ عَنِ الْحَسَنِ ۵ قَالَ قَالَتْ اُمُّ الْحَسَنِ ۶ قَالَتْ اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ اُمُّ سَلَمَةَ ۷ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا مَا نَسِيْتُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يُعْطِيْهِمُ اللَّبِنَ وَقَدِ اغْبَرَّ شَعْرُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ وَجَاءَ (عَمَّارٌ فَقَالَ) تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

ترجمہ | اُمُّ المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے۔ میں خندق کا دن نہیں بھولتی جس وقت کہ آنحضرت ﷺ ان کو اینٹیں دیتے تھے اور آپ ﷺ کے بال مبارک گرد آلود ہو گئے تھے اور فرماتے تھے۔ اے میرے اللہ! بہتری تو آخرت کی ہی بہتری ہے سو (اے میرے اللہ) انصار اور مہاجرین کو بخش دے اور (عمار رضی اللہ عنہ) آئے (تو ارشاد فرمایا) (اے عمار رضی اللہ عنہ) تجھے باغی گروہ شہید کرے گا۔

صحيح، رجاله رجال مسلم (البلوشی صفحہ ۱۷۰)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۹

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹: ۱ ۲: محمد بن عبد الاعلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۳: ۱

۳: خالد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۴: ۳ ۴: ابن عون (عبداللہ بن عون): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۸: ۳

۵: الحسن: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۳: ۴

۶: ام الحسن: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۷: ۶ ۷: ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۸: ۶



Marfat.com

**حدیث نمبر ۴/۱۶۰** اَنبَأَنَا اَحمَدُ ۱ بنُ شُعَیبٍ قَالَ اَخبَرَنَا اَحمَدُ ۲ بنُ عَبدِ اللہِ بنِ عَبدِالحَکِیمِ وَ مُحَمَّدُ ۳ بنُ الوَلِیدِ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۴ بنِ جَعفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعبَۃُ ۵ عَن خَالِدٍ ۶ عَن عِکرِمَۃَ ۷ عَن اَبِی سَعِیدٍ ۸ الخُدرِیِّ رَضِیَ اللہُ عَنہُ اَنَّ رَسُولَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمَّارٍ تَقتُلُکَ الفِئَۃُ البَاغِیَۃُ

**ترجمہ** ابی سعید خدری سے روایت ہے یہ کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے (جناب) عمارؓ کو فرمایا کہ تجھے باغی گروہ شہید کرے گا۔

صحیح، رجالہ اسنادہ ثقاۃ من رجال الشیخین (**البلوشی صفحہ ۱۷۰**)

**حدیث نمبر ۵/۱۶۱** اَنبَأَنَا اِسحَاقُ ۱ بنُ اِبرَاہِیمَ قَالَ اَنبَأَنَا النَّضرُ ۲ بنُ شُمَیلٍ عَن شُعبَۃَ ۳ عَن اَبِی سَلَمَۃَ ۴ عَن اَبِی نَضرَۃَ ۵ عَن اَبِی سَعِیدِ الخُدرِیِّ ۶ رَضِیَ اللہُ عَنہُ قَالَ حَدَّثَنِی مَن ھُوَ خَیرٌ مِنِّی اَبُو قَتَادَۃَ اَنَّ رَسُولَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمَّارٍ یَا ابنَ سُمَیَّۃَ وَ مَسَحَ الغُبَارَ عَن رَاسِہٖ لَعَلَّکَ تَقتُلُکَ الفِئَۃُ البَاغِیَۃُ

**ترجمہ** ابی سعید خدریؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے اس شخص نے روایت کی ہے جو مجھ سے اچھا ہے یعنی ابوقتادہ (سے روایت ہے) یہ کہ آنحضرت رسول اللہ ﷺ نے عمار کو فرمایا، اے سمیہ کے بیٹے! اور اس کے سر سے مٹی جھاڑتے تھے، یقیناً تجھے باغی گروہ شہید کرے گا۔

صحیح رجالہ ثقات، رجال الشیخین (**البلوشی صفحہ ۱۷۱**)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۰

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: احمد بن عبداللہ: احمد بن عبداللہ بن الحکم بن ابی فروہ الہاشمی کو ابن الکردی بھی کہتے ہیں۔ ابوالحسین البصری کنیت ہے، ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۴۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۳)

۳: محمد بن ولید: محمد بن ولید بن عبدالمجید القرشی البُسری البصری کا لقب حمدان اور کنیت ابا عبداللہ ہے ثقہ ہے۔ طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۵۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۲۲)

۴: محمد بن جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲ ۵: شعبہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳

۶: خالد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۷:۴ ۷: عکرمہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۴:۶

۸: ابی سعیدؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵ (اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۱، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

**حدیث نمبر۱۶۲/۶** اَنبَانَا اَحمَدُ ۱ بنُ سُلَیمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا یَزِیدُ ۲ قَالَ اَنبَانَا العَوَّامُ ۳ عَنِ الاَسوَدِ ۴ بنِ مَسعُودٍ عَن حَنظَلَةَ ۵ بنِ خُوَیلِدٍ قَالَ کُنتُ عِندَ مُعَاوِیَةَ فَاَتَاهُ رَجُلَانِ یَختَصِمَانِ فِی رَاسِ عَمَّارٍ یَقُولُ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنهُمَا اَنَا قَتَلتُهُ فَقَالَ عَبدُاللهِ بنُ عَمرٍو وَلیُطِب اَحَدُکُمَا نَفسًا لِصَاحِبِهٖ فَاِنِّی سَمِعتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُولُ تَقتُلُکَ الفِئَةُ البَاغِیَةُ

**ترجمہ** حنظلہ بن خویلد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں معاویہ کے پاس تھا کہ دو آدمی جناب عمار رضی اللہ عنہ کے سر کے بارے میں جھگڑتے ہوئے آئے ان میں سے ہر ایک یہ کہتا تھا کہ میں نے اس کو قتل کیا ہے تو عبداللہ بن عمرو نے فرمایا، البتہ تم میں سے ہر ایک اپنے اس صاحب کو قتل کرکے ازروئے نفس کے خوش ہوتا ہے۔ پس یقیناً میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ وہ ارشاد فرماتے تھے۔ کہ (اے عمار رضی اللہ عنہ) تجھے باغی گروہ شہید کرے گا۔

---

بقیہ حواشی: اسماء الرجال حدیث نمبر۱۶۱

۱: اسحاق بن ابراہیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۱۹

۲: النضر بن شمیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲:۲۲

۳: شعبۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۳:۱

۴: ابی مسلمۃ: اس کا نام سعید بن یزید بن سلمۃ الازدی ثم الطاحی اور ابومسلمۃ البصری کنیت ہے۔ القصیر ہے ثقہ ہے طبقہ الرابعۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ۱۲۷) روی عن انس و ابی نضرۃ ، ابی قلابۃ، الحسن بصری وغیرهم وعنه شعبة و ابراهیم بن طهان اور یزید بن زریع وغیرهم. (تہذیب التہذیب، جلد۴ صفحہ۱۰۰)

۵: ابی نضرۃ: اس کا نام منذر بن مالک بن قطعۃ البصری ہے اور ابونضرۃ کنیت ہے اور اپنی کنیت سے زیادہ مشہور ہے۔ ثقہ ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ ۱۰۸ھ، ۱۰۹ھ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ۳۴۷)

۶: ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۵:۱۲۹

اسماء الرجال حدیث نمبر۱۶۲

۱: احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۶

۲: یزید: یزید بن ہارون بن زاذان السلمی کی کنیت ابوخالد ہے۔ الواسطی، ثقہ متقن، عابد اور طبقہ التاسعہ سے ہے ۲۰۶ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۸۵)

۳: العوام: عوام بن حوشب بن یزید الشیبانی کی کنیت ابوعیسیٰ الواسطی ہے۔ ثقہ، ثبت، فاضل اور طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۴۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ۲۶۷)

۴: اسود بن مسعود: اسود بن مسعود العنبری المصری ثقہ ہے۔ طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ۳۶)

۵: حنظلہ بن خویلد: حنظلہ بن خویلد کو حنظلہ بن سوید العنبری بھی کہا جاتا ہے، ثقہ ہے، طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ۸۶)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ”البتہ تم میں سے ہر ایک اپنے اس صاحب کو قتل کر کے از روئے نفس کے خوش ہوتا ہے“ یعنی تم جناب عمار رضی اللہ عنہ کو شہید کر کے اپنی ذات پر خوشی کا اظہار کر رہے ہو۔

قال ابو عبدالرحمن خالفه شعبة عن العوام عن رجل عن حنظلة بن سوید

اسناده صحیح ، رجاله ثقات (البلوشی ۱۷۲)

**حدیث نمبر ۱۶۳/۷** اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ۲ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ۳ عَنْ عَوَامِ ۴ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ رَّجُلٍ مِنْ بَنِیْ شَیْبَانَ عَنْ حَنْظَلَةَ ۵ بْنِ سُوَیْدٍ قَالَ جِیْئَ بِرَاْسِ عَمَّارٍ فَقَالَ عَبْدُاللهِ بْنُ عَمْرٍو سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ عَمَّارُ تَقْتُلُکَ الْفِئَةُ الْبَاغِیَةُ

**ترجمہ** حنظلہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ عمار رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا۔ تو عبداللہ بن عمرو نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ اے عمار تجھے باغی گروہ شہید کرے گا!

**حدیث نمبر ۱۶۴/۸** اَخْبَرَنِی اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ ۲ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ ۳ عَنِ الْاَعْمَشِ ۴ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۵ عَنْ عَبْدِ اللهِ ۶ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ تَقْتُلُ عَمَّارَ الْفِئَةُ الْبَاغِیَةُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۳

۱: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲: محمد بن جعفر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲

۳: شعبہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۳

۴: عوام بن حوشب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۲:۳

۵: حنظلہ بن سوید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۲:۵

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۴

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن قدامہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۱۶:۲

۳: جریر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹:۲

۴: اعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۵: عبدالرحمٰن: عبدالرحمٰن بن زیاد کو ابن ابی زیاد بھی کہتے ہیں مولیٰ بن ہاشم ہے، مقبول ہے اور طبقہ الرابعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۰۲)

۶: عبداللہ بن عمرو: یہ عبداللہ بن عمرو بن العاص بن وائل بن ہاشم بن سعید ہے۔ ابو محمد اس کی کنیت ہے اور اسے ابو عبدالرحمٰن بھی کہتے ہیں احد السابقین المکثرین. من الصحابة واحد العبادلة الفقهاء مات فی ذی الحجة لیالی الحرة علی الاصح بالطائف علی الراجح. (التقریب، صفحہ ۱۸۳)



Marfat.com

**ترجمہ** | عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ قتل کرے گا۔

قال ابو عبد الرحمن خالفه ابو معاوية فرواه عن الاعمش قال اخبرنا عبد الله بن محمد قال ابو معاوية قال حدثنا الاعمش عن عبدالرحمن بن ابى زياد

**حدیث نمبر ۹/۱۶۵** | اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَمْرُو ۲ بْنُ مَنْصُوْرٍ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ ۳ عَنْ سُفْيَانَ ۴ عَنِ الْاَعْمَشِ ۵ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۶ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۷ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ اِنِّيْ لَاُسَآئِرُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَ مُعٰوِيَةَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍ وَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَمَّارٌ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ قَالَ عَمْرٌو يَا مُعَاوِيَةَ اسْمَعْ مَا يَقُوْلُ هٰذَا فَجَذَبَهٗ فَقَالَ نَحْنُ قَتَلْنَاهُ اِنَّمَا قَتَلَهٗ مَنْ جَآءَ بِهٖ لَا يَزَالُ دَاحِضًا فِيْ قَوْلِكَ

**ترجمہ** | عبداللہ بن حارث سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن عمرو، عمرو بن العاص اور معاویہ کے ساتھ سیر کر رہا تھا۔ تو عبداللہ بن عمرو نے کہا میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ شہید کرے گا۔ تو عمرو نے کہا اے معاویہ سن یہ کیا کہہ رہا ہے تو اسے اپنی طرف کھینچا پس کہا ہم نے اسے قتل کیا ہے؟ سوائے اس کے نہیں کہ جو شخص اس کو لایا ہے۔ اس نے اس کو قتل کیا ہے۔ وہ ہمیشہ تیرے قول میں پھسلے گا۔

**حل لغت** | دَحْضٌ: کھودنا، پھسل جانا، ڈھل جانا، غلط اور باطل ہونا جسے اِنْدِهَاضٌ.

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: عمرو بن منصور: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۰:۱

۳: ابو نعیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۶:۲

۴: سفیان (الثوری): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۸:۳

۵: الاعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۶: عبدالرحمان بن ابی زیاد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۴:۵

۷: عبداللہ بن الحارث: عبداللہ بن حارث بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب الہاشمی کی کنیت ابو محمد ہے المدنی ہے۔ بصرہ کا امیر تھا لـه رويه ولابيه وحده صحبة قال ابن عبد الله احمعوا على توثيقه ۷۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۷۰)



Marfat.com

**تشریح** ارشاد ہے ''تو اسے اپنی طرف کھینچا'' یعنی معاویہ نے اس کو اپنی طرف متوجہ کر کے کہا۔ ارشاد ہے ''ہم نے اس کو قتل کیا ہے؟'' یعنی ہم نے تو اسے قتل نہیں کیا۔ ارشاد ہے ''جو شخص اس کو لایا ہے اس نے اس کو قتل کیا ہے'' یعنی جناب امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم جناب عمار رضی اللہ عنہ کو ساتھ لائے ہیں۔ لہٰذا یہ ان کے قتل کے ذمہ دار ہیں، میں نہیں ہوں۔ شارح صحیح البخاری مولوی محمد ابو الحسن مصنف فیض الباری ''مناقب مرتضوی'' صفحہ ۹۱ پر لکھتے ہیں

''عمار رضی اللہ عنہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے رفیق تھے جب معاویہ اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے لڑائی ہوئی یعنی جنگِ صفین میں تب عمار رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔ معاویہ کے لشکر کے ہاتھ سے، سو معاویہ کہتے تھے کہ ہم نے عمار رضی اللہ عنہ کو قتل نہیں کیا بلکہ اس کو علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا کہ وہ ان کو اپنے ساتھ لائے اور ان کے قتل کا سبب ہوئے۔ اور در حقیقت معاویہ کا کہنا خطاء اجتہادی ہے۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام بحق علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تھے اور معاویہ کا لشکر باغی تھا۔ گو اس کے لشکر میں بعض اصحاب بھی تھے''۔

اسنادہ حسن

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب صفحہ ۱۷۴)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَمْرُقُ مَارِقَةٌ مِنَ النَّاسِ سَتُبْلٰى قَتْلَهُمْ اَوْلَى الطَّآئِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ

"اس باب میں حضرت نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان ہے کہ عنقریب میری امت میں ایک ایسا فرقہ پیدا ہونے والا ہے کہ وہ بہت تیزی سے تعداد میں بڑھنے لگے گا اور اس وقت میری امت میں دو گروہ ہوں گے۔ اس فرقہ کے قتل کی آزمائش اس گروہ پر ہوگی جو کہ حق پر ہوگا"

(اس باب میں چھ احادیث شریف ہیں)

**حل لغت** تَمْرُقُ مَارِقَةٌ: ایک باہر نکل جانے والا گروہ باہر نکلتا ہے، گھس کر پار نکل جانا، ایک طرف سے دوسری طرف تجاوز کرنا۔

**حدیث نمبر ۱/۱۶۶** اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ [۱] بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْاَعْلٰى [۲] قَالَ حَدَّثَنَا دَاوٗدُ [۳] عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ [۴] عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ [۵] الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ تَمْرُقُ مَارِقَةٌ مِنَ النَّاسِ سَتُبْلٰى قَتْلَهُمْ اَوْلَى الطَّآئِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۶

۱: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۲: عبد الاعلیٰ: عبد الاعلیٰ البصری کی کنیت ابو محمد ہے۔ ثقہ ہے اور طبقہ الثامنہ سے ہے۔ ۱۹۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۹۵)

۳: داؤد: داؤد بن ابی ہند القشیری کی کنیت ابو بکر یا ابو محمد ہے البصری ہے۔ ثقہ متقن اور طبقہ الخامسۃ سے ہے ۱۴۰ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۹۷)

۴: ابی نضرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۱:۵

۵: ابی سعید الخدری ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

ترجمہ | ابی سعید خدری ﷛ سے روایت ہے یہ کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، لوگوں میں سے ایک گروہ نکلے گا۔ اس وقت دو گروہ ہوں گے۔ اس فرقہ کے قتل کی آزمائش عنقریب اس گروہ پر ہوگی جو کہ حق پر ہوگا۔

تشریح | ارشاد ہے "لوگوں میں سے ایک گروہ نکلے گا" یعنی عنقریب میری امت میں سے ایک فرقہ نکلے گا اور یہ فرقہ خارجی تھا۔ ارشاد ہے "اس فرقہ کے قتل کی آزمائش عنقریب اس گروہ پر ہوگی جو کہ حق پر ہوگا" یعنی وہ گروہ جو کہ حق پر ہوگا اس خارجی فرقہ کے قتل پر آزمایا جائے گا، گویا اس کو قتل کرے گا اور وہ گروہ جو کہ حق پر تھا حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ ﷜ کا گروہ تھا جنہوں نے اس خارجی فرقہ کو قتل کیا۔

اسناده صحيح، على شرط مسلم (البلوشی صفحہ ۱۷۸)

**حدیث نمبر ۲/۱۶۷** | اَنۡبَـاَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَيۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا قُتَيۡبَةُ ۲ بۡنُ سَعِيۡدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ عَوَانَةَ ۳ عَنۡ قَتَادَةَ ۴ عَنۡ اَبِيۡ نَضۡرَةَ ۵ عَنۡ اَبِيۡ سَعِيۡدٍ ۶ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَكُوۡنُ فِيۡ اُمَّتِيۡ فِرۡقَتَيۡنِ فَيَخۡرُجُ مِنۡ بَيۡنِهَا مَا رِقَةٌ بَلٰى قَتۡلَهُمۡ اَوۡلٰى هُمۡ بِالۡحَقِّ

ترجمہ | ابی سعید خدری ﷛ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، میری امت میں دو فرقے پیدا ہوں گے ان کے درمیان سے ایک فرقہ ابھرے گا۔ تو ان کے قتل کی آزمائش اس گروہ پر ہوگی جو کہ حق پر ہوگا۔

تشریح | ارشاد ہے "میری امت میں دو فرقے پیدا ہوں گے ان کے درمیان سے ایک فرقہ اُبھرے گا" چنانچہ جنگ صفین دو گروہوں کے درمیان ہوئی۔ ایک امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ ﷜ کی جماعت تھی جبکہ دوسرا گروہ امیر شام امیر معاویہ کا تھا اور اس موقع پر ایک تیسرا فرقہ پیدا ہوا، جو خارجی کہلایا۔

اسناده صحيح رجاله ثقات من رجال الشيخين الا ابا نضرة فهو من رجال مسلم وحده (البلوشی صفحہ ۱۷۸)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۷

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲: قتیبہ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۰

۳: ابو عوانہ (الوضاح): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۳

۴: قتادۃ: قتادہ بن دعامۃ بن قتادۃ السدوسی کی کنیت ابوالخطاب البصری ہے۔ ثقہ اور ثبت ہے کہا گیا ہے کہ اکمہ کا بیٹا ہے۔ طبقہ رابعہ کے اکابرین سے ہے ۱۱۷ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۸۱)

۵: ابی نضرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۶۱

۶: ابی سعید الخدری ﷛: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱۲۹



Marfat.com

**حدیث نمبر ۳/۱۶۸** اَنۡبَاَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَیۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا عَمۡرُو ۲ بۡنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا یَحۡیٰی ۳ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ نَضۡرَۃَ ۴ عَنۡ اَبِیۡ سَعِیۡدِ ۵ الۡخُدۡرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَفۡتَرِقُ اُمَّتِیۡ فِرۡقَتَیۡنِ تَمۡرُقُ بَیۡنَہُمَا مَارِقَۃٌ تَقۡتُلُہُمۡ اَوۡلَی الطَّآئِفَتَیۡنِ بِالۡحَقِّ

**ترجمہ** ابوسعید خدری سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت دوفرقوں میں بٹ جائے گی، ان دونوں میں سے ایک گروہ نکلے گا، انکووہ گروہ قتل کرے گا جوحق کے نزدیک تر ہوگا۔

**تشریح** ارشاد ہے "جوحق کے نزدیک تر ہوگا" یعنی اس سے مزید اس بات کی تائید ہورہی ہے کہ جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہی خوارج کے مقابلہ میں بھی حق پر تھے۔اور آپ علیہ السلام کی مساعی جمیلہ سے یہ عظیم فتنہ خوارج کا دب گیا۔

اسنادہ صحیح ، رجالہ رجال الشیخین الا ان البخاری لم یرو عن ابی نضرۃ **(البلوشی صفحہ ۱۷۸)**

**حدیث نمبر ۴/۱۶۹** اَنۡبَاَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَیۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا مُحَمَّدُ ۲ بۡنُ سُلَیۡمَانَ بۡنِ عَبۡدِاللّٰہِ بۡنِ عَمۡرو الغیلانی قَالَ حَدَّثَنَا بَہۡزٌ ۳ عَنِ الۡقَاسِمِ ۴ وَ ہُوَ ابۡنُ الۡفَضۡلِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوۡ نَضۡرَۃَ ۵ عَنۡ اَبِیۡ سَعِیۡدٍ ۶ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ تَمۡرُقُ مَارِقَۃٌ عِنۡدَ فُرۡقٍ مِّنَ النَّاسِ الۡمُسۡلِمِیۡنَ تَقۡتُلُہَا اَوۡلَی الطَّآئِفَتَیۡنِ بِالۡحَقِّ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۸

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: عمرو بن علی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۲ ۔ ۳: یحیٰی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۱:۲

۴: ابی نضرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۱:۵ ۔ ۵: ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۹

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: سلیمان بن عبید اللہ: سلیمان بن عبید اللہ بن عمرو بن جابر الغیلانی المازنی ہے ابوایوب البصری اس کی کنیت ہے۔صدوق ہے۔طبقہ الحادیۃ عشرۃ سے ہے۔ ۲۴۶ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب، صفحہ ۱۳۵)

۳: بھز: بھز بن اسد العمی کی کنیت ابوالاسود البصری ہے۔ثقہ، ثبت اور طبقہ التاسعۃ سے ہے ۲۰۰ ہجری کے بعد وفات پائی۔(التقریب صفحہ ۴۸)

۴: قاسم بن فضل: قاسم بن فضل بن معدان الحدانی کی کنیت ابوالمغیرۃ البصری ہے۔ثقہ ہے۔طبقہ السابعۃ سے ہے۔ رمی بالا رجاء۔۱۶۷ھ میں وفات پائی۔(التقریب، صفحہ ۲۷۹)

۵: ابونضرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۱:۵ ۔ ۶: ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

**ترجمہ** | ابی سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول کریم ﷺ نے فرمایا، مسلمانوں میں اختلاف پیدا ہونے کے وقت ایک فرقہ نکلے گا۔ اس کو قتل کرے گا دوسرا فرقہ جو حق کے نزدیک ہوگا۔

**تشریح** | ارشاد ہے "اس کو قتل کرے گا دوسرا فرقہ جو حق کے نزدیک ہوگا" یعنی وہ فرقہ جو حق کا داعی ہوگا وہ اس دوسرے فرقہ کو (جو خوارج کے نام سے مشہور تھا) قتل کرے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

اسناده صحيح، على شرط مسلم (البلوشی صفحہ ۱۷۹)

**حدیث نمبر ۵/۱۷۰** | اَنبَأنَا اَحمَدُ ۱ بنُ شُعَيبٍ قَالَ اَخبَرَنَا مُحَمَّدُ ۲ بنُ عَبدِ الاَعلٰى قَالَ حَدَّثَنَا المعتمر ۳ قَالَ سَمِعتُ اَبِى ۴ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو نَضرَةَ ۵ عَن اَبِى سَعِيدٍ ۶ الخُدرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ اٰلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ اُنَاسًا مِن اُمَّتِهٖ يَخرُجُونَ فِى فُرقَةٍ مِنَ النَّاسِ سِيمَاهُمُ التَّحلِيقُ يَمرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمرُقُ السَّهمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ هُم مِن شَرِّ الخَلقِ اَو مِن اَشَرِّ الخَلقِ تَقتُلُهُم اَولَى الطَّائِفَتَينِ اِلَى الحَقِّ قَالَ وَقَالَ كَلِمَةً اُخرٰى قُلتُ لِرَجُلٍ مَا بَينِى وَ بَينَهُ مَا هِىَ قَالَ قَالَ اَبُو سَعِيدٍ وَ اَنتُم قَتَلتُمُوهُم يَا اَهلَ العِرَاقِ

**ترجمہ** | ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں یہ کہ رسول کریم ﷺ نے اپنی اُمت میں سے کچھ لوگوں کا ذکر فرمایا جو لوگوں سے اختلاف کرتے ہوئے نکلیں گے۔ ان کی علامت سر کا مونڈھنا ہے، دین سے اس طرح پار ہو کر نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار کے جانور میں گھس کر دوسری طرف سے نکل جاتا ہے۔ وہ مخلوق میں بدترین ہیں یا مخلوق میں سے بہت برے ہیں۔ دونوں گروہوں میں سے جو حق پر ہوگا وہ ان کو قتل کرے گا۔ راوی نے کہا کہ ابو سعید رضی اللہ عنہ نے ایک بات اور کہی، تو میں نے ایک شخص کو کہا جو میرے اور اس کے درمیان تھا۔ کیا کہا تو ابو سعید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے اہلِ عراق تم ان کو قتل کرو گے!۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۰

۱ احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲ محمد بن عبد الاعلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۳:۱

۳ المعتمر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۱:۳

۴ ابی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۱:۴

۵ ابو نضرۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۶۱:۵

۶ ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

**حل لغت** سِيمَا: نشانی، علامت، پہچان۔ اَلتَّحلِيقُ: سر منڈانا ہے، حلقٌ: مصدر ہے جس کے معنی حلق پر مار لگانا، بھرنا، اندازہ کرنا، کاٹنا، مونڈھنا یہاں پر یہ معنی مراد ہیں۔ اَلسَّهْمُ: تیر، نصیب، حصہ، یہاں پر تیر مراد ہے۔ اَلرَّمِيَّةِ: وہ جانور جس کو تیر مار کر شکار کریں۔

**تشریح** ارشاد ہے "لوگوں سے اختلاف کرتے ہوئے نکلیں گے" یعنی صحابہ کے ساتھ اختلاف کر کے ایک اپنی الگ جمعیت قائم کرلیں گے۔ ارشاد ہے "ان کی علامت سر مونڈھنا ہے" یعنی اس گروہ کی نشانی یہ ہوگی کہ سروں کو استرے سے مونڈھتے ہوں گے۔ مشہور اہل حدیث عالم اور صاحبِ لغات حدیث مولوی وحید الزمان صاحب لغات الحدیث کتاب "ح" جلد اول، صفحہ ۱۲۳ پر تحریر کرتے ہیں

"انہوں نے (خارجیوں نے) سر منڈانا اپنا شعار کر لیا تھا تا کہ لوگ ان کو بڑا زاہد اور پرہیز گار اور تارک الدنیا سمجھیں اور اس کیلئے عبادت بھی بہت کرتے تھے"۔

اور دوسری جگہ لکھتے ہیں

"خارجیوں کی نشانی سر منڈانا ہے کیونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے زمانہ میں صحابہ کا طریق یہ تھا کہ حج یا عمرے یا اور کسی ضرورت سے سر منڈاتے۔ اور ان خارجی مردودوں نے ہمیشہ ہر وقت سر گھٹانا لازم کر لیا تھا" (لغات الحدیث کتاب "ح" صفحہ ۱۲۲)۔

ارشاد ہے "وہ مخلوق میں بہت بدترین ہیں یا مخلوق میں سے بہت برے ہیں" یعنی او بمعنی یا ہے۔ راوی کا شک ہے کہ یہ فرمایا، یا وہ۔ گویا خوارج اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں بوجہ بدعقیدگی بدترین لوگ ہیں۔ ارشاد ہے "تو میں نے ایک شخص کو کہا جو میرے اور اس کے درمیان تھا۔ کیا کہا" یعنی راوی ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے جناب ابو نضرہ فرماتے ہیں کہ ابو سعید نے ایک بات کہی جو میری سمجھ میں نہ آسکی تو میں نے ایک اور شخص جو کہ میرے اور ابو سعید رضی اللہ عنہ کے درمیان تھا۔ اس سے پوچھا کہ ابو سعید رضی اللہ عنہ نے کیا کہا ہے۔

اسناده صحیح، علی شرط مسلم

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۱۷۹)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۷۱/۶** انبَأنَا عَبدُالاَعلیَ ۱ بنُ وَاصِلِ بنِ عَبدِ الاَعلیَ قَالَ حَدَّثنَا الـمُحَاضِرُ ۲ بنُ المُورِعِ قَالَ حَدَّثنَا الاَجلَحُ ۳ عَن حَبِیبٍ ۴ اَنَّهٗ سَمِعَ الضَّحَّاکَ ۵ الـمَشرِقِیَّ یُحَدِّثُهُم وَ مَعَهٗ سَعِیدُ بنُ جُبَیرٍ وَ مَامُونُ بنُ اَبِی شَبِیبٍ وَّ اَبُو البَختَرِیِّ وَ اَبُو صَالِحٍ وَ ذِرٌّ الهَمدَانِیُّ وَ الحَسَنُ العُرَنِیُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَعِیدٍ ۶ الخُدرِیَّ یَروِی عَن رَسُولِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِی قَومٍ یَخرُجُونَ مِن هٰذِهِ الاُمَّةِ فَذَکَرَ مِن صَلٰوتِهِم وَ زَکٰوتِهِم وَ صَومِهِم یَمرُقُونَ مِنَ الاِسلَامِ کَمَا یَمرُقُ السَّهمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ لَایُجَاوِزُ القُراٰنُ مِن تَرَاقِیهِم یَخرُجُونَ فِی فُرقَةٍ مِّنَ النَّاسِ یُقَاتِلُهُم اَقرَبُ النَّاسِ اِلَی الحَقِّ

**ترجمہ** حسن سے روایت ہے کہ ابوسعید ؓ سے سنا وہ جناب رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں اس قوم کے متعلق جو اس امت سے نکل جائے گی، پس ذکر کیا ان کی نماز، زکوٰۃ اور روزے کا وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار کے جانور میں گھس کر دوسری طرف سے نکل جاتا ہے۔ قرآن مجید ان کے گلے کی ہنسلیوں سے نیچے نہ اترے گا۔ لوگوں میں اختلاف کے وقت نکلیں گے۔ لوگوں میں جو حق کے قریب تر ہو گا وہ انہیں قتل کرے گا۔

**حل لغت** تَرَاقِی: جمع ہے اس کا واحد تَرقُوَۃٌ ہے جس کے معنی ہنسلی کے ہیں۔ فُرقَةٍ: پھوٹ پڑنا، اختلاف ہونا۔

**تشریح** ارشاد ہے "جو اس اُمت سے نکل جائیں گے" یعنی اُمتِ مسلمہ کے سوادِ اعظم سے کٹ جائیں گے اور

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۱

۱: عبدالاعلیٰ بن واصل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۴۶:۱

۲: المحاضر بن المورع: محاضر بن المورع الکوفی صدوق ہے۔ له اوهام طبقہ التاسعة سے ہے ۲۰۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب ص ۳۲۹)

۳: الاجلح: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۷:۳

۴: حبیب: حبیب بن ابی ثابت بن قیس کو ہند بن دینار الاسدی بھی کہتے ہیں۔ ابو یحییٰ اس کی کنیت ہے۔ ثقہ ہے فقیہ اور جلیل ہے و کان کثیر الارسال و التدلیس. طبقہ الثالثہ سے ہے ۱۱۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۶۳)

۵: الضحاک المشرقی: الضحاک المشرقی بن شراحیل کو شرجیل مشراقی الہمدانی بھی کہتے ہیں، صدوق ہے اور طبقہ رابعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۵۴) ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ واحتج به الشیخین (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب ؓ، ص ۱۸۰)

۶: اباسعید الخدری ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

علیحدہ ہو جائیں گے۔ ارشاد ہے'' قرآن مجید ان کے گلے کی ہنسلیوں سے نیچے نہ اترے گا'' یعنی وہ قرآن مجید پڑھیں گے مگر ان کے دل پر اثر نہ ہوگا، وہ اسے عملاً قبول نہ کریں گے۔ ارشاد ہے'' لوگوں میں جو حق پر ہوگا وہ انہیں قتل کرے گا'' یعنی حضرت امیر المومنین جناب علی المرتضیٰ ؓ حق پر تھے جنہوں نے ان خوارج کے خلاف جہاد کیا۔ اور سید دو عالم ﷺ کے ارشادات اور غیبی خبروں کے مطابق ان کو کیفر کردار تک پہنچایا۔ جناب مولوی محمد ابوالحسن صاحب مصنف فیض الباری شرح اردو صحیح بخاری اس حدیث کی شرح میں صفحہ ۹۳ مناقب مرتضوی اردو ترجمہ خصائص نسائی میں تحریر کرتے ہیں۔

''اس حدیث میں حضرت ﷺ نے آئندہ کی خبر دی ہے کہ خارجی لوگ پیدا ہوں گے۔ چنانچہ حضور ﷺ کے اس قول مبارک کے مطابق آنحضرت ﷺ کے بعد وہ قوم خارجی پیدا ہوئی۔ جنہوں نے حضرت علی المرتضیٰ ؓ پر خروج کیا اور ان کی امامت نہ مانی اور حضرت علی ؓ نے ان کو قتل کیا۔ ابو سعید ؓ نے کہا کہ میں بھی اس لڑائی میں موجود تھا جو حضرت ﷺ نے نشانی فرمائی، ان میں موجود تھی''۔

اسنادہ صحیح (البلوشی، صفحہ ۱۸۰)



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ذِكْرُ مَا خُصَّ بِهٖ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ مِنْ قِتَالِ الْمَارِقِيْنَ

## "اس باب میں جناب سیدنا اسد اللہ الغالب امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی اس خاص خصوصیت کا بیان ہے کہ آنجناب رضی اللہ عنہ خوارج کے ساتھ جہاد کریں گے"

(اس باب میں پندرہ احادیث شریف ہیں)

**حل لغت** اَلْمَارِقِیْنَ: دین سے نکل جانے والے، خوارج۔

**تشریح** بخاری شریف میں ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کچھ مال تقسیم کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک شخص آیا اس نے کہا کہ اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصاف کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو ہلاک ہو جائے اگر میں انصاف نہ کروں گا تو اور کون انصاف کرے گا۔ اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ مجھ کو اجازت دیجئے میں اس کی گردن ماروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، چھوڑ دو، اس کے ساتھ والے ایسے ہوں گے۔ کہ تم ان کی نماز کے سامنے اپنی نماز کو حقیر سمجھو گے اور تم ان کے روزہ کے آگے اپنے روزے کو حقیر سمجھو گے مگر وہ اسلام سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار کے بدن سے نکل جاتا ہے، ان کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک شخص کا ایک ہاتھ ایسا ہوگا جیسے عورت کا پستان ہوتا ہے جب آدمیوں میں تفریق ہو جائے گی اس وقت وہ خروج کریں گے۔ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی اور میں گواہی دیتا ہوں کہ علی رضی اللہ عنہ نے ان کو قتل کیا اور میں علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا اور انہیں خوارج میں وہ شخص بھی ملا جس کی علامت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی تھی۔ ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اسی کے حق میں آیت "وَمِنْهُمْ مَنْ يَّلْمِزُكَ فِی الصَّدَقَاتِ" نازل ہوئی تھی یعنی جس شخص نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر (معاذ اللہ منھا) اعتراض کیا تھا اسی کے حق میں یہ



Marfat.com

آیت نازل ہوئی تھی۔ اور اسی کے ساتھ یہ خوارج کا گروہ تھا۔ جن کو حضرت علی ؑ نے قتل کیا تھا۔ (تفسیر اکسیر اعظم، جلد نمبر۹، صفحہ۹۱ مطبوعہ مطبع احتشامیہ مراد آباد)۔

**حدیث نمبر۱/۱۷۲** اَنْبَأَنَا یُوْنُسُ ا بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی وَ الحَارِثُ ۲ بْنُ مِسْکِیْنٍ قِرْاَۃً عَلَیْهِ وَ اَنَا اَسْمَعُ وَ اللَّفْظُ لَهٗ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ ۳ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُس ۴ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ۵ قَالَ اَخْبَرَنِی اَبُوْ سَلَمَةَ ۶ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ ۷ الْخُدْرِیِّ بَیْنا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقْسِمُ قَسْمًا اَتَاهُ ذُوالْخُوَیْصِرَةَ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اَعْدِلْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَنْ یَعْدِلُ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ قَدْ خِبْتَ وَ خَسِرْتَ اِنْ لَمْ اَکُنْ اَعْدِلُ فَقَالَ عُمَرُ یَارَسُوْلَ اللهِ ائْذَنْ لِیْ فِیْهِ اَضْرِبُ عُنُقَهٗ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَعْهُ فَاِنَّ لَهٗ اَصْحَابًا یُّحَقِرُ اَحَدُکُمْ صَلٰوتَهٗ مَعَ صَلٰوتِهِمْ وَصِیَامَهٗ مَعَ صِیَامِهِمْ یَقْرَؤُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَهُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ (کَمَا یَمْرُقُ) السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ یُنْظَرُ اِلَی النَّصْلَةِ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْئٌ ثُمَّ یَنْظُرُ اِلٰی رَصَافِهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْئٌ ثُمَّ یُنْظَرُ اِلٰی نَضِیِّهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْئٌ وَهُوَ الْقِدْحُ ثُمَّ یُنْظَرُ اِلٰی قُذَذِهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْئٌ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ اٰیَتُهُمْ رَجُلٌ اَسْوَدُ اِحْدٰی

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۱۷۲

ا: یونس بن عبدالاعلیٰ: یونس بن عبدالاعلیٰ بن میسرہ الصدفی کی کنیت ابوموسیٰ المصری ہے، ثقہ ہے، طبقہ العاشرہ کے کبار سے ہے ۲۶۴ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ۳۹۰)

۲: حارث بن مسکین: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۲:۱۳۵

۳: ابن وہب: عبداللہ بن وہب بن مسلم القرشی کی کنیت ابومحمد المصری ہے۔ فقیہہ، ثقہ، حافظ، عابد اور طبقہ التاسعۃ سے ہے۔ ۱۹۷ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ۱۹۳)

۴: یونس: یونس بن یزید بن ابی النجاد الایلی کی کنیت ابویزید ہے۔ ثقہ ہے۔ الا ان فی روایته عن الزهری وهما قلیلا و فی غیر الزهری خطاء طبقہ السابعۃ کے کبار سے ہے ۱۵۹ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ۳۹۱)

۵: ابن شہاب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۴:۱۳۶

۶: ابوسلمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۴:۱۲۷

۷: ابی سعید الخدری ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۵:۱۲۹



Marfat.com

عَضُدَیْہِ مِثْلُ ثَدْیِ الْمَرْأَۃِ وَ مِثْلُ الْبُضْعَۃِ تَدُوْرُ وَ یَخْرُجُوْنَ عَلٰی خَیْرِ فُرْقَۃٍ مِّنَ النَّاسِ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ فَاشْھَدُوْا اِنِّیْ سَمِعْتُ ھٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَ اَشْھَدُ اَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ قَاتَلَھُمْ وَاَنَا مَعَہٗ فَاَمَرَ بِذَالِکَ الرَّجُلِ فَالْتُمِسَ فَوُجِدَ فَاُتِیَ بِہٖ حَتّٰی نَظَرْتُ اِلَیْہِ عَلَی النَّعْتِ الَّذِیْ نَعَتَ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

**ترجمہ** ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ہم حضور رسول مقبول ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے۔اور حضور ﷺ کچھ مال تقسیم فرما رہے تھے۔حضور ﷺ کے پاس بنی تمیم کا ایک شخص ذوالخویصرہ آیا۔تو اس نے کہا کہ یارسول اللہ! ﷺ انصاف کیجئے۔تو رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں انصاف نہ کروں گا تو پھر کون انصاف کرے گا۔تحقیق تو نا امید ہوا اور نقصان میں پڑا۔تو (سیدنا) عمر (فاروق رضی اللہ عنہ) نے عرض کیا یارسول کریم ﷺ اگر مجھے اجازت ہو تو اس کی گردن تن سے جدا کردوں۔ جناب رسول کریم ﷺ نے فرمایا، چھوڑ دے اس کو پس تحقیق اس کے پیروکار ہوں گے۔تم میں سے ہر ایک اپنی نماز کو ان کے مقابلہ میں ہیچ سمجھے گا اور اپنا روزہ بھی ان کے مقابلہ میں حقیر جانے گا، قرآن خوان ہوں گے حالانکہ قرآن مجید ان کی ہنسلیوں سے نیچے نہ اترے گا۔وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار کے جانور میں گھس کر دوسری طرف سے نکل جاتا ہے۔ جب اس تیر کی دھار کو دیکھا جائے تو اس پر لہو کا کوئی اثر موجود نہ ہو، پھر اس تیر کے پٹھہ کو دیکھے تو اس پر خون کا کوئی اثر نہ پائے، پھر تیر کے پیکان کو دیکھے تو اس پر بھی خون کا کوئی اثر نہ پائے اور وہ سیدھا تیر ہے۔وہ تیر جو پیٹ میں داخل ہو کر معدہ کی گندگی اور خون سے گذر کر نکل جاتا ہے، تو اس پر کسی قسم کی آلائش نہ پائی جائے۔ان میں ایک سیاہ آدمی پیدا ہوگا جس کا ایک بازو عورت کے پستان کی طرح ہوگا یا جیسے گوشت کا لوتھڑا، جو جنبش کیا کرے گا۔لوگوں کے ایک بہترین گروہ پر خروج کریں گے۔ جناب ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سب لوگو! گواہ رہو کہ میں نے خود یہ حدیث حضرت رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے انہیں قتل کیا اور میں ان کے ساتھ تھا۔تو جناب امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے تلاش کرنے کا حکم فرمایا، پس پالی گئی اور وہ لاش لائی گئی یہاں تک کہ میں نے اسے دیکھا اسی وصف کے ساتھ جو وصف حضرت رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا۔

**حل لغت** قَسْمٌ: باٹنا، حصے حصے کرنا، جدا جدا کرنا، اندازہ کرنا۔ نَصْلٌ: دھار، تیر کی یا تلوار کی یا برچھی کی



Marfat.com

(یعنی انی یا چھری بغیر قبضہ کے)۔ رَصْفَ السَّهْمُ: وہ پٹھہ جو تیر کے پیکان پر لپیٹا جاتا ہے۔ نَضِیّ: تیر کا پیکان بعضوں نے کہا کہ نضی وہ تیر جو ابھی تراشا نہ گیا ہو۔ بعضوں نے کہا نَضِیّ تیر کا وہ حصہ جو تیر اور پیکان کے درمیان ہوتا ہے۔ اَلْقِدْحُ: بقول صاحب لغات الحدیث کتاب ''ق'' صفحہ ۳۲، جلد ۵ ''نہایہ میں ہے، تیر کو کاٹتے ہی قِطْعٌ کہتے ہیں۔ پھر جب تراش کر چھیل کر صاف کریں تب قِطْعٌ کہتے ہیں۔ پھر تراش کر چھیل کر صاف کریں تب بَرِیٌّ کہتے ہیں۔ پھر سیدھا کریں تو قدح کہتے ہیں۔ نَعت: تعریف کرنا، بیان کرنا، وصف بیان کرنا۔

**تشریح** ارشاد ہے ''حضور ﷺ کے پاس بنی تمیم کا ایک شخص ذوالخویصرہ آیا'' یعنی ذوالخویصرہ کا نام خرقوص بن زہیر ہے۔ ارشاد ہے ''اس نے کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ انصاف کیجئے'' یعنی رسول اللہ ﷺ جو غنائم کا مال بانٹ رہے تھے تو اس ذوالخویصرہ نے کہا کہ یہ تقسیم انصاف سے کریں۔ یہ واقعہ سورۃ توبہ دسواں پارہ کے ثلث میں ہے۔ ارشاد ہے ''اور اپنا روزہ بھی ان کے مقابلہ میں حقیر جانے گا'' یعنی خوب لمبی لمبی نمازیں پڑھنے والے اور خوب احتیاط سے روزہ رکھنے والے اور عبادت گذار ہوں گے۔ ارشاد ہے ''قرآن خوان ہوں گے'' یعنی خوب اچھی طرح تلاوت کرنے والے ہوں گے اور ہر وقت ان کی زبان پر قرآن ہی قرآن ہوگا۔ ارشاد ہے ''وہ تیر جو پیٹ میں داخل ہو کر معدہ کی گندگی اور خون سے گذر کر نکل جاتا ہے۔ تو اس پر کسی قسم کی آلائش نہ پائی جائے'' یعنی ان مثالوں سے یہ مراد ہے کہ جس طرح یہ تیر انتہائی جلدی میں نکل جاتا ہے۔ اسی طرح یہ خوارج بھی دین اسلام سے نکل گئے۔ صاحب لغات الحدیث مولوی وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں

> ''یہی مثال خارجیوں کی آپ نے بیان فرمائی اور وہ بھی دین سے ایسے باہر ہو جائیں گے کہ ان میں ذرا بھی دینداری کا اثر نہ ہوگا۔ حالانکہ یہ خوارج بڑے نمازی اور قرآن خواں ہر وقت قرآن کی تلاوت کرنے والے تہجد گذار اور شب بیدار تھے مگر فرمایا کہ ان میں دین کا ذرا اثر نہ ہوگا۔ کیونکہ دینداری کا دارومدار اللہ اور رسول ﷺ کی محبت پر ہے اور یہ لوگ اس سے خالی تھے۔ جو آنحضرت ﷺ کے محبوب اور چہیتے تھے یعنی حضرت علی المرتضیٰ (رضی اللہ عنہ) اور دوسرے صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کو کافر اور فاسق جانتے تھے۔ قرآن کی تفسیر حدیث شریف سے نہیں کرتے تھے بلکہ اپنی رائے سے معنی پہناتے تھے۔ پس در حقیقت دشمن خدا اور رسول ﷺ تھے''۔ (کتاب ''ر'' جلد ۲ صفحہ ۸۳)

ارشاد ہے ''لوگوں کے ایک بہترین گروہ پر خروج کریں گے'' یعنی جناب سیدنا امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور



Marfat.com

آپ کے پیروکاروں پر جو کہ بہترین لوگ تھے ان خوارج نے خروج کیا۔ ارشاد ہے "اور میں ان کے ساتھ تھا" یعنی میں بھی حضرت امیر المومنین علی المرتضی علیہ السلام کے ساتھ اس لشکر میں شامل تھا جس نے ان خوارج کے خلاف جہاد کیا تھا۔ ارشاد ہے "جناب امیر المومنین علیہ السلام نے اس شخص کے تلاش کرنے کا حکم فرمایا" یعنی جب لڑائی ختم ہوگئی تو سیدنا حضرت علی علیہ السلام نے حکم فرمایا کہ اس نشانی والے آدمی کی لاش کو تلاش کر کے میرے پاس لاؤ۔ ارشاد ہے "پس پالی گئی اور وہ لاش لائی گئی" یعنی اس شخص کی لاش دریافت کر کے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر کر دی گئی۔ ارشاد ہے "میں نے اسے دیکھا اسی وصف کے ساتھ جو وصف رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا" یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس خارجی کے جو جو وصف بتائے تھے اور جو جو علامتیں بتائی تھیں وہ سب اس میں موجود تھیں۔

صحیح رجال، اسنادہ ثقات (البلوشی، صفحہ ۱۸۳)

**حدیث نمبر ۱۷۳/۲** اَنبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْمُصَفَّا بْنُ الْبُهْلُوْلِ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ ۲ بْنُ مُسْلِمٍ وَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ ۳ بْنُ الْوَلِيْدِ وَذَكَرَ اٰخَرَ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ ۴ عَنِ الزُّهْرِيِّ ۵ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ ۶ وَ الضَّحَّاكِ ۷ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ ۸ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۳

۱: محمد بن المصفی: محمد المصفی بن بہلول الحمصی القرشی صدوق ہے له اوهام و كان يدلس طبقہ العاشرہ سے ہے ۲۴۶ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۹)

۲: ولید بن مسلم: ولید بن مسلم القرشی کی کنیت ابو العباس الدمشقی ہے۔ ثقہ ہے لكنه كثيرا لتدليس و التسوية۔ طبقہ الثامنہ سے ہے۔ ۱۹۵ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۷۱)

۳: بقیہ بن ولید: بقیہ بن ولید بن صائد بن کعب الکلائی کی کنیت ابو محمد ہے۔ صدوق ہے كثير التدليس اور ضعیف ہے۔ طبقہ الثامنہ سے ہے ۱۹۷ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، ص ۴۶) ابن معین نے کہا جب یہ ثقات سے روایت کرے تو قبول کرو اور جب مجہولین سے روایت کرے تو قبول نہ کرو۔ نسائی سے روایت ہے کہ جب یہ کہے "حدثنا و اخبرنا" تو یہ ثقہ ہے اور جب کہے "عن" تو ایسی روایت نہ لو۔ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام، صفحہ ۱۸۴)

۴: الاوزاعی: یہ عبد الرحمن بن عمرو بن ابی عمرو الاوزاعی ہے اس کی کنیت ابو عمرو ہے الفقیہ، ثقہ جلیل اور طبقہ السابعہ سے ہے۔ ۱۵۷ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۰۷)

۵: الزہری: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۳۶:۴

۶: ابوسلمۃ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۷:۴

۷: الضحاک: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۱:۵

۸: ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۲۹:۵



Marfat.com

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ يَقْسِمُ قَسْمًا اَتَاهُ ذُوالْخُوَيْصَرَةِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اعْدِلْ قَالَ وَيْحَكَ وَمَنْ يَعْدِلُ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللهِ ائْذَنْ
لِّيْ حَتّٰى اَضْرِبَ عُنُقَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلَا اِنَّ لَهٗ اَصْحَابٌ يَحْتَقِرُ
اَحَدُكُمْ صَلٰوتَهٗ مَعَ صَلٰوتِهِمْ وَصِيَامَهٗ مَعَ صِيَامِهِمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ (كَمَا يَمْرُقُ)
السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ حَتّٰى اَنَّ اَحَدَكُمْ يَنْظُرُ اِلٰى نَصْلِهٖ فَلَا يَجِدُ فِيْهِ شَيْئًا ثُمَّ يَنْظُرُ اِلٰى رصافه
فَلَا يَجِدُ فِيْهِ شَيْئًا ثُمَّ يَنْظُرُ اِلٰى نَضِيِّهٖ فَلَا يَجِدُ فِيْهِ شَيْئًا ثُمَّ يَنْظُرُ اِلٰى قُذَذِهٖ فَلَا يَجِدُ فِيْهِ
شَيْئًا سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ يَخْرُجُوْنَ عَلٰى خَيْرِ فِرْقَةٍ مِّنَ النَّاسِ اٰيَتُهُمْ رَجُلٌ مُخْدَجٌ اَدْعَجُ
اِحْدٰى يَدَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْاَةِ اَوْ كَالْبُضْعَةِ تَدُوْرُ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَشْهَدُ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ
رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَشْهَدُ اَنِّيْ كُنْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ حِيْنَ قَاتَلَهُمْ
فَاَرْسَلَ اِلَى الْقَتْلٰى فَاُتِيَ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الَّذِيْنَ نَعَتَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

**ترجمہ** ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک دن ہم پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں موجود تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مالِ غنیمت تقسیم کررہے تھے، کہ ذوالخویصرہ آیا پس اس نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انصاف کیجئے۔ ارشاد فرمایا اے کمبخت! اگر میں انصاف نہ کروں گا تو پھر اس دنیا میں کون انصاف کرے گا۔ تو (جناب) عمر (فاروق رضی اللہ عنہ) نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اجازت ہو تو میں اس کا سر قلم کردوں۔ تو جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ دیکھو اس کے پیروکار ہوں گے کہ تم میں سے ہر ایک اپنی نماز کو ان کی نماز کے مقابلہ میں حقیر سمجھے گا وہ لوگ دین اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے شکار کے بدن سے تیر گھس کر نکل جاتا ہے یہاں تک کہ تم میں سے کوئی ایک اس تیر کی دھار کو دیکھے تو اس پر لہو کا اثر موجود نہ پائے۔ پھر تیر کے پٹھہ کو دیکھے تو اس پر خون کا کوئی اثر نہ پائے۔ پھر تیر کے پیکان کو دیکھے تو اس پر بھی خون کا اثر نہ پائے۔ پھر وہ تیر جو پیٹ میں داخل ہو کر معدہ کی گندگی اور خون سے گذر کر نکل جاتا ہے تو اس پر کسی قسم کی آلائش نہ پائے۔ وہ لوگوں کے ایک بہترین گروہ پر خروج کریں گے۔ ان کی علامت یہ ہے کہ ان میں ایک شخص ناقص سیاہ آنکھ والا ہوگا اس کا ایک ہاتھ عورت کے پستان کی طرح ہوگا یا گوشت کے لوتھڑے کی طرح ہوگا، جو ہلتا ہوگا۔ ابوسعید فرماتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ باتیں سنی ہیں۔ اور جس وقت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے ان کے ساتھ جہاد کیا تو میں اس



Marfat.com

وقت بھی موجود تھا۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے میدانِ جہاد میں آدمی بھیجے تو اس کی لاش لائی گئی اس وصف پر جو کہ رسول مقبول ﷺ نے فرمایا تھا۔

**حلِ لغت** مُخْدَجٌ خداج سے ہے جس کے معنی نقصان، مدت پوری ہونے سے پہلے زچگی ہونے کے ہیں۔
دَخْدَجَ سے: [illegible]۔

**حدیث نمبر ۳/۱۷۴** حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ [2]
قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ
عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنَّ الْحَرُوْرِيَّةَ لَمَّا
خَرَجَتْ وَهُوَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَالُوْا لَا حُكْمَ إِلَّا لِلّٰهِ قَالَ عَلِيٌّ كَلِمَةُ حَقٍّ أُرِيْدَ بِهَا
بَاطِلٌ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَصَفَ نَاسًا إِنِّيْ لَأَعْرِفُ صِفَتَهُمْ فِيْ
هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ الْحَقَّ بِأَلْسِنَتِهِمْ لَا يَجُوْزُ هٰذَا مِنْهُمْ وَأَشَارَ إِلٰى حَلْقِهٖ مِنْ أَبْغَضِ
خَلْقِ اللهِ إِلَيْهِ مِنْهُمْ رَجُلٌ أَسْوَدُ إِحْدٰى يَدَيْهِ كَطُبْيِ شَاةٍ أَوْ حَلَمَةِ ثَدْيٍ فَلَمَّا قَتَلَهُمْ عَلِيٌّ
قَالَ انْظُرُوْا فَنَظَرُوْا فَلَمْ يَجِدُوْا شَيْئًا قَالَ ارْجِعُوْا فَوَاللهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ مَرَّتَيْنِ أَوْ
ثَلَاثًا ثُمَّ وَجَدُوْهُ فِيْ خَرِبَةٍ فَأَتَوْا بِهٖ حَتّٰى وَضَعُوْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ عُبَيْدُ اللهِ أَنَا حَاضِرٌ
ذٰلِكَ مِنْ أَمْرِهِمْ وَقَوْلِ عَلِيٍّ

**ترجمہ** عبید اللہ بن ابی رافع جو کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ روایت کرتے ہیں کہ جب

---

اسماء رجال حدیث نمبر ۳/۱۷۴

1. حارث بن مسکین: ملاحظہ کیجئے اسماء رجال حدیث نمبر ۲:۱۳۵
2. ابن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء رجال حدیث نمبر ۳:۱۷۲
3. عمرو بن الحارث: عمرو بن الحارث بن یعقوب الانصاری کی کنیت ابو ایوب المصری ہے۔ ثقہ، فقیہ، حافظ اور طبقہ السابعہ سے ہے۔ ۱۵۰ ہجری سے قبل وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۵۸)
4. بکیر بن الاشج: بکیر بن عبد اللہ بن الاشج کی کنیت ابو عبد اللہ یا ابو یوسف المدنی ہے۔ مصر میں قیام کیا۔ ثقہ ہے۔ طبقہ الخامسہ سے ہے۔ ۱۲۰ ہجری کے بعد وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۱۴۸)
5. بسر بن سعید: بسر بن سعید المدنی عابد، ثقہ اور جلیل ہے۔ طبقہ الثانیہ سے ہے ۱۰۰ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۴۳)
6. عبید اللہ بن ابی رافع رضی اللہ عنہ: عبید اللہ بن ابی رافع المدنی حضور ﷺ کا آزاد کردہ غلام ہے۔ یہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا کاتب تھا، ثقہ ہے، طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۲۴)



Marfat.com

حروریہ (فرقہ) نے جناب امیر المومنین سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ پر خروج کیا۔ تو انہوں نے کہا کہ سوائے اللہ کے کسی کا حکم نہیں۔ جناب امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ فرمایا کہ ارشادِ خداوندی سچ ہے۔ مگر مراد اس سے غلط لی گئی ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کی صفت بیان فرمائی ہے یقیناً میں ان کو ان صفتوں کے ساتھ خوب اچھی طرح پہچانتا ہوں۔ زبان سے تو یہ لوگ حق کہتے ہیں مگر یہ حق ان کی زبانوں سے آگے نہیں بڑھتا۔ اور اشارہ کیا اپنے حلق کی طرف یہ خدا کی مخلوق میں بدترین قسم کے لوگ ہیں۔ ان میں ایک آدمی بالکل سیاہ ہے۔ اس کا ایک ہاتھ بکری کے تھن کی طرح ہے یا پستان کے سر کی طرح۔ جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان سے لڑائی کی تو فرمایا کہ اس شخص کو تلاش کرو، تو خوب اس کی تلاش کی گئی مگر نہ ملا۔ ارشاد فرمایا واپس جاؤ، خدا کی قسم میں نے جھوٹ نہیں کہا اور نہ میں جھوٹ کہتا ہوں، دو یا تین بار یہ ارشاد فرمایا۔ پھر اسے اس کے گروہ سے پایا، اس کی لاش کو۔ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے سامنے رکھ دیا گیا، حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس وقت موجود تھا جب کہ حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے اس کی تلاش کا حکم فرمایا اور خوارج کے حق میں حدیث بیان فرمائی۔

**حل لغت** اَلْحَلَمَةَ: سرِ پستان۔

**تشریح** ارشاد ہے "جب حروریہ (فرقہ) نے جناب امیر المومنین سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ پر خروج کیا" یعنی جنگِ صفین میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں امیر معاویہ کے لشکر نے (جو کہ شامیوں پر مشتمل تھا) شکست سے بچنے کیلئے نیزوں پر قرآن بلند کیا۔ تو علی رضی اللہ عنہ کے لشکر سے ایک گروہ نے امیر شام کے لشکر سے لڑنے کا انکار کر دیا۔ اس واقعہ کے بعد دونوں فریقوں نے ثالثی پر فیصلہ کرنے کا اتفاق کیا۔ تو اس گروہ نے اس کی مخالفت کی اور کہا کہ قرآن کی موجودگی میں انسانوں کی ثالثی بے معنی ہے چنانچہ یہ گروہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے الگ ہو گیا۔ ان کا سرغنہ اشعت بن راسبی تھا، عراق کے مقام حروراء میں یہ لوگ جمع ہوئے اس وقت اس جمعیت کی تعداد چھ ہزار تھی۔ اسی مقام پر انہوں نے اپنی تنظیم کی، بعد میں یہ حروری، خوارج کہلائے۔ پھر یہ گروہ نہروان کے مقام پر ۹ صفر ۳۸ ہجری میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے لڑا اور اس گروہ نے شکست کھائی۔ مگر پھر بھی سازشوں میں مصروف رہا۔ ارشاد ہے "انہوں نے کہا کہ سوائے اللہ کے کسی کا حکم نہیں" یعنی اس نعرہ پر "لا حکم الا اللہ" اس ثالثی فیصلہ کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور جناب معاویہ کے درمیان ہونا تھا۔ وہ گروہ یہ کہتا تھا کہ کسی انسان کو فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں یہ حق صرف اللہ تعالیٰ کو ہے۔ ارشاد ہے "یہ حق ان کی زبانوں سے آگے نہیں بڑھتا" یعنی فریب اور دھوکہ دینے کیلئے وہ یہ "کلمہ حق" کہتے ہیں مگر ان کی منشا اس سے کچھ اور ہوتی ہے۔ اس کلمہ حق



Marfat.com

کو صرف اپنی غلط مطلب برآری کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ جب مقصد حاصل ہو جاتا ہے تو پھر یہ ''نعرہ حق'' بھول جاتے ہیں۔ ارشاد ہے ''اور اشارہ کیا اپنے حلق کی طرف'' یعنی اپنے حلقوم کو دکھا کر فرمایا کہ یہ نعرہ اس جگہ سے اوپر ہے۔ اس پر ان کا عمل نہیں ہے اور نہ ہی یہ دل سے اپنے اس نعرہ کو قبول کئے ہوئے ہیں۔ ارشاد ہے ''فرمایا کہ اس شخص کو تلاش کرو'' یعنی لڑائی ختم ہونے کے بعد حضرت علی المرتضیٰ ﷺ نے فرمایا کہ اس نشانی والے شخص کی لاش ڈھونڈ کر لاؤ۔ ارشاد ہے ''فرمایا واپس جاؤ'' یعنی کافی تلاش کے بعد جب لاش نہ ملی تو حضرت علی المرتضیٰ ﷺ نے پھر ارشاد فرمایا کہ جاؤ دوبارہ تلاش کرو۔

رجال صحیح، اسناده ثقات من رجال الشیخین الا الحارث و هو ثقة (البلوشی، صفحہ ۱۸۵)

**حدیث نمبر ۱۷۵/۴** اَخۡبَرَنَا اَحۡمَدُ ۱ بۡنُ شُعَیۡبٍ قَالَ اَخۡبَرَنَا مُحَمَّدُ ۲ بۡنُ مُعۡوِیَةَ بۡنِ یَزِیۡدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ ۳ بۡنُ هَاشِمٍ عَنِ الۡاَعۡمَشِ ۴ عَنۡ خَیۡثِمَةَ ۵ عَنۡ سُوَیۡدِ ۶ بۡنِ غَفَلَةَ قَالَ سَمِعۡتُ عَلِیًّا یَقُوۡلُ اِذَا حَدَّثۡتُکُمۡ عَنۡ نَفۡسِیۡ فَاِنَّ الۡحَرۡبَ خَدۡعَةٌ وَ اِذَا حَدَّثۡتُکُمۡ عَنۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَاَنۡ اَخِرَّ مِنَ السَّمَآءِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنۡ اَنۡ اَکۡذِبَ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوۡلُ یَخۡرُجُ (قَوۡمٌ اَحۡدَثُ) الۡاَسۡنَانِ سُفَهَآءُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن معاویہ: محمد بن معاویہ بن مالج کے جد کا نام یزید ہے۔ الانماطی ہے اس کی کنیت ابو جعفر البغدادی ہے۔ صدوق ربما وهم طبقہ العاشرہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۳۱۹) البزار نے کہا یہ ثقہ ہے۔ ابن حبان نے ثقات میں اس کا ذکر کیا ہے۔ نسائی اور مسلم سے روایت ہے ''لاباس به'' اور مسلمہ سے روایت ہے ''لاباس به'' ذہبی نے کہا ''شیخ صدوق'' (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب ﷺ، صفحہ ۱۸۵)

۳: علی بن ہاشم: علی بن ہاشم بن البرید صدوق ہے، شیعہ ہے، طبقہ الثامنہ کے صغار سے ہے ۱۸۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۹) اطلق القول بتوثقیه ابن معین اور ابن المدینی اور العجلی نے بھی یہی کہا ہے۔ احمد نے کہا ''لاباس به'' نسائی نے کہا ''لیس به باس'' دارقطنی نے کہا ''ضعیف'' ہے۔ امام بخاری نے کہا یہ اور اس کا باپ دونوں اپنے مذہب میں بہت غالی تھے۔ (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب ﷺ، صفحہ ۱۸۵)

۴: اعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴

۵: خثیمہ: خثیمہ بن عبدالرحمٰن بن ابی سبرة الجعفی الکوفی ثقہ ہے و کان یرسل طبقہ الثالثہ سے ہے۔ ۸۰ ہجری کے بعد فوت ہوا۔ (التقریب صفحہ ۹۵)

۶: سوید بن غفلہ: سوید بن غفلہ کی کنیت ابو امیہ الجعفی ہے مخضرم ہے۔ اکابر تابعین سے ہے۔ حضور ﷺ کی تدفین کے دن مدینہ منورہ پہنچا۔ اس سے قبل حضور ﷺ کی زندگی میں ایمان لا چکا تھا۔ اس کے بعد کوفہ چلا گیا۔ ۸۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۴۱)



Marfat.com

الْاَحْلَامِ یَقُوْلُوْنَ مِنْ قَوْلِ خَیْرِ الْبَرِیَّۃِ یَقْرَؤُنَ الْقُرْاٰنَ لَا یُجَاوِزُ اِیْمَانُھُمْ حَنَاجِرَھُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّیْنِ کَمَا یَمْرُقُ السَّھْمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ فَاِنْ اَدْرَکْتَھُمْ فَاقْتُلْھُمْ فَاِنَّ فِیْ قَتْلِھِمْ اَجْرًا لِمَنْ قَتَلَھُمْ عِنْدَ اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

**ترجمہ** سوید بن غفلۃ سے روایت ہے کہ میں نے جناب علی المرتضٰی ؓ سے سنا ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب تم کو میں اپنی طرف سے بات کہوں تو (یادرکھو) کہ لڑائی دھوکہ ہے اور جب میں تمہارے سامنے رسول کریم ﷺ کی حدیث بیان کروں۔ پس میں اس بات کو بہت ہی پسند کرتا ہوں کہ آسمان سے گر جاؤں مگر حضور ﷺ پر کسی قسم کی جھوٹی بات کہوں۔ جناب رسول کریم ﷺ فرماتے تھے کہ ایک قوم پیدا ہو گی اخیر زمانے میں کم عمر ہوں گے اور بیوقوف۔ حضور ﷺ کی حدیث مبارک بیان کریں گے۔ قرآن پڑھیں گے ان کا ایمان ان کے گلے سے نیچے نہ اترے گا۔ یہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار کے بدن سے گھس کر نکل جاتا ہے۔ پس اگر تو اس گروہ کو پائے تو ان سے جہاد کر۔ تو یقیناً ان کے جہاد کرنے میں ثواب ہے اس گروہ کیلئے جو اُن سے جہاد کرے اللہ تعالیٰ کے حضور میں قیامت کے دن۔

**حل لغت** حَنَاجِرُ: حلق، گلا، اس کا واحد حَنْجَرَۃٌ ہے۔

**تشریح** ارشاد ہے "ان کا ایمان ان کے گلے سے نیچے نہ اترے گا" یعنی ان کا ایمان زبانی ایمان ہوگا۔ دل سے اس کی تصدیق نہیں کریں گے۔ ایسا ایمان، قرآن پڑھنا، حدیث بیان کرنا کسی کام کا نہیں۔ ایمان تو وہ ہے کہ زبان سے اقرار کرے دل سے اس کی تصدیق کرے۔ اور پھر اس پر عمل کرے۔ یہ ایمان اللہ تعالیٰ کے نزدیک قابلِ قبول ہے۔ ارشاد ہے "یقیناً ان کے جہاد کرنے میں ثواب ہے۔ اس گروہ کیلئے جو اُن سے جہاد کرے" یعنی ان خوارج سے ساتھ جو گروہ جہاد کرے گا وہ حق پر ہوگا۔ اور اس کو روزِ قیامت ثواب ملے گا۔ چنانچہ حضرت امیر المومنین سیدنا علی المرتضٰی ؑ نے ان خوارج کے ساتھ جہاد کیا۔ تو ثابت ہوا کہ آپ ؓ حق پر تھے اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخرو ہوں گے۔

اسناده صحیح، لمتابعاته

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب صفحہ ۱۸۵)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۵/۱۷۶** اَنبَأَنَا اَحمَدُ ۱ بنُ سُلَیمَانَ وَ القَاسِمُ ۲ بنُ زَکَرِیَّا قَالَا حَدَّثَنَا عُبَیدُاللّٰہِ ۳ عَن اِسرَائِیلَ ۴ عَن اَبِی اِسحَاقَ ۵ عَن سُوَیدِ ۶ بنِ غَفَلَۃَ عَن عَلِیٍّ ۷ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَخرُجُ قَومٌ فِی اٰخِرِ الزَّمَانِ یَقرَؤُونَ القُراٰنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَہُم یَمرُقُونَ مِنَ الاِسلَامِ کَمَا یَمرُقُ السَّہمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ قِتَالُہُم حَقٌّ عَلٰی کُلِّ مُسلِمٍ

**ترجمہ** (جناب علی المرتضیٰ ؓ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اخیر زمانے میں ایک گروہ پیدا ہوگا جو قرآن تو پڑھے گا مگر ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا، اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے گھس کر نکل جاتا ہے۔ ان سے جہاد کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

وخالفه یوسف بن اسحاق فادخل بین ابی اسحاق وبین سوید بن غفلة عبد الرحمن بن مروان. صحیح رجال اسناده ثقاة (البلوشی،صفحہ ۱۸۶)

**حدیث نمبر ۶/۱۷۷** اَنبَأَنَا زَکَرِیَّا ۱ بنُ یَحیٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۲ بنُ العَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبرَاہِیمُ ۳ بنُ یُوسُفَ عَن اَبِیہِ ۴ عَن اَبِی اِسحٰقَ ۵ عَن اَبِی قَیسٍ ۶ الاَودِیِّ عَن سُوَیدِ ۷ بنِ غَفَلَۃَ عَن عَلِیٍّ ۸ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ یَخرُجُ فِی اٰخِرِ الزَّمَانِ قَومٌ یَقرَءُونَ القُراٰنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَہُم یَخرُجُونَ مِنَ الدِّینِ کَمَا یَخرُجُ السَّہمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ قِتَالُہُم حَقٌّ عَلٰی کُلِّ مُسلِمٍ

**ترجمہ** (جناب علی المرتضیٰ ؑ) سے روایت ہے اور وہ جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۶

۱۔ احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

۲۔ قاسم بن زکریا: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۱

۳۔ عبیداللہ بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲

۴۔ اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

۵۔ ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴

۶۔ سوید بن غفلہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۵:۶

۷۔ علی المرتضیٰ ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۷،اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

آخرزمانے میں ایک گروہ پیدا ہوگا وہ قرآن تو پڑھے گا مگر وہ ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح شکار سے تیر گھس کر نکل جاتا ہے۔ان سے جہاد کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

**حدیث نمبر۱۷۸/۷** اَخبَرَنِی اَحمَدُ ا بنُ شُعَیبٍ قَالَ اَخبَرَنَا مُحَمَّدُ ۲ بنُ بَکَّارٍ الحَرَّانِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُخلَّدُ ۳ قَالَ حَدَّثَنَا اِسرَآئِیلُ ۴ عَن اِبرَاهِیمَ ۵ بنِ عَبدِ الاَعلَی عَن طَارِقِ ۶ بنِ زِیَادٍ قَالَ خَرَجنَا مَعَ عَلِیٍّ اِلَی الخَوَارِجِ فَقَتَلَهُم ثُمَّ قَالَ انظُرُوا فَاِنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ

---

بقیہ حواشی: اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۷

۱: زکریا بن یحییٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۹  ۲: محمد بن العلاء: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۷

۳: ابراہیم بن یوسف: ابراہیم بن یوسف بن اسحاق بن ابی اسحاق السبیعی صدوق ہے۔یھم ،طبقہ السابعہ سے ہے ۱۹۸ھ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب،صفحہ ۲۴)

۴: ابیہ: یہ یوسف بن اسحاق بن ابی اسحاق السبیعی ہے۔یہ کبھی کبھی اپنے جد کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ثقہ ہے۔طبقہ السابعہ سے ہے۔۱۵۷ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۳۸۸)

۵: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲

۶: ابی قیس الاودی: اس کا نام عبدالرحمٰن بن ثروان ہے اور کنیت ابوقیس الاودی الکوفی ہے، صدوق ہے۔ربما خالف طبقہ السادسۃ سے ہے۔ ۱۲۰ھ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۱۹۹)

۷: سوید بن غفلہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱۷۵

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۸

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۸۹

۲: محمد بن بکار الحرانی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۳۸

۳: مخلد: مخلد بن یزید القرشی الحرانی صدوق ہے لہ اوھام طبقہ التاسعہ کے اکابرین سے ہے ۱۹۳ھ ہجری میں وفات پائی (التقریب،صفحہ ۳۳۱) ابن معین نے کہا ثقہ ہے، ابی داؤد اور یعقوب بن سفیان نے بھی ثقہ کہا ہے، احمد سے روایت ہے لا باس بہ و کان یھم (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، صفحہ ۱۸۸)

۴: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۳۶

۵: ابراہیم بن الاعلیٰ: ابراہیم بن عبدالاعلیٰ الجعفی الکوفی ثقہ ہے۔طبقہ السادسۃ سے ہے۔(التقریب،صفحہ ۲۱)

۶: طارق بن زیاد: طارق بن زیاد کوفی مجہول ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔(التقریب،صفحہ ۱۵۶) یہ حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام سے مخدج کا قصہ روایت کرتا ہے اور ان سے ابراہیم بن عبدالاعلی روایت کرتا ہے۔ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے میں کہتا ہوں کہ بقول ابن خراش کے یہ مجہول ہے۔(تہذیب التہذیب، جلد ۵ صفحہ ۳)



Marfat.com

قَالَ اِنَّهُ سَيَخْرُجُ قَوْمٌ يَتَكَلَّمُوْنَ بِالْحَقِّ لَا يُجَاوِزُ حُلُوْقِهِمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْحَقِّ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ سِيمَا هُمْ اَنَّ فِيهِمْ رَجُلًا اَسْوَدَ مُخْدَجَ الْيَدِ فِي يَدِهٖ شَعْرَاتٌ سُوْدٌ اِنْ كَانَ هُوَ فَقَدْ قَتَلْتُمْ شَرَّ النَّاسِ وَ اِنْ لَمْ يَكُنْ هُوَ فَقَدْ قَتَلْتُمْ خَيْرَ النَّاسِ فَبَكَيْنَا قَالَ اطْلُبُوْا فَطَلَبْنَا فَوَجَدْنَا الْمُخْدَجَ فَخَرَرْنَا سُجُوْدًا وَ عَلِيٌّ مَعَنَا سَاجِدًا غَيْرَ اَنَّهُ يَتَكَلَّمُوْنَ بِكَلِمَةِ الْحَقِّ

**ترجمہ** طارق بن زیاد سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی (المرتضیٰ ؓ) کی معیت میں خوارج کے خلاف نکلے تو ان کو قتل کیا پھر فرمایا تلاش کرو۔ پس بے شک اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا تھا کہ عنقریب ایک ایسی قوم پیدا ہوگی جو کلمہ حق کہے گی، وہ ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا وہ لوگ حق سے نکل جائیں گے۔ جس طرح شکار سے تیر گھس کر نکل جاتا ہے۔ اس گروہ کی یہ پہچان ہے کہ اس گروہ میں ایک آدمی ہے سیاہ، اس کا ہاتھ ناقص ہے۔ اس کے ہاتھ پر سیاہ بال ہیں۔ اگر وہ ہو تو تحقیق تم نے بدترین لوگوں کا قتل کیا۔ اور اگر وہ نہ ہو تو تحقیق قتل کیا تم نے بہترین لوگوں کا پس ہم روئے۔ فرمایا تلاش کرو تو ہم نے تلاش کیا تو ہم نے ناقص ہاتھ والے کو پالیا۔ سو ہم سجدے میں گر پڑے اور حضرت علی المرتضیٰ ؓ نے بھی ہمارے ساتھ سجدہ کیا۔

**تشریح** ارشاد ہے "وہ ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا" یعنی اگرچہ وہ نعرہ حق ہوگا مگر وہ خود اس پر عمل و یقین نہ رکھتے ہوں گے، وہ کلمہ حق اپنی مقصد برآری کیلئے صرف زبانی کہیں گے اور لوگوں کو اس پر دھوکہ اور فریب دیں گے۔

**حدیث نمبر ۸/۱۷۹** اَنْبَأَنَا الْحَسَنُ ۱ بْنُ مُدْرِكٍ (الطحان) قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى ۲ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ ۳ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابو بلج ۴ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمِ بْنِ بلج قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سُلَيْمِ ۵ بْنِ بَلْج اَنَّهُ كَانَ مَعَ عَلِيٍّ يَوْمَ النَّهْرِ وَ اِنْ قَالَ وَ كُنْتُ قَبْلَ ذَاكَ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۷۹

۱: الحسن بن مدرک: حسن بن مدرک بن بشیر السدوسی کی کنیت ابو علی ہے۔ البصری الطحان ہے لاباس بہ و نسبہ ابو داؤد الی تلقین المشائخ طبقہ الحادیہ عشرۃ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۷۲)

۲: یحییٰ بن حماد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۲۳

۳: ابوعوانہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۲۳ ۴: یحییٰ بن سلیم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۳

۵: ابی: یہ یحییٰ کا والد سلیم بن بلج الفزاری ہے۔ مقبول ہے اور طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۱۳۲)



Marfat.com

أُصَارِعُ رَجُلًا عَلٰى يَدِهٖ شَيْئٌ فَقُلْتُ مَا شَانُ يَدِكَ قَالَ اَكَلَهَا بَعِيْرٌ فَلَمَّا كَانَ يَوْمَ النَّهْرَوَانِ وَ قَتَلَ عَلِيٌّ الْحَرُوْرِيَّةَ فَخَرَجَ عَلِيٌّ قَتْلَتِهِمْ حِيْنَ لَمْ يَجِدْ ذَالثَّدْيِ فَطَافَ حَتّٰى وَجَدَهٗ فِيْ سَاقِيَةٍ فَقَالَ صَدَقَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَ بَلَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ قَالَ فِيْ مَنْكِبَيْهِ ثَلٰثُ شَعَرَاتٍ مِنْ حُلْمَةِ الثَّدْيِ ثَوَابُ مَنْ قَتَلَهُمْ

**ترجمہ** ابوسلیم بلجی کہتے ہیں کہ مجھے میرے باپ نے بتایا کہ جنگ نہروان میں ، میں بھی (جناب) علی (المرتضیٰ ؑ) کے ساتھ تھا۔اس نے کہا کہ میں اس سے پہلے ایک شخص سے پہلوانی کرتا تھا جس کے ہاتھ پر کچھ تھا۔تو میں نے اس سے پوچھا کہ تیرے ہاتھ کو یہ کیا ہوا ہے تو اس نے کہا کہ اسے اونٹ نے چبایا تھا۔جب نہروان کی لڑائی کا دن ہوا،اور علی المرتضیٰ ؑ نے خوارج کو قتل کیا تو جناب علی المرتضیٰ ؑ خوارج کے مقتولوں کی تلاش میں نکلے۔تو آپ (ؑ) نے ہاتھ کٹا انسان نہ پایا۔جناب امیر المومنین ؑ نے اس قتل گاہ کے گرد چکر لگایا یہاں تک کہ اس شخص کی لاش کو نالہ میں گرا ہوا پالیا۔تو فرمایا کہ اللہ بزرگ و برتر نے سچ فرمایا اور رسول اللہ ﷺ نے اس سچائی کو ہمیں پہنچایا۔اور کہا اس کے کندھے پر تین بال تھے اوپر سر پستان کے،جوان کو قتل کرے اس کیلئے اجر ہے۔

**حل لغت** اصارع: میں کشتی کرتا ہوں، پہلوانی کرتا ہوں۔مصارعة: کشتی کرنا۔الساقية: چھوٹی ندی،نالہ۔

**تشریح** ارشاد ہے''جس کے ہاتھ پر کچھ تھا''یعنی اسکے ہاتھ میں کچھ کمی تھی یا نقص تھا،ٹنڈا تھا۔ارشاد ہے''تو آپ (ؑ) نے ہاتھ کٹا انسان نہ پایا''یعنی وہ شخص کہ جس کا ہاتھ عورت کے پستان کے سر کی طرح تھا اسکی لاش کو نہ پایا۔

اسنادہ حسن (البلوشی،صفحہ۱۸۸)

**حدیث نمبر ۹/۱۸۰** اَنْبَاَنَا عَلِيُّ[۱] بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْفُضَيْلِ[۲] قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ[۳] بْنُ الْكُلَيْبِ الْجَرَمِيُّ عَنْ اَبِيْهِ[۴] قَالَ كُنْتُ عِنْدَ عَلِيٍّ جَالِسًا اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ عَلَيْهِ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر۱۸۰

۱: علی بن المنذر: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۷

۲: ابن فضیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۷

۳: عاصم بن الکلیب الجرمی: عاصم بن کلیب بن شہاب بن المجنون الجرمی الکوفی صدوق ہے رمی بالا رجاء طبقہ الخامسہ سے ہے ۱۳۷ھ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ۱۶۰)

۴: ابیہ: یہ عاصم کا باپ کلیب بن شہاب ہے صدوق ہے،طبقہ الثانیہ سے ہے۔و وهم من ذكره فى الصحابة .(التقریب،صفحہ۲۸۶)

ثِیَابُ السَّفَرِ وَ عَلِیٌّ یُکَلِّمُ النَّاسَ وَ یُکَلِّمُوْنَهٗ فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَتَکَلَّمَ فَلَمْ یَلْتَفِتْ اِلَیْهِ وَ شَغَلَهٗ مَاهُوَ فِیْهِ فَجَلَسَ اِلٰی رَجُلٍ فَسَاَلَهٗ مَا خَبَرُکَ فَقَالَ کُنْتُ مُعْتَمِرًا فَلَقِیْتُ عَائِشَةَ فَقَالَتْ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ الَّذِیْنَ خَرَجُوْا فِیْ اَرْضِکُمْ بِمَا یُسَمُّوْنَ حَرُوْرِیَّةً قُلْتُ خَرَجُوْا فِیْ مَوْضِعٍ یُسَمّٰی حَرُوْرًا فُسَمِّیَ بِذَالِکَ فَقَالَتْ طُوْبٰی لِمَنْ شَهِدَ مِنْکُمْ یَعْنِی هَلَکَتَهُمْ لَوْشَآءَ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ لَاَخْبَرَکُمْ خَبَرَهُمْ فَجِئْتُ اَسْاَلُهٗ عَنْ خَبَرِهِمْ فَلَمَّا فَرَغَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ اَیْنَ الْمُسْتَاْذِنُ فَقَصَّ عَلَیْهِ کَمَا قَصَّ عَلَیْنَا قَالَ اِنِّیْ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ لَیْسَ عِنْدَهٗ اَحَدٌ غَیْرَ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ لِیْ کَیْفَ اَنْتَ یَا عَلِیُّ وَ قَوْمٌ کَذَا وَ کَذَا قُلْتُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ ثُمَّ اَشَارَ بِیَدِهٖ وَ قَالَ قَوْمٌ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْمَشْرِقِ وَ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَهُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّیْنِ کَمَا یَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ فِیْهِمْ رَجُلٌ مُخْدَجٌ کَاَنَّ یَدَهٗ ثَدْیٌ اَنْشُدُکُمْ بِاللّٰهِ اَخْبَرْتُکُمْ بِهٖ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَنْشُدُکُمْ بِاللّٰهِ اَخْبَرْتُکُمْ اَنَّهٗ فِیْهِمْ قَالُوْا نَعَمْ فَاَتَیْتُمُوْنِیْ وَ اَخْبَرْتُمُوْنِیْ اَنَّهٗ لَیْسَ فِیْهِمْ فَحَلَفْتُ لَکُمْ بِاللّٰهِ اَنَّهٗ فِیْهِمْ فَاَتَیْتُمُوْنِیْ بِهٖ تَسْحَبُوْنَهٗ کَمَا نَعَتُّ لَکُمْ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ

**ترجمہ** کلیب سے روایت ہے کہ میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ اچانک ایک شخص آیا جس نے سفر کے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ اور جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم لوگوں سے باتیں کررہے تھے اور لوگ ان سے۔ تو اس شخص نے کہا کہ اے امیر المومنین ! آپ مجھے اجازت دیں تاکہ میں آپ سے گفتگو کروں۔ پس (علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے اور جس گفتگو میں مصروف تھے مشغول رہے۔ تو وہ ایک شخص کے پاس بیٹھا، تو اس شخص نے اس سے پوچھا کہ تو کیسے آیا ہے؟ تو اس مسافر نے کہا کہ میں عمرہ کرنے کیلئے گیا تو میری ملاقات عائشہ (صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے ہوئی۔ تو عائشہ (صدیقہ رضی اللہ عنہا) نے مجھ سے پوچھا کہ تمہاری زمین میں جو خوارج قوم پیدا ہوئی ہے تو اس کا نام حروریہ کیوں رکھا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ وہ اس گاؤں سے نکلے جس کا نام حرورا ہے۔ اس لئے ہم ان کو حروریہ کے نام سے پکارا۔ تو انہوں نے فرمایا کہ ان کو برباد کرنے کیلئے جو حاضر ہوا اس کیلئے خوشخبری ہے۔ اگر علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ چاہیں تو ان کی بات تم لوگوں کو بتائیں۔ تو میں ان لوگوں



Marfat.com

کی خبر پوچھنے کیلئے آیا ہوں۔ جب علی (المرتضیٰ ﷜) فارغ ہوگئے، تو فرمایا اجازت طلب کرنے والا کہاں ہے۔ تو جس طرح ہمارے سامنے واقعہ بیان کیا تھا، اس کے سامنے بیان کردیا۔ حضرت علی (المرتضیٰ ﷵ) نے فرمایا کہ میں رسول مقبول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت سوائے ام المومنین عائشہ (صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے اور کوئی موجود نہ تھا۔ تو مجھے ارشاد فرمایا اے علی اس وقت تیری کیا کیفیت ہو جبکہ ایک ایسی قوم سے تیرا واسطہ پڑے گا۔ میں نے عرض کیا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ خوب جانتے ہیں۔ پھر حضرت رسول کریم ﷺ نے اپنے ہاتھ (مبارک) سے ارشاد فرمایا۔ اور ارشاد فرمایا کہ مشرق کی طرف سے ایک گروہ پیدا ہوگا۔ جو قرآن پڑھے گا۔ وہ قرآن ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا۔ یہ دین (اسلام) سے اس طرح نکل جائیں گے، جس طرح شکار سے تیر گھس کر نکل جاتا ہے۔ ان میں ایک آدمی ہے ناقص ہاتھ والا، گویا اس کا ہاتھ (عورت کے) پستان جیسا ہے۔ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں کہ میں نے اس کی خبر تم کو دی۔ تمام حاضرین نے کہا کہ ہاں، تو جناب علی المرتضیٰ ﷜ نے فرمایا میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ میں نے تمہیں بتایا تھا کہ وہ شخص ان میں موجود ہے۔ سب حاضرین نے کہا کہ ہاں! تو تم لوگ میرے پاس آئے اور تم نے کہا کہ وہ شخص ان میں نہیں ہے، سو تم اس کی لاش کو گھسیٹ کر میرے پاس لائے۔ جیسے میں نے اس کی پہچان تمہارے لئے بیان کی تھی۔ سب حاضرین نے کہا کہ ہاں۔ جناب علی المرتضیٰ ﷵ نے فرمایا کہ اللہ (تعالیٰ جل جلالہ) اور اس کے رسول (مقبول ﷺ) نے سچ فرمایا۔

**تشریح** ارشاد ہے "سفر کے کپڑے پہنے ہوئے" یعنی مسافر تھا ارشاد ہے "تو کیسے ہے" یعنی تو یہ کیا کہتا ہے، تیرا کیا حال ہے، تو کیا پوچھنا چاہتا ہے۔ ارشاد ہے "اللہ (تعالیٰ جل جلالہ) اور اس کے رسول (مقبول ﷺ) نے سچ فرمایا" یعنی نبی کریم ﷺ نے اس گروہ کی جو جو علامات اور صفتیں بیان کی ہیں وہ سب ہو بہو اسی طرح موجود تھیں اور اس شخص کی جو علامتیں بیان فرمائیں وہ سب اس میں موجود تھیں۔

اسنادہ حسن (البلوشی، خصائص، صفحہ ۱۸۹)

**حدیث نمبر ۱۸۱/۱۰** اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ الْعَلَاۗءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعٰوِيَةَ ۲ عَنِ الْاَعْمَشِ ۳ عَنْ زَيْدِ ۴ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَلِيٍّ ۵ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ لَمَّا كَانَ بِيَوْمِ النَّهْرَوَانِ لَقِيَ الْخَوَارِجَ

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۱

۱: محمد بن العلاء: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۷:۲
۲: ابومعاویہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۴:۲
۳: اعمش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳۲:۴
۴: زید بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۶:۶
۵: علی المرتضیٰ ﷜: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۶



Marfat.com

فَلَمْ یَبْرَحُوا حَتّٰی شَجَرُوا بِالرِّمَاحِ فَقُتِلُوا جَمِیعًا قَالَ عَلِیٌّ اِطّلِبُوا ذَا الثَّدِیَةِ فَطَلَبُوہُ فَلَمْ یَجِدُوہُ فَقَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ مَا کَذَبْتُ وَ لَا کُذِبْتُ اُطْلُبُوہُ فَطَلَبُوہُ فَوَجَدُوہُ فِی وَھْدَةٍ مِنَ الْاَرْضِ عَلَیْہِ نَاسٌ مِنَ الْقَتْلٰی فَاِذَا رَجُلٌ عَلٰی یَدِہٖ مِثْلَ سُبُلَاتِ السِّنَّوْرِ فَکَبَّرَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَ النَّاسُ وَ اَعْجَبَھُمْ ذَالِکَ

**ترجمہ** جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام سے روایت ہے۔ کہ جب جنگ نہروان کا دن آیا اور ہم خوارج کے مقابلہ میں آئے۔ پس وہ پیچھے نہ ہٹے یہاں تک کہ تیروں سے چھلنی ہوگئے سو وہ سب کے سب قتل ہوگئے۔ جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ پستان والے کو ڈھونڈو، تو لوگوں نے اس کی تلاش کی مگر اس کی لاش کو نہ پایا تو علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے جھوٹ نہیں کہا۔ اور میں نے جھوٹ نہیں کہا، تم اس کو تلاش کرو، تو اس کی لاش کو ایک گڑھے میں ڈھونڈ نکالا۔ اس کی لاش کے اوپر کئی اور مردے پڑے ہوئے تھے۔ پس اچانک ایک آدمی تھا کہ جس کے ہاتھ پر بلی کی مونچھوں کی طرح بال تھے تو جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام اور تمام لوگوں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کیا اور سب نے اس پر انتہائی تعجب کا اظہار کیا۔

**حل لغت** یَبْرَحُوا: جمع مذکر ہے، بَرْحٌ: مصدر ہے، ہٹ جانا، دور ہو جانا، بھاگ جانا۔ وَھْدَةٍ: گڑھا، پست زمین۔ سُبُلَات: مونچھیں۔ السِّنَّوْر: بلی۔

**تشریح** ارشاد ہے "اور اس پر انتہائی تعجب کا اظہار کیا" یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام کو سالہا سال پہلے جو اس فرقہ کے امیر کے قتل ہونے کی اطلاع اور خبر دی تھی وہ بعینہٖ صحیح اور درست ثابت ہوئی اور اس غیب جاننے والے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس غیب کے معجزہ کا اقرار کرتے ہوئے خداوند بزرگ و برتر کی کبریائی کا اظہار و اقرار نعرہ ہائے تکبیر بلند کر کے کیا کہ اس اللہ تعالیٰ نے ہم پر کتنا عظیم احسان فرمایا کہ ہمیں غیب دان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عطا فرمایا اور ہمیں نہایت ہی سچا امیر المومنین علی المرتضیٰ علیہ السلام جیسا امیر عطا فرمایا۔

اسنادہ صحیح، رجالہ ثقات (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۱۹۰)

**حدیث نمبر ۱۱/۱۸۲** اَنْبَأَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی [۱] بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ [۲] بْنُ دُکَیْنٍ عَنْ مُوْسٰی [۳] بْنِ قَیْسٍ الْحَضْرَمِیِّ عَنْ سَلَمَةَ [۴] بْنِ کُھَیْلٍ عَنْ زَیْدِ [۵] بْنِ وَھْبٍ

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۲

[۱] عبد الاعلیٰ بن واصل بن عبد الاعلیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۴۶

[۲] فضیل بن دکین: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۴۶

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

قَالَ خَطَبَنَا عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ بِقَنْطَرَۃَ الدّیزَ جَانِ فَقَالَ اِنَّہٗ قَدْ ذُکِرَلِیْ خَارِجَۃٌ یَخْرُجُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ وَ فِیْھِمْ ذُوالثُّدَیَۃِ فَقَاتِلْھُمْ فَقَالَتِ الْحَرُوْرِیَّۃُ بَعْضُھُمْ لِبَعْضٍ لَا تَعْلَمُھُمْ تُکَلِّمُھُمْ فَرَدُّوْکُمْ کَمَارَدَّکُمْ یَوْمَ حَرُوْرَا فَشَجَرَ بَعْضُھُمْ بَعْضًا بِالرِّمَاحِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحٰبِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِقْطَعُوا الْعَوَالِیَ وَ الْعَوَالِیَ الرِّمَاحِ فَدَارُوْا وَ اسْتَدَارُوْا او قُتِلَ مِنْ اَصْحَابِ عَلِیٍّ اِثْنَا عَشَرَ رَجُلًا اَوْ ثَلَاثَہَ عَشَرَ رَجُلًا فَقَالَ عَلِیٌّ اِلْتَمِسُوا الْمُخْدَجَ وَ ذٰلِکَ فِیْ یَوْمِ شَاتٍ فَقَالُوْا لَا نَقْدِرَ عَلَیْہِ فَرَکِبَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ بَغْلَۃَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ الشَّھْبَآءَ فَاَتَی وَھْدَۃً مِنَ الْاَرْضِ فَقَالَ اِلْتَمِسُوْا فِیْ ھٰؤُلَآءِ فَاَخْرَجَ فَقَالَ مَا کَذَبْتُ وَلَا کَذَبْتُ فَقَالَ اعْمَلُوْا وَ لَا تَتَّکِلُوْا لَوْلَا اَنِّیْ اَخَافُ اَنْ تَتَّکِلُوْا لَاَخْبَرْتُکُمْ بِمَا قَضَی اللّٰہُ لَکُمْ عَلٰی لِسَانِہٖ یَعْنِی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ شَھِدَنَا اُنَاسٌ مِنَ الْیَمَنِ فَقَالُوْا کَیْفَ یَااَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ کَانَ ھُوَ اَھَمَّ بِغْیَۃً

**ترجمہ** زید بن وہب سے روایت ہے۔وہ کہتا ہے کہ دیز جان کی پل پر جناب علی علیہ السلام نے ہمارے سامنے ایک خطبہ ارشاد فرمایا۔تحقیق میرے لئے (ایک فرقہ) کا ذکر کیا گیا جو پیدا ہوگا،اور مشرق کی جانب سے نکلے گا اور ان میں ذوالثدیہ ہوگا پس ان کے ساتھ جہاد کرنا۔تو حروریہ میں سے بعض نے بعض کو کہا علی المرتضیٰ علیہ السلام کے پیروکاروں کو نہیں جانتا کہ تو ان سے گفتگو کرے۔جس طرح کہ حرورا کے دن انہوں نے تمہیں رد کیا تھا۔اسی طرح اب بھی تمہیں لاجواب کردیں گے۔ان کے بعض نے بعض پر تیروں کے ساتھ قصد کیا تو اصحاب علی رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی نے کہا۔نیزے قطع کرو پس گرداگرد پھرے اور خوب گھومے اور حضرت علی علیہ السلام کے بارہ یا تیرہ لشکری شہید ہوئے۔پس علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا ناقص ہاتھ والا آدمی تلاش کرو اور یہ لڑائی سردی کے دنوں میں ہوئی۔تلاش کرنے والوں نے کہا کہ ہم اس شخص کے ڈھونڈے میں ناکام ہوگئے ہیں۔تو جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی الشہبا نامی خچر پر سوار ہوئے۔پس زمین کے ایک نالے پر آئے تو ارشاد فرمایا کہ اس میں اسے تلاش کرو۔تو اس نالہ سے اسے نکالا تو جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نہ جھوٹا ہوں اور نہ جھوٹ کہتا ہوں۔پھر

---

بقیہ حواشی:۳: موسیٰ بن قیس الحضرمی: موسیٰ بن قیس الحضرمی کی کنیت ابومحمد الفراء ہے کوفی ہے۔اس کا لقب عصفور الجنۃ ہے صدوق ہے رمی بالتشیع طبقہ السادسۃ سے ہے۔(التقریب،صفحہ۳۵۲)

۴: سلمۃ بن کھیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۱:۴ ۵: زید بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر۶۶:۶



Marfat.com

ارشاد فرمایا کہ عمل کرو، بھروسہ نہ کرو۔ اگر مجھے اس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ تم تکیہ کر لو گے تو ضرور میں تمہیں نبی کریم ﷺ کی زبانی ان تمام الٰہی فیصلوں کی خبر دے دیتا جو تمہارے متعلق ہیں اور البتہ تحقیق کچھ یمن کے رہنے والے ہمارے پاس آئے۔ تو انہوں نے عرض کی، اے امیر المومنین یہ کیا حال ہے؟ آپ ؓ نے ارشاد فرمایا کہ وہ بہت ضروری امر تھا از روئے حاجت کے۔

**حل لغت** | نَحیٰ: قصد کیا، مائل ہوئے۔ بِغْیَۃً: مقصد، مطلب۔

**تشریح** | ارشاد ہے "ان میں ذو الثدیہ ہوگا" یعنی اس گروہ میں ایک شخص ایسا ہوگا جس کا ایک ہاتھ عورت کے پستان کی طرح ہوگا۔ ارشاد ہے "اب بھی تمہیں لاجواب کر دیں گے" یعنی حضرت علی المرتضٰی ؓ اور ان کے اصحاب کے ساتھ تم کسی قسم کی گفتگو نہیں کر سکتے ہو کیونکہ تم ان کے دلائل کا جواب نہیں دے سکتے ہو۔ ارشاد ہے "ان کے بعض نے بعض پر تیروں کے ساتھ قصد کیا" یعنی دونوں لشکروں نے ایک دوسرے پر تیروں کی بوچھاڑ کر دی۔ ارشاد ہے "پس گرداگرد پھرے اور خوب گھومے" یعنی حضرت علی ؓ کا لشکر خوب بے جگری اور ہمت سے لڑا خوارج کے لشکر کے گرد گھوم گھوم کر لڑے۔ ارشاد ہے "اور حضرت علی ؓ کے صرف بارہ یا تیرہ لشکری شہید ہوئے" یعنی خوارج کی لاشوں کے پشتے لگ گئے مگر جناب علی المرتضٰی ؓ کے صرف بارہ یا تیرہ افراد شہید ہوئے اور جناب سیدنا علی المرتضٰی ؓ کو فتح نصیب ہوئی۔ ارشاد ہے "جناب علی المرتضٰی ؓ نبی کریم ﷺ کی اشہبا نامی خچر پر سوار ہوئے" یعنی خود بنفس نفیس اس ناقص ہاتھ والے کی تلاش میں نکلے اور تمام میدانِ جنگ میں اس لاش کو ڈھونڈا۔ ارشاد ہے "ضرور میں تمہیں نبی کریم ﷺ کی زبانی ان تمام الٰہی فیصلوں کی خبر دے دیتا جو تمہارے متعلق ہیں" یعنی وہ تمام غیب کی خبریں جو میں نے حضور نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے تمہارے بارے میں سنی ہیں تمہیں بتا دوں مگر اندیشہ ہے کہ تم ان باتوں پر بھروسہ کر کے عملِ صالح چھوڑ دو گے۔

اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۱۹۱)

**حدیث نمبر ۱۲/۱۸۳** | اَنبَاَنَا الْعَبَّاسُ [۱] بْنُ عَبْدِ الْعَظِیْمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ [۲] قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِکِ [۳] بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ سَلَمَۃَ [۴] بْنِ کُھَیْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَیْدُ [۵] بْنُ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۳

[۱] عباس بن عبدالعظیم: عباس بن عبدالعظیم بن اسماعیل العنبری کی کنیت ابو الفضل ہے۔ البصری ہے ثقہ، حافظ اور طبقہ الحادیۃ عشرۃ کے اکابرین سے ہے ۲۴۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۱۶۵)

[۲] عبدالرزاق: عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری کی کنیت ابوبکر ہے، صغانی ہے، ثقہ، حافظ اور مشہور مصنف ہے۔ آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے، پس تغیر واقع ہو گیا۔ وکان یتشیع طبقہ التاسعہ سے ہے۔ ۲۱۱ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۳) (حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

وَهْبٍ اَنَّهٗ كَانَ فِي الْجَيْشِ الَّذِيْنَ كَانُوْا مَعَ عَلِيٍّ سَارُوْآ اِلَى الْخَوَارِجِ فَقَالَ عَلِيٌّ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَيَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ اُمَّتِيْ يَقْرَؤُنَ الْقُرْاٰنَ لَيْسَ قِرْاَتُكُمْ اِلٰى قِرْاَتِهِمْ بِشَيْئٍ وَلَا صَلٰوتُكُمْ اِلٰى صَلٰوتِهِمْ بِشَيْئٍ وَلَا صِيَامُكُمْ اِلٰى صِيَامِهِمْ بِشَيْئٍ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهٗ لَهُمْ وَهُوَ عَلَيْهِمْ وَلَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَوْ يَعْلَمُوْنَ الْجَيْشَ الَّذِيْنَ يُصِيْبُوْنَهُمْ مَا قَضَى اللّٰهُ لَهُمْ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِمْ لَا تَّكَلُوْنَ الْعَمَلَ وَاٰيَةُ ذَالِكَ اَنَّ فِيْهِمْ رَجُلًا لَهٗ عَضُدٌ وَلَيْسَ لَهٗ زِرَاعٌ عَلٰى رَأْسِ عَضُدِهٖ مِثْلُ حُلْمَةِ الثَّدْيِ لِلْمَرْاَةِ وَعَلَيْهِ شَعَرَاتٌ بِيْضٌ فَتَذْهَبُوْنَ اِلٰى مُعَاوِيَةَ وَاَهْلِ الشَّامِ وَتَتْرُكُوْنَ هٰؤُلَاءِ يَخْلُفُوْنَكُمْ فِيْ ذَرَارِيْكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرْجُوْا اَنْ يَّكُوْنَ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ فَاِنَّهُمْ قَدْسَفَكُوا الدَّمَ الْحَرَامَ وَاَغَارُوْا فِيْ سَرْحِ النَّاسِ فَسِيْرُوْا عَلَى اسْمِ اللّٰهِ قَالَ سَلَمَةُ فَنَزَلَنِيْ زَيْدُ بْنُ وَهَبٍ مَنْزِلًا حَتّٰى مَرَرْنَا عَلٰى قَنْطَرَةٍ وَعَلَى الْخَوَارِجِ يَوْمَئِذٍ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ الرَّاسِبِيُّ فَقَالَ لَهُمْ اَلْقُوا الرِّمَاحَ وَسُلُّوْا سُيُوْفَكُمْ مِنْ جُفُوْنِهَا فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يُّنَاشِدُوْكُمْ كَمَانَاشَدُوْا يَوْمَ حَرُوْرَا فَرَجَعُوْا فَوَحَّشُوْا بِرِمَاحِهِمْ وَسَلُّوا السُّيُوْفَ وَشَجَرَهُمُ النَّاسُ يَعْنِيْ بِرِمَاحِهِمْ فَقُتِلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَمَا اُصِيْبُ مِنَ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ اِلَّا رَجُلَانِ قَالَ عَلِيٌّ اِلْتَمِسُوْا فِيْهِمُ الْمُخْدَجَ فَلَمْ يَجِدُوْهُ فَقَامَ عَلِيٌّ بِنَفْسِهٖ حَتّٰى اَتٰى نَاسًا قَتْلٰى بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ قَالَ جُرُّوْهُمْ فَوَجَدُوْهُ مِمَّا يَلِيَ الْاَرْضَ فَكَبَّرَ عَلِيٌّ ثُمَّ قَالَ صَدَقَ اللّٰهُ وَبَلَّغَ رَسُوْلُهٗ فَقَامَ اِلَيْهِ عُبَيْدَةُ السَّلْمَانِيُّ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَسَمِعْتَ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَسَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِسْتَحْلَفَهٗ ثَلٰثًا وَهُوَ يَحْلِفُ لَهٗ

---

بقیہ حواشی: ۳: عبدالملک بن ابی سلیمان: عبدالملک بن ابی سلیمان میسرہ العرزمی صدوق ہے۔ لـــہ اوھـام طبقہ الخامسہ سے ہے۔ ۱۴۵ھ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۱۹)

۴: سلمۃ بن کھیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۴ ۵: زید بن وہب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۶۶



Marfat.com

ترجمہ | زید بن وہب سے روایت ہے یہ کہ وہ بھی اس لشکر میں حضرت علی المرتضیٰ ﷺ کے ساتھ تھا جو خوارج سے جہاد کیلئے نکلا تھا۔ تو جناب علی المرتضیٰ ﷺ نے فرمایا اے لوگو! بے شک میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا عنقریب میری امت سے ایک گروہ پیدا ہوگا۔ تمہاری قرأت ان کی قرأت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہ ہوگی اور تمہاری نمازیں ان کی نمازوں کے مقابلہ میں کچھ بھی نہ ہوں گی اور تمہارے روزے ان کے روزوں کے مقابلہ میں ہیچ ہوں گے۔ قرآن اس خیال سے پڑھیں گے کہ ان کیلئے ثواب ہے حالانکہ وہ ان پر وبال ہے۔ وہ ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا، دین اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح شکار میں تیر گھس کر نکل جاتا ہے۔ اگر وہ لشکر جوان خوارج سے لڑ کر مصیبتوں کو جھیلتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے الٰہی فیصلہ کو جو ان کے متعلق ہے۔ (ثواب) جانتے تو عمل پر بھروسہ نہ کرتے اور اس کی علامت یہ ہے کہ ان میں ایک شخص ہے جس کا بازو ہے اور ہاتھ نہیں ہے۔ اس کے بازو کے سر پر عورت کے پستان کی علامت جیسی ہے اور اس پر سفید بال ہیں۔ سو تم معاویہ اور اہلِ شام کی طرف جاؤ گے اور ان کو چھوڑ دو گے۔ وہ تمہارے بعد تمہارے بال بچوں اور تمہارے اموال پر چڑھ دوڑیں گے اور تم کو غارت کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! میں امید رکھتا ہوں کہ یہ قوم وہی ہے کہ انہوں نے ناحق خون بہایا، لوگوں کے جانوروں کو لوٹا، پس اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکل پڑو۔ سلمہ نے کہا کہ زید بن وہب نے ہم کو ایک جگہ پر اتارا یہاں تک کہ ہم نے ایک پل کو عبور کیا۔ اس وقت خوارج کا بڑا عبداللہ بن وہب راسبی تھا۔ تو اس نے انہیں کہا کہ تیر پھینک دو اور اپنی تلواریں نیاموں سے نکال لو۔ سو مجھے خوف ہے کہ کہیں وہ تمہیں قسمیں نہ دیں جس طرح کہ حرورا کی لڑائی کے دن انہوں نے قسمیں کھائیں۔ پس وہ لوٹے اور برچھے پھینک دیئے اور تلواریں سونت لیں اور لوگوں نے انہوں برچھوں پر رکھ لیا پس ان کے کشتوں کے پشتے لگ گئے اور سیدنا حضرت علی ﷺ کے لشکر سے اس دن صرف دو اشخاص شہید ہوئے۔ حضرت علی ﷺ نے فرمایا کہ ان میں ناقص ہاتھ والا آدمی ڈھونڈو۔ پس اسے نہ پایا تو (حضرت علی ﷺ) بنفس نفیس اٹھے۔ یہاں تک کہ کچھ لاشوں پر آئے جو ایک دوسرے پر پڑی ہوئی تھیں۔ ارشاد فرمایا کہ ان لاشوں کو کھینچ کر الگ کر دو تو اس کی لاش کو ان سب لاشوں کے نیچے پایا۔ فوراً (جناب امیر المومنین) علی المرتضیٰ ﷺ نے تکبیر بلند فرمائی۔ پھر ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا، اور اس کو اس کے رسول کریم ﷺ نے پہنچا دیا۔ عبیدہ سلمانی (ﷺ) آپ ﷺ کے حضور میں کھڑا ہوا، عرض کیا کہ اے امیر المومنین قسم ہے اس ذات کی کہ نہیں کوئی معبود مگر وہی کہ یہ حدیث شریف تو میں نے خود رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔ (سیدنا علی ﷺ) نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی کہ نہیں کوئی معبود برحق مگر وہی کہ میں نے یہ حدیث شریف



Marfat.com

رسول کریم ﷺ سے سنی ہے۔ یہاں تک کہ (علی کرم اللہ وجہہ الکریم) نے اُس (عبیدہ رضی اللہ عنہ) سے تین بار قسم لی اور وہ (سیدنا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم) کیلئے قسم اٹھاتا تھا۔

**حل لغت** اَغَارَ: چھاپہ مار، اس کی جمع اَغَارُوا ہے، انہوں نے چھاپے مارے۔ سَرَحَ: صبح کو چرنا۔ رَوَحَ: شام کو چرنا اور چرانا۔ قَنطَرَۃ: پل۔ سَلَّ: سونت لینا، تلوار نیام سے کھینچ لینا۔ جَفْنٌ: اس کی جمع جُفُوْنٌ ہے، تلوار کا نیام نَشَدَ: قسم دینا۔ وَحَشَ: پھینک دینا۔ شَجَرَ: کونچنا، دھکیلنا۔

**تشریح** ارشاد ہے "تو عمل پر بھروسہ نہ کرتے" یعنی عمل کرنا چھوڑ دیتے۔ ارشاد ہے "وہ تمہارے بعد تمہارے بال بچوں اور تمہارے اموال پر چڑھ دوڑیں گے" یعنی تمہاری اولادوں کو قتل و غارت کریں گے اور تمہارے مال و اسباب کو لوٹ کر لے جائیں گے اور تم کو غارت کریں گے۔ ارشاد ہے "لوگوں کے جانوروں کو لوٹا" یعنی جب صبح کے وقت لوگ جانور چرانے کیلئے صحرا کی طرف لے جاتے تو خارجی لوگ ان پر چھاپے مارتے اور لوٹ کر لے جاتے۔ ارشاد ہے "پس اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکل پڑو" یعنی ان خوارج کی تلاش میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے نکلو اور جہاں کہیں بھی ملیں ان کو ختم کر دو۔ ارشاد ہے "یہاں تک کہ ہم نے ایک پل کو عبور کیا" یعنی جب پل کو عبور کیا تو خوارج کو پالیا۔ ارشاد ہے "اس وقت خوارج کا بڑا عبداللہ بن وہب راسبی تھا" یعنی اس دن خوارج کا امیر لشکر عبداللہ بن وہب راسبی تھا۔ ارشاد ہے "تو اس نے انہیں کہا کہ تیر پھینک دو" یعنی عبداللہ بن وہب راسبی نے اپنے لشکر کو حکم دیا کہ تیر پھینک دو۔ ارشاد ہے "اور اپنی تلواریں نیاموں سے نکال لو" یعنی دست بدست جنگ کرو۔ ارشاد ہے "سو مجھے خوف ہے کہ کہیں وہ تمہیں قسمیں نہ دیں جس طرح کہ حروراء کی لڑائی کے دن انہوں نے قسمیں کھائیں" یعنی برچھے پھینک کر جلدی تلواریں لے کر ان میں گھس جاؤ اور ان کو کسی قسم کا کوئی موقع نہ دو اور نہ ہی کوئی حیلہ کرنے کی فرصت دو۔ ارشاد ہے "اور تلواریں سونت لیں" یعنی خارجیوں نے دست بدست لڑائی شروع کر دی۔ ارشاد ہے "اور لوگوں نے ان کو برچھوں پر رکھ لیا" یعنی علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں نے سب خارجیوں کو کونچ ڈالا۔ ارشاد ہے "پس اسے نہ پایا" یعنی لشکر نے اس علامت والے شخص کی لاش کو باوجود تلاشِ بسیار نہ پایا۔ ارشاد ہے "علی (المرتضٰی رضی اللہ عنہ) بنفس نفیس اٹھے" یعنی خود اس کی لاش تلاش کرنے کیلئے نکلے۔

صحیح، علی شرط مسلم

(احمد میرین البلوشی، صفحہ ۱۹۲)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۳/۱۸۴** اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ ۱ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَدِيٍّ ۲ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ۳ عَنْ مُحَمَّدٍ ۴ عَنْ عُبَيْدَةَ ۵ قَالَ عَلِيٌّ ؓ لَوْلَا اَنْ تَبْطَرُوْا اَنْبَأْتُكُمْ مَا وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَقْتُلُوْنَهُمْ عَلٰى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قُلْتُ اَنْتَ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

**ترجمہ** محمد بن عبیدہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (جناب) علی (المرتضیٰ) ؓ نے ارشاد فرمایا اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم فخر کرتے تو البتہ میں تم کو خبر دیتا اس بات کی کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو قتل کرنے کا وعدہ جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے دلایا ہے۔ میں نے کہا کہ کیا تو نے یہ حدیث حضرت رسول کریم ﷺ سے سنی ہے تو کہا ہاں رب کعبہ کی قسم، ہاں رب کعبہ کی قسم، ہاں رب کعبہ کی قسم۔

**حل لغت** بطر: اترانا، فخر کرنا، تکبر کرنا۔ ای: حرف ایجاب ہے بمعنی ہاں۔

**تشریح** ارشاد ہے "اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے قتل کرنے کا وعدہ جناب محمد ﷺ کی زبان مبارک سے دلایا ہے" یعنی ان خوارج کے قتل کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حضور پیغمبر اسلام ﷺ کی زبان مبارک سے وعدہ کیا ہے۔

صحیح، رجال اسنادہ ثقات، من رجال الشیخین (احمد میرین البلوشی، صفحہ ۱۹۳)

**حدیث نمبر ۱۴/۱۸۵** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ ۲ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ ۳ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَوْنٍ ۴ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ۵ بْنُ سِيْرِيْنَ قَالَ قَالَ عبيدة ۶ السلمانی لَمَّا كَانَ جِئْتُ اُصِيْبُ اَصْحَابَ النَّهْرَوَانِ قَالَ عَلِيٌّ اِبْتَغُوْهُ فِيْهِمْ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۴

۱: قتیبۃ بن سعید: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱۰

۲: ابن عدی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۸۳

۳: ابن عون: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۱۵۸

۴: محمد: محمد بن سیرین الانصاری ابوبکر بن ابی عمرۃ البصری ثقہ، ثبت، عابد اور معزز ہے کان لا یروی الروایۃ بالمعنی طبقہ الثالثہ سے ہے۔ سنہ ۱۱۰ ہجری میں فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۳۰۱)

۵: عبیدۃ: عبیدۃ بن عمرو السلمانی کی کنیت ابو عمرو الکوفی ہے۔ اکابر تابعین سے ہے۔ مخضرم، ثقہ اور ثبت ہے۔ قاضی شریح کو جب کوئی مسئلہ پیش آتا تو آپ سے پوچھتا۔ سنہ ۷۰ ہجری کے بعد فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۳۰) (اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۵، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

فَاِنَّهُمْ اِنْ كَانَ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ذَكَرَهُمْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاِنَّ مِنْهُمْ رَجُلٌ مُخْدَجُ الْيَدِ اَوْ مَثْدُوْنُ الْيَدِ اَوْ مُوْدَنُ الْيَدِ فَابْتَغَيْنَاهُ فَوَجَدْنَاهُ فَدَلَّلْنَاهُ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَاٰهُ قَالَ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ لَوْلَا اَنْ تَبْطَرُوْا ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا لَحَدَّثْتُكُمْ بِمَا قَضَى اللهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِمَنْ وَلِيَ قَتْلَ هٰؤُلَاءِ قُلْتُ اَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثَلَاثًا

**ترجمہ** محمد بن سیرین نے فرمایا کہ عبیدہ سلمانی فرماتے ہیں کہ جب میں آیا اصحاب نہروان قتل ہوئے تو حضرت علی نے فرمایا کہ ان میں اس شخص کو تلاش کرو۔ سو اگر وہ لوگ وہی ہیں جن کا بیان جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ تو یقیناً ان میں ایک ناقص ہاتھ والا آدمی ہے یا پستان کی طرح ہاتھ والا یا کم ہاتھ والا۔ پس ہم نے اس کو تلاش کیا تو ہم نے اسے پالیا پھر اسے جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام کو بتلایا۔ سو جب جناب علی المرتضیٰ علیہ السلام نے اسکی لاش کو دیکھا تو تین بار نعرۂ تکبیر بلند فرمائی۔ اگر یہ بات نہ ہو کہ تم فخر کرتے تو البتہ میں تم کو بیان کرتا وہ بات جو اللہ عزوجل نے رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے فیصلہ فرمایا ہے اس شخص کے متعلق کہ والی ہوا ان کے قتل کا۔ میں نے کہا کہ تو نے یہ حدیث شریف حضرت رسول اللہ ﷺ سے خود سنی ہے، اس نے کہا کہ ہاں، تین بار رب کعبہ کی قسم کھائی۔

**تشریح** ارشاد ہے ''کہ جب میں آیا''۔ یعنی عبیدہ سلمانی فرماتے ہیں کہ جنگ نہروان کے دن جس وقت میں آیا۔ ارشاد ہے ''اس شخص کو تلاش کرو'' یعنی ان لاشوں میں اس شخص کی لاش کو تلاش کرو۔ ارشاد ہے ''کم ہاتھ والا'' یعنی وہ خارجی کہ جس کی علامت حضور اکرم ﷺ نے بیان فرمائی تھی۔

صحیح رجاله. رجال الشیخین سوائے اسماعیل بن مسعود و هو ثقة (البلوشی،۱۹۴)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۵

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: اسماعیل بن مسعود: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۴:۲

۳: المعتمر بن سلمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۱:۳

۴: عوف: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۳

۵: محمد بن سرین: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۴:۴

۶: عبیدۃ السلمانی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۴:۵



Marfat.com

**حدیث نمبر ۱۵/۱۸۶** اَنبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ عُبَیْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِکٍ ۲ وَ هُوَ عَمْرُو بن هَاشِمٍ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ ۳ وَ هُوَ ابْنُ اَبِیْ خَالِدٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو ۴ بْنُ قَیْسٍ عَنِ الْمِنْهَالِ ۵ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زِرِّ ۶ بْنِ حُبَیْشٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ اَنَا قُبَابُ عَیْنِ الْفِتْنَةِ لَوْلَا اَنَا قُوْتِلَ اَهْلُ النَّهْرَوَانِ لَوْلَا اَنِّیْ اَخْشٰی اَنْ تَتْرُکُوا الْعَمَلَ لَاَخْبَرْتُکُمْ بِالَّذِیْ قَضَی اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّکُمْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِمَنْ قَاتَلَهُمْ مُبْصِرًا لِّصَلٰوتِهِمْ عَارِفًا بِالْهُدٰی الَّذِیْ نَحْنُ عَلَیْهِ

**ترجمہ** زر بن حبیش سے روایت ہے یہ کہ اس نے حضرت علی ؓ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں فتنہ کے چشمہ کا محافظ ہوں اگر میں نہ ہوتا تو یہ نہروانی نہ مارے جاتے۔ اگر مجھ کو اس کا خوف نہ ہو کہ تم کام چھوڑ بیٹھو گے، البتہ میں تم کو اس سے خبر دار کرتا جو کچھ اللہ عزوجل نے تمہارے نبی کریم ﷺ کی زبان مبارکہ پر جاری کیا ہے۔ جو ان کی نماز کو دیکھنے والا ہے اور ان کی ہدایت کا عارف ہے کہ جس پر ہم ہیں۔

**حل لغت** قُبَابٌ: محافظ۔

**تشریح** ارشاد ہے "اگر میں نہ ہوتا تو یہ نہروانی نہ مارے جاتے" یعنی ان خارجیوں کو قتل کر کے اس فتنہ کو میں نے ختم کیا اور مسلمانوں کو اس فتنہ سے محفوظ کر لیا اور بچا لیا۔

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۶

۱: محمد بن عبید بن محمد: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۱

۲: ابو مالک: اس کا نام عمرو بن ہاشم ہے۔ ابو مالک کنیت ہے۔ الجنبی الکوفی ہے۔ ابن حبان نے کہا "لیس الحدیث افرط فیه" طبقہ التاسعہ سے ہے۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۳)

۳: اسماعیل بن ابی خالد: اسماعیل بن ابی خالد الاحمصی ثقہ اور ثبت ہے، طبقہ الرابعہ سے ہے ۱۴۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۳۳)

۴: عمرو بن قیس: عمرو بن قیس الملائی کی کنیت ابو عبداللہ کوفی ہے۔ ثقہ، متقن، عابد اور طبقہ السادسۃ سے ہے ۱۴۶ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۶۲)

۵: المنہال: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۴

۶: زر بن حبیش: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۰۰:۶



Marfat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ذِكْرُ مَنَاظِرَةِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عَبَّاسٍ الْحَرُوْرِيَّةَ وَ احْتِجَاجِهِ عَلَيْهِمْ فِيْمَا اَنْكَرُوْا عَلٰى عَلِيِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

''اس باب میں خارجیوں کے ساتھ جناب عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے مناظرہ کرنے کا ذکر ہے اور جناب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی جن باتوں یعنی فضیلتوں کا خارجی انکار کرتے تھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا ان کی تمام باتوں پر غالب آنے کا ذکر ہے''

(اس باب میں ایک حدیث شریف ہے)

**حدیث نمبر ۱/۱۸۷** اَنْبَاَنَا عَمْرُو [۱] بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ [۲] بْنِ الْمَهْدِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عِكْرَمَةَ [۳] بْنِ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُمَيْلٍ [۴] قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ [۵] بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا خَرَجَتِ الْحَرُوْرِيَّةُ وَ اعْتَزَلُوْا فِيْ دَارٍ وَ كَانُوْا سِتَّةَ الْاٰفٍ فَقُلْتُ لِعَلِيٍّ يَا اَمِيْرَ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۷

۱: عمرو بن علی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶۱:۱

۲: عبدالرحمٰن بن المہدی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۲

۳: عکرمہ بن عمار: عکرمہ بن عمار العجلی کی کنیت ابو عمار الیمامی ہے۔ بصرہ کا باشندہ تھا، صدوق ہے یغلط و فی روایته عن یحیی بن ابی کثیر اضطراب و لم یکن له کتاب طبقہ الخامسۃ سے ہے ۱۵۹ ہجری میں وفات پائی۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۲)

۴: ابو زمیل: اس کا نام سماک بن ولید الحنفی اور کنیت ابو زمیل ہے۔ الیمامی ثم الکوفی ہے لیس به باس طبقہ الثالثہ سے ہے۔ (التقریب صفحہ ۱۳۷)

۵: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴۳:۸

الْمُؤْمِنِيْنَ اَبْرِدُ بِالصَّلٰوةِ لَعَلِّيْ اُكَلِّمُ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ قَالَ اِنِّيْ اَخَافُهُمْ عَلَيْكَ قُلْتُ كَلَّا فَلَبِسْتُ وَ تَرَجَّلْتُ وَ دَخَلْتُ عَلَيْهِمْ فِيْ دَارِ نِصْفَ النَّهَارِ وَهُمْ يَاْكُلُوْنَ فَقَالُوْا مَرْحَبًا لَكَ يَا بْنَ عَبَّاسٍ فَمَاجَآءَ بِكَ قُلْتُ لَهُمْ اَتَيْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ اَصْحٰبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ وَ مِنْ عِنْدِ بْنِ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَصِهْرِهٖ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِمُ الْقُرْاٰنُ وَهُمْ اَعْلَمُ بِتَاوِيْلِهٖ مِنْكُمْ وَلَيْسَ فِيْكُمْ رَجُلٌ مِنْهُمْ لِاُبَلِّغُكُمْ مَا يَقُوْلُوْنَ وَ اُبَلِّغُهُمْ مَا تَقُوْلُوْنَ فَانْتَحَالِيْ نَضَرٌ مِنْهُمْ قُلْتُ هَاتُوْا اَمَا تَنْقِمُوْنَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ ابْنِ عَمِّهٖ قَالُوْا ثَلٰثٌ قُلْتُ مَا هُنَّ قَالُوْا اَمَّا اَحَدُ هُنَّ فَاِنَّهٗ حَكَّمَ الرِّجَالُ فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ عَزَّوَ جَلَّ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ مَا شَانُ الرِّجَالِ وَ الْحُكْمِ قُلْتُ هٰذِهٖ وَاحِدَةٌ قَالُوْا وَاَمَّا الثَّانِيَةُ فَاِنَّهٗ قَاتَلَ وَلَمْ يَسْبُ وَلَمْ يَغْنَمْ فَاِنْ كَانُوْا كُفَّارًا فَقَدْ حَلَّ سَبْيُهُمْ وَ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ فَمَا حَلَّ سَبْيُهُمْ وَلَا قِتَالُهُمْ قُلْتُ هٰذِهٖ اِثْنَتَانِ فَمَا الثَّالِثَةُ فَقَالُوْا مَحٰى نَفْسَهٗ مِنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَهُوَ اَمِيْرُ الْكَافِرِيْنَ قُلْتُ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْئٌ غَيْرَ هٰذَا قَالُوْا حَسْبُنَا هٰذَا قُلْتُ لَهُمْ اَرَاَيْتُمْ اِنْ قَرَأْتُ عَلَيْكُمْ مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَ سُنَّةِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا يَرُدُّ قَوْلَكُمْ اَتَرْجِعُوْنَ قَالُوْا نَعَمْ قُلْتُ اَمَّا قَوْلُكُمْ حَكَّمَ الرِّجَالِ فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ فَاِنِّيْ اَقْرَاءُ عَلَيْكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَزَّوَ جَلَّ اِنَّهٗ قَدْ صَيَّرَ اللّٰهُ حُكْمَهٗ اِلَى الرِّجَالِ فِيْ شَيْئٍ ثَمَنُهٗ رُبُعُ دِرْهَمٍ فَاَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يَحْكُمُوْا فِيْهِ الرِّجَالُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ وَ مَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءٌ مِثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِنْكُمْ [1] --- الايه --- فَكَانَ مِنْ حُكْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَنْ صَيَّرَهٗ اِلَى الرِّجَالِ يَحْكُمُوْنَ فِيْهِ لَوْشَاءَ لَحَكَمْ فِيْهِ فَجَازَ فِيْهِ حَكَمُ الرِّجَالُ اُنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ اَحُكْمُ الرِّجَالِ فِيْ صَلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ وَ حَقْنِ دِمَآئِهِمْ اَفْضَلُ اَمْ اَرْنَبٍ قَالُوْا بَلْ هٰذَا اَفْضَلُ وَ فِي الْمَرْاَةِ وَ زَوْجِهَا وَ اِنْ خِفْتُمْ شَقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ اَهْلِهٖ وَ حَكَمًا مِنْ اَهْلِهَا اِنْ

[1] سورہ المائدہ آیت ۹۵

يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللهُ بَيْنَهُمَا [1] --- الايه --- فَنَشَدْتُكُمْ بِاللهِ اَحُكْمُ الرِّجَالِ فِيْ صَلَاحِ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَحَقْنَ دِمَآئِهِمْ اَفْضَلُ مِنْ حُكْمِهِمْ فِيْ بَضْعِ امْرَاَةٍ اَخَرَجْتُ مِنْ هٰذِهِ قَالُوْا نَعَمْ قُلْتُ وَ اَمَّا قَوْلُكُمْ قَاتَلَ وَلَمْ يَسْبُ وَلَمْ يَغْنِمْ اَفَتَسْبُوْنَ اُمَّكُمْ عَائِشَةَ تَسْتَحِلُّوْنَ مِنْهَا مَا تَسْتَحِلُّوْنَ مِنْ غَيْرِهَا وَهِيَ اُمُّكُمْ فَاِنْ قُلْتُمْ اِنَّا نَسْتَحِلُّ مِنْ غَيْرِهَا فَقَدْ كَفَرْتُمْ وَاِنْ قُلْتُمْ لَيْسَتْ بِاُمِّنَا فَقَدْ كَفَرْتُمْ لِاَنَّ اللهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ النَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗ اُمَّهَاتُهُمْ [2] فَاَنْتُمْ بَيْنَ الضَّلَالَتَيْنِ فَأْتُوْا مِنْهَا بِمَخْرَجٍ اَخَرَجْتُ مِنْ هٰذِهِ قَالُوْا نَعَمْ وَ اَمَّا قَوْلُكُمْ مَحٰى نَفْسَهٗ مِنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاَنَا اٰتِيْكُمْ بِمَنْ تَرْضَوْنَ نَشْهَدُ اَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ صَالَحَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ لِعَلِيٍّ اُكْتُبْ يَا عَلِيُّ هٰذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ فَلَمَّا كَتَبَ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللهِ لَا طَعَنَاكَ فَاكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُمْحُ يَا عَلِيُّ رَسُوْلُ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنِّيْ رَسُوْلُكَ اُمْحُ يَا عَلِيُّ وَ اكْتُبْ هٰذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ وَ اللهِ لَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَيْرٌ مِنْ عَلِيٍّ وَ قَدْ مَحٰى نَفْسَهٗ وَلَمْ يَكُنْ مَحْوُهٗ ذٰلِكَ مَحْوًا مِنَ النُّبُوَّةِ اَخَرَجْتُ مِنْ هٰذِهِ قَالُوْا نَعَمْ فَرَجَعَ مِنْهُمْ اَلْفَانِ وَخَرَجَ سَائِرُهُمْ فَقُتِلُوْا عَلٰى ضَلَالَتِهِمْ قَتَلَهُمُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ

**ترجمہ** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب خارجی پیدا ہوئے اور ایک گھر میں علیحدہ اکٹھے ہوئے۔ اس وقت ان کی تعداد چھ ہزار تھی تو میں نے جناب علی المرتضیٰ ﷺ سے عرض کی کہ اے امیر المومنین آپ نماز کو ذرا ٹھنڈک میں ادا کیجئے تا کہ میں اس قوم (خوارج) سے کچھ گفتگو کرلوں۔ آپ نے فرمایا مجھے اندیشہ ہے ایسا نہ ہو کہ تجھے ایذا دیں۔ میں نے عرض کیا ایسا ہرگز نہ ہوگا سو میں نے لباس پہنا اور کنگھی کی اور جس گھر میں وہ تھے دوپہر کے وقت میں وہاں پہنچ گیا اور وہ کھانا کھا رہے تھے اور کہا اے ابن عباس تم کو کشادگی اور آرام ہو کون سی بات تم کو یہاں کھینچ لائی۔ میں نے انہیں کہا کہ میں تمہارے پاس ان کی طرف سے آیا ہوں جو کہ حضور نبی کریم ﷺ کے صحابہ ہیں۔ مہاجرین ہیں اور انصار ہیں اور نبی کریم ﷺ کے چچا کے بیٹے ہیں اور آپ ﷺ کے

---

[1]: سورۃ النساء آیت ۳۵
[2]: سورہ الاحزاب آیت ٦



Marfat.com

داماد ہیں، وہ داماد کے جن کے حق میں قرآن اترا ہے اور وہ قرآن کریم کے مطالب تم سے بہت زیادہ جانتے ہیں اور ان میں سے تمہارے درمیان کوئی ایسا آدمی نہیں تاکہ میں ان کا پیغام تم کو پہنچاؤں اور تمہارے پیغام ان کو پہنچاؤں۔ سو چند افراد گفتگو کیلئے میرے پاس الگ ہو گئے۔ میں نے کہا کہ تمہیں صحابہ رسول کریم ﷺ اور اس رسول ﷺ کے چچا کے بیٹے کا انکار کس وجہ سے ہے۔ انہوں (خوارج) نے کہا کہ ہم تین وجوہات کی بناء پر ان کا انکار کرتے ہیں۔ میں نے کہا وہ کیا ہیں؟ انہوں نے کہا، کہ ایک تو ان میں سے یہ ہے کہ اس (علی المرتضیٰ ؓ) نے آدمیوں کے حَکَم بنانے کو جائز کیا اللہ تعالیٰ کے حکم میں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ حَکَم نہیں ہے مگر صرف واسطے اللہ کے تو پھر آدمیوں اور ان کے حکم کا کیا جواز ہے۔ میں نے کہا کہ یہ تمہارا ایک انکار ہوا۔ انہوں نے کہا کہ دوسری وجہ انکار کی یہ ہے کہ جب علی المرتضیٰ ؓ نے لڑائی کی تو نہ ان کے بال بچے غلام لونڈی بنائے اور نہ ہی ان کا مال لوٹا۔ اگر وہ کافر تھے تو ان کو لوٹنا لونڈی غلام بنانا جائز تھا اور اگر وہ مومنین تھے تو نہ ان سے لڑنا صحیح اور نہ ہی لوٹنا درست۔ میں نے کہا کہ تمہارے انکار کی دوسری وجہ ہوئی۔ تیسری وجہ بیان کرو وہ کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ علی المرتضیٰ ؓ نے اپنے نام کے آگے سے امیر المومنین کا لفظ محو کیا۔ اگر وہ امیر المومنین نہیں تو کیا امیر الکافرین ہیں۔ میں نے کہا کہ کیا تمہارے پاس سوائے اس کے اور بھی کوئی انکار کی وجہ ہے؟ انہوں نے کہا ہم کو یہی کافی ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ اگر میں قرآن وحدیث سے تم پر کچھ پڑھوں، جو کہ تمہارے قول کو رد کرے تو بتلاؤ کہ تم اپنی اس ہٹ دھرمی سے رجوع کرلو گے تو انہوں نے کہا کہ ہاں! میں نے کہا کہ تمہارا یہ کہنا کہ علی المرتضیٰ ؓ نے اللہ کے حکم میں آدمیوں کو حَکَم بنانا جائز رکھا ہے۔ تو سنو! میں تمہارے سامنے اللہ تعالیٰ کی کتاب بیان کرتا ہوں، ایک چیز میں کہ اس کی قیمت چوتھائی درہم ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ حکم کریں اس میں مرد۔ فرمایا "ایمان والو نہ مارو شکار کو اس حال میں کہ تم محرم ہو اور تم میں سے جو جان بوجھ کر اسے قتل کرے تو بدلہ ہے اس کے مانند چار پایوں سے۔ حکم کریں اس پر دو صاحب عدل تم سے"۔ پس یہ اللہ کا حکم ہے کہ اس کو مردوں کی طرف جائز کیا۔ قسم دیتا ہوں تم کو اللہ تعالیٰ کی کہ کیا حَکَم کرنا مردوں کا بیچ اصلاح کے لوگوں کے درمیان اور ان کے خون بچانے کے افضل ہے یا بیچ خرگوش کے؟ ان خارجیوں نے کہا کہ لوگوں کے درمیان اصلاح کے واسطے حکم کرنا افضل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے عورت اور اس کے خاوند کے بارے میں فرمایا "اگر خوف کرو تم جدائی کا ان دونوں کے درمیان تو ایک منصف خاوند کی قوم سے اور ایک منصف عورت کی قوم سے مقرر کرو۔ اگر وہ دونوں اصلاح کا ارادہ کریں تو اللہ تعالیٰ ان دونوں میں موافقت پیدا کرے گا" پس قسم دیتا ہوں میں تم کو اللہ تعالیٰ کی کہ کیا حَکَم مردوں کا لوگوں کی اصلاح اور ان کے خون بچانے کیلئے افضل ہے یا بیچ فرج



Marfat.com

عورت کے؟ کیا میں تمہارے اس انکار سے خلاص ہوا یا نہیں؟ خارجیوں نے کہا کہ ہاں! میں نے کہا اب یہ کہ تمہارا اعتراض کہ علی المرتضٰی ؓ نے جنگ کی، نہ قیدی بنائے اور نہ مال لوٹا۔ کیا تم اپنی والدہ عائشہ صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کو قیدی بناؤ گے۔ کیا تم وہ چیز جو غیر کے ساتھ حلال جانتے ہو۔ ان (عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا) سے حلال جانو گے۔ حالانکہ وہ تمہاری ماں ہے۔ پس اگر تم کہو کہ جو چیز ہم غیر سے حلال جانتے ہیں وہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بھی حلال جانتے ہیں۔ تو یقیناً کفر کیا تم نے اور اگر تم کہو کہ وہ ہماری ماں نہیں تو بھی کفر کیا تم نے اسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''نبی ﷺ قریب تر ہے ایمانداروں کے ان کے نفسوں سے اور ان کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں'' سو تم دو گمراہیوں کے درمیان ہو پس تم کوئی جگہ نکلنے کی لاؤ۔ کیا میں اس اعتراض سے خلاص ہوا یا نہیں؟ خارجیوں نے کہا ہاں۔ اور تمہارا یہ کہنا کہ علی ؓ نے اپنے نام سے امیر المومنین مٹایا۔ سو اس کا جواب اس شخص کی زبانی دیتا ہوں جس سے تم راضی ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حدیبیہ کے دن مشرکین سے صلح کی۔ تو حضرت نے (جناب) علی (المرتضٰی ؑ) کو فرمایا۔ اے علی! لکھ کہ یہ صلح نامہ اللہ کے رسول محمد ﷺ نے کیا۔ جب علی ؓ نے یہ بات لکھی تو مشرکین نے کہا اگر ہم جانتے کہ آپ رسول اللہ ہیں تو ہم آپ کی تابعداری کرتے، سو لکھ محمد بن عبداللہ۔ حضرت ﷺ نے فرمایا اے علی! رسول اللہ کا لفظ مٹا دے۔ الٰہی تو جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں۔ مٹا دے اے علی! اور لکھ یہ وہ ہے کہ جس پر محمد بن عبداللہ نے صلح کی۔ قسم ہے اللہ کی کہ البتہ رسول اللہ ﷺ بہتر ہیں علی ؓ سے اور حالانکہ آپ ﷺ نے اپنا نام مٹایا اور اس مٹانے سے آپ کی نبوت نہیں مٹ گئی۔ کیا میں تمہارے اس اعتراض سے بھی خلاص ہوا یا نہیں؟ خارجیوں نے کہا ہاں۔ تو ان چھ ہزار خارجیوں سے دو ہزار خارجی پلٹ آئے اور باقیوں نے خروج کیا۔ سو قتل کئے گئے، مہاجرین اور انصار نے ان کی گمراہی پر ان کو قتل کیا۔

**حل لغت** نَحَلَ: خاص کرنا، مخصوص کرنا۔ نَقَمَ: عذاب کرنا، حکم دینا، انکار کرنا، عیب کرنا، ناپسند کرنا، طعنہ مارنا، جلدی سے کھا لینا۔ یَسْبُ: سبیٌ سے ہے جس کے معنی قید کرنا، لونڈی غلام بنانے کے ہیں۔

**تشریح** ارشاد ہے ''اے امیر المومنین! آپ نماز کو ذرا ٹھنڈک میں ادا کیجئے'' یعنی جناب عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے امیر المومنین علی المرتضٰی ؓ سے عرض کی کہ اے امیر المومنین آپ ظہر کی نماز ذرا دیر سے پڑھائیں کہ میں خوارج کے ساتھ بات چیت مکمل کر کے واپس آ کر آپ کے ساتھ نماز میں شریک ہو سکوں۔ ارشاد ہے ''سو ان میں سے چند افراد گفتگو کیلئے میرے پاس الگ ہو گئے'' یعنی خوارج میں سے چند افراد میرے ساتھ بحث کیلئے مخصوص کر دیئے گئے۔ ارشاد ہے ''وہ کیا ہیں؟'' یعنی انکار کرنے کی وہ وجوہات بتاؤ۔ ارشاد ہے ''انہوں نے کہا کہ ہم کو یہی

کافی ہے'' یعنی اور کوئی وجہ انکار نہیں ہے۔ ارشاد ہے'' تم اپنی ہٹ دھرمی سے رجوع کرلو گے'' ارشاد ہے'' تم کوئی جگہ نکلنے کی لاؤ'' یعنی کوئی جواب دو۔ ارشاد ہے'' جس سے تم راضی ہو'' یعنی حضور نبی کریم ﷺ سے۔

اسنادہ' حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۲۰۰)



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# ذِكۡرُ الاَخۡبَارِ الۡمُؤَيِّدَةِ لمَا تقدَّمَ وَصۡفُهٗ

**''اس باب میں وہ احادیث ہیں جو کہ گذرے ہوئے باب کی تائید میں ہیں''**

**(اس باب میں دواحادیث شریف ہیں)**

**حدیث نمبر ۱۸۸/۱** حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةَ ۱ بْنِ صَالِحُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ۲ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو ۳ بْنُ هَاشِمِ الْجنبى عَنْ مُحَمَّدِ ۴ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ ۵ بْنِ كَعْبِ الْقَرَظِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ ۶ بْنِ قَيس قَالَ قُلْتُ لِعَلِيٍّ تَجْعَلُ بَيْنَكَ وَ بَيْنَ ابْنِ اَكَلَةَ الاَكْبَادِ حَكَمًا قَالَ اِنِّي كُنْتُ كَاتِبَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ فَكَتَبْتُ هٰذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ فَقَالَ سُهَيْلٌ لَوْ عَلِمْنَا اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللهِ مَا قَاتَلْنَاهُ اُمْحُهَا فَقُلْتُ هُوَ وَ اللهِ رَسُوْلُ اللهِ وَ اِنْ رَغِمَ اَنْفُكَ لَا وَ اللهِ لَا اَمْحُوْهَا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَرِنِيْ مَكَانَهَا فَارَيْتُهٗ فَمَحَاهَا وَ قَالَ اَمَالَكَ مِثْلُهَا سَتَاتِيْهَا مُضْطَهِدًا

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۸

۱: معاویہ بن صالح: معاویہ بن صالح بن ابی عبید اللہ الاشعری کی کنیت ابوعبداللہ الدمشقی ہے۔صدوق ہے اور طبقہ الحادیۃ عشرہ سے ہے۔ ۲۶۳ ہجری میں وفات پائی۔(التقریب،صفحہ ۳۴۱) نسائی نے کہا ''لا باس به'' ابن عدی نے کہا میں اس حدیث میں کوئی باس نہیں دیکھتا۔(احمد میرین البلوشی،خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب ؑ،صفحہ ۲۰۲)

۲: عبدالرحمٰن بن صالح: عبدالرحمٰن بن صالح الازدی العتکی الکوفی بغداد میں رہائش رکھتا تھا،صدوق ہے،شیعہ ہے اور طبقہ العاشرہ سے ہے۔ ۲۳۵ ہجری میں فوت ہوا۔(التقریب،صفحہ ۲۰۴) ابن معین نے کہا ثقہ ہے،صالح ہے،شیعہ ہے۔ابن عدی نے کہا اس کی حدیث میں ضعف ذکر نہیں کیا گیا اور نہ ہی اس کی کوئی حدیث میں کوئی اتہام ہے،لیکن یہ بات ہے کہ محترق فيما كان من التشيع (احمد میرین البلوشی،خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب ؑ،صفحہ ۲۰۲)

۳: عمرو بن ہاشم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۶:۲

۴: محمد بن اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵۴:۴

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

**ترجمہ** علقمہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں علی (المرتضیٰ ؑ) سے عرض کیا کہ کیا آپ اپنے اور ابن اکلتہ الاکباد کے درمیان منصف مقرر کرتے ہیں؟ تو جناب علی المرتضیٰ ؑ نے فرمایا کہ حدیبیہ کے دن میں حضرت رسول اللہ ﷺ کا کاتب تھا۔ سو میں نے لکھا یہ وہ چیز ہے کہ صلح کی اس پر اللہ کے رسول محمد ﷺ نے۔ تو سہیل نے کہا کہ اگر ہم ان کو اللہ کا رسول جانتے تو ان سے کبھی نہ لڑتے لہٰذا یہ لفظ مٹا دے۔ تو میں نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم کہ رسول اللہ ﷺ ہیں، خاک آلود ہو ناک تیری۔ خداوند تعالیٰ کی قسم کہ میں اس لفظ کو ہرگز نہ مٹاؤں گا۔ تو حضرت رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ وہ جگہ مجھے بتا۔ پس میں نے وہ مقام دکھایا تو حضور ﷺ نے خود اس کو محو فرمایا اور فرمایا آگاہ رہو۔ عنقریب تجھ پر بھی ایسا ہی وقت آئے گا تو مجبور ہو کر کرے گا۔

**حل لغت** ضَهْدٌ: قہر کرنا، غلبہ کرنا، مجبور ہو کر کرنا۔

**تشریح** ارشاد ہے "یہ لفظ مٹا دے" یعنی یہ جو محمد رسول اللہ (ﷺ) لکھا ہے۔ لفظ "رسول اللہ" کو مٹا دے۔ اس وقت کفارِ مکہ کی طرف سے قائد سہیل بن عمرو تھا، جس نے یہ کہا۔ ارشاد ہے "خاک آلود ہو ناک تیری" یہ عربی کا محاورہ ہے اور بدی کا کلمہ ہے۔ ارشاد ہے "عنقریب تجھ پر بھی ایسا ہی وقت آئے گا" یعنی حضور سید دو عالم عالمِ علومِ اولین و آخرین دانائے غیوب جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی یہ غیب کی اطلاع صفین کے موقع پر عالمِ شہود میں ظہور پذیر ہوئی۔

**حدیث نمبر ۲/۱۸۹** اَنْبَأَنَا اَحْمَدُ ١ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ٢ بْنُ الْمُثَنّٰى وَ مُحَمَّدُ ٣ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ٤ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ٥ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ ٦ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ ٧ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَهْلَ

---

بقیہ حواشی: ۵: محمد بن کعب القرظی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵۲:۵

۶: علقمہ بن قیس۔ علمقہ بن قیس بن عبداللہ النخعی الکوفی ثقہ، ثبت، فقیہہ اور عابد ہے۔ طبقہ الثانیہ سے ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ ۶۰ ہجری یا ۷۰ ہجری کے بعد فوت ہوا۔ (التقریب، صفحہ ۲۴۳)

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۹

۱: احمد بن شعیب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۸۹:۱

۲: محمد بن المثنی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۱

۳: محمد بن بشار: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۵:۱

(حواشی اگلے صفحہ پر جاری ہیں)



Marfat.com

الْحُدَيْبِيَّةِ وَ قَالَ ابْنُ بَشَّارٍ اَهْلَ مَكَّةَ كَتَبَ عَلِيٌّ كِتَابًا بَيْنَهُمْ قَالَ فَكَتَبَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ لَا تَكْتُبْ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لَوْ كُنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ نُقَاتِلْكَ فَقَالَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمْحُهُ فَقَالَ مَا اَنَا بِالَّذِيْ اَمْحُوْهُ فَمَحَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ فَصَالَحَهُمْ عَلٰى اَنْ يَّدْخُلَ هُوَ وَ اَصْحَابُهٗ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَ لَا يَدْخُلُوْنَهَا بِجُلُبَانِ السَّلَاحِ فَسَاَلْتُهٗ وَ قَالَ ابْنُ بَشَّارٍ فَسَاَلُوْهُ مَا جُلُبَانُ السَّلَاحِ قَالَ الْقِرَابُ بِمَا فِيْهِ

**ترجمہ** براء سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب اہلِ حدیبیہ نے اور بقول ابن بشار اہلِ مکہ نے صلح نامہ لکھا۔ وہ صلح نامہ ان کے درمیان (حضرت) علی (المرتضیٰ ﷺ) نے لکھا۔ فرمایا پس لکھا محمد رسول اللہ۔ مشرکین نے کہا محمد رسول اللہ نہ لکھ، اگر ہم آپ ﷺ کو رسول جانتے تو آپ ﷺ سے کیوں لڑتے۔ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اے علی ﷺ اس کو محو کردے۔ تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں وہ شخص نہیں ہوں کہ اسے مٹادوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے خود اس کو محو کر دیا۔ پس اہلِ مکہ سے اس بات پر صلح کی کہ آنجناب ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین مکہ میں تین روز تک قیام فرمائیں گے۔ نیز مکہ میں اس طرح داخل ہوں گے کہ ان کے ہتھیار میانوں میں ہوں گے۔ پس میں نے اس سے پوچھا تو ابن بشار نے کہا لوگوں نے شعبہ راوی سے پوچھا کہ جلبان کیا ہے؟ تو اس نے کہا ہتھیار میان میں۔

**حل لغت** جَلُبَان: چمڑے کا تھیلہ، جس میں تلوار نیام سمیت اور دوسری ہتھیار وغیرہ رکھ کر گھوڑے پر زین کے پچھاڑی لگا دیتے ہیں۔ بعضوں نے جلبان روایت کیا ہے۔

**تشریح** صحیح علی شرط الشیخین، (البلوشی صفحہ ۲۰۳)

---

بقیہ حواشی: ۴: محمد (بن جعفر): ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳

۵: شعبہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۳:۱

۶: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲

۷: البراء: البراء بن عازب بن الحارث بن عدی الانصاری الاوسی صحابی بن صحابی ہے۔ کوفہ آیا۔ استعفر یوم بدر و کان هو و ابن عمر لدة، ۷۲ ہجری میں فوت ہوئے۔ (التقریب، صفحہ ۴۳)



Marfat.com

**حدیث نمبر ۳/۱۹۰** حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ۱ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ۲ بْنِ مُوسٰى قَالَ اَنْبَانَا اِسْرَائِيلُ ۳ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ ۴ عَنِ الْبَرَاءِ ۵ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ فَاَبٰى اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ يَدَعُوْهُ اَنْ يَدْخُلَ مَكَّةَ حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى اَنْ يُقِيْمَ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَلَمَّا كَتَبَ الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ قَالُوْا لَا نُقِرُّ بِهَا لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَيْئًا وَّ لٰكِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ قَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللهِ وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ وَ قَالَ لِعَلِيٍّ اُمْحُ رَسُوْلَ اللهِ قَالَ لَا وَاللهِ لَا اَمْحُوْ اَبَدًا فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ فَمَحَاهَا وَ لَيْسَ يُحْسِنُ اَنْ يَكْتُبَ وَ كَتَبَ مَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ ابْنُ عَبْدِاللهِ وَ كَتَبَ هٰذَا مَا قَضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ اَنْ لَّا يَدْخُلَ مَكَّةَ بِالسَّلَاحِ اِلَّا بِالسَّيْفِ فِي الْقِرَابِ وَ اَنْ لَّا يَخْرُجَ مِنْ اَهْلِهَا مِنْهَا بِاَحَدٍ اِنْ اَرَادَاَنْ يَّتْبَعَهٗ وَلَا يَمْنَعَ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِهٖ اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَام فَقَالُوْا قُلْ لِصَاحِبِكَ فَلْيَخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْاَجَلُ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَبِعَتْهُ ابْنَةُ حَمْزَةَ تُنَادِيْ يَا عَمِّ يَاعَمِّ فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَالَ لِفَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ فَحَمَلَتْهَا فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ وَ زَيْدٌ وَّ جَعْفَرٌ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فَقَالَ عَلِيٌّ اَنَا اَخَذْتُهَا وَهِيَ ابْنَةُ عَمِّيْ وَ قَالَ جَعْفَرٌ ابْنَةُ عَمِّيْ وَ خَالَتُهَا تَحْتِيْ وَ قَالَ زَيْدٌ ابْنَةُ اَخِيْ فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِخَالَتِهَا وَقَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ ؑ اَنْتَ مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْكَ. وَقَالَ لِجَعْفَرٍ اَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَ خُلُقِيْ وَقَالَ لِزَيْدٍ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا فَقَالَ عَلِيٌّ اَلَا تَزَوَّجُ بِنْتَ حَمْزَةَ فَقَالَ اِنَّهَا بِنْتُ اَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ خَالَفَهٗ يَحْيَى ابْنُ اٰدَمَ تَزَوِيْنِيُّ اٰخِرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَرَوٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ هَانِي بْنِ هَانِي وَ هُبَيْرَةَ بْنِ مَرْيَمَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

---

(اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹۰، اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)



Marfat.com

ترجمہ | براء بن عازب سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ذی قعدہ میں رسول کریم ﷺ نے عمرہ کیا۔ اہلِ مکہ نے حضور کو مکہ میں داخل ہونے سے روک کر دیا۔ یہاں تک کہ آنجناب ﷺ نے اس پر صلح کی کہ آپ ﷺ اور صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) مکہ میں تین دن تک قیام فرمائیں گے۔ پس جب وہ لکھنے لگے تو لکھا کہ یہ وہ صلح نامہ ہے کہ صلح کی اس پر محمد رسول اللہ نے۔ انہوں (مشرکین) نے کہا کہ ہم آپ کے رسول ہونے کا اقرار نہیں کرتے۔ اگر ہم جانتے کہ آپ ﷺ رسول ہیں۔ تو پھر آپ کو مکہ میں آنے سے کیوں منع کرتے۔ لیکن آپ تو محمد بن عبداللہ ہیں۔ ارشاد فرمایا میں رسول اللہ ہوں اور میں محمد بن عبداللہ ہوں۔ اور علی (المرتضیٰ علیہ السلام) سے فرمایا کہ رسول اللہ کا لفظ محو کر دے۔ علی (المرتضیٰ علیہ السلام) نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کی قسم میں اسے ہرگز کبھی بھی محو نہ کروں گا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے وہ کاغذ لیا اور خود محو کر دیا اور اچھی طرح نہ لکھ سکتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی جگہ بن عبداللہ لکھا اور لکھا کہ یہ وہ صلح نامہ ہے کہ اس پر محمد بن عبداللہ نے صلح کی۔ کہ مکہ میں ہتھیار میانوں میں کر کے داخل ہوں گے اور یہ کہ مکہ والوں سے کسی ایک کو ساتھ نہ لے جائیں گے اگر چہ کوئی جانے کا قصد بھی کرے۔ نیز اگر کوئی صحابی مکہ میں رہنے کا ارادہ کرے تو اسے نہ روکیں گے۔ جب مکہ میں داخل ہو چکے اور مدت پوری ہوگئی تو اہلِ مکہ علی المرتضیٰ علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے ساتھی سے کہہ کہ اب مکہ سے چلا جائے۔ مدت پوری ہو چکی ہے۔ تو آنحضرت ﷺ مکہ سے نکل پڑے۔ تو (حضرت) حمزہ (رضی اللہ عنہ) کی بیٹی آپ کے پیچھے آئی آواز دے رہی تھی۔ کہ اے چچا، اے چچا! تو علی رضی اللہ عنہ نے اس کا قصد کیا اور اس کو ہاتھ سے پکڑا اور فاطمہ علیہا السلام سے کہا کہ اپنے چچا کی بیٹی کو لے لے انہوں نے اسے اٹھالیا۔ اس کی پرورش میں علی، زید اور جعفر (رضی اللہ عنہم) میں جھگڑا ہوا۔ (جناب) علی (المرتضیٰ علیہ السلام) نے فرمایا کہ اس کو میں لیتا ہوں کہ یہ میرے چچا کی بیٹی ہے۔ اور جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے۔ اور زید رضی اللہ عنہ نے کہ یہ میرے بھائی کی بیٹی ہے۔ تو آنحضرت ﷺ نے حکم فرمایا کہ اس کی پرورش خالہ کرے اور فرمایا کہ خالہ ماں کے برابر ہے۔ پھر جناب علی (المرتضیٰ علیہ السلام) کو فرمایا اے علی تو میرا ہے اور میں تیرا ہوں۔ اور جناب جعفر (رضی اللہ عنہ) کو فرمایا تو خلقت (پیدائش) اور اخلاق میں میرے جیسا ہے۔ اور جناب زید (رضی اللہ عنہ) سے فرمایا کہ تو ہمارا بھائی اور آزاد شدہ ہے۔ جناب علی (المرتضیٰ علیہ السلام) نے عرض کیا کہ آپ ﷺ

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹۰

۱: احمد بن سلیمان: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱

۲: عبیداللہ بن موسیٰ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۲ ۳: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۶:۳

۴: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲۲:۴ ۵: البراء بن عازب: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۸۹:۷



Marfat.com

حضرت حمزہ ؓ کی بیٹی سے نکاح نہیں کرتے تو فرمایا وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

صحیح ، رجاله ثقات رجال الشیخین سوی الرهاوی وهو ثقة

(احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۲۰۴)

**حدیث نمبر ۱۹۱/۴** اَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ ۱ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنُ الْمُبَارَکِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى ۲ هُوَ ابْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ ۳ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ ۴ عَنْ هَانِیٍٔ ۵ بْنِ هَانِیٍٔ وَهُبَيْرَةَ ۶ بْنِ مَرْيَمَ عَنْ عَلِیٍّ ۷ اَنَّهُمْ اِخْتَصَمُوْا فِی ابْنَةِ حَمْزَةَ فَقَضٰی بِهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِخَالَتِهَا وَ قَالَ اِنَّ الْخَالَةَ اُمٌّ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلَا تَزَوَّجُهَا قَالَ اِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِیْ اِنَّهَا ابْنَةُ اَخِیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ قَالَ وَقَالَ لِیْ اَنْتَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْکَ وَ قَالَ لِزَيْدٍ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا وَقَالَ لِجَعْفَرٍ اَشْبَهْتَ خُلْقِیْ وَ خُلُقِیْ

**ترجمہ** جناب علی (المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم) سے روایت ہے (حضرت) حمزہ (ؓ) کی بیٹی کی پرورش میں جھگڑا ہوا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اس کی پرورش کرنے کا فیصلہ اس کی خالہ کے حق میں فرمایا۔ اور فرمایا کہ خالہ ماں کے برابر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ اس سے نکاح نہیں کرتے۔ فرمایا کہ وہ میرے لئے حلال نہیں اس لئے کہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے کہا کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ "تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں" اور زید ؓ کو فرمایا کہ "تو ہمارا بھائی ہے اور آزاد شدہ ہے" اور جعفر ؓ کو فرمایا کہ "تو خلقت اور اخلاق میں میرے مشابہ ہے"۔

اسنادہ حسن (احمد میرین البلوشی، خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب، صفحہ ۲۰۵)

---

اسماء الرجال حدیث نمبر ۱۹۱

۲: یحییٰ بن آدم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۳۵

۱: محمد بن عبداللہ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۱:۲۰

۳: اسرائیل: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۲:۲۶

۴: ابی اسحاق: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۴:۲۲

۵: ہانی بن ہانی: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۶۹

۶: ہبیرۃ بن یریم: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۵:۲۲

۷: علی المرتضیٰ ؓ: ملاحظہ کیجئے اسماء الرجال حدیث نمبر ۶:۱



Marfat.com

هٰذَا آخِرُ الْكِتَابِ

وَ صَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

الحمد للہ ثم الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ خصائص نسائی شریف کا ترجمہ، حل لغت اور تشریح آج ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۹۸ھ بمطابق ۲۶، اگست ۱۹۷۸ء بروز اتوار بوقت تین بجکر پندرہ منٹ پر خانقاہ عالیہ آغا پیر جان رحمۃ اللہ علیہ یکہ توت پشاور شہر صوبہ سرحد پاکستان میں مکمل ہوا۔

اللہ جل جلالہ وعم نوالہ وعزاسمہ وجل مجدہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنے پیارے حبیب لبیب، رحمت للعالمین، خاتم النبیین، عالم علوم اولین وآخرین جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ میں اور حضرت محبوب سبحانی، قطب ربانی، قندیل نورانی، شہباز لا مکانی، غوث الاعظم محی الدین السید شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی مدد سے اس ہیچ مدان خاکپائے اہل اللہ حقیر فقیر محمد امیر شاہ قادری گیلانی بن حضرت سید السادات، برہان العاشقین، حافظ کلام اللہ سید محمد زمان شاہ صاحب قادری گیلانی مرحوم ومغفور کے قلم سے اس مبارک کتاب کو ترجمہ کروایا۔

یہ مہتمم بالشان کام آج ایسے مبارک دن اور عزت وشرافت والے مہینہ میں پورا ہوا کہ جس میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ وعزاسمہ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن حکیم اُتارا اور اسی مہینہ کی آج کی تاریخ یعنی ۲۱ رمضان المبارک کو مولائے کائنات، اسد اللہ الغالب، علی کل غالب، امیر المومنین سیدنا ومولانا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادت کا دن ہے، اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین

**(فقیر) محمد امیر شاہ قادری گیلانی**

کوچہ آغا پیر جان رحمۃ اللہ علیہ یکہ توت پشاور

باسمہٖ تعالیٰ

# انوارِ علی کرم اللہ وجہہ الکریم



شرح

## خصائص الامام علی کرم اللہ وجہہ الکریم

تالیف:

الحافظ الحجۃ ابی عبد الرحمٰن [illegible]

صاحب السنن کبریٰ [illegible]

کا

اردو ترجمہ [illegible]

[illegible]